قرآن مجید کے تمام الفاظ کا مکمل حل

الیاقوت والمرجان
فی
حل صیغ القرآن

www.KitaboSunnat.com



تالیف
مولانا مختار احمد سلفی

نظر ثانی
حافظ محمود احمد تبسم

مکتبہ اثریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب .....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اَپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆


- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com



www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآن مجید کے تمام الفاظ کا مکمل حل

الیاقوت والمرجان
فی
حل صیغ القرآن



تالیف

مولانا مختار احمد سلفی

نظر ثانی

حافظ محمود احمد تبسم

مکتبہ اثریہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب

الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن

تالیف

مولانا مختار احمد سلفی

ناشر ---------- مکتبہ اثریہ

اشاعت ---------- 2015ء

مطبع

مکتبہ اسلامیہ پرنٹنگ پریس لاہور

0300-8661763

ملنے کا پتا

مکتبہ اسلامیہ

لاہور: بادیہ حلیمہ سینٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

042-37244973 - 37232369

فیصل آباد: بیسمنٹ سمٹ بینک بالمقابل شیل پٹرول پمپ کوتوالی روڈ، فیصل آباد

041-2631204 - 2641204

0300-8661763


/maktabaislamia1

www.maktabaislamiapk.com

maktabaislamiapk@gmail.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




خصوصیت

اس کتاب میں قرآنی الفاظ کو قرآن مجید کے الفاظ کی موجودہ شکل کا لحاظ کرتے ہوئے حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے، تاکہ ابتدائی طلباء کے لیے لفظ کو تلاش کرنا آسان ہو جائے، اب قرآن مجید کا کوئی لفظ بھی تلاش کرنے کے لیے اس کا ''مادہ'' معلوم کرنے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ اس کی قرآن مجید میں موجودہ شکل کے اعتبار سے تلاش کیا جائے گا، مثلاً قال کو ''باب القاف'' کی ق اور الف کی تختی میں دیکھیں اور ق، و، ل مادہ دیکھنے کی ضرورت نہیں، تُقَاۃٌ کو ''باب التاء'' کی ت اور ق کی تختی میں دیکھیں اور و، ق، ی مادہ دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انتساب

میں قرآن مجید کی اس خدمت کی ادنیٰ سی کاوش کی
نسبت اپنے خالق و مالک کی طرف کرتا ہوں جس
نے مجھ جیسے کمزور و ناتواں کو یہ توفیق بخشی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

نمبر شمار	عناوین	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عناوین	صفحہ نمبر
1	خصوصیت کتاب		21	باب الرا	287
2	ہدایات	8	22	باب الزا	299
3	رموز	10	23	باب السین	304
4	عرض مؤلف	11	24	باب الشین	320
5	تقاریظ	12	25	باب الصاد	327
6	قرآن مجید کے متعلق چند معلومات	24	26	باب الضاد	336
7	قواعد القرآن	26	27	باب الطاء	340
8	بنیادی اصول نحو وصرف	33	28	باب الظاء	346
9	صیغہ حل کرنے کا طریقہ	44	29	باب العین	349
10	قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست	46	30	باب الغین	366
11	باب الالف	51	31	باب الفاء	372
12	باب الھمزہ	59	32	باب القاف	383
13	باب الباء	154	33	باب الکاف	397
14	باب التاء	167	34	باب اللام	410
15	باب الثاء	241	35	باب المیم	418
16	باب الجیم	244	36	باب النون	465
17	باب الحاء	253	37	باب الھاء	495
18	باب الخاء	266	38	باب الواؤ	500
19	باب الدال	276	39	باب الیاء	509
20	باب الذال	282	40	☆.....☆.....☆	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہدایات

اس کتاب کی تدوین میں درج ذیل امور کو پیش نظر رکھا گیا ہے:

① کتاب کو اٹھائیس ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے یعنی حروف تہجی میں سے ہر حرف سے شروع ہونے والے الفاظ کو الگ باب میں لکھا گیا ہے ،جیسے: باب الالف، باب الباء

② ہر صفحے کے اوپر بائیں جانب ان پہلے دو حروف کی نشاندہی بھی کر دی گئی ہے، جو اس صفحے میں آنے والے الفاظ کے شروع میں ہیں۔

③ قرآنی الفاظ کو قرآن مجید کے الفاظ کی موجودہ شکل کے لحاظ سے حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے، ترتیب میں صرف نفس لفظ کا لحاظ ہی رکھا گیا ہے، اگر اس سے پہلے کوئی اضافی حرف کسی خاص غرض کے لیے متصل ہو کر آ رہا ہے تو ترتیب میں اس کا اعتبار نہیں کیا گیا ،مثلاً: جب کسی لفظ سے پہلے الف لام، حرف جر باء، تاء، کاف، لام، حرف عطف فاء یا واؤ، لام تاکید، لام امر، لام کَیْ یا سین وغیرہ متصل ہو کر آ جائیں تو اس لفظ کی ابتدا اصل لفظ سے سمجھی جائے گی ،جیسے: فَـأْذَنُوْا کو باب الہمزہ میں ذکر کیا گیا ہے ،ہاں اگر اسم کے شروع میں الف لام لازمہ ہو تو اس کا اعتبار کیا گیا ہے، جیسے: اَلْاٰنَ ،کو باب الہمزہ میں ذکر کیا گیا ہے، بسا اوقات بعض الفاظ کے شروع میں آنے والے اضافی حروف اس کلمہ ہی کا حصہ محسوس ہوتے ہیں، ابتدائی طلباء فرق نہیں کر سکتے کہ یہ اضافی حروف ہیں یا اس کلمہ کا جزء ہیں ،جیسے: وَقِنَا ، اس میں بظاہر ایسے معلوم ہوتا ہے کہ واؤ لفظ کا حصہ ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے ،لہٰذا اس جیسے الفاظ کو دو جگہ ذکر کر دیا گیا ہے یعنی شروع میں آنے والے حروف کی زیادتی کے ساتھ اور بغیر زیادتی کے، جیسے: فَـرَاغَ اس کو ایک جگہ باب الفاء میں اور دوسری بار باب الراء میں لکھا گیا ہے۔

④ اگر کوئی حرف کسی لفظ کے ساتھ متصل نہ ہو، مگر وہ لفظی یا معنوی عمل کر رہا ہو تو اسے بھی ساتھ لکھا گیا ہے، مثلاً کسی لفظ سے پہلے لائے نہی ،حرف نفی مَا ،لَا ،لَنْ ،لَمْ ،اور اَنْ ،اِنْ، کَیْ ،حَتّٰی ،اِذَنْ وغیرہ آ جائے تو ابتدا اصل فعل سے ہی شمار ہوگی ،جیسے: لَمْ تُؤْمِنْ کو باب التاء میں لایا گیا ہے، البتہ اصل کلمہ کے شروع میں آنے والے عامل کو جو لفظی یا معنوی عمل کر رہا ہو الگ سے لکھ دیا گیا ہے تا کہ لفظ کو سمجھنا آسان ہو جائے۔

⑤ اگر کسی فعل امر غائب معلوم یا مجہول سے پہلے فاء یا واؤ آ جائے تو ابتدا اصل فعل سے ہی سمجھی جائے گی ،البتہ پڑھنے کی آسانی کے لیے انہیں اور لام امر کو فعل کے ساتھ لکھا گیا ہے مگر ترتیب میں ان کا اعتبار نہیں کیا گیا، جیسے: فَلْيَأْتِنَا کو باب الیاء میں لکھا گیا ہے اور وَلْتَنْظُرْ کو باب التاء میں لکھا گیا ہے۔

⑥ تکرار سے حتی الوسع بچنے کی کوشش کی گئی ہے ،یہی وجہ ہے کہ اسم میں معرف باللام اور غیر معرف باللام اور اس کی اعرابی حالت کا لحاظ نہیں کیا گیا یعنی اگر کوئی اسم رفعی ،نصبی اور جری تینوں حالتوں میں آ رہا ہے تو اس کی صرف ایک حالت پر اکتفاء کر لیا گیا ہے، سوائے تثنیہ اور جمع مذکر سالم کے، اسی طرح اسماء کے ساتھ ضمیر مجرور متصل اور افعال میں ضمیر منصوب متصل کے آنے کا لحاظ نہیں کیا گیا ،ہاں اگر تعلیل وغیرہ میں فرق پڑ جائے تو دوبارہ بھی وہ صیغہ لکھا گیا ہے ،اسی طرح اگر کسی جگہ کوئی اضافی فائدہ ہو تو اس کے پیش نظر ایک صیغہ دوبارہ بھی ذکر کر دیا گیا ہے ،مثلاً فعل مضارع پر داخل ہونے والے مختلف عوامل کی وضاحت کرنا۔

⑦ ترتیب کے دوران تشدید والے حرف کو ایک ہی شمار کیا گیا ہے۔

⑧ ہمزہ کا نمبر ترتیب میں الف کے بعد آتا ہے ،ترتیب میں ہمزہ کے رسم الخط کا فرق نہیں کیا گیا، خواہ وہ الف پر لکھا ہوا ہو "أ"، واؤ پر لکھا ہوا ہو "ؤ" یا یاء پر لکھا ہوا ہو "ئ"۔

⑨ الفاظ کو قرآنی رسم الخط کے مطابق لکھا گیا ہے ،اگر اس میں کوئی زائد حرف ہو تو حاشیہ میں اس کی وضاحت کر دی ہے۔

⑩ کسی لفظ کو تلاش کرتے وقت اگر بعینہ وہی لفظ نہ ملے تو اس کے شروع اور آخر سے سے زوائد کو ہٹا کر وہ لفظ دیکھیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑪ ترجمہ، قرآن کے سیاق وسباق کو ملحوظ رکھ کر لکھا گیا ہے، مثلاً اگر کسی فعل کا فاعل جمع اسم ظاہر ہو یا فاعل جمع مکسر تو اس کا ترجمہ فاعل کے اعتبار سے جمع والا ہوگا، قرآن مجید کا ترجمہ سیکھتے ہوئے جب ایک لفظ مختلف جگہوں پر آتا ہے تو ہر جگہ اس لفظ کا ترجمہ دوبارہ سے یاد کرنا پڑتا ہے، اور اسی طرح بسا اوقات ایک ہی لفظ کا ترجمہ مختلف جگہوں پر مفعول، صلہ یا باب وغیرہ کے تبدیل ہونے سے بدل جاتا ہے تو ترجمہ یاد کرنے والا تشویش کا شکار ہو جاتا ہے کہ پیچھے اس کا ترجمہ اور تھا اور یہاں اس کا ترجمہ یہ ہو رہا ہے، ہم نے تمام قرآنی الفاظ کو بغیر تکرار کے ذکر کر دیا ہے تاکہ ایک لفظ کا ترجمہ جب ایک جگہ یاد کر لیں تو دوبارہ یاد کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے اور اسی طرح اگر وہ لفظ قرآن مجید میں مختلف جگہوں پر مختلف معانی کے لیے استعمال ہوا ہے تو اس کے باقی معانی بھی حاشیہ میں ذکر کر دیے ہیں اور اگر اس کی کوئی وجہ ہے تو وہ بھی ساتھ لکھ دی ہے۔

⑫ سہ اقسام کے ضمن میں صرف اسم، فعل اور حرف لکھنے پر اکتفاء نہیں کیا گیا بلکہ ان کی نوعیت بھی لکھی گئی ہے، مثلاً اگر وہ اسم ہے تو ساتھ یہ بھی لکھ دیا ہے کہ وہ اسم جامد ہے، مصدر ہے یا وہ مشتق کی فلاں قسم ہے، مثلاً اسم فاعل، اسم مفعول وغیرہ، اسی طرح اگر وہ فعل ہے تو فعل کی قسم ماضی، مضارع اور امر وغیرہ کا بھی تعین کر دیا گیا ہے، اور اگر وہ حرف ہے تو اس کی قسم بھی بتا دی گئی ہے کہ وہ حرف جر ہے یا حرف مشبہ بالفعل ہے وغیرہ۔

⑬ جب کوئی کلمہ اسم ہو اور اسم کی قسموں میں سے وہ مصدر ہو تو سہ اقسام کے خانے میں اس سے پہلے لفظِ اسم کو بریکٹ میں لکھا گیا ہے، کیونکہ اسم کو مصدر کے ساتھ لکھنے سے یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ شاید یہ مصدر کی قسموں میں سے ایک ذیلی قسم، اسم مصدر ہے۔

⑭ بعض الفاظ درحقیقت دو کلمے ہوتے ہیں لیکن بظاہر ایک نظر آتے ہیں، ان پر سہ اقسام کے اعتبار سے صرف اسم یا فعل یا حرف کا حکم نہیں لگایا جا سکتا، اس لیے سہ اقسام کے خانے میں مرکب لکھ دیا ہے اور حاشیہ میں اس کی وضاحت کر دی ہے۔

⑮ وہ الفاظ جو اصل میں مصدر یا اسم فاعل ہیں مگر قرآن مجید میں اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہے ہیں تو ان کے استعمال کا لحاظ کرتے ہوئے انہیں اسم جامد ہی لکھا گیا ہے اور حاشیہ میں وضاحت کر دی گئی ہے، جیسے: اَلْكِتَابُ اصل میں مصدر ہے مگر استعمال میں اس سے مراد قرآن مجید ہے تو اسے اسم جامد لکھا گیا ہے، اور حَاصِبًا اصل میں اسم فاعل ہے، مگر استعمال میں اس سے مراد پتھر ہیں تو اسے اسم جامد لکھا گیا ہے۔

⑯ اسم مشتق کی قسم جو ظرف ہے اسے اسم ظرف لکھا گیا ہے، جیسے: مَسْجِدٌ اور جو نحو کے اعتبار سے اسم غیر متمکن (اسم مبنی) کی قسم ظرف ہے، اسے اسم جامد لکھا گیا ہے، جیسے: مَتٰى، البتہ اس کے حاشیہ میں ظرف مکان اور ظرف زمان لکھا گیا ہے۔

⑰ کسی لفظ سے جب ثلاثی مجرد کے ایک سے زائد ابواب آئیں تو باب کے خانے میں مکمل باب کا نام لکھنے کی بجائے صرف پہلا حرف لکھا گیا ہے۔

⑱ اسم جامد میں شش اقسام کا تعین واحد کے اعتبار سے ہوتا ہے، مثلاً حُمُرٌ کو ثلاثی مزید فیہ لکھا گیا ہے کیونکہ اس کا واحد حِمَارٌ ثلاثی مزید فیہ ہے۔

⑲ الفاظ قرآنی میں جو حرف محذوف ہے، اس کے وزن میں بھی وہ حرف حذف کر دیا گیا ہے، تاکہ وزن کو دیکھتے ہی پتا چل جائے کہ اس میں سے کون سا کلمہ حذف ہو چکا ہے، البتہ وہ صیغے جن میں ابدال اور قلب ہوا ہے ان میں ان کی اصل کے اعتبار سے وزن لکھا گیا ہے۔

⑳ ناقص کے ابواب سے صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معلوم کی اصل بتاتے وقت سہولت کے لیے حرف علت کو ظاہر کر کے لکھا گیا ہے، مثلاً اِبْتَغِ کی اصل اِبْتَغِیْ لکھی گئی ہے، اگرچہ امر حاضر معلوم تو براہ راست مضارع حاضر معلوم سے بنتا ہے، اس لیے اس میں مزید تعلیل تو نہیں ہوگی، لیکن یہ صرف قاری اور طالب علم کی سہولت کے لیے ہے۔

㉑ اصل کے خانے میں جو نمبر لکھے گئے ہیں، وہ حاشیہ پر دلالت کرتے ہیں، حاشیہ میں اس لفظ کی تعلیل، واحد کی جمع، جمع کا واحد، اور اس کے علاوہ دیگر فوائد ذکر کیے گئے ہیں، قاعدہ کا صرف نام لکھا گیا ہے، مکمل قواعد بمع امثلہ اور ان کی تعلیل، کتاب کے شروع میں لکھے گئے ہیں۔

㉒ اگر مختلف الفاظ کا حاشیہ ایک سا ہے تو ان کا نمبر ایک جیسا ہی لکھ دیا گیا ہے۔

㉓ ''قاعدہ نون تاکید ثقیلہ'' اس لیے لکھا جاتا ہے کہ نون تاکید ثقیلہ یا خفیفہ آنے کی صورت میں لفظ میں ہونے والی تبدیلی کی تفصیل قاعدہ میں دیکھ لی جائے۔

㉔ حوالہ کے ضمن میں پہلے سورت کا نام اور پھر اس کا آیت نمبر لکھا گیا ہے۔

㉕ بعض الفاظ کی اہمیت کے پیش نظر ان کی وضاحت کے لیے مختصر مگر جامع تشریح کر دی گئی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رموز

اس کتاب میں مندرجہ ذیل رموز استعمال کیے گئے ہیں:

م: سے مراد مفرد ہے۔

ج: سے مراد جمع ہے۔

× : کراس کا یہ نشان جس خانے میں ہو اس لفظ کے بارے میں اس خانے والی چیز کے نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے، جب یہ نشان ''اصل'' کے خانے میں ہو تو اس سے مراد ہوتا ہے کہ یہ لفظ اپنی اصل پر ہے، اس میں کوئی تبدیلی (تعلیل) نہیں ہوئی۔

// : یہ نشان ظاہر کرتا ہے کہ یہاں پر بھی اوپر والی چیز ہی دوبارہ سمجھ لیں۔

ثلاثی مجرد کے ابواب:

فَعَلَ یَفْعُلُ کے لیے نصر	فَعَلَ یَفْعِلُ کے لیے ضرب
فَعِلَ یَفْعَلُ کے لیے سمع	فَعَلَ یَفْعَلُ کے لیے فتح
فَعُلَ یَفْعُلُ کے لیے کرم	فَعِلَ یَفْعِلُ کے لیے حسب

اور ایک لفظ کے لیے زیادہ باب آنے کی صورت میں

باب نصر کے لیے "ن"	باب ضرب کے لیے "ض"
باب سمع کے لیے "س"	باب فتح کے لیے "ف"
باب کرم کے لیے "ك"	باب حسب کے لیے "ح"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مؤلف

الحمدللہ وحدہ والصلاۃ والسلام علی من لانبی بعدہ امابعد!

قرآن مجید کلام الٰہی ہے جو ہر مسلمان کے لیے ضابطۂ حیات ہے ،اس کا پڑھنا اور اسے سمجھنا انتہائی ضروری ہے۔ اس کو صحیح معنوں میں سمجھنے اور اس کا فہم حاصل کرنے کے لیے اس کے مفردات کو حل کرنا انتہائی ضروری ہے ،مفردات کو حل کرنے کے لیے لغت ،صرف اور نحو کی اشد ضرورت ہوتی ہے، اسی لیے اس کتاب میں قرآن مجید کو سمجھنے کا شوق رکھنے والے طلبا کی سہولت کے لیے ان چیزوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

اس کتاب کو لکھنے کا محرک یہ بات بنی کہ جب دورانِ تعلیم قرآن مجید کے ترجمہ اور اجراء کے دوران اساتذہ کرام صیغوں کے بارے میں پوچھتے تو ان کو حل کرنے میں بڑی محنت کرنا پڑتی ،منتہی طلبا کی مدد اور اساتذہ کرام کی راہنمائی سے مختلف تفاسیر سے تلاش کرنے میں بڑی دقت محسوس ہوتی ،بعض صیغے مل جاتے اور بعض نہ ملتے ، دل میں یہ ارمان پیدا ہوتا کہ کاش کوئی ایسی کتاب موجود ہو جس میں تمام صیغوں کا حل موجود ہو۔ بعد میں جب اللہ تعالیٰ نے تدریس کا موقع دیا تو قرآن مجید کا ترجمہ پڑھاتے ہوئے طلبا کو جب صیغے حل کرنے کا کہا تو انہوں نے بھی اسی خواہش کا اظہار کیا۔ اسی طرح اسلامک ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ مہتانوالہ میں فضیلۃ الشیخ محمد ادریس اثری ﷾ کے زیر سایہ بارہا مرتبہ دورۂ صرف کروانے کا موقع ملا جس میں شریک طلبہ بھی قرآن مجید کے صیغوں کو حل کرتے ہوئے ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کرتے ،چونکہ میں پہلے سے ہی اس چیز کی ضرورت محسوس کرتا تھا تو اب مزید دل میں تڑپ پیدا ہوئی ،اور وہ دیرینہ خواہش ایک عزم مصمم کی صورت اختیار کر گئی ،لہٰذا میں نے اللہ مالک الملک کی توفیق اور اساتذہ کرام کے مشورے سے کام شروع کر دیا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اساتذہ کرام کی نیک دعاؤں اور مخلص دوستوں کے تعاون سے یہ کام پایا تکمیل تک پہنچ گیا والحمدللہ علی ذلک۔

میں استادمحترم فضیلۃ الشیخ ابومحمد ادریس اثری ﷾ اور استادمحترم فضیلۃ الشیخ ابونعمان محمد بشیر ﷾ کا شکر گزار ہوں کہ اس کتاب کی تیاری میں ان کے قیمتی مشوروں سے استفادہ کیا گیا۔ اسی طرح استادمحترم اور برادر نسبتی فضیلۃ الشیخ ابوالقاسم حافظ محمود احمد تبسم ﷾ بھی میرے شکریے کے مستحق ہیں جنہوں نے بارہا مرتبہ اس کتاب پر نظر ثانی فرمائی اور بہت سی چیزوں کی اصلاح فرمائی۔ فضیلۃ الشیخ عبدالرحمٰن ضیاء ﷾ کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے کئی مشکل مقامات پر میری راہنمائی فرمائی۔ اس کے علاوہ میں ان تمام شیوخ کرام کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے تقاریز لکھ کر میری حوصلہ افزائی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ تمام کی سعی کو شرف قبولیت سے نوازے اور انہیں صحت وسلامتی والی لمبی زندگی عطا فرمائے ،اور تادیر ان کا سایہ ہمارے سروں پر رکھے۔

یہاں میں اگر اپنی اہلیہ محترمہ کا شکریہ ادا نہ کروں تو ناانصافی ہوگی جنھوں نے اس کتاب کی تیاری کے مختلف مراحل میں میری معاونت کی بالخصوص قرآنی الفاظ کا ترجمہ لکھا ،اور میری مصروفیت کا لحاظ کرتے ہوئے مقدور بھر میری خدمت کی ،اللہ تعالیٰ انھیں صحت وسلامتی عطا فرمائے اور دین حنیف کی مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

میں نے اپنی علمی استعداد کے مطابق بھرپور کوشش کی ہے کہ قرآن مجید کے صیغوں کو حل کرنے میں کوئی غلطی نہ رہے ،پھر بھی اگر بتقضائے بشریت سہواً یا خطاءً کوئی غلطی رہ گئی ہو تو احباب علم وفضل سے التماس ہے کہ وہ شفقت فرماتے ہوئے اس غلطی پر مطلع کریں تاکہ اس کی اصلاح کی جاسکے ،میں ان احباب کا بے حد مشکور وممنون ہوں گا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ میری اس ادنیٰ سی کاوش کو اپنی بارگاہ عالیہ میں قبول فرمائے ،اسے میرے لیے ،میرے والدین ،اساتذہ کرام اور تمام محسنین ومعاونین کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین

مختار احمد سلفی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ استادی المکرّم حضرت مولانا عبداللہ امجد چھتوی ﷾، شیخ الحدیث مرکز الدعوۃ السّلفیہ ستیانہ بنگلہ (فیصل آباد)

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم امابعد فاعوذ باللّٰه من الشیطن الرجیم بسم اللّٰه الرحمن الرحیم

قرآن کریم ایک ایسی کتاب معجز ہے کہ جس کی تلاوت، تفہیم، تدریس واستماع اور کتابت واملاء کی ہمہ جہتی کاوشیں اہل ایمان اس کے زمانہ نزول سے آج تک ہر دور میں کرتے رہے ہیں، جہاں تلاوت واستماع کے لیے تجوید وقراءت کے اصول فن سے اہل علم وشوق کو آشنائی ہوئی وہیں تدریس وتفہیم کے لیے جدید ترین اور آسان ترین مگر اسلام کی حدودِ جواز اور قرآن کریم کے شروط وآداب کے اندر رہ کر بہترین اسالیب بیان وتحریر اختیار کیے جاتے رہے، فہم قرآن کریم میں دیگر بہت سے علوم کے ساتھ ساتھ دو علوم بنیادی حیثیت کے حامل ہیں، جن کے بغیر قرآن کی تفہیم ممکن ہی نہیں، ان میں سے پہلا علم حدیث اور دوسرا علم اللغۃ العربیۃ وآدابھا ہے، دراصل یہ دونوں علوم فہم قرآن کے لیے مدعلوم ہیں اور ریڑھ کی ہڈی کی طرح ہیں، یہی وجہ ہے کہ جب بھی کوئی قرآن کریم کی سمجھ بوجھ حاصل کرنے کا آغاز کرتا ہے تو وہ ترجمہ قرآن کے ساتھ کرتا ہے اس ضمن میں کسی بھی غیر عربی شخص کو حدیث کے ساتھ ساتھ عربی لغت سے گہری دلچسپی کا رشتہ اپنانا پڑتا ہے۔

حضرت عمر فاروق ﷺ کا فرمان مشہور ہے "تَعَلَّمُوا اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ لِأَنَّهَا مِنْ دِينِكُمْ" "عربی زبان سیکھو اس لیے کہ یہ تمہارے دین کی زبان ہے۔ عربی زبان قرآن کے ساتھ ساتھ حدیث کی بھی زبان ہے، لہذا عربی زبان کے سیکھے بغیر کوئی شخص علم دین میں مہارت کا دعویٰ نہیں کرسکتا اگر کرے گا تو اس کے دعوے کی تکذیب نہایت آسان ہوگی، لغت عربیہ اپنی اصل وارتقاء میں فصیح وبلیغ ہے اور لسانیاتی ادب میں عربی کی فصاحت وبلاغت میں معجزاتی تاثیر کی کوئی مثال موجود نہیں۔ لغات عالم میں وسعت معانی اور اشتراک معانی کے اعتبار سے عربی لغت ایک امتیازی مقام رکھتی ہے، مثلاً صرف لفظ "شہد" کے لیے عربی میں 80 کلمات اور تلوار کے لیے 1000 اسماء موجود ہیں۔

مشترک المعانی کلمات بے شمار ہیں جن کے معانی کی تعیین کے لیے سیاق وسباق سے آگاہی لازمی ہوتی ہے، اسی طرح عربی بے شمار ایسے کلمات کی زبان ہے کہ جن کے صلہ کے بدل جانے سے معانی ہی بدل جاتے ہیں مثلاً لفظ دعا کا صلہ جب لام ہو تو اس کے معنی کسی کے لیے دعا کرنا، جب اس کا صلہ علی ہو تو اس کے معنی کسی کے لیے بددعا کرنا اور جب الی ہو تو اللہ سے دعا کرنا۔ عربی زبان کی وسعت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ مشتقات منہا کے بدل جانے سے لفظ کے معنی بدل جاتا ہے مثال کے طور پر کلمہ "وجد" ایک مادہ ہے جس کے ماضی مضارع اور امر کے صیغے میں وحدت ہے لیکن مشتقات منہا کے اختلاف کی بنا پر معانی میں زبردست اختلاف ہے، اگر "وجد" کا مشتق منہ "موجد" ہوگا تو معنی "غضب" کا دے گا، اگر "وجودا" ہوگا تو اس کے معنی "مطلوب" ہوگا، اگر مشتق منہ "وجدا" ہوگا تو معنی "گم شدہ چیز کی تلاش" ہوں گے اور مشتق منہ "وجد" کی صورت میں "محبت" اور "جدۃ" کی صورت میں "غنی" کے معنی میں ہوگا، اسی طرح "وجد" قال کے معنی دیتا ہے۔

بہرحال فہم قرآن کے لیے عربی لغت کے اساسی فنون "صرف ونحو" کا جاننا ازبس ضروری ہے اس کے لیے ہر دور میں اہل علم کی مساعی سامنے آتی رہیں، عربی زبان میں بھی کئی کتب لکھی گئیں، جیسے "اعراب القرآن" وغیرہ، اردو زبان میں بھی کئی کاوشیں سامنے آتی رہیں، اس میں جدید ترین کاوش عزیزم مولانا مختار احمد سلفی کی ہے، میں نے بعض مقامات سے دیکھا ہے الحمدللہ اچھی کاوش ہے جس سے طلبائے قرآن کے علاوہ اساتذہ بھی استفادہ کریں گے اللہ تعالیٰ عزیزم مختار احمد سلفی صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے اور مزید علمی کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اور ان کے لیے، ان کے والدین اور اساتذہ کے لیے اسے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

عبداللہ امجد چھتوی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ استاذی المکرّم مولانا ابو محمد ادریس اثری ﷾، شیخ الحدیث اسلامک ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ دیپالپور (اوکاڑہ)

ان الحمدللّٰہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی واشھدان لاالٰہ الّا اللّٰہ وحدہ لاشریك لہ واشھدان محمد عبدہ ورسولہ اَمَّابَعْدُ!

ہر دور میں قرآن مجید کی خدمت مختلف انداز سے اہل علم وفضل کرتے آئے ہیں کوئی تجوید وقرأت کی صورت میں اور کوئی ترجمہ وتفاسیر کے حسین امتزاج میں اور کوئی اعراب القرآن کی شکل میں اور کوئی مضامین القرآن کے پیرائے میں اور کوئی نظم القرآن کے گل ہائے میں اور کوئی بلاغتی نقطۂ نظر سے، علم بیان ومعانی وبدیع کے انداز میں زیر نظر کتاب ''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' جو کہ قرآن مجید کے معانی اور نحوی صرفی حل اور گراں قیمت تفسیری نکات کا مرقع ومجموعہ ہے یہ کتاب واقعی ہی اسم بامسمّٰی اور قرآن پاک کی تفہیم میں نصف النہار کی ضیاپاشیوں کے مترادف ہے، جس کے مؤلف ومصنف میرے قابل فخر ورشک شاگرد مولانا مختار احمد سلفی حفظہ اللہ ہیں جو کہ میرے پاس پڑھے بعدازاں میرے ساتھ عرصہ دس سال اسلامک ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ دیپالپور میں تدریسی فرائض انجام دیتے رہے، اللہ تعالیٰ نے انہیں علمی بصیرت وثوق اور تدریسی صلاحیتوں کی دولت سے وافر حصہ عطا فرمایا ہے، اللّٰھم زدفزد۔

عزیزم لغت عربی خصوصاً صرف ونحو میں مہارت تامہ اور خوب دلچسپی رکھتے ہیں اس موضوع پر ان کی کتاب جو ہماری زیر نگرانی طبع ہوئی ''مختار النحو'' اور دیگر کتب جو مرتب کیں مثلاً تبیان الصرف، بدایۃ النحو، بدایۃ الصرف، تبصیر شرح ابن عقیل وغیرہ جو ان کی علم دوستی کا بیّن ثبوت ہیں۔

اور یہ کتاب الیاقوت والمرجان بھی انہوں نے اپنی گوناگوں تدریسی مصروفیات سے وقت نکال کر ترتیب دی ہے اور فاضل مصنف نے ایک انوکھا انداز اختیار کیا ہے جس میں طلبۃ العلم مبتدی ومنتہی اور علماء ومدرسین یکساں طور پر مستفید ہوں گے، ان شاء اللہ!

علمی تن آسانی کے اس جدید دور میں عزیزم فاضل کی یہ کوشش کسی نعمت غیر مترقبہ سے کم نہ ہے۔

اس کتاب میں قرآنی الفاظ وصیغ کو بڑے سہل انداز اور جدید ترین اسلوب کے ساتھ پیش کیا گیا ہے جس میں لفظ کی ظاہری شکل وصورت کو دیکھ کر بغیر اصلیت ومادہ کے درپے ہوئے صیغہ تلاش کیا جاسکتا ہے، اگرچہ فاضل عزیزم نے اس کی تحلیل لغوی واصطلاحی ذیل میں حاشیہ کے تحت کردی ہے اس طرح معمولی دلچسپی اور علمی تمسک رکھنے والا ہر آدمی حقیری کاوش کے ساتھ قرآن پاک کے کسی بھی لفظ کو کسی صورت اور آیت سے تلاش کرنا چاہئے تو اسے کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے گا تلاش مادہ کی الجھنوں سے مستغنی کرتے ہوئے بلکہ بڑی بڑی امہات اللغات سے بے نیاز کردیا ہے۔ میں نے اس کتاب کو بغور دیکھا ہے اور اس کتاب میں دی گئی ہدایات کے مطابق فاضل نے خوب محنت کی ہے اور اپنے منفرد اسلوب کے مطابق حق ادا کیا ہے۔

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے اللہ تعالیٰ عزیزم کے نوکِ قلم میں مزید ترقی اور تالیف وتصنیف کے میدان میں چار چاند لگائے اور اس کتاب سے ارباب علم اور طلبہ کو علمی تشنگی بجھانے کی توفیق مرحمت فرمائے اور ہم سب کے لیے اخروی نجات کا ذریعہ بنائے، آمین۔

دعا گو

ابو محمد ادریس اثری عفی اللہ عنہ

اسلامک ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ دیپالپور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ استاذی المکرّم مولانا ابونعمان بشیر احمد ﷾ نائب شیخ الحدیث مرکز الدعوۃ السّلفیہ ستیانہ بنگلہ (فیصل آباد)

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ اَمَّابَعْدُ!

اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کرنے کے بعد شتر بے مہار نہیں چھوڑا بلکہ کامیاب زندگی گزارنے کے اصول وقواعد پر مشتمل کتب بھی نازل کر دیں ۔اور کتب کو سمجھانے اور عملی زندگی سکھلانے کے لیے انبیاء ورسل بھی مبعوث کیے ۔اس سلسلہ کی آخری کتاب قرآن مجید اور آخری پیغمبر حضرت محمد ﷺ ہیں ،آپ ﷺ نے مکمل قرآن مجید کی تفسیر اپنے اقوال وافعال کے ساتھ امت کو سکھلا دی ،رسول اکرم ﷺ کے حقیقی وارث علمائے حق ہیں انہوں نے آپ سے حاصل کردہ علمی وراثت کو آگے پہنچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی ۔زمان ،مکان ،زبان اور انسان کے بدلتے ہوئے اسلوبوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیمات الٰہی کو اطراف عالم میں پہنچایا۔

قرآن مجید انتہائی فصیح وبلیغ اور خالص عربی میں ہے ۔اس کے مطالب سمجھانے کے لیے علمائے کرام نے عصری ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر زبان میں بہت محنت شاقہ کی ہے ۔اور اپنی استعداد کے مطابق اس کار خیر میں حصہ ڈالا ہے ۔عربی زبان کا ایک خاصہ یہ بھی ہے کہ ایک لفظ کا مادہ حرکات وسکنات اور بعض حروف کی کمی وبیشی سے مختلف معانی دیتا ہے اور اس طرح ایک مادہ سے سینکڑوں الفاظ وجود میں آتے ہیں ۔اگر اصل مادہ کے معنی اور مختلف تبدیلیوں سے تبدیل ہونے والے معانی کا علم ہو جائے تو صرف قرآن مجید ہی نہیں بلکہ عربی زبان کا سمجھنا بہت سہل ہو جاتا ہے ۔قرآن کریم میں تقریباً دو ہزار کلمات ہیں جو مختلف شکلیں تبدیل کر کے بار بار آتے ہیں ۔

میرے دل میں کئی مرتبہ یہ داعیہ پیدا ہوا کہ اس بارے میں کچھ لکھا جائے کہ ایک لفظ کی مختلف شکلوں سے معانی میں کیسے اور کیوں تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں لیکن اب تک نہ لکھ سکا۔شاگرد رشید عزیزم مختار احمد سلفی کو اللہ تعالیٰ نے توفیق دی اور وہ مجھ سے اس کام میں سبقت لے گئے ۔انہوں نے مکمل قرآن مجید کے صیغوں کو انتہائی آسان اور عام فہم انداز میں ،جدید اسلوب کے مطابق حل کرنے کی کوشش کی ہے ،چونکہ اسلوب کتاب میرے ذوق کے مطابق تھا ،اس لیے میں نے تقریباً مکمل کتاب کا مطالعہ کیا ہے ،میری نظر میں اردو زبان میں اس انداز کی کوئی کتاب نہیں گزری ،طلباء ،مدرسین کو اس کتاب سے ضرور فائدہ حاصل کرنا چاہیے تاکہ کتاب وسنت کی صحیح ترجمانی کر سکیں۔

مولائے کریم سے دعا گو ہوں کہ عزیزم کی بہترین کاوش کو قبول فرمائے اور دنیا وآخرت میں کامیابی کا ذریعہ بنائے اور مزید تحریری میدان میں نکھار پیدا کرے۔آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ

ابونعمان بشیر احمد

ستیانہ بنگلہ (فیصل آباد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

شیخ القرآن والحدیث فضیلۃ الشیخ مولانا عبدالعزیز ﷾

ان الحمدللّٰہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونعوذ باللّٰہ من شرور أنفسنا وسیئات أعمالنا من یھدہ اللّٰہ فلا مضل لہ ومن یضلل فلا ھادی لہ و أشھد أن لا الہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریك لہ وأشھد أن محمدا عبدہ ورسولہ ﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقٰتِہٖ وَ لَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ﴾[آل عمران:102]﴿یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّ خَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَ بَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّ نِسَآءً وَ اتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَ الْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا﴾[النساء:1]﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا. یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَ یَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا﴾[الاحزاب:70،71]أما بعد ! فان أصدق الحدیث کتاب اللّٰہ وأحسن الھدی ھدی محمد وشر الأمور محدثاتھا وکل محدثۃ بدعۃ وکل بدعۃ ضلالۃ و کل ضلالۃ فی النّار۔

کافی عرصے سے یہ تمنا تھی کہ قرآن کریم کے صیغوں کے حل کے بارے میں کوئی کتاب ہونی چاہیے ،تاکہ طالب علم اس کی طرف رجوع کریں اور خوب تمرین کر کے مہارت حاصل کر سکیں پھر اسی طرح قرآن کریم کا ترجمہ عربی قواعد کے مطابق کر سکیں ،ایک دن صبح نماز کے بعد کسی بھائی نے مجھے کتاب ہذا ''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' پر تقریظ لکھنے کے لیے دی ،پھر مطالعہ کرنے کے بعد میری تمنا پوری ہوگئی ،وللہ الحمد!

اللہ رب العالمین مختار احمد سلفی صاحب کی یہ کاوش قبول فرمائے اور نجات کا ذریعہ بنائے اور اجر کامل عطا فرمائے ،آمین !

کتاب ہذا کی نمایاں خصوصیات سے یہ ہے کہ اس میں صرف اور صرف قرآن کریم کے صیغوں کا حل نہیں بلکہ یہ اس فن میں انسائیکلوپیڈیا ہے ،جس طرح مصنف نے تعارف الکتاب میں ذکر کیا ہے اس کے علاوہ لغوی وضاحت ،آسان سلیس عبارت کے ساتھ نحوی قواعد ،خاص طور پر اس کتاب کی ترتیب نہایت احسن ہے حروف تہجی کے مطابق اور بغیر تکرار کے ہے ،موجودہ درسی کتابوں کی اصطلاحات کے مطابق خاص طور پر کتاب ہذا درسی کتابوں کے لیے مشق اور تمرین کی حیثیت رکھتی ہے ،مثلاً درسی کتابوں میں سہ اقسام ہفت اقسام اور شش اقسام ،صیغہ ،وزن اور باب پڑھتے ہیں تو یہ کتاب بہترین مشق اور تمرین ہے۔

کتاب ہذا کی جامعیت اور اپنے فن میں ایک خاص اہمیت ،نہایت آسان اسلوب اور زیادہ افادیت کی وجہ سے میں طلبائے کرام کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ ضرور اس بیش بہا قیمتی الیاقوت والمرجان سے اپنی عبارات کو خوبصورت کریں اور علمائے کرام کو نصیحت کرتا ہوں کہ اس الیاقوت والمرجان سے اپنے معانی کو خوبصورت کریں تاکہ قرآن کریم کا ترجمہ عربیت کے مطابق کر سکیں ،اسی طرح اساتذہ کرام اور معلمین کو چاہیے کہ وہ الیاقوت والمرجان کی تمرینات سے اپنے طلبائے کرام کا ذہن خوبصورت بنادیں کیونکہ ہم علم النحو اور علم الصرف قرآن کریم کے لیے ہی پڑھتے اور پڑھاتے ہیں تو تمرین اور مشق بھی قرآن کریم سے ہی ہونی چاہیے۔

یہ کتاب مبتدئین ومعلمین ،طلباء وعلمائے کرام کے لیے ،مدارس اور لائبریریوں سب کے لیے الیاقوت والمرجان ہے ،اللہ رب العزت سے التجاء کرتا ہوں کہ مصنف کو اس الیاقوت والمرجان کے بدلے وہ انعام عطا فرمائے جسے خود اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا:﴿کَاَنَّھُنَّ الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ﴾امین او صلی اللّٰہ وسلم علی نبینا محمد وآلہ وصحبہ وسلم۔

عبدالعزیز ،کوئٹہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ افتخار احمد الازہری ﷾، شیخ الحدیث جامعہ بحر العلوم السلفیہ، میر پور خاص (سندھ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ،عَلَّمَهُ الْبَیَانَ،وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَامُحَمَّدٍ الْعَدْنَانِ،وَعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِاِحْسَانٍ۔أَمَّابَعْدُ !

قرآن مجید ہماری مقدس کتاب ہے ،اس کا نزول اللہ کا فضل عمیم اورانسان کے لیے باعث مسرت ہے ،اوراس پرعمل پیراہونا باعث ثواب ونجات ہے ،یہی وجہ ہے کہ علمائے کرام ومفسرین عظام نے اس کی مختلف پہلوؤں سے خدمت کی ہے اورکررہے ہیں اوران شاء اللہ یہ سلسلہ قیامت تک جاری وساری رہے گا۔

کتاب "الیاقوت و المرجان فی حل صیغ القرآن"محترم فضیلۃ الشیخ مختاراحمد سلفی صاحب ﷾ کی جہد عظیم ہے جس میں انہوں نے پانچ علوم یعنی''علوم خمسہ'' کو یکجا کرکے طلباء کے لیے آسانی کردی ہے اس میں آپ کومعانی قرآن ،صرفی بحثیں،نحوی قواعدلغوی شقیں اورتفسیری نکات سب ایک جگہ میسرآگے ہیں گویا کہ انہوں نے اعراب القرآن میں شیخ الأنباری کی کتاب "البیان فی غریب اعراب القرآن "یا اصبھانی کی کتاب "ریاض الألسنة"یاعلی بن عیسیٰ بن داود بن الجراح الوزیرکی کتاب "معانی القرآن و تفسیرو مشکله " اورمعانی القرآن واعرابه للزجاج کاخلاصہ پیش کردیا ہے،اورعلم الصرف وعلم النحو کی تمام کتب پرسیرحاصل بحث بھی نظروں سے گزرجاتی ہے ،یہ فن اللہ تعالیٰ نے مولانا مختاراحمد سلفی ﷾ کودیا ہے،اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمل میں برکت عطاء فرمائیں اورمولاناصاحب کو یہاں تک پہنچانے میں فضیلۃ الشیخ مولانا ادریس اثری صاحب ﷾ کا بہت بڑا کردار ہے ،اللہ تعالیٰ ان کومزید دین حنیف کی خدمت کرنے کی توفیق عطافرمائے ،آمین !

وأسال الله سبحانه و تعالیٰ ان یجعل هذاالعمل الصالح خالصالوجهه الکریم ،و الحمد لله رب العالمین

افتخاراحمد الازہری

جامعہ بحرالعلوم السلفیہ میرپورخاص (سندھ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ محمد امین بن عبدالرحمٰن ﷾ شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ سلفیہ نصر العلوم گوجرانوالہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى.....اَمَّابَعْدُ

بلاشبہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ،منبع علوم اورسرچشمہ ہدایت ہے ،جوکہ کسی بھی قسم کی ہر غلطی سے پاک ، سچی ،انصاف والی ،محفوظ اورکامل کتاب ہے ،مگراس کی تمام تر افادیت اسے سمجھ لینے پرموقوف ہے ،اگرچہ اللہ تعالیٰ نے اسے سمجھنے کے اعتبار سے آسان ترین کتاب قرار دیا ہے ۔تاہم عربی ہونے کی وجہ سے عجمی لوگوں کے لیے اسے سمجھنے کی بنیاداس کے الفاظ کی انفرادی پہچان اورشناخت ہے جوکہ علوم میں سے علم صرف کی بنیاد ہے ۔ الفاظ کی انفرادی پہچان اورتعارف میں محترم ومکرم جناب مولانا مختار احمد السلفی ﷾ کی مرتب ''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' انتہائی مفید اورابتدائی طلباء کے لیے بہترین راہ نما ہے ۔اس میں فاضل مصنف نے آسان اسلوب اختیارکیا ہے ۔تمام الفاظ وکلمات کاحروف تہجی کی ترتیب سے ذکرکردیا ہے ۔جس سے کسی بھی لفظ کوکتاب سے حاصل کرنا اورسمجھنا بالکل آسان ہے ۔حسنِ ترتیب کے ساتھ ہرلفظ کا تلفظ ،معنی ،صیغہ ،باب ،سہ اقسام، شش اقسام ہفت اقسام ،مادہ ،وزن ،اصل اورسب سے عمدہ بات کہ ہرلفظ کا حوالہ قرآن مجید سے بیان کرکے مصنف نے اس کی افادیت میں مزیداضافہ کردیا ہے ۔

اللہ تعالیٰ فاضل مصنف کی یہ عمدہ کاوش افادۂ عام کے لیے مؤثر بنائے ۔اوران کی اس کوشش کے ساتھ ساتھ دیگرمساعی جمیلہ بھی قبول فرمائے اورانہیں اخروی نجات کاذریعہ بنائے ،آمین !

محمد امین بن عبدالرحمٰن

جامعہ اسلامیہ سلفیہ نصر العلوم گوجرانوالہ

١٤الربیع الثانی ١٤٣٥ھ بمطابق ١٥فروری ٢٠١٤م

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ ابواحمد عبدالوحید ساجد ﷾ شیخ الحدیث دارالعلوم جامعہ اسلامیہ سلفیہ مسجد مکرم ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

الحمدلله الذی انزل علٰی عبده الفرقان وازاح به شبه اهل الزیغ والطغیان،الذین مضواسبیل الغی والخسران والصلوٰة والسلام علی افضل الرسل الی الانس والجان محمد ﷺ حامل لواء التوحیدوالایمان ماحی الشرك والبدعة والاثان وعلی اله واصحابه الذین ساروااعلی محجة البیضاء بالحجة والبرهان وعلی من تبعهم باحسان الٰی یوم المیزان ۔امّابعد!

اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمتوں میں سے ایک انسانیت کی فلاح کے لیے قرآن حکیم کا نزول بھی ہے ۔یہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اسے پڑھ اور سمجھ کر سیرت وکرداراس کے مطابق ڈھالنے والوں کو دنیا میں رفعتیں اور آخرت میں سعادتیں نصیب ہوتی ہیں قرآن وحدیث اوردیگرعلوم عربیہ کو سمجھنے کے لیے علم صرف ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے اس کے بغیر نہ تو قرآن مجید کو سمجھا جاسکتا ہے نہ اس کی معنوی گہرائی تک رسائی حاصل ہوسکتی ہے ۔مختلف ادوار میں علماء امت نے کتاب اللہ کی خدمت بہت سے فنون میں کی ہے ایک نے وجوہ اعراب بیاں کی ہیں تو دوسرے نے قراءت پر قلم اٹھایا ہے۔کسی نے مفردات کی شرح کی تو کسی نے غرائب القرآن میں اسئلہ واجوبہ تحریر کی ،بعض نے ترکیب نحوی کرنے کی سعادت حاصل کی تو کچھ نے بلاغت وبدیع پر کام کیا،محکم ومتشابہ ،ناسخ ومنسوخ ،حقیت ومجاز ،منطوق ومفہوم ودیگر بیسیوں علوم وفنون ہیں جن سے کتاب اللہ کی خدمت کی ،تفاسیروتراجم کا تو شمار ہی نہیں ۔

زیرنظر کتاب جوقرآن کریم کے صیغوں کی ایک گراں قدر معجم ہے جسے محترم جناب مولانا مختاراحمد صاحب ﷾ نے بہترین اسلوب اور سہل انداز تحریر کیا ہے یہ علم صرف سے کتاب اللہ کی خدمت کاایک طریق ہے جوانتہائی قابل قدراورمفید عوام وخواص ہے خصوصاً علوم اسلامیہ کے زیرتعلیم طلبہ ابتدائی کلاسوں کے اساتذہ اس سے خاطرخواہ فائدہ حاصل کرسکتے ہیں یہ علماء ،مدرسین اور متعلمین کے لیے ایک انمول تحفہ ہے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا گوہوں کہ مصنف کی اس مخلصانہ عمدہ کوشش کواپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازے اوراس کے ایک ایک حرف کومؤلف کے لیے صدقہ جاریہ اورذخیرہ آخرت بنائے آمین !

ابواحمد عبدالوحید ساجد

دارالعلوم اسلامیہ سلفیہ مسجد مکرم ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

۲۹الربیع الثانی ۱۴۳۵ھ بمطابق ۲۰۱۴۔۳۔۲

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ محمد رمضان سلفی حفظہ اللہ شیخ الحدیث جامعہ رحمانیہ لاہور

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم !

عربی زبان سیکھنے اور اسے سمجھنے کی اہمیت اس بات سے واضح ہوجاتی ہے کہ ہم مسلمان ہیں اور دین اسلام کے پیروکار ہیں اور اسلام کی بنیاد اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآن مجید) اور نبی کریم ﷺ کی سنت پر رکھی گئی ہے اور یہ دونوں عربی زبان پر مشتمل ہیں۔ ایک مسلمان کا اپنی عملی زندگی میں کتاب وسنت کے ساتھ وابستہ رہنا بے حد ضروری ہے، اور جملہ اہل اسلام کا انہیں سیکھنا اور انہیں سمجھ کر پڑھنا کس قدر اہمیت کا حامل ہے، اسی چیز کے پیش نظر امت مسلمہ کے خیر اندیش علماء وفقہاء نے اپنے اپنے انداز میں قرآن وحدیث کو سکھانے، سمجھانے اور ان کے فہم کو آسان بنانے کے لیے کوششیں کی ہیں، ان میں سے کسی نے مفردات قرآن کے معانی ومفاہیم کو واضح کیا ہے تو کسی نے اسباب نزول کو موضوع بحث بنایا ہے۔ بعض علماء اقسام قرآن کو زیر بحث لائے ہیں تو بعض نے قرآن کے ناسخ ومنسوخ کے متعلق بحث کی ہے، کسی نے آیات احکام کو موضوع سخن بنایا ہے، تو بعض نے کتاب الٰہی کی صرفی ونحوی پیچیدگیوں کو حل کردیا ہے، غرضیکہ علماء اسلام میں سے اکثر نے علوم قرآن کی خدمت میں اپنے اپنے ذوق کے مطابق حصہ ڈالنے کی سعی مشکور فرمائی ہے۔

دور حاضر میں چونکہ طلباء کا علمی ذوق وشوق زوال کا شکار ہے، اور وہ جسمانی راحتوں کو حصول علم کی مشقتوں پر فوقیت دیتے نظر آتے ہیں، حالانکہ **لایستطاع العلم براحة الجسم** [مسلم :1390] کی روشنی میں راحت طلب انسان علم حاصل نہیں کرسکتا، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ تحصیل علم سے فراغت حاصل کرنے والے اکثر طلباء کا عام طور پر عربی عبارت کا تلفظ درست نہیں ہوتا، اور وہ قرآنی آیات کی تحلیل صرفی ونحوی سے نابلد ہوتے ہیں، طلباء کی اس علمی بے بضاعتی اور کمی کا احساس کرتے ہوئے محترم مولانا مختار احمد سلفی نے اس عظیم کام کا بیڑا اٹھایا، اور ان کی انتھک محنت اور کوشش سے صرفی ونحوی مباحث کو آسان بنانے کی غرض سے ''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' کے نام سے یہ عظیم کتاب معرض وجود میں آگئی، جس میں مؤلف نے کلمات قرآن کو ترتیب دینے میں دیگر مؤلفین سے الگ انداز اختیار کیا ہے اور مادہ کے اعتبار سے الفاظ قرآن کو جمع کرنے کی بجائے انہیں حروف تہجی کے اعتبار سے جمع کرنے کا اہتمام کیا ہے، یوں ایک کلمہ کے مشتقات مختلف ابواب میں تقسیم ہوگئے ہیں، مثال کے طور پر لفظ ''قال'' کے تمام مشتقات آپ کو اس کتاب میں یکجا جمع شدہ نہیں ملیں گے، جیسا کہ اکثر علماء کا طریقہ کار ہے، بلکہ لفظ ''قال'' سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے آپ کو باب القاف میں حروف تہجی میں سے ق ا کی طرف رجوع کرنا ہوگا، اور اس کا مضارع ''یقول'' باب الیاء میں ی ق کی فہرست میں ملے گا، اور امر کے صیغے ''قل'' کو ق ل میں دیکھا جاسکے گا، اور جمع متکلم کے صیغے ''نقول'' کو باب النون میں ن ق کی فہرست میں تلاش کرنا ہوگا، اس طرح تمام کلمات کو جمع کیا گیا ہے اور یہ ترتیب حروف تہجی کے اعتبار سے الفاظ قرآن کے ساتھ خاص ہے، اور اسی غرض کے لیے کتاب کے ہر صفحہ کے سر ورق پر ان حروف تہجی کی نشاندہی کردی گئی ہے جن کے تحت مطلوبہ الفاظ کو اپنی تمام معلومات کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے، یوں اس کتاب میں ہر لفظ کے متعلق عموماً دس قسم کی معلومات فراہم کردی گئی ہیں، اور الفاظ معللہ کی تعلیلات بھی ان کے قواعد کی نشاندہی کے ساتھ زیر صفحہ آگئی ہیں۔

امید ہے کہ یہ کاوش طلباء کی علمی تشنگی دور کرنے کے لیے کافی حد تک مفید اور انہیں عربی گرامر سے آراستہ کرنے میں معاون ثابت ہوگی، دعا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کتاب کو اس کے مؤلف کے لیے توشۂ آخرت اور جملہ اہل اسلام کے لیے مفید بنائے، آمین!

محمد رمضان سلفی

جامعہ لاہور الاسلامیہ (جامعہ رحمانیہ) لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ مفتی محمد یوسف قصوری ﷾ شیخ الحدیث جامعہ دارالحدیث رحمانیہ سولجر بازار کراچی

الحمدللّٰہ رب العٰلمین والصلاۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین وعلٰی الہ واصحابہ اجمعین ومن تبعھم باحسان الٰی یوم الدین، امابعد!

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا وہ کلام ہے جو اس نے اپنے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل فرمایا ہے۔ قرآن مجید اپنی فصاحت وبلاغت میں، قراءت وتلاوت کی حلاوت میں، صوتی تاثیر اور معانی کی گہرائی میں، آیات کے نظم وضبط اور مضامین کے تسلسل وربط میں، افکار کی بلندی اور نظریات کی سچائی میں، الغرض ہر پہلو اور زاویے میں لاریب اور بے مثال ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ﴾ [بنی اسرائیل:88] ''آپ واضح فرمادیں کہ اگر تمام انسان اور جن اس قرآن کی مثل لانے کے لیے جمع ہوجائیں تب بھی وہ اس کی مثل نہیں لاسکتے۔''

دنیا میں دن بدن علوم وفنون کی ترقی ہورہی ہے اسلام کے مخالفین اور مفکرین بھی بہت زیادہ ہیں قرآن کے نزول کو چودہ سو سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے لیکن آج تک کوئی بھی شخص قرآن کریم کی کسی ایک سورت یا کسی ایک آیت کی مثل نہیں لاسکا۔

قرآن حکیم کی عبارت ایسی فصیح وبلیغ ہے کہ بڑے بڑے فصحاء اور بلغاء حیران وششدر ہیں اور ان کو یہ تسلیم کیے بغیر چارہ نہیں کہ یہ کسی انسان کی تکنیدی نہیں بلکہ اللہ وحدہ لاشریک کا کلام ہے۔ اس کی آیات کے نظم وضبط اور مضامین کے تسلسل وربط کے معجزہ ہونے اور انسان کی قدرت کے قاصر ہونے کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ ایک فصیح وبلیغ انسان جب کوئی خطبہ یا کتاب لکھتا ہے تو وہ اس میں اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لاتا ہے پھر جب اس میں غور وفکر کرتا ہے تو اسے کئی لفظ حذف اور کئی جملے تبدیل کرنے پڑتے ہیں، وہ کچھ لکھتا ہے کچھ مٹاتا ہے تصحیح درتصحیح کرتا ہے پھر علم وفضل میں اپنے سے بڑے کسی شخص کو دکھاتا ہے وہ بھی اس میں طبع آزمائی اور اس کی تنقیح کرتا ہے پھر بھی حتمی طور پر نہیں کہا جاسکتا کہ اب اس میں کوئی لفظ یا اس کا کوئی جملہ تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن اگر قرآن حکیم کے کسی لفظ کو اس کی جگہ سے ہٹا کر اس کی جگہ کوئی دوسرا لفظ رکھنا چاہیں تو پوری لغت کو چھاننے کے بعد بھی اس کا متبادل کوئی لفظ نہیں مل سکے گا۔ قرآن حکیم میں سے کسی لفظ کو نہ تو کم کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی اس میں کسی لفظ کا اضافہ کیا جاسکتا ہے اس کے جو الفاظ چودہ سو سال پہلے نازل ہوئے تھے آج بھی وہی ہیں اور قیامت تک وہی رہیں گے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ﴾ [الحجر:9] ''بے شک ہم نے قرآن حکیم کو نازل کیا ہے اور یقیناً ہم ہی اس کے محافظ ہیں''۔

قرآن مجید تمام انسانوں کے لیے دستور زندگی اور مکمل ضابطہ حیات ہے، علامہ طبری ؒ لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تورات میں صرف مواعظ (نصیحتیں) بیان کی ہیں زبور میں صرف اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء ہے، انجیل میں صرف مثالیں بیان کی ہیں اور ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ پر جو کتاب نازل کی ہے اس میں مواعظ، حمد وثنا اور تمثیلات بھی ہیں اور وہ تمام خصوصیات ہیں جو کتب سابقہ میں تھیں اور مزید یہ ہے کہ قرآن مجید میں ایسے اصول اور احکام بیان کیے گئے ہیں جو عہد رسالت سے لے کر قیامت تک آنے والی تمام نسل انسانی کے نظام حیات کے لیے کافی اور وافی ہیں۔ اس کے مضامین میں رشد وہدایت کا واضح پیغام ہے، امر بھی ہے اور زجر بھی، وعد بھی ہے اور وعید بھی، ترغیب بھی ہے اور ترھیب، امثلہ بھی ہیں اور قصص بھی، ماضی کے حالات بھی ہیں اور مستقبل کے واقعات بھی اور دلائل وبراہین سے مرصع وہ مسلمہ حقائق بھی ہیں جنہیں تسلیم کرنے والے دنیا میں اقبال وعروج حاصل کرتے ہیں اور آخرت میں جنت کے وارث بن جاتے ہیں اور جن سے اعراض کرنے والے دنیا میں بھی پستی اور ذلت کا شکار ہوتے ہیں اور آخرت میں جہنم کی آگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا ایندھن بن جاتے ہیں۔ہادی عالم ﷺ کا ارشادگرامی ہے ((اِنَّ اللّٰہَ یَرْفَعُ بِھٰذَالْکِتَابِ اَقْوَامًا وَیَضَعُ بِہٖ آخَرِیْنَ))[مسلم]

قرآن پاک کے ایک ایک لفظ میں علم وحکمت کے خزانے جمع ہیں جن کے حصول کے لیے عربی گرامر کی مفتاح یعنی صرف ونحو کے قواعد کی پہچان کی ضرورت ہے اس کلید کا حامل تلاوت کی غلطیوں سے محفوظ ہونے کے ساتھ ساتھ معانی کی گہرائی تک پہنچنے میں کامیاب ہوجاتا ہے،شروع میں قرآن پاک پرحرکات وسکنات اوراعراب نہیں تھے عرب لوگ اپنی زبان اورمحاورے کی مدد سے اعراب کے بغیراس کی بالکل صحیح تلاوت کرلیا کرتے تھے پھرجیسے جیسے اسلام پھیلتا گیااورغیرعرب لوگ مسلمان ہوتے گئے۔اہل زبان نہ ہونے کی وجہ سے ان سے قراءت میں غلطیاں ہونے لگیں جس سے اس کا مطلب اورمفہوم بھی تبدیل ہونے لگا تو قرآن پاک پرحرکات وسکنات اوراعراب لگانے کی ابتداء کے بارے میں اہل علم کے مختلف اقوال ہیں۔

حافظ ابن عساکر رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ایک شخص نے اس آیت مبارکہ ﴿اَنَّ اللّٰہَ بَرِیْءٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَ رَسُوْلُہٗ﴾ [التوبۃ:3]''بے شک اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول ﷺ مشرکوں سے بیزار ہیں۔'' کو پڑھنے میں غلطی کردی اوراس نے رَسُوْلُہٗ کوالٹے پیش کے ساتھ پڑھنے کی بجائے الٹی زیر کے ساتھ پڑھ دیا جس کا معنی یہ ہوجاتا ہے''بے شک اللہ تعالیٰ مشرکوں اوراپنے رسول ﷺ سے بیزار ہیں''العیاذ باللہ، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابوالاسود الدؤلی کوقرآن پاک کے لیے قواعد مرتب کرنے کا حکم دیا(مختصر تاریخ دمشق مطبوعہ دالفکر بیروت)

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ عراق کے گورنرزیاد کے کہنے پرابوالاسود نے عربی زبان کے قواعد مرتب کیے(البدایہ والنہایہ،ج8،ص 312 مطبوعہ دارا لفکر بیروت)ممکن ہے کہ ان تمام شخصیات نے اپنے اپنے وقت میں ابوالاسوددؤلی کو یہ حکم دیا ہواس لیے ابوالاسود نے ان سب کے زمانے کو پایا ہے اس کی وفات 69ھ میں ہوئی۔اس وقت اس کی عمر58سال تھی،اس کے بعد بھی ہردور میں اہل علم قرآن مجید کی خدمت کرنے کی سعی کرتے رہے ہیں۔

زیرنظرکتاب کے مؤلف مولانا مختاراحمد سلفی حفظہ اللہ سابق مدرس اسلامک ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ مہتانوالہ دیپالپور،اوکاڑہ اورموجودہ مدرس الرحمۃ انسٹیٹیوٹ واربرٹن ننکانہ کی یہ عظیم کاوش بھی اسی سلسلہ جلیلہ کی ایک مبارک کڑی ہے جس میں قرآن مجید کے سنہری الفاظ کی صرفی نحوی اورلغوی اعتبار سے جامع اورخوبصورت تشریح کی گئی ہے۔

مولانا موصوف نے''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' لکھ کراہل علم کے ہاتھ میں وہ کلید تھمادی ہے جس کے ذریعے وہ قرآن مجید کے بحرعمیق میں غوطہ زن ہوکرموتیوں سے جھولیاں بھرسکتے ہیں۔''الیاقوت والمرجان''طلباء اورعلماء کے لیے یقیناایسا انمول تحفہ ہے جس سے مستفید ہوکروہ اپنے آپ کوبھی اوراپنے متعلقین کوبھی افکارکی بلندی اورنظریات کی سچائی کی بدولت اس اعلیٰ مقام پرپہنچاسکتے ہیں جہاں رحمت الٰہی ہے''الیاقوت والمرجان''ان کی منتظرہوگی۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿کَاَنَّھُنَّ الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ فَبِاَیِّ اٰلَاءِ رَبِّکُمَاتُکَذِّبَانِ﴾[الرحمٰن:59.58]''وہ(حوریں) یاقوت اورمرجان جیسی ہیں تم اپنے پروردگارکی کس کس نعمت کوجھٹلاؤ گے''۔

بلاشبہ الیاقوت والمرجان گراں قدرعلمی سرمایہ ہے،دعاہے کہ اللہ رب العزت اسے شرف قبولیت بخشے،اہل علم وعمل کواس سے استفادہ کرنے کی توفیق عطافرمائے اورمؤلف کے لیے اسے ذخیرہ آخرت بنائے۔آمین!

وصلی اللہ علی النبی محمدوالہ واصحابہ اجمعین برحمتك یاارحم الراحمین۔

کتبہ

مفتی محمد یوسف قصوری

جامعہ دارالحدیث رحمانیہ سولجر بازارکراچی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ مولانا خالد بن بشیر مرجالوی ﷾ ، شیخ الحدیث جامعہ محمدیہ اہل حدیث گوجرانوالہ

الحمدللّٰہ و کفٰی و سلام علٰی عبادہ اصطفٰی ، اَمَّابَعْدُ!

ہمارے دین ''اسلام'' کا اصل منبع قرآن وسنت ہے جو عربی زبان میں ہے ،سید دوعالم ،خاتم الانبیاء والمرسلین محمد رسول اللہ ﷺ خود عربی تھے اور آپ کے اولین مخاطب عرب تھے ،اس لیے جو کتاب آپ ﷺ پر نازل کی گئی وہ بھی عربی تھی: ﴿وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ﴾[ابراھیم:4] ''اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اُس کی قوم کی زبان میں تا کہ وہ اُن کے لیے کھول کر بیان کردے''۔

عربی کے بارے میں بعض حلقوں میں یہ تاثر ہے کہ یہ بہت مشکل زبان ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ القمر میں قرآن مجید جو کہ عربی میں ہے کے بارے میں چار مرتبہ فرمایا: ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾[القمر: 40,32,22,17] ''اور بلاشبہ یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان بنایا، تو کیا کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا؟''

اور نبی ﷺ نے فرمایا: ((اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ))[صحیح البخاری] ''دین آسان ہے''۔

لیکن جس طرح کوئی بھی چیز سیکھنے سے آتی ہے اسی طرح علم بھی سیکھنے سے آتا ہے ،اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ﴾[النحل:78] ''اور اللہ نے تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے اس حال میں نکالا کہ تم کچھ نہیں جانتے تھے ،اور اس نے تمہارے لیے کان ،آنکھیں اور دل بنائے تا کہ شکر کرو''

قرآن مجید اگرچہ آسان ہے لیکن اس کی تبیین کے لیے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو مبعوث فرمایا ہے ،اس لیے رسول اللہ ﷺ کی حدیث کو چھوڑ کر اگر کوئی صرف عربی لغت کے سہارے قرآن کا معنی متعین کرنے کی کوشش کرے گا وہ راہ حق سے بھٹک جائے گا۔صحابہ کرام ﷺ کو عرب ہونے کے باوجود قرآن مجید کو سمجھنے کے لیے رسول اللہ سے راہنمائی لینا پڑتی تھی ،جیسا کہ مندرجہ ذیل دو آیتوں کو سمجھنے میں بعض کو غلطی لگ گئی: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ﴾[البقرۃ:187] ﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ﴾[الأنعام:82] پہلی آیت سے عام دھاگے مراد لے لیے جب کہ دوسری آیت کے نزول پر پریشان ہوئے کہ ہم میں سے کون ہے جس سے اپنی جان پر ظلم نہ ہوا ہو؟ نبی کریم ﷺ نے پہلی آیت میں وارد دھاگوں کو صبح کی سفیدی اور رات کی سیاہی اور دوسری آیت میں وارد لفظ ''ظلم'' کو شرک سے تعبیر فرمایا۔

ہم عجمی ہیں، نہ ہماری زبان عربی ہے اور نہ ہم صحابہ کرام ﷺ کی طرح بلا واسطہ رسول اللہ ﷺ سے راہنمائی لے سکتے ہیں ،لہٰذا قرآن مجید کو پڑھنے اور سمجھنے کے لیے ہمیں لغت عرب اور اس کے قواعد کی ضرورت پڑے گی ،لیکن یہ سب مدد ومعاون کے طور پر ہوں گے ،کلی طور پر ان پر انحصار نہیں کیا جاسکتا، بلکہ ہمیں اس کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے اُس بیان اور تشریح کو بھی سامنے رکھنا پڑے گا جو رسول اللہ ﷺ کی سنت وحدیث میں ہے۔

مولانا مختار احمد سلفی ﷾ کی یہ کتاب قرآن مجید کے مفردات والفاظ کے حوالے سے بہت مفید کتاب ہے جس میں انہوں نے پورے قرآن مجید کے الفاظ کو سامنے رکھا ہے اور ان کے ''معانی ،سہ اقسام ،صیغہ ،باب ،شش اقسام ،ہفت اقسام ،مادہ ،وزن ،اصل اور حوالہ'' کے بارے میں اختصار سے جامع کلام کیا ہے، پھر ان پر عمدہ تعلیقات قندِ مکرر ہیں۔

میں نے ''باب الصاد سے باب الیاء'' تک چیدہ چیدہ مقامات کو دیکھا ہے ،میری نظر میں مدارس دینیہ کے طلبہ ومدرسین کے لیے جہاں یہ ایک بیش قیمت تحفہ ہے ،وہاں عام پڑھے لکھے لوگ بھی اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو دین کے فہم کے لیے ممد ومعاون اور نافع بنائے اور قبول عام عطا فرمائے اور اس کے مؤلف اور جملہ معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے۔آمین

خالد بن بشیر مرجالوی (عفی عنهما)

الجامعة المحمدية لأهل الحديث ،کوجرانواله

الأربعاء ،9شوال 1435ھ

تقریظ

فضیلۃ الشیخ مولانا ابوعمار عمر فاروق السعیدی ﷾، شیخ الحدیث جامعہ مرأۃ القرآن واربرٹن

''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' دیکھنے کا موقعہ ملا،تعجب ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے اپنے دین اور اپنی کتاب کی خدمت کیسے کیسے اور کس کس طرح سے لیتا ہے اور یہ سب اس کا الہام اور اس کی توفیق ہے۔

عربی زبان کے اصول وقواعد اور ان کی تطبیق جسے حاصل ہوجائے اس کے لیے باعثِ لذت بھی ہوجاتے ہیں۔اور مدارس اسلامیہ میں یہ ذوق بیدار کرنے کی بھرپور کوشش ہوتی ہے جس سے قرآن مجید اور دیگر علوم اسلامیہ عربیہ کا سمجھنا انتہائی آسان ہوجاتا ہے۔

برادر گرامی مولانا مختار احمد السلفی نے انتہائی عرق ریزی کے ساتھ علوم اسلامیہ کے مبتدی ومنتہی طلبہ کے لیے کلمات قرآنیہ کے حل کا ایک انسائیکلوپیڈیا تیار کردیا ہے۔یہ اس طرح کی علمی کاوشیں اللہ عزوجل کی طرف سے امت کے لیے اتمام حُجت بھی ہیں اور مولانا بجا طور پر کہہ سکتے ہیں۔

اب جس کے جی میں آئے پائے روشنی ہم نے تو دیا جلا کے سرِ راہ رکھ دیا

فی الواقع مدارس دینیہ میں ابتدائی دو تین سالوں میں عربی صرف ونحو کے اصول وقواعد سے طلبہ کو بخوبی اگاہی حاصل ہوجاتی ہے،مگر ان کی فی الواقع تطبیق خاصی محنت اور توجہ ہی سے ممکن ہوتی ہے۔مولانا موصوف نے اپنے منفرد ذوق سے علوم اسلامیہ کے طلبہ ہی کو نہیں بلکہ مدرسین کو بھی متمتع فرمایا ہے،جو انتہائی وقیع ہونے کے ساتھ ساتھ لائق صد شکریہ بھی ہے۔

امید ہے اس سے ان شاء اللہ بہتوں کا بھلا ہوگا،طلبہ کو اپنے مراجعہ اور مذاکرہ میں اور اساتذہ کو اپنی تدریس میں اس سے انتہائی آسانی رہے گی۔تقبل الله مساعيه

کتبہ

ابوعمار عمر فاروق السعیدی

الرحمہ انسٹیٹیوٹ واربرٹن

12 جنوری 2015.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآن مجید کے متعلق چند معلومات

قرآن مجید کے حروف، حرکات، نقاط، کلمات، آیات وغیرہ کی تعداد

نام	تعداد	نام	تعداد	نام	تعداد
پارے	30	آیات مدنی	6214	فتحات	52242
سورتیں	114	آیات بصری	6216	کسرات	39582
منزلیں	7	آیات شامی	6250	تشدیدات	1252
رکوع	540	عندالبعض	6237	مدات	1771
آیات عامہ	6666	کلمات	77437،77933	نقاط	10568
عندالبعض	6616	حروف	323671	سجدات اتفاقی	14
آیات مکی	6212	ضمات	8804	کل سجدات	15

قرآن مجید کے حروف کی تعداد

حروف	تعداد	حروف	تعداد	حروف	تعداد	حروف	تعداد
ا	48872	ذ	4697	ظ	842	ن	26560
ب	11228	ر	11093	ع	92200	و	25536
ت	1199	ز	1590	غ	2208	ہ	19070
ث	1276	س	5891	ف	8499	ء	4115
ج	3273	ش	2253	ق	6813	ی	25919
ح	973	ص	2013	ك	9522	لا	3720
خ	2416	ض	1607	ل	3432		
د	5642	ط	1274	م	26535		

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآن مجید کی آیات ،حروف اورکلمات کی تعداد کے بارے میں چند ضروری باتیں

قرآن کریم کی آیات کی تعداد میں علماء کوفہ ،شام ،بصرہ ،مکہ اورعلماء مدینہ کا اختلاف ہے ،پس جمہور کے نزدیک قرآن مجید کی بسم اللہ کے بغیر 6236 آیات ہیں اور بسم اللہ کے ساتھ 6349 آیات ہیں،اوربعض کہتے ہیں کہ قرآن کریم کی آیتیں چھ ہزار ہیں ،اس سے اوپر اختلاف ہے ،بعض تو اس پر زیادہ نہیں بتاتے ،بعض کے نزدیک 6204،بعض کے نزدیک 6219،بعض کے نزدیک 6225،بعض کے نزدیک 6226،اوربعض کے نزدیک مذکورہ بالا اقوال ہیں،آیات کی تعداد میں اختلاف کی وجہ یہ نہیں کہ بعض آیات کوقرآن نہیں مانتے اوربعض مانتے ہیں بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ بعض لوگ نبی کریم ﷺ کا جس جگہ وقف کرنا پایا گیا ہے اسے آیات شمار کرتے ہیں اوربعض علماء کے نزدیک جن دوجگہوں میں وقف ثابت نہیں بلکہ وصل ثابت ہے توانہوں نے دونوں کوایک آیت سمجھا ہے۔

اسی طرح قرآن کریم کے کلمات اورحروف کی تعداد میں اختلاف ہے ،قرآن کے کلمات 86430اورحضرت عطاء بن یسار فرماتے ہیں کہ قرآن کریم کے 70439 کلمات ہیں ،قرآن کے حروف 221265 ہیں اورعبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک 322670 ، مجاہد کے نزدیک 321180 ،فضل بن عطاء بن یسار کے نزدیک کل حروف 333015 ہیں،حجاج بن یوسف نے اپنے زمانے میں قاریوں ،حافظوں اورکاتبوں کوجمع کرکے دریافت کیا کہ قرآن کریم کے حروف کی گنتی کرکے مجھے بتاؤ توسب نے حساب کرکے بالاتفاق کہا کہ 340740 حروف ہیں ،پھرحجاج نے کہا اچھا حروف کے اعتبار سے آدھا قرآن کریم کہاں ہوتا ہے؟ توحساب سے معلوم ہوا کہ سورۂ کہف کی آیت نمبر19 میں ﴿ وَلْيَتَلَطَّفْ ﴾ کی ''ت'' پرٹھیک آدھا قرآن ہوتا ہے،حروف کی تعداد میں اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ بعض علماء نے مشددحرف کوایک حرف اوربعض نے دوحروف شمار کیے ہیں۔

اورسورۂ برات کی سوآیتوں پرقرآن کریم کا پہلا تہائی حصہ حروف کے اعتبار سے ختم ہوتا ہے ،اوردوسری تہائی سورۂ شعراء کی سوآیت کے سرے پریاایک سوایک آیت کے سرے پرختم ہوتی ہے اورتیسری تہائی آخرتک۔

قرآن کا پہلا پاؤ سورۂ انعام کے آخر پر،نصف قرآن سورۂ کہف کے لفظ ﴿ وَلْيَتَلَطَّفْ ﴾ کے ''ت'' پر،پون قرآن سورۂ زمر کے خاتمہ پراور پورا اختتام قرآن پر۔اوراگر منزلوں کا شمار کیا جائے یعنی قرآن کریم کوسات منزلوں پرتقسیم کیا جائے تو پہلی منزل سورۂ نساء :55 میں ﴿صَدًّا﴾ کی ''د'' ختم ہوتی ہے،دوسری منزل سورۂ اعراف: 147 میں ﴿حَبِطَتْ﴾ کی ''ت'' پرختم ہوتی ہے ،تیسری منزل سورۂ رعد:35 میں ﴿اُكُلُهَا﴾ کے آخری ''ا'' پرختم ہوتی ہے،چوتھی منزل سورۂ حج:67 میں ﴿جَعَلْنَا﴾ کے ''ا'' پرختم ہوتی ہے ،پانچویں منزل سورۃ احزاب:36 میں ﴿مُؤْمِنَةٍ﴾ کی ''ۃ'' پرختم ہوتی ہے ،چھٹی منزل سورۂ فتح :6 میں ﴿السَّوْءِ﴾ کی ''و'' پرختم ہوتی ہے،اورساتویں منزل قرآن مجید کے اختتام پرختم ہوتی ہے۔

مکی سورتیں :وہ سورتیں ہیں جوہجرت سے پہلے نازل ہوئیں ،یہ کل چھبیس سورتیں ہیں ،جوکہ درج ذیل ہیں :سورۂ بقرہ،سورۂ آل عمران،سورۂ نساء،سورۂ مائدہ،سورۂ توبہ،سورۂ رعد،سورۂ نحل،سورۂ حج،سورۂ نور،سورۂ احزاب،سورۂ محمد،سورۂ فتح،سورۂ حجرات،سورۂ رحمٰن،سورۂ حدید،سورۂ مجادلہ،سورۂ حشر،سورۂ ممتحنہ،سورۂ صف،سورۂ جمعہ،سورۂ منافقون،سورۂ تغابن،سورۂ طلاق،سورۂ تحریم،سورۂ زلزال،اورسورۂ نصر۔

مدنی سورتیں :وہ سورتیں ہیں جوہجرت کے بعدنازل ہوئیں ،یہ کل اٹھاسی سورتیں ہیں ،مدنی سورتوں کے علاوہ باقی تمام مدنی ہیں۔

نوٹ:بعض سورتوں کے مکی اورمدنی ہونے میں اختلاف ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قواعد القرآن

مثال کے قواعد

① قاعدہ یَعِدُ: جوواؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہواس کوحذف کرنا واجب ہے، جیسے :یَعِدُ، یہ اصل میں یَوْعِدُ تھا، واؤ علامت مضارع مفتوح اور عین مکسور کے درمیان واقع ہوکر حذف ہوگئی۔

② قاعدہ یَهَبُ: جوواؤ علامت مضارع مفتوح اور فتحہ عین (بشرطیکہ وہ باب فتح ہو) کے درمیان واقع ہواس کوحذف کرنا واجب ہے، جیسے :یَهَبُ، یہ اصل میں یَوْهَبُ تھا، واؤ علامت مضارع مفتوح اور عین مفتوح کے درمیان واقع ہوکر حذف ہوگئی۔

③ قاعدہ عِدَةٌ: جومصدرمثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پرہواس سے واؤ کو وجوبی طور پرحذف کرکے اس کے عوض آخرمیں تاء بڑھادیتے ہیں اورعین کلمہ کوکسرہ دیتے ہیں بشرطیکہ اس کے مضارع سے واؤحذف ہوچکی ہو، جیسے :عِدَةٌ، یہ اصل میں وِعْدٌ تھا، مصدرمثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر واقع ہوا اوراس کے مضارع سے واؤحذف ہوچکی ہے، اس سے واؤ کوحذف کرکے اس کے عوض آخرمیں تاء بڑھادی اورعین کلمہ کوکسرہ دے دیا۔

فائدہ: مضارع مفتوح العین کے مصدر میں عین کلمہ کوکبھی فتحہ بھی دیتے ہیں، جیسے سَعَةٌ۔

④ قاعدہ مِيْزَانٌ: جوواؤ ساکن غیرمدغم، کسرہ کے بعدواقع ہووہ وجوبی طور پر یاء سے بدل جاتی ہے، جیسے :مِيْزَانٌ، یہ اصل میں مِوْزَانٌ تھا، واؤ ساکن غیرمدغم کسرہ کے بعد واقع ہوکر یاء سے بدل گئی۔

بشرطیکہ وہ واؤ باب افتعال کے فاء کلمہ میں نہ ہو، جیسے :اِوْتَقَدَ سے اِتَّقَدَ۔

⑤ قاعدہ مُوْقِنٌ: جو یاء ساکن غیرمدغم، ضمہ کے بعد واقع ہووہ وجوبی طور پر واؤ سے بدل جاتی ہے، جیسے :مُوْقِنٌ، یہ اصل میں مُيْقِنٌ تھا، یاء ساکن غیرمدغم ضمہ کے بعد واقع ہوکر واؤ سے بدل گئی۔

بشرطیکہ وہ یاء باب افتعال کے فاء کلمہ میں نہ ہو، جیسے :اِيْتَسَرَ سے اِتَّسَرَ۔

⑥ قاعدہ اِتَّقَدَ: جوواؤ یا یاء اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہواس کوتاء سے بدل کرتاء کا تاء میں ادغام کرنا واجب ہے، جیسے اِتَّقَدَ، یہ اصل میں اِوْتَقَدَ تھا، واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو وجوبًا تاء سے بدل کرتاء کا تاء میں ادغام کردیا، اِتَّسَرَ، یہ اصل میں اِيْتَسَرَ تھا، یاء اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو وجوبًا تاء سے بدل کرتاء کا تاء میں ادغام کردیا۔

فائدہ: اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ کی اصل کے بارے میں تین اقوال ہیں: ۱۔ علامہ جوہری کے نزدیک یہ مہموز الفاء ہے، اس کی اصل اَخَذَ ہے۔ ۲۔ ابوعلی فارسی کے نزدیک یہ صحیح ہے، اس کی اصل تَخِذَ ہے۔ ۳۔ متأخرین کے نزدیک یہ مثال ہے، اس کی اصل وَخَذَ ہے۔

فائدہ: پہلے قول کے مطابق اِتَّخَذَ میں یاء کے ہمزہ سے تبدیل ہونے کے باوجود بھی ادغام کیا گیا ہے، یہ شاذ ہے۔

⑦ قاعدہ اُجُوْهٌ: جو واؤ فاء کلمہ میں مضموم یا مکسور ہو یا عین کلمہ میں مضموم ہو، اسے ہمزہ سے بدلنا جائز ہے، جیسے اُجُوْهٌ (چہرے)، اِشَاحٌ (ہاروالا)، اَدْرٌ (ست عورت)۔ اُجُوْهٌ اصل میں وُجُوْهٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مضموم واقع ہوئی اسے جوازی طور پر ہمزہ سے بدل دیا، اِشَاحٌ اصل میں وِشَاحٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مکسور واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا، اَدْرٌ اصل میں اَدْوٌ تھا، واؤ عین کلمہ میں مضموم واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا۔

شرط یہ ہے کہ وہ واؤ مشدد یا ضمہ عارضی نہ ہو، جیسے: تَعَوُّذٌ، رَاوُوْنَ۔

جوواؤ فاء کلمہ میں مفتوح ہواسے ہمزہ سے بدلنا شاذ ہے، جیسے: اَحَدٌ، اَنَاةٌ (موتی)۔ اَحَدٌ اصل میں وَحَدٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مفتوح واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا، اَنَاةٌ اصل میں وَنَاةٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مفتوح واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسی طرح فاء کلمہ میں آنے والی واؤ کا تاء سے بدلنا بھی شاذ ہے، جیسے: تُقَاۃٌ، تُجَاہٌ، تُکْلَانٌ، تُرَاثٌ، تَقْوٰی اصل میں وُقَاۃٌ، وُجَاہٌ، وُکْلَانٌ، وَرَاثٌ، وَقْیٰی تھے، واؤ فاء کلمہ میں واقع ہوئی اسے تاء سے بدل دیا۔

⑧ قاعدہ اَوَاصِلُ: جب دو متحرک واؤ کلمہ کے شروع میں واقع ہوں تو پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اَوَاصِلُ، اُوَیْصِلٌ۔ اَوَاصِلُ اصل میں وَوَاصِلُ تھا، دو متحرک واؤ کلمہ کے شروع میں واقع ہوئیں، تو پہلی واؤ کو وجوبًا ہمزہ سے بدل دیا، اُوَیْصِلٌ اصل میں وُوَیْصِلٌ تھا، دو متحرک واؤ کلمہ کے شروع میں واقع ہوئیں، تو پہلی واؤ کو وجوبًا ہمزہ سے بدل دیا۔ اگر دوسرا واؤ ساکن ہوتو اسے ہمزہ سے بدلنا جائز ہے، واجب نہیں، جیسے: اُوْرِیَ اصل میں وُوْرِیَ تھا۔

اجوف کے قواعد

① قاعدہ قَالَ: جو واؤ یا یاء متحرک اور اس کا ماقبل مفتوح ہو اسے الف سے بدل دیتے ہیں، جیسے: قَالَ، خَافَ، بَاعَ۔ قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، خَافَ اصل میں خَوِفَ تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، بَاعَ اصل میں بَیَعَ تھا، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا۔

② قاعدہ قُلْنَ: جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر جائے اور وہ کلمہ مکسور العین نہ ہو تو فاء کلمہ کو ضمہ دیا جاتا ہے، جیسے: قُلْنَ کہ اصل میں یہ قَوَلْنَ تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدلا تو قَالْنَ ہوا، الف کو دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو قَلْنَ ہوا اب مذکورہ قاعدہ کے تحت فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا تو قُلْنَ ہو گیا۔

③ قاعدہ خِفْنَ: جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر جائے اور وہ کلمہ مکسور العین ہو تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا جاتا ہے، جیسے: خِفْنَ کہ اصل میں یہ خَوِفْنَ تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدلا تو خَافْنَ ہوا، دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے الف گرا دیا تو خَفْنَ ہوا، اب مذکورہ قاعدہ کے تحت فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا تو خِفْنَ ہو گیا۔

④ قاعدہ بِعْنَ: جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر جائے تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا جاتا ہے، جیسے: بِعْنَ کہ اصل میں یہ بَیَعْنَ تھا، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدلا تو بَاعْنَ ہوا، دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے الف کو گرا دیا تو بَعْنَ ہوا، مذکورہ قاعدہ کے تحت فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا تو بِعْنَ ہو گیا۔

⑤ قاعدہ قِیْلَ: جب ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واؤ یا یاء ہو تو ان کی حرکت ماقبل کو دیں گے بشرطیکہ اس کی ماضی معلوم میں تعلیل ہو چکی ہو اگر عین کلمہ میں واؤ ہو تو اس کو یاء سے بدل دیں گے، جیسے: قِیْلَ، بِیْعَ۔ قِیْلَ اصل میں قُوِلَ تھا، واؤ کی حرکت ماقبل کو دی تو قِوْلَ ہو گیا، پھر واؤ ساکن ماقبل مکسور واؤ کو یاء سے بدل دیا تو قِیْلَ ہو گیا۔ بِیْعَ اصل میں بُیِعَ تھا، یاء کی حرکت ماقبل کو دی تو بِیْعَ ہو گیا۔

⑥ قاعدہ یُقَالُ: جو واؤ یا یاء متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہو تو اس واؤ یا یاء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دیں اگر وہ حرکت فتحہ ہو تو واؤ اور یاء کو الف سے بدل دیں جیسے: یُقَالُ، یُبَاعُ، یُخَافُ اصل میں یُقْوَلُ، یُبْیَعُ، یُخْوَفُ تھے۔ ان میں واؤ اور یاء پر فتحہ ہے جو ماقبل ساکن کی طرف منتقل ہو گیا تو واؤ اور یاء الف سے بدل گئی ہے

اگر وہ حرکت ضمہ یا کسرہ ہو، ضمہ واؤ سے اور کسرہ یاء سے نقل کیا گیا ہو تو وہ واؤ اور یاء اپنی حالت پر رہتی ہیں، جیسے: یَقُوْلُ اور یَبِیْعُ اصل میں یَقْوُلُ اور یَبْیِعُ تھے، یَقْوُلُ میں واؤ پر ضمہ اور یَبْیِعُ میں یاء پر کسرہ ہے تو اس کی حرکت ماقبل ساکن کو دے دی، اگر ضمہ یاء سے اور کسرہ واؤ سے نقل کیا گیا ہو تو واؤ اور یاء کو اس حرکت کے مطابق حرف علت سے بدل دیا جاتا ہے جیسے: اُقِیْمَ اصل میں اُقْوِمَ تھا، اس میں واؤ پر کسرہ ہے، اسے ماقبل ساکن کو دینے کے بعد یاء سے بدل دیا۔

⑦ قاعدہ قُلْنَّ: جو حرف علت حالت جزم میں دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے حذف ہو گیا ہو جب لام کلمہ ضمیر یا نون تاکید کے ساتھ ملنے کی وجہ سے متحرک ہو جائے تو گرا ہوا حرف علت اپنی جگہ واپس آ جاتا ہے جیسے: قُلْنَّ اصل میں قُلْ تھے ضمیر اور نون تاکید کے ملنے سے لام کلمہ متحرک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوگیا تو حذف شدہ حرف علت واپس آ گیا۔

فائدہ: قُلْ اصل میں اُقْوُلْ تھا قاعدہ یَقُوْلُ سے واؤ کی حرکت ماقبل کو دی پھر واؤ کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرا دیا فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی حذف ہوگیا۔

⑧ قاعدہ قَائِلٌ: جو واؤ یا یاء فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو تو وہ ہمزہ سے بدل جاتی ہے بشرطیکہ اس کے فعل میں تعلیل ہو چکی ہو جیسے: قَائِلٌ، بَائِعٌ اصل میں قَاوِلٌ، بَایِعٌ تھے

⑨ قاعدہ مَبِیْعٌ: اجوف یائی میں ضمہ منقولہ کو کسرہ سے بدل کر واؤ مفعول کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے: مَبِیْعٌ اصل مَبْیُوْعٌ تھا قاعدہ یَقُوْلُ سے مَبُوْعٌ ہوگیا پھر قاعدہ مذکورہ سے مَبُوْعٌ ہوا پھر اس سے مَبِیْعٌ ہوگیا۔

⑩ قاعدہ رِیَاضٌ: جو واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو وہ یاء سے بدل جاتی ہے بشرطیکہ اس کے مفرد میں تعلیل ہو چکی ہو، جیسے: رِیَاضٌ، حِیَاضٌ اصل میں رِوَاضٌ، حِوَاضٌ تھے۔

⑪ قاعدہ قِیَامٌ: جو واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو وہ یاء سے بدل جاتی ہے بشرطیکہ اس کے فعل میں تعلیل ہو چکی ہو جیسے: صِیَامٌ، قِیَامٌ اصل میں صِوَامٌ، قِوَامٌ تھے۔

⑫ قاعدہ حِیْکَیٌ: جو یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد فُعْلٰی صفتی میں واقع ہو تو ضمہ کو کسرہ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: حِیْکَیٌ اصل میں حُیْکَیٌ تھا، یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد فُعْلٰی صفتی میں واقع ہوئی تو ضمہ کو وجوبًا کسرہ سے بدل دیا۔

⑬ قاعدہ بِیْضٌ: جو یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کی جمع میں واقع ہو تو ضمہ کو کسرہ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: بِیْضٌ اصل میں بُیْضٌ تھا، یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کی جمع میں واقع ہوئی تو ضمہ کو وجوبًا کسرہ سے بدل دیا۔

ناقص کے قواعد

① قاعدہ رَضِیَ: جو واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو وہ یاء سے بدل جاتی ہے جیسے: رَضِیَ، دُعِیَ۔ رَضِیَ اصل میں رَضِوَ تھا واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی، دُعِیَ اصل میں دُعِوَ تھا واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی۔

② قاعدہ رَضُوْ: جو حرف علت لام کلمہ میں مضموم اس کا ماقبل مکسور ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو دے دیتے ہیں بشرطیکہ ضمہ کے بعد واؤ ہو پھر اگر اجتماع ساکنین ہو تو حرف علت حذف کر دیتے ہیں جیسے: رَضُوْا اصل میں رَضِوُوْا تھا اگر واؤ نہ ہو تو حرکت حذف کر دیتے ہیں جیسے: یَرْمِیْ اصل میں یَرْمِیُ تھا۔

③ قاعدہ یَدْعُوْ: جو حرف علت لام کلمہ میں مضموم اور اس کا ماقبل بھی مضموم ہو تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیتے ہیں پھر اگر اجتماع ساکنین ہو تو حرف علت بھی گرا دیتے ہیں جیسے: یَدْعُوْا اصل میں یَدْعُوُ تھا، یَدْعُوْنَ اصل میں یَدْعُوُوْنَ تھا۔

④ قاعدہ تَرْمِیْنَ: جو حرف علت لام کلمہ میں مکسور ہو اور اس کا ماقبل بھی مکسور ہو تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیتے ہیں، پھر اگر اجتماع ساکنین ہو تو حرف علت بھی گرا دیتے ہیں جیسے: تَرْمِیْنَ اصل میں تَرْمِیِیْنَ تھا۔

⑤ قاعدہ تَدْعِیْنَ: جو حرف علت لام کلمہ میں مکسور اور اس کا ماقبل مضموم ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو دے دیتے ہیں، پھر اگر اجتماع ساکنین ہو تو حرف علت حذف کر دیتے ہیں، جیسے: تَدْعِیْنَ اصل میں تَدْعُوِیْنَ تھا۔

⑥ قاعدہ یَرْضٰی: جو واؤ اصل میں تیسری جگہ ہو بسبب زیادتی کے چوتھی جگہ یا اس سے زیادہ میں واقع ہو اور اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہو تو واؤ یاء سے بدل جاتی ہے، جیسے: یَرْضٰی، تَعَالَیْتَ اصل میں یَرْضَوُ، تَعَالَوْتَ تھے۔

⑦ قاعدہ دَاعٍ: جو واؤ اسم فاعل کے آخر میں ہو وہ یاء ہو جاتی ہے جیسے: دَاعٍ اصل میں دَاعِوٌ تھا مذکورہ قاعدہ سے دَاعِیٌ ہوا قاعدہ رَضُوْ سے یاء کی حرکت حذف کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یاء کو حذف کر دیا تو دَاعٍ ہوا۔

⑧ قاعدہ مَرْمِیٌّ: جب واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبًا ادغام کر دیتے ہیں بشرطیکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واؤ یا یاء کسی دوسرے حرف سے بدلی ہوئی نہ ہو، پھر ماقبل ضمہ ہو تو (یاء کی مناسبت سے) کسرہ سے بدل دیتے ہیں جیسے: مَرْمِیٌّ اصل میں مَرْمُوْیٌ تھا، عین کلمہ کی موافقت کی وجہ سے مِرْمِیٌّ پڑھنا بھی جائز ہے۔

⑨ قاعدہ سَیِّدٌ: جب واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبًا ادغام کر دیتے ہیں بشرطیکہ واؤ یا یاء کسی دوسرے حرف سے بدلی ہوئی نہ ہو، جیسے: سَیِّدٌ اصل میں سَیْوِدٌ تھا۔

فائدہ: مَرْضِیٌّ اصل میں مَرْضُوْوٌ تھا ماضی اور مضارع کی موافقت سے آخری واؤ کو یاء سے بدل دیا تو مَرْضُوْیٌ ہو گیا پھر قاعدہ مَرْمِیٌّ سے مَرْضِیٌّ ہو گیا۔

⑩ قاعدہ تَقْوٰی: جو یاء فَعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں ہو وہ واؤ ہو جاتی ہے جیسے: فَتْوٰی، تَقْوٰی اصل میں فَتْیَا، تَقْیَا تھے۔ البتہ فَعْلٰی وصفی میں یاء قائم رہتی ہے، جیسے: صَدْیٰ (بہت پیاسی عورت)۔

⑪ قاعدہ دُنْیَا: جو واؤ فُعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں ہو وہ یاء ہو جاتی ہے جیسے: دُنْیَا، عُلْیَا اصل میں دُنْوٰی، عُلْوٰی تھے، البتہ فُعْلٰی وصفی میں واؤ قائم رہتی ہے، جیسے: غُزْوٰی (بہت جنگ کرنے والی عورت)۔

⑫ قاعدہ دُعَاءٌ: جو واؤ یا یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوا سے ہمزہ سے بدلنا واجب ہے بشرطیکہ اس کے آخر میں تائے تانیث لازمہ نہ ہو، جیسے: دُعَاءٌ، بِنَاءٌ اصل میں دُعَاوٌ، بِنَایٌ تھے، یہ دونوں مصدر ہیں، اَسْمَاءٌ "اصل میں اَسْمَاوٌ تھا اور اَحْیَاءٌ اصل میں اَحْیَایٌ تھا۔

⑬ قاعدہ اَدْلٍ: جو واؤ یا یاء اسم (متمکن) کے آخر میں ضمہ اصلی کے بعد واقع ہو تو ضمہ کو کسرہ سے اور (اس کی موافقت کی وجہ سے) واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے: اَدْلٍ اصل میں اَدْلُوٌ تھا مذکورہ قاعدہ سے اَدْلِیٌ ہوا قاعدہ رَضُوْ سے اَدْلٍ ہو گیا، اَظْبٍ اصل میں اَظْبُیٌ تھا، مذکورہ قاعدہ سے اَظْبِیٌ ہوا پھر قاعدہ رَضُوْ سے اَظْبٍ ہو گیا۔

مضاعف کے قواعد

① قاعدہ مَدَّ: جب دو متحرک ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوں، اور ان کا ماقبل متحرک یا مدہ ہو تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے: مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا اور مَادٌّ اصل میں مَادِدٌ تھا۔

② قاعدہ یَمُدُّ: جب دو متحرک ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان کا ماقبل حرف ساکن ہو تو پہلے حرف کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دیتے ہیں اور پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے: یَمُدُّ اصل میں یَمْدُدُ تھا۔

③ قاعدہ مَدَدْنَ: جب دو ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوں ان میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو، اگر سکون لازمی ہو تو ادغام نہیں کریں گے، جیسے: مَدَدْنَ، اگر سکون عارضی یعنی جزمی یا وقفی ہو تو ادغام اور فک ادغام دونوں جائز ہیں، ادغام کی صورت میں دوسرے حرف کو فتحہ (اس لیے کہ وہ اَخفّ الحرکات ہے) کسرہ (السَّاکنُ اذا حُرِّکَ حُرِّکَ بالکسرۃ کے تحت) اور ضمہ دینا بھی جائز ہے بشرطیکہ ماقبل ضمہ ہو (تاکہ ماقبل سے موافقت قائم رہے) جیسے: لَمْ یَمُدَّ، لَمْ یَمُدَّ، لَمْ یَمُدُّ، لَمْ یَمْدُدْ۔

④ قاعدہ مَدُّ: جب دو ہم جنس یا قریب المخرج حرفوں میں سے پہلا حرف ساکن ہو (مدہ نہ ہو) تو پہلے کو دوسرے میں وجوبًا ادغام کر دیتے ہیں، کلمہ خواہ ایک ہو، جیسے: مَدُّ اصل میں مَدْدٌ تھا، عَبَدْتُّمْ اصل میں عَبَدْتُمْ تھا یا دو الگ الگ کلمے ہوں، جیسے: عَصَوْا وَّ کَانُوْا اصل میں عَصَوْا وَکَانُوْا تھا۔

⑤ قاعدہ تائے افتعال: جب باب افتعال کا فاء کلمہ "و" یا "ی" اصلی ہو تو اسے "تا" سے بدل کر افتعال کی "تا" میں مدغم کر دیا جاتا ہے، جیسے: اِتَّعَدَ و اِوْتَعَدَ تھا، اِتَّصَلَ جو اِوْتَصَلَ تھا، اِتَّسَرَ جو اِیْتَسَرَ تھا، اگر وہ "و، ی" ہمزہ سے بدلی ہو تو اس کا تاء سے بدلنا درست نہ ہوگا، جیسے: اِیْتَزَرَ جو دراصل اِءْتَزَرَ تھا، اس یاء کو تاء سے بدلنا درست نہیں کیونکہ یاء ہمزہ کے بدلے ہے۔ البتہ اِتَّکَلَ جو دراصل اِئْتَکَلَ تھا، یہ اس قانون سے مستثنیٰ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑥ تائے افتعال کو طاء بنانا: جب باب افتعال کا فاء کلمہ ص، ض، ط، یا ظ ہو تو تائے افتعال کو طاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اِصْطَلَحَ، اِضْطَرَبَ، اِطَّلَعَ، اِظْطَلَمَ، اصل میں اِصْتَلَحَ، اِضْتَرَبَ، اِطْتَلَعَ، اِظْتَلَمَ تھے۔

فائدہ: تائے افتعال کو ثاء بنانا: جب باب افتعال کا فاء کلمہ ثاء ہو تو تائے افتعال کو ثاء سے بدل دیا جاتا ہے اور ثاء کا ثاء میں ادغام کرنا جائز ہے، جیسے: اِثَّارَ اصل میں اِثْتَارَ تھا۔

⑦ تائے افتعال کو دال بنانا: جب باب افتعال کا فاء کلمہ دال، ذال یا زاء ہو تو تائے افتعال کو دال سے بدلنا واجب ہے۔

پھر تاء سے پہلے اگر دال ہو تو ادغام وجوبی ہوتا ہے، جیسے: اِدَّعٰی اصل میں اِدْتَعٰی تھا تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔

اگر تاء سے پہلے ذال ہو تو اس کو تین طرح پڑھنا جائز ہے، جیسے: اِذْتَکَرَ کو اِذْدَکَرَ، اِدَّکَرَ اور اِذَّکَرَ پڑھا جا سکتا ہے۔

اگر تاء سے پہلے زاء ہو تو اس کو دو طرح پڑھنا جائز ہے، جیسے: اِزْتَجَرَ کو اِزْدَجَرَ اور اِزَّجَرَ پڑھا جا سکتا ہے۔

⑧ قاعدہ تائے تفعل و تفاعل: جب تائے تَفَعُّلٌ یا تَفَاعُلٌ کے بعد ت، ث، د، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط یا ظ، ہو تو تائے تفعّل اور تفاعل کو فاء کلمہ سے بدلنا جائز ہے، اور پھر اس میں ادغام کرنا واجب ہے۔

اس صورت میں ماضی، امر اور مصدر سے پہلے ہمزہ وصل لگایا جاتا ہے، جیسے: اِطَّهَّرَ اور اِثَّاقَلَ، اِطَّهَّرَ اصل میں تَطَهَّرَ تھا، تائے تفعّل کو طاء سے بدل کر طاء کا طاء میں ادغام کر دیا، اِثَّاقَلَ اصل میں تَثَاقَلَ تھا تائے تفاعل کو ثاء سے بدل کر ثاء کا ثاء میں ادغام کر دیا، ابتداء بالسکون محال تھی اس لیے شروع میں ہمزہ وصلی لے آئے۔

مہموز کے قواعد

① قاعدہ رَاْسٌ: جب ہمزہ مفرد ساکن اور اس کا ماقبل متحرک ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا جائز ہے، جیسے: رَاْسٌ، بُؤْسٌ، ذِئْبٌ۔ رَاْسٌ اصل میں رَأْسٌ تھا، ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، بُؤْسٌ اصل میں بُؤْسٌ تھا، ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا، ذِئْبٌ اصل میں ذِئْبٌ تھا، ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا۔

② قاعدہ سُؤَالٌ: جب ہمزہ مفرد مفتوح اور اس کا ماقبل متحرک ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا جائز ہے، جیسے: سُؤَالٌ، سَالَ، مِئَرٌ۔ سُؤَالٌ اصل میں سُؤَالٌ تھا، ہمزہ مفرد مفتوح کو ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا، سَالَ اصل میں سَئَلَ تھا، ہمزہ مفرد مفتوح کو ماقبل کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، مِئَرٌ اصل میں مِئْرٌ تھا، ہمزہ مفرد مفتوح کو ماقبل کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا۔

③ قاعدہ مَقْرُوْءٌ: جب ہمزہ مفرد متحرک اور اس سے پہلے واؤ مدہ زائدہ ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی جنس سے بدلنا جائز ہے۔ اس کے بعد ادغام ضروری ہے، جیسے: مَقْرُوْءٌ اصل میں مَقْرُوْءٌ تھا، ہمزہ مفرد متحرک کو ماقبل کی جنس واؤ سے بدل دیا، پھر واؤ کا واؤ میں ادغام کر دیا۔

④ قاعدہ خَطِيَّةٌ: جب ہمزہ مفرد متحرک اور اس سے پہلے یاء مدہ زائدہ ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی جنس سے بدلنا جائز ہے۔ اس کے بعد ادغام ضروری ہے، جیسے: خَطِيَّةٌ اصل میں خَطِيْئَةٌ تھا، ہمزہ مفرد متحرک کو ماقبل کی جنس یاء سے بدل دیا، پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا۔

⑤ قاعدہ يَسَلُ: جب ہمزہ مفرد متحرک اور اس کا ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کرنا جائز ہے (بشرطیکہ ہمزہ کا ماقبل مدہ زائدہ، یائے تصغیر یا نون انفعال نہ ہو) جیسے: يَسَلُ، شَيٌّ، ضَوٌّ، قَدَافْلَحَ، یہ اصل میں يَسْئَلُ، شَيْءٌ، ضَوْءٌ، قَدْ اَفْلَحَ تھے، ان سب میں ہمزہ مفرد متحرک اور اس کا ماقبل ساکن ہے، تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا ہے۔

فائدہ: رُؤْيَةٌ مصدر سے بننے والے تمام افعال میں یہ قاعدہ وجوبی اور اسمائے مشتقات میں جوازی ہوتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ افعال کثیر الاستعمال ہیں اس لیے ان میں تخفیف کی زیادہ ضرورت ہے، جب کہ اسمائے مشتقات کثیر الاستعمال نہیں ہیں۔

⑥ قاعدہ اٰمَنَ: جب دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوں پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اٰمَنَ، اُوْمِنَ، اِيْمَانًا۔ اٰمَنَ اصل میں اَأْمَنَ تھا، دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو پہلے ہمزہ کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، اُوْمِنَ اصل میں اُءْمِنَ تھا، دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا، اِیْمَانًا اصل میں اِءْمَانًا تھا، دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا۔

فائدہ: کُلْ، خُذْ، مُرْ اصل میں اُءْکُلْ، اُءْخُذْ، اُءْمُرْ تھے، ان میں دوسرے ہمزے کو خلاف قیاس حذف کر دیا پہلے کی ضرورت نہ رہی اس کو بھی حذف کر دیا، کُلْ اور خُذْ میں تو حذف واجب ہے مگر مُرْ کی دو حالتیں ہیں: ابتدائے کلام میں دونوں ہمزوں کا حذف کرنا فصیح ہے، جیسے: مُرُوْا اَصْبِیَانَکُمْ بِالصَّلٰوۃِ اور وسط کلام میں دوسرے ہمزے کو باقی رکھنا فصیح ہے، جیسے: وَاْمُرْ اَھْلَکَ بِالصَّلٰوۃِ۔

اسی طرح سَلْ ابتدائے کلام میں بغیر ہمزے کے، جیسے: سَلْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ اور وسط کلام میں ہمزے کے ساتھ آتا ہے، جیسے: فَاسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ۔

⑦ قاعدہ جَاءٍ: جب دو متحرک ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوں ان میں سے کوئی ایک مکسور ہو تو دوسرے کو یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے: جَاءٍ اصل میں جَایِءٌ تھا، یاء الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ ہو گئی تو جَایِءٌ ہوا، اب مذکورہ قاعدہ سے دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدل دیا تو جَایِیٌ ہوا، اب یاء پر ضمہ دشوار ہے، اس کو گرا دیا، پھر یاء اور نون تنوین میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے یاء کو گرا دیا اور تنوین ماقبل کو دے دی تو جَاءٍ ہوا۔

فائدہ: أَیِمَّۃٌ اصل میں اَئِمِمَّۃٌ تھا ایک جنس کے دو حرف جمع ہوئے پہلی میم کی حرکت ماقبل کو دے کر میم کا میم میں ادغام کر دیا تو اَئِمَّۃٌ ہوا اب مذکورہ قاعدہ سے دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدل دیا تو اَیِمَّۃٌ ہوا۔ اس میں یہ قاعدہ جوازی ہے وجوبی نہیں جس کی دو وجہیں ہیں:

۱۔ قرآن مجید میں جہاں بھی یہ لفظ آیا ہے تو وہاں ہمزہ مذکور ہے۔ ۲۔ ہمزہ ثانی کی حرکت عارضی ہے۔

⑧ قاعدہ اَوَادِمُ: جب دو ہمزے متحرک ایک کلمہ میں جمع ہو جائیں، دونوں میں سے کوئی بھی مکسور نہ ہو تو دوسرے ہمزے کو واؤ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اَوَادِمُ اصل میں اَءَادِمُ تھا۔

فائدہ: اُکْرِمُ اصل میں اُءَکْرِمُ تھا، مذکورہ قاعدہ کی بناء پر دوسرے ہمزہ کو واؤ سے بدلنا چاہیے تھا لیکن اس میں یہ قاعدہ جاری نہیں ہوا، اس کی دو وجہیں ہیں: ۱۔ دوسرے ہمزے کو کثرت استعمال کی وجہ سے خلاف قیاس حذف کر دیا گیا ہے۔ ۲۔ دوسرا ہمزہ زائدہ ہے جب کہ واؤ سے تبدیل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اصلی ہو۔

⑨ قاعدہ اَحَدٌ: فاء کلمہ میں آنے والی واؤ مفتوح شاذ طور پر تاء سے بدل جاتی ہے۔

⑩ قاعدہ خَطَایَا: جب ہمزہ مفرد مکسور الف مفاعل کے بعد یاء سے پہلے واقع ہو (بشرطیکہ مفرد میں وہ یاء سے پہلے نہ ہو) تو وہ یاء مفتوحہ سے بدل جاتا ہے، جیسے: خَطَایَا اصل میں خَطَایِءُ تھا، یاء الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی تو یہ خَطَایِءُ ہوا، پھر قاعدہ جَاءٍ سے خَطَاءٍ یُ ہوا، اب مذکورہ بالا قاعدہ سے خَطَایَ یُ ہوا، پھر قاعدہ قَالَ سے خَطَایَا ہوا۔

متفرق قواعد

① قاعدہ اِتَّخَذْتُمُوْہُ: جب کُمْ، ھُمْ اور تُمْ کے بعد کوئی ضمیر لاحق ہو جائے تو میم کے بعد واؤ زیادہ ہو جاتا ہے، اور میم مضموم ہو جاتا ہے، جیسے اِتَّخَذْتُمُوْہُ کہ اصل میں یہ اِتَّخَذْتُمْ ہُ تھا۔

② قاعدہ لام امر: جب لام امر مکسور کے شروع میں واؤ یا فاء آجائے تو وہ ساکن ہو جاتا ہے۔

③ قاعدہ اَصْطَفَی: جب ہمزہ وصلی سے پہلے ہمزہ استفہام آجائے تو ہمزہ وصلی کتابت سے بھی گر جاتا ہے، جیسے: اَصْطَفَی۔

④ قاعدہ آلْآنَ: جب ہمزہ وصلی مفتوح پر ہمزہ استفہام داخل ہو تو دوسرے ہمزے کو الف سے تبدیل کر کے التقائے ساکنین کو باقی رکھنا واجب ہے، جیسے: آلْآنَ اصل میں أَ اَلْآنَ تھا، قُلْ آللّٰہُ اَذِنَ لَکُمْ (یونس:59) یہ اصل میں أَ اَللّٰہُ تھا۔

⑤ قاعدہ تائے مطاوعہ: جب باب تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ اور تَفَعْلُلٌ کے مضارع معروف میں دو تاء جمع ہو جائیں تو ایک تاء کو تخفیفاً حذف کرنا جائز ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

،جیسے تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ یہ اصل میں تَتَنَزَّلُ تھا۔

⑥ قاعدہ صَحَائِفُ: جو حرف علت مدہ زائدہ الف مَفَاعِل کے بعد واقع ہو وہ ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے: صَحَائِفُ،عَجَائِزُ،قَلَائِدُ اصل میں صَحَایِفُ،عَجَاوِزُ ،قَلَاوِدُ تھے ،اگر حرف علت اصلی ہو تو باقی رہتا ہے ،جیسے:مَشَایِخُ ،مَعَایِشُ ،مَفَاوِزُ،البتہ مَصَائِبُ مستثنیٰ ہے۔

⑦ قاعدہ یَهِدِّی: جب باب افتعال کا عین کلمہ ت،ث،ج،د،ذ،ز،س،ش،ص،ض،ط یا ظ ہو تو تائے افتعال کو جواز اًعین کلمہ سے بدل کر اس میں ادغام کر دیتے ہیں اور ہمزہ وصلی گر جاتا ہے، جیسے بخَصَّمَ اصل میں اِخْتَصَمَ تھا، جب تاء افتعال کو عین کلمہ صاد سے بدل دیا تو یہ اِخْصَصَمَ ہو گیا، پھر پہلے صاد کی حرکت اس کے ماقبل خاء ساکن کو دے کر صاد کا صاد میں ادغام کر دیا تو خَصَّمَ بن گیا۔اور هَدِّی اصل میں اِهْتَدِی تھا جیسا کہ قرآن مجید میں ہے یَخِصِّمُوْنَ،یَهِدِّی،ان دونوں میں عین کلمے کی موافقت کی وجہ سے فاء کلمے کو کسرہ دے دیا ہے۔

⑧ قاعدہ نون تاکید: یہ فعل مضارع ،فعل امر اور فعل نہی کے آخر میں آتا ہے، اس کے آنے سے فعل مضارع مبنی بن جاتا ہے،اور اس کے شروع میں لام مفتوح کا آنا ضروری ہے کبھی اس کی جگہ اِمَّا بھی آجاتا ہے، جن پانچ صیغوں پر رفع ہوتا ہے ان پر فتحہ آجاتا ہے، جیسے :لَيَفْعَلَنَّ، لَتَفْعَلَنَّ، لَتَفْعَلَنَّ، لَاَفْعَلَنَّ، لَنَفْعَلَنَّ ۔سات صیغوں سے نون اعرابی گرا دیتا ہے، جیسے: لَيَفْعَلَانِّ،لَتَفْعَلَانِّ، لَتَفْعَلَانِّ، لَيَفْعَلُنَّ،لَتَفْعَلُنَّ،لَتَفْعَلِنَّ ۔دو صیغوں جمع مذکر غائب ومخاطب سے ''واؤ'' بھی گرا دیتا ہے اور ضمہ باقی رہتا ہے۔ ایک صیغہ واحد مؤنث حاضر سے ''ی'' بھی گرا دیتا اور کسرہ باقی رہتا ہے۔دو صیغوں جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر میں الف فاصل لایا جاتا ہے، جیسے :لَيَفْعَلَانِّ،لَتَفْعَلْنَانِّ

فائدہ: نون ثقیلہ چھ صیغوں (چار تثنیہ، دو جمع مؤنث) میں جہاں اس سے پہلے الف ہوتا ہے مکسور اور باقی آٹھ صیغوں میں مفتوح ہوتا ہے۔

نون تاکید خفیفہ بھی نون تاکید ثقیلہ کی طرح استعمال ہوتا ہے لیکن یہ اُن صیغوں میں نہیں آتا جہاں نون ثقیلہ سے پہلے الف ہو۔

⑨ قاعدہ دُلِّیٌ :جب ناقص واوی کی جمع فُعُوْلٌ کے وزن پر ہو تو دونوں واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیتے ہیں ماقبل ضمہ کو (یاء کی مناسبت کی وجہ سے) کسرہ سے بدل دیتے ہیں ،جیسے: دُلِّیٌ اصل میں دُلُوْوٌ تھا،عین کلمہ کی موافقت کی وجہ سے فاء کلمہ کو کسرہ دینا بھی جائز ہے ،جیسے: دِلِیٌّ۔

⑩ قاعدہ اِسْتِقَامَةٌ :جو واؤ یا یاء باب افعال یا استفعال کے عین کلمہ میں واقع ہو اس کو قاعدہ یُقَالُ کے ذریعہ الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء زیادہ کر دیتے ہیں، جیسے اِقَامَةٌ ،اِسْتِقَامَةٌ۔اِقَامَةٌ اصل میں اِقْوَامٌ تھا،واؤ باب افعال کے عین کلمہ میں واقع ہوئی اس کو قاعدہ یُقَالُ کے ذریعہ الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء زیادہ کر دی۔اِسْتِقَامَةٌ اصل میں اِسْتِقْوَامٌ تھا،واؤ باب استفعال کے عین کلمہ میں واقع ہوئی اس کو قاعدہ یُقَالُ کے ذریعہ الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء زیادہ کر دی۔

⑪ قاعدہ ضُوْرِبَ :جب الف ضمہ کے بعد واقع ہوا سے واؤ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: ضُوْرِبَ ماضی مجہول باب مفاعلہ ،اس کی ماضی معلوم ضَارَبَ ہے ،ماضی مجہول بناتے وقت پہلے حرف کو ضمہ دیا تو الف ضمہ کے بعد واقع ہوا اسے واؤ سے بدل دیا۔

⑫ قاعدہ مَضَارِيْبُ :جب الف کسرہ کے بعد واقع ہوا سے یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے :مِضْرَابٌ سے مَضَارِيْبُ۔مَفَاعِيْلُ کا وزن بناتے وقت الف کا ماقبل مکسور ہو گیا تو اسے یاء سے بدل دیا۔

⑬ قاعدہ اِسْتَطَاعَ :اِسْتِطَاعَ کے باب میں خلاف قیاس تاء استفعال کو جواز احذف کر دیا جاتا ہے، جیسے :فَمَا اسْطَاعُوْا، یہ اصل میں اِسْتَطَاعُوْا تھا۔

⑭ قاعدہ بُنَيٌّ: جب اسم تصغیر میں تین یاء اکٹھی جمع ہوں تو تیسری یاء کو حذف کرنا واجب ہے بشرطیکہ تیسری یاء لام کلمہ میں ہو، جیسے :بُنَيٌّ اصل میں بُنَيٌّ +یٌ تھا یہ اصل میں بُنَيْوٌ تھا قاعدہ سَيِّدٌ سے بُنَيِّيٌ ہوا پھر قاعدہ مَدٌّ سے بُنَيٌّ ہوا پھر اس کے ساتھ یاء متکلم لاحق ہوئی تو تین یاء اکٹھی ہوئیں تو آخری یاء کو تخفیفاً حذف کر دیا۔

⑮ قاعدہ حُبْلَيَانِ :جو الف زائدہ تثنیہ یا جمع مؤنث سالم کے الف سے پہلے واقع ہوا سے یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے :حُبْلٰی سے حُبْلَيَانِ، حُبْلَيَاتٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑯ قاعدہ ابدال قیاسی: جب دو ہم جنس حرف نون فِعَّالٌ کے ہم وزن اسم میں جمع ہوں تو ان میں سے پہلے نون کو یاء سے بدل دیا جاتا ہے، جیسے: دِیْنَارٌ اصل میں دِنَّارٌ تھا۔

⑰ قاعدہ حذف سماعی: کبھی بغیر کسی قاعدہ کے دو ہم جنس حرفوں میں سے ایک کو تخفیفاً حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے: ظَلْتَ اصل میں ظَلِلْتَ تھا۔

⑱ قاعدہ همزہ وصلی کا حذف: جب ہمزہ وصلی وسط کلام میں آئے تو پڑھنے میں ساقط ہو جاتا ہے، جیسے: فَانْفَطَرَتْ۔

⑲ قاعدہ حروف یرملون: جب نون ساکن کے بعد حروف یرملون میں سے کوئی حرف آجائے تو نون کا اس میں ادغام ہو جاتا ہے، لام اور راء میں ادغام بغیر غنہ کے اور باقیوں میں ادغام بغنہ ہوتا ہے۔

بنیادی اصولِ نحو وصرف

صَرف کی اصطلاحات

حرکت: اردو میں زبر، زیر اور پیش اور عربی میں فتحہ، کسرہ اور ضمہ کو حرکت کہتے ہیں اور ان کے مجموعہ کو حرکات ثلاثہ کہتے ہیں۔

جب یہ معرب کے آخر میں ہوں تو انہیں رفع، نصب، جر اور جزم کہتے ہیں، اور یہ مبنی کے آخر میں ہوں تو انہیں ضم، فتح، کسر اور سکون کہتے ہیں، اور ان کا مشترکہ نام ضمہ، فتحہ اور کسرہ ہے۔

متحرک: حرکت والے حرف کو کہتے ہیں جس پر زبر ہو اسے مفتوح، جس پر زیر ہو اسے مکسور اور جس پر پیش ہو اسے مضموم کہتے ہیں، جیسے: مُحَمَّداً، مُحَمَّدٍ، مُحَمَّدٌ۔

تنوین: دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو تنوین کہتے ہیں، جس حرف پر تنوین ہو اسے منوّن کہتے ہیں، جیسے: نَصْرٌ مِنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ۔

نون کی اقسام: نون کی درج ذیل چھ قسمیں ہیں:

1۔ نون علامت: وہ نون ہے جو کسی باب کی علامت ہو، جیسے: اِنْفِعَالٌ، اِفْعِنْلَالٌ میں نون ان ابواب کی علامت ہے۔

2۔ نون اعرابی: وہ نون ہے جو معرب میں ضمہ اعرابی کے عوض میں آئے، جیسے: يَضْرِبَانِ، يَضْرِبُوْنَ، تَضْرِبِيْنَ۔

یہ سات صیغوں میں آتا ہے۔ چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر کے اور ایک واحد مونث مخاطب کا۔ عوامل ناصب اور جازم کے آنے سے یہ نون گر جاتا ہے۔

3۔ نون بنائی (ضمیر): وہ نون ہے جو صیغہ جمع مونث کے آخر میں آئے، جیسے: يَضْرِبْنَ۔

4۔ نون تنوین: وہ نون ساکن ہے جو پڑھنے میں آئے، لکھنے میں نہ آئے۔ یہ دو زبر، دو زیر اور دو پیش کی صورت میں لکھا جاتا ہے، جیسے: حَامِداً، حَامِدٍ، حَامِدٌ۔

5۔ نون تاکید: وہ نون ہے جو فعل میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے آخر میں لایا جاتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں: 1۔ ثقیلہ 2۔ خفیفہ۔

1۔ نون ثقیلہ: یہ مشدد ہوتا ہے اور مضارع کے تمام صیغوں کے ساتھ آتا ہے۔

2۔ نون خفیفہ: یہ ساکن ہوتا ہے اور مضارع کے صرف آٹھ صیغوں (تثنیہ اور جمع مؤنث کے علاوہ) میں آتا ہے۔

6۔ نون وقایہ: وہ نون ہے جو فعل پر کسرہ آنے سے بچائے، جیسے: ضَرَبَنِيْ۔

سکون یا جزم حرکت نہ ہونے کو کہتے ہیں، اور جس حرف پر حرکت نہ ہو اسے ساکن یا مجزوم کہتے ہیں۔

تشدید یا شدّ: ایک حرف کو دو بار ادا کرنا، یعنی ایک سکون اور ایک حرکت کے ساتھ پڑھنا، جیسے: مَدَّ، جس حرف پر شدّ ہو اسے مشدد کہتے ہیں۔

حروف علت: حروف علت تین ہیں: واؤ، الف اور یاء۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حروف مدّہ: جب حروف علت ساکن اور ماقبل کی حرکت ان کے موافق ہوتو ان کو حروف مدہ کہتے ہیں، جیسے: سُوْءٌ، جِیْءَ، شَاءَ۔

حروف لین: جب حروف علت ساکن اور ماقبل کی حرکت ان کے موافق نہ ہوتو انھیں حروف لین کہلاتے ہیں، جیسے: لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ۔

زمانہ: زمانہ وقت کو کہتے ہیں، اس کی تین قسمیں ہیں: 1۔ ماضی (گزرا ہوا زمانہ) 2۔ حال (موجودہ) 3۔ مستقبل (آنے والا)۔

صیغہ: لفظ کی وہ مخصوص شکل جو مختلف حروف اور حرکات وسکنات کو ترتیب دینے سے حاصل ہوتی ہے، ہماری اس سے مراد لفظ ہے۔

واحد، تثنیہ، جمع: واحد ایک کو، تثنیہ دو کو اور جمع دو سے زائد کو کہتے ہیں۔

مذکر ومؤنث: مذکر نر کو اور مؤنث مادہ کو کہتے ہیں۔

غائب، حاضر اور متکلم: غائب وہ ہے جو بات کرتے وقت موجود نہ ہو، حاضر وہ ہے جس سے بات کی جائے، متکلم بات کرنے والے کو کہتے ہیں۔

نوٹ: اگرچہ متکلم بھی بات کرتے وقت حاضر ہوتا ہے لیکن ہم نے صرف سہولت کے لیے ''مخاطب'' کو ''حاضر'' کا نام دیا ہے۔

سہ اقسام

سہ اقسام سے مراد اسم، فعل اور حرف ہیں۔

اسم کا بیان

اسم کی تعریف: اسم وہ کلمہ ہے جو خود کسی نام یا صفت پر دلالت کرے اور اس میں کوئی زمانہ نہ ہو، جیسے: رَجُلٌ، عِلْمٌ، مِفْتَاحٌ۔

اسم کی اقسام

جامد، مصدر، مشتق

تقسیم اول: اشتقاق وعدم اشتقاق کے اعتبار سے اسم متمکن کی تین قسمیں ہیں: جامد، مصدر اور مشتق۔

جامد کی تعریف: ا۔ جامد وہ اسم ہے جو نہ مصدر ہو اور نہ مشتق، جیسے: رَجُلٌ (آدمی)۔

۲۔ جامد وہ اسم ہے جو صرف ذات پر دلالت کرے۔

مصدر کی تعریف: ا۔ مصدر وہ اسم ہے جس سے افعال اور اسمائے مشتقات نکلیں، جیسے: ضَرْبٌ (مارنا)۔

۲۔ مصدر وہ اسم ہے جو ''حدث'' یعنی کسی کام پر دلالت کرے۔

مصدر کی درج ذیل قسمیں ہیں: مصدر، اسم مصدر، مصدر مرّہ، مصدر میمی، حاصل مصدر۔

1۔ مصدر: وہ اسم ہے جو صرف حدث پر دلالت کرے اس میں زمانہ نہ ہو اور اس میں فعل کے تمام حروف لفظاً یا تقدیراً پائے جائیں، جیسے: عَلِمَ سے عِلْمٌ، وَعَدَ سے عِدَةٌ۔

2۔ اسم مصدر: وہ اسم ہے جو حدث پر دلالت کرے اور اس میں فعل کے تمام حروف نہ پائیں جائیں، جیسے: تَکَلَّمَ سے کَلَامٌ۔

فائدہ: باب افعال سے اسم مصدر فِعَالٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے: أَعْطٰی سے عَطَاءٌ۔

3۔ مصدر مرّۃ: وہ مصدر ہے جو فعل کے ایک مرتبہ واقع ہونے پر دلالت کرے، جیسے: ضَرْبَةٌ (ایک مرتبہ مارنا)۔ یہ ثلاثی مجرد کے مصدر سے فَعْلَةٌ کے وزن پر آتا ہے، اور ثلاثی مزید فیہ اور رباعی مجرد ومزید فیہ سے مصدر مرّہ کے معنی لینے کے لیے ان کے مصدر کے آخر میں تاء لگا دی جاتی ہے، جیسے: تَسْلِیْمٌ سے تَسْلِیْمَةٌ (ایک مرتبہ سلام کہنا)

فائدہ: اس مصدر سے تثنیہ وجمع مؤنث سالم کے صیغے بھی آتے ہیں، جیسے: ضَرْبَةٌ سے ضَرْبَتَانِ، ضَرَبَاتٌ اور سَجْدَةٌ سے سَجْدَتَانِ، سَجَدَاتٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

4۔مصدر میمی: وہ مصدر ہے جس کے شروع میں میم زائد ہو، جیسے: مَقْدَمٌ (آنا)، مَرْجِعٌ (لوٹنا)۔

5۔ حاصل مصدر: سے مراد وہ لفظ ہے جو کسی فعل کی کیفیت، اثر یا نتیجہ ظاہر کرے، جیسے: اَلْحَرْبُ (لڑائی)، اَلْحُسْنُ (اچھائی) وغیرہ۔

نوٹ: ابوعلی فارسی فرماتے ہیں کہ جب اجناس مختلف ہوں تو مصدر کی بھی جمع لائی جاسکتی ہے، جیسے: ﴿تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا﴾[الاحزاب:10]۔

مشتق کی تعریف: ۱۔مشتق وہ اسم ہے جو مصدر سے بنا ہو، جیسے: ضَارِبٌ (مارنے والا)، نَاصِرٌ (مدد کرنے والا)۔

۲۔وہ اسم ہے جو ذات مع الوصف پر دلالت کرے۔

اسم مشتق کی سات قسمیں ہیں: ۱۔اسم فاعل ۲۔اسم مفعول ۳۔اسم ظرف ۴۔اسم آلہ ۵۔اسم تفضیل ۶۔اسم مبالغہ ۷۔صفت مشبہ۔

اسم فاعل: وہ اسم مشتق ہے جو کسی کام کرنے والے پر دلالت کرے، جیسے: ضَارِبٌ، جَالِسٌ۔

ثلاثی مجرد سے اسم فاعل فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے: نَصْرٌ سے نَاصِرٌ۔مؤنث کے صیغوں میں علامت تانیث اور تثنیہ وجمع کے صیغوں میں علامت تثنیہ وجمع لگا دی جاتی ہے۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ سے اسم فاعل اس باب کے مضارع معروف کے وزن پر آتا ہے، جیسے: یُکْرِمُ سے مُکْرِمٌ۔

اسم فاعل کے چھ صیغے آتے ہیں، تین مذکر کے لیے اور تین مؤنث کے لیے۔

اسم مفعول: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو، جیسے: مَضْرُوْبٌ۔

ثلاثی مجرد سے اسم مفعول مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے: نَصْرٌ سے مَنْصُوْرٌ۔مؤنث کے صیغوں میں علامت تانیث اور تثنیہ وجمع کے صیغوں میں علامت تثنیہ وجمع لگا دی جاتی ہے۔

غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول اس باب کے مضارع مجہول کے وزن پر آتا ہے، جیسے: یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ۔

اسم مفعول کے چھ صیغے ہیں، تین مذکر کے لیے اور تین مؤنث کے لیے۔

اسم ظرف: وہ اسم مشتق ہے جو کسی کام کی جگہ یا وقت بتائے، جیسے: مَضْرِبٌ، مَنْصَرٌ۔

اس کے دو وزن ہیں: 1۔ مَفْعَلٌ 2۔ مَفْعِلٌ۔ثلاثی مجرد سے اسم ظرف مَفْعَلٌ یا مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔تثنیہ وجمع کی صورت میں علامت تثنیہ وجمع لگا دی جاتی ہے۔

غیر ثلاثی مجرد سے اسم ظرف اس باب کے اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے، جیسے: یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ۔

اسم ظرف کے تین صیغے آتے ہیں، جن میں مذکر ومؤنث میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔

اسم آلہ: وہ اسم مشتق ہے جو اس چیز کو بتلائے جو کسی کام کرنے کا ذریعہ ہو جیسے: مِبْرَدٌ (پنسل تراش)، مِسْطَرَةٌ (پیمانہ)، مِفْتَاحٌ (چابی)۔

یہ صرف فعل ثلاثی مجرد سے آتا ہے۔اس کے تین اوزان ہیں: 1۔ مِفْعَلٌ 2۔ مِفْعَلَةٌ 3۔ مِفْعَالٌ۔

اسم تفضیل: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں بہ نسبت دوسرے کے مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے، جیسے: اَنْصَرُ، اَکْبَرُ۔

یہ صرف ثلاثی مجرد کے ان ابواب سے آتا ہے جن میں رنگ اور عیب ظاہری کے معنی نہ پائے جائیں، جن ابواب میں رنگ اور عیب ظاہری کے معنی پائے جائیں ان سے اَفْعَلُ کے وزن پر صفت مشبہ آتی ہے۔

یہ مذکر کے لیے اَفْعَلُ اور مؤنث کے لیے فُعْلٰی کے وزن پر آتا ہے۔تثنیہ وجمع کی صورت میں علامت تثنیہ وجمع لگا دی جاتی ہے۔

اس کے چھ صیغے آتے ہیں، تین مذکر کے لیے اور تین مؤنث کے لیے۔

اسم مبالغہ: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے، جیسے: عَلَّامٌ (بہت جاننے والا)۔

اس کے لیے ~~اس باب میں تذکیر وتانیث~~ کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں؛ البتہ کبھی مبالغہ کے لیے آخر میں "ۃ" بڑھا دیتے ہیں، جیسے: رَجُلٌ عَلَّامَةٌ، اِمْرَءَةٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَّامَةٌ (بہت جاننے والا مرد اور عورت)۔

صفت مشبہ: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں مصدری معنی بطور ثبوت اور دوام کے پائے جائیں، جیسے جَمِیْلٌ ۔

صفت مشبہ فعل لازم سے بنائی جاتی ہے، اس کے اوزان سماعی ہیں۔

مذکر ومؤنث

تقسیم ثانی: جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ مذکر ۲۔ مؤنث

۱۔ مذکر: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث لفظاً یا تقدیراً نہ ہو، جیسے: رَجُلٌ، نَاصِرٌ۔

۲۔ مؤنث: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث لفظاً یا تقدیراً ہو، جیسے: نَاصِرَةٌ، اَرْضٌ۔

علامات تانیث تین ہیں: ۱۔ تائے تانیث مدورہ: ''ۃ'' ۲۔ الف مقصورہ زائدہ: ''یٰ'' ۳۔ الف ممدودہ زائدہ: ''اء''۔

مؤنث کی اقسام: مؤنث کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ قیاسی ۲۔ سماعی

مؤنث قیاسی: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث لفظوں میں ہو، جیسے: نَاصِرَةٌ، نُصْرٰی، حَمْرَاءُ۔

مؤنث سماعی: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث مقدر ہو یا اہل عرب نے اس کو مؤنث استعمال کیا ہو، جیسے: اَرْضٌ، دَارٌ۔ اَرْضٌ اصل میں اَرْضَةٌ تھا کیونکہ اس کی تصغیر اُرَیْضَةٌ آتی ہے اور دَارٌ کو اہل عرب مؤنث استعمال کرتے ہیں، اسے مؤنث معنوی بھی کہتے ہیں۔

واحد، تثنیہ، جمع

تقسیم ثالث: تعداد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں: ۱۔ واحد ۲۔ تثنیہ ۳۔ جمع

واحد: وہ اسم ہے جو ایک (فرد) پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمٌ (ایک مسلمان)۔

تثنیہ: وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمَانِ، مُسْلِمَیْنِ (دو مسلمان)۔

تثنیہ بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ مفرد کے آخر میں حالت رفع میں الف اور نون مکسور اور حالت نصب و جر میں یا ماقبل مفتوح اور نون مکسور لگا دیا جائے۔

جمع: وہ اسم ہے جو دو سے زائد افراد پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمُوْنَ، رِجَالٌ۔

جمع کی اقسام: جمع کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ سالم ۲۔ مکسّر

جمع سالم: وہ جمع ہے جس میں واحد کا صیغہ سلامت رہے، جیسے: مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ۔

جمع سالم کی اقسام: اس کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ مذکر سالم ۲۔ مؤنث سالم۔

۱۔ جمع مذکر سالم: وہ جمع ہے جو مفرد کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم اور نون مفتوح یا یاء ماقبل مکسور اور نون مفتوح زیادہ کرنے سے دو سے زائد افراد پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِیْنَ۔

2۔ جمع مؤنث سالم: وہ جمع ہے جو مفرد کے آخر میں الف اور تاء لگانے سے دو سے زائد افراد پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمَاتٌ۔

جمع مکسّر: وہ جمع ہے جس میں واحد کا صیغہ سلامت نہ رہے، جیسے: رَجُلٌ سے رِجَالٌ، اس کو جمع تکسیر بھی کہتے ہیں۔

جمع کی دیگر اقسام:

۱۔ جمع منتھی الجموع: وہ جمع ہے جس کے بعد کوئی جمع مکسّر نہ بن سکے، جیسے: مَصَابِیْحُ۔

اوزان: اس کے دو مشہور دو وزن ہیں: ۱۔ مَفَاعِلُ، جیسے: مَسَاجِدُ۔ مَفَاعِیْلُ، جیسے: مَفَاتِیْحُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۔اسم جمع :سے مراد وہ مفرد اسم ہے جو جمع کے معنی دے، جیسے: قَوْمٌ ۔

۳۔جمع من غیر لفظہ :وہ جمع ہے جس کے حروف واحد کے حروف کے علاوہ ہوں، جیسے: اِمْرَاَۃٌ کی جمع نِسَاءٌ ۔

۴۔اسم جنس :اس کی دو قسمیں ہیں:

ا۔اسم جنس جمعی :وہ ہے جو دو سے زائد افراد پر دلالت کرے ،اس کے اور واحد کے درمیان فرق تاء کے ساتھ کیا جاتا ہے، جیسے بَقَرَۃٌ واحد اور بَقَرٌ جمع ہے، تَمْرٌ واحد اور تَمْرَۃٌ جمع ہے ،کبھی واحد اور جمع کے درمیان فرق یاء کے ساتھ کیا جاتا ہے، جیسے :رُوْمٌ جمع اور رُوْمِیٌّ واحد ہے۔

۲۔اسم جنس افرادی :وہ ہے جو ایک ہی لفظ سے قلیل اور کثیر پر دلالت کرے، جیسے مَاءٌ ۔

فائدہ : جمع مکسر اور اسم جنس جمعی میں دو طرح سے فرق ہوتا ہے ① جمع مکسر کے مخصوص اوزان ہیں جب کہ اسم جنس کے اوزان ایسے نہیں ہیں جیسے: شَجَرٌ بروزن فَعَلٌ جمع کے اوزان کے مطابق نہیں ہے ② جمع مکسر کی طرف مؤنث کی ضمیر وغیرہ لوٹتی ہے جیسے :﴿لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ﴾ جب کہ اسم جنس جمعی کی طرف مذکر کی ضمیر لوٹتی ہے، جیسے: ﴿اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا﴾

فائدہ:بعض الفاظ کی جمع خلاف قیاس آتی ہے، جیسے: اُمٌّ کی جمع اُمَّھَاتٌ، فَمٌ کی اَفْوَاہٌ، مَاءٌ کی مِیَاہٌ، اِنْسَانٌ کی اُنَاسٌ اور شَاۃٌ کی جمع شِیَاہٌ آتی ہے۔

اسم مصغر

اسم مصغّر :وہ اسم ہے جس کے آخر میں یائے تصغیر لاحق ہو اسم مصغّر کہلاتا ہے ،یہ قلّت اور چھوٹائی کے معنی پر دلالت کرتا ہے، جیسے: دُرَیْھِمٌ ، رُجَیْلٌ ۔

اوزان: اس کے تین وزن ہیں: ا۔ فُعَیْلٌ ۲۔ فُعَیْلِلٌ ۳۔ فُعَیْلِیْلٌ۔

اسم منسوب

اسم منسوب :وہ اسم ہے جس کے آخر میں نسبت کے لیے یاء مشدد ماقبل مکسور لگائی جائے، جیسے: مَکِّیٌّ (مکہ کا رہنے والا)۔

فعل کا بیان

فعل کی تعریف:فعل وہ کلمہ ہے جو خود کسی کام پر دلالت کرے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے ،جیسے :نَصَرَ ۔

فعل کی اقسام (ماضی ،مضارع ،امر)

تقسیم اول :زمانے کے اعتبار سے فعل کی تین قسمیں ہیں: ا۔ماضی ۲۔مضارع ۳۔امر

فعل ماضی :وہ فعل ہے جس میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے، جیسے: نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے گزرے ہوئے زمانے میں)۔

فعل ماضی کے چودہ صیغے ہوتے ہیں ،جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

تین مذکر غائب کے لیے	تین مؤنث غائب کے لیے
تین مذکر حاضر کے لیے	تین مؤنث حاضر کے لیے
دو مذکر و مؤنث متکلم کے لیے	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متکلم کا پہلا صیغہ واحد مذکر اور مؤنث کے لیے آتا ہے اور دوسرا صیغہ تثنیہ مذکر، تثنیہ مؤنث، جمع مذکر اور جمع مؤنث کے لیے آتا ہے۔

فعل مضارع: وہ فعل ہے جس میں موجودہ یا آئندہ زمانہ پایا جائے، جیسے: یَنْصُرُ (مدد کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد موجودہ یا آئندہ زمانے میں)۔

فعل مضارع، فعل ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب کے شروع میں حروف اَتَیْنَ (ا، ت، ی، ن) لگانے سے بنتا ہے۔

مضارع کے پانچ صیغوں کے آخر میں پیش ہوتی ہے: صیغہ واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، تثنیہ وجمع متکلم، جیسے: یَنْصُرُ، تَنْصُرُ، تَنْصُرُ، اَنْصُرُ، نَنْصُرُ۔

سات صیغوں کے آخر میں نون اعرابی آتا ہے: چار تثنیہ کے، جن میں نون اعرابی مکسور ہوتا ہے، تین جمع مذکر غائب ومخاطب اور واحد مؤنث مخاطب کے، جن میں نون اعرابی مفتوح ہوتا ہے، جیسے: یَنْصُرَانِ، تَنْصُرَانِ، تَنْصُرَانِ، یَنْصُرُوْنَ، تَنْصُرُوْنَ، تَنْصُرِیْنَ۔

دو صیغوں جمع مؤنث غائب ومخاطب کے آخر میں نون ضمیر مفتوح ہوتا ہے، جیسے: یَنْصُرْنَ، تَنْصُرْنَ۔

فعل مضارع کی اقسام:

نفی مؤکد بلن: جب فعل مضارع کے شروع میں لَنْ آئے تو اسے نفی مؤکد بلن کہتے ہیں۔

لَنْ کے آنے سے فعل مضارع کے وہ پانچ صیغے جن میں رفع ہوتا ہے (واحد مذکر غائب وحاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم، تثنیہ وجمع متکلم) ان پر نصب آجاتی ہے، سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) سے نون اعرابی گر جاتا ہے، دو صیغے جمع مؤنث غائب وحاضر میں بنی ہونے کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

لَنْ فعل مضارع کو نفی تاکید مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے۔

فعل نفی جحد بلم: جب فعل مضارع کے شروع میں لَمْ آئے تو اسے نفی جحد بلم کہتے ہیں۔

لَمْ کے آنے سے فعل مضارع کے وہ پانچ صیغے جن میں رفع ہوتا ہے (واحد مذکر غائب وحاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم، تثنیہ وجمع متکلم) ان پر جزم آجاتی ہے، اگر ان کے آخر میں حرف علت ہو تو وہ بھی گر جاتا ہے، سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) سے نون اعرابی گر جاتا ہے، دو صیغے جمع مؤنث غائب وحاضر میں بنی ہونے کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

لَمْ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔

فعل نہی: وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے روکا جائے، جیسے: لَاتُشْرِكْ بِاللّٰهِ (تو اللہ کے ساتھ شرک نہ کر)۔

لائے نہی کے آنے سے فعل مضارع کے وہ پانچ صیغے جن میں رفع ہوتا ہے (واحد مذکر غائب وحاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم، تثنیہ وجمع متکلم) ان پر جزم آجاتی ہے، اگر ان کے آخر میں حرف علت ہو تو وہ بھی گر جاتا ہے، سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) سے نون اعرابی گر جاتا ہے، دو صیغے جمع مؤنث غائب وحاضر میں بنی ہونے کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

لائے نہی فعل مضارع کو نہی کے معنی میں کر دیتا ہے اور اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔

فعل مضارع مؤکد بانون تاکید: جب فعل مضارع کے آخر میں نون تاکید آئے تو اسے فعل مضارع مؤکد بانون تاکید کہتے ہیں۔

نون تاکید کے آنے سے فعل مضارع کے شروع میں لام مفتوحہ کا آنا ضروری ہے، کبھی اس کی جگہ اِمَّا بھی آجاتا ہے۔

نون تاکید کی دو قسمیں ہیں: ۱: نون تاکید ثقیلہ ۲: نون تاکید خفیفہ

۱: نون تاکید ثقیلہ: یہ مشدد ہوتا ہے اور فعل مضارع کے تمام صیغوں کے ساتھ آتا ہے، اس کے آنے سے درج ذیل تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۔جن پانچ صیغوں پر رفع ہوتا ہے ان کو فتحہ دیتا ہے، جیسے :لَیَفْعَلَنَّ،لَتَفْعَلَنَّ،لَتَفْعَلَنَّ،لَاَفْعَلَنَّ،لَنَفْعَلَنَّ ۔

۲:سات صیغوں سے نون اعرابی گرادیتا ہے، جیسے: لَیَفْعَلَانِّ،لَتَفْعَلَانِّ،لَتَفْعَلَانِّ،لَتَفْعَلَانِّ ، لَیَفْعَلُنَّ،لَتَفْعَلُنَّ،لَتَفْعَلِنَّ۔

۳:دوصیغوں جمع مذکر غائب ومخاطب سے ''واو'' بھی گرادیتا ہے البتہ ضمہ باقی رہتا ہے۔

۴: ایک صیغہ واحد مؤنث حاضر سے ''ی'' بھی گرادیتا البتہ کسرہ باقی رہتا ہے۔

۵:دوصیغوں جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر میں الف فاصل لایا جاتا ہے ،جیسے :لَیَفْعَلْنَانِّ،لَتَفْعَلْنَانِّ۔

فائدہ: نون ثقیلہ، چھ صیغوں (چار تثنیہ، دوجمع مؤنث) میں جہاں اس سے پہلے الف ہوتا ہے مکسور اور باقی آٹھ صیغوں میں مفتوح ہوتا ہے۔

۲:نون تاکید خفیفہ: یہ ساکن ہوتا ہے اور فعل مضارع کے صرف آٹھ صیغوں میں آتا ہے۔

یہ فعل مضارع کے جن آٹھ صیغوں میں آتا ہے وہاں اس کے ماقبل کا حال نون ثقیلہ کی طرح ہوتا ہے یعنی پانچ صیغوں میں مضارع کا آخر مفتوح ،دوصیغوں میں مضموم اور ایک صیغہ میں مکسور ہوتا ہے ،جیسے :لَیَفْعَلَنْ،لَیَفْعَلُنْ،لَتَفْعَلَنْ،لَتَفْعَلُنْ، لَتَفْعَلِنْ، لَاَفْعَلَنْ،لَنَفْعَلَنْ۔

فعل امر: وہ فعل ہے جس میں آئندہ زمانے میں کسی کام کا حکم دیا جائے ،جیسے :اُنْصُرْ (تو مدد کر)۔

فعل امر بنانے کا طریقہ:فعل ماضی اور مضارع کی طرح امر کے بھی چودہ صیغے ہیں، جن کو فعل مضارع سے اس طرح بنایا جاتا ہے کہ جو صیغہ آپ بنانا چاہیں مضارع کے اسی صیغہ سے پہلے لام امر مکسور لگادیں اور آخر سے ساکن کردیں نون اعرابی اور حرف علت کو گرادیں ،سوائے امر حاضر معروف کے، کہ اس میں لام امر لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ :امر حاضر معروف فعل مضارع معروف سے بنتا ہے، وہ اس طرح کہ علامت مضارع کو حذف کردیں اور دیکھیں :

اگر علامت مضارع کا مابعد حرف متحرک ہو تو آخر کو ساکن کردیں ،جیسے :تُصَرِّفُ سے صَرِّفْ۔

اگر علامت مضارع کا مابعد حرف ساکن ہو تو شروع میں ہمزہ وصل لے آئیں اور آخر کو ساکن کردیں، اگر آخر میں نون اعرابی یا حرف علت ہو تو اسے حذف کردیں پھر دیکھیں اگر عین کلمہ مضموم ہو تو ہمزہ وصلی بھی مضموم ہوگا، جیسے: تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ، اگر وہ مفتوح یا مکسور ہو تو ہمزہ وصلی مکسور ہوگا جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ، تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔

فائدہ: فعل امر کے تمام صیغوں کے ساتھ نون تاکید آسکتا ہے۔

فعل معروف ومجہول

فعل کی تقسیم ثانی: نسبت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں :۱۔معروف ۲۔مجہول

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم ہو ،جیسے: قَرَءَ زَیْدٌ قُرْآنًا، زید نے قرآن پڑھا ،اس میں پڑھنے والا زید معلوم ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو ،جیسے: قُرِءَ قُرْآنٌ ،قرآن پڑھا گیا ،اس میں پڑھنے والا معلوم نہیں۔

ماضی مجہول کی علامت: یہ ہے کہ اس کے آخر سے ماقبل کسرہ اور اس سے پہلے تمام متحرک حرف مضموم ہوتے ہیں اور آخری حرف اپنی حالت پر رہتا ہے ،جیسے :ضَرَبَ سے ضُرِبَ ۔

مضارع مجہول کی علامت: یہ ہے کہ اس کے آخر سے ماقبل فتحہ اور علامت مضارع مضموم ہوتی ہے اور باقی حروف اپنی حالت پر رہتے ہیں، جیسے :یَضْرِبُ سے یُضْرَبُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل لازم ومتعدی

فعل کی تقسیم ثالث: مفعول کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ لازم ۲۔ متعدی

فعل لازم: وہ فعل ہے جو صرف فاعل پر پورا ہو جائے اور اسے مفعول بہ کی ضرورت نہ ہو، جیسے: جَاءَ زَيْدٌ (زید آیا)۔

فعل متعدی: وہ فعل ہے جو صرف فاعل پر پورا نہ ہو بلکہ اسے مفعول بہ کی بھی ضرورت ہو، جیسے: ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا (زید نے عمرو کو مارا)۔

فعل مثبت ومنفی

فعل کی تقسیم رابع: ثبوت وعدم ثبوت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ مثبت ۲۔ منفی

فعل مثبت: وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا بتایا جائے، جیسے: نَصَرَ (اس نے مدد کی)۔

فعل منفی: وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا نہ کرنا یا نہ ہونا بتایا جائے، جیسے: مَانَصَرَ (اس نے مدد نہیں کی)۔

ماضی منفی بنانے کا طریقہ: ماضی مثبت کے شروع میں "ما" یا "لا" لگا دینے سے ماضی منفی بن جاتی ہے، جیسے: مَاعَلِمَ (اس نے نہیں جانا)۔

مضارع منفی بنانے کا طریقہ: مضارع مثبت کے شروع میں "ما" یا "لا" لگا دینے سے مضارع منفی بن جاتا ہے، جیسے: لَايَعْلَمُ (وہ نہیں جانتا)

فائدہ: فعل مضارع میں نفی کا معنی پیدا کرنے کے لیے لَمْ، لَمَّا، لَنْ اور لائے نہی بھی آتے ہیں۔

فعل کے صیغوں کا بیان

فعل کی تقسیم خامس: فاعل کے اعتبار سے فعل کی درج ذیل اٹھارہ قسمیں ہیں:

فعل کبھی غائب، کبھی حاضر اور کبھی متکلم کہلاتا ہے، بعض صیغے مذکر اور بعض مؤنث ہوتے ہیں، اسی طرح بعض صیغے واحد، بعض تثنیہ اور بعض جمع ہوتے ہیں، اس اعتبار سے فعل کے اٹھارہ صیغے بن جاتے ہیں، لیکن حقیقت میں فعل غائب، حاضر، متکلم، مذکر ومؤنث اور تثنیہ وجمع نہیں ہوتا، کیونکہ تثنیہ وجمع ہونا تو اسم کا خاصہ ہے، درحقیقت یہ تمام حالتیں فاعل کی ہوتی ہیں اور اسے فعل غائب اور فعل متکلم وغیرہ اس لیے کہتے ہیں کہ فاعل کے بغیر فعل پورا ہی نہیں ہوتا کیونکہ فعل عرض ہے اور عرض کے لیے سہارے کا ہونا ضروری ہے۔

لہذا فاعل کی مختلف شکلوں کی تبدیلی کی وجہ سے یہ نام رکھے جاتے ہیں مثلاً جب فاعل نہ متکلم ہو اور نہ مخاطب تو وہ غائب ہوگا اور وہ مذکر ہوگا یا مؤنث، کام کرنے والا ایک ہوگا یا دو ہوں گے یا زیادہ تو اس اعتبار سے غائب کی چھ قسمیں بنیں: واحد مذکر غائب، تثنیہ مذکر غائب، جمع مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، تثنیہ مؤنث غائب، جمع مؤنث غائب۔

اسی طرح حاضر کی چھ قسمیں بنیں گی: واحد مذکر حاضر، تثنیہ مذکر حاضر، جمع مذکر حاضر، واحد مؤنث حاضر، تثنیہ مؤنث حاضر، جمع مؤنث حاضر۔

اسی طرح متکلم کی چھ قسمیں بنتی ہیں: واحد مذکر متکلم، تثنیہ مذکر متکلم، جمع مذکر متکلم، واحد مؤنث متکلم، تثنیہ مؤنث متکلم، جمع مؤنث متکلم۔

یوں یہ کل اٹھارہ قسمیں بنتی ہیں جنہیں اٹھارہ صیغے کہتے ہیں۔

لیکن عربوں کے استعمال میں متکلم واحد مذکر ومؤنث لیے ایک ہی صیغہ اور تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث کے لیے بھی ایک ہی صیغہ ہے، اس لیے متکلم میں بجائے چھ صیغوں کے صرف دو سے کام لیا جاتا ہے، غرضیکہ اب بجائے اٹھارہ صیغوں کے چودہ صیغے مستعمل ہیں: تین مذکر غائب کے لیے، تین مؤنث غائب کے لیے، تین مذکر حاضر کے لیے، تین مؤنث حاضر کے لیے، دو مذکر ومؤنث متکلم کے لیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شش اقسام کا بیان

شش اقسام سے مراد: ثلاثی مجرد، ثلاثی مزید فیہ، رباعی مجرد، رباعی مزید فیہ، خماسی مجرد اور خماسی مزید فیہ ہیں۔

حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے اسم جامد کی چھ قسمیں ہیں:

۱۔ ثلاثی مجرد: وہ ہے جس میں صرف تین حروف اصلی ہوں، کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: رَجُلٌ۔

۲۔ ثلاثی مزیدفیہ: وہ ہے جس میں صرف تین حرف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے: زَمَانٌ۔

۳۔ رباعی مجرد: وہ ہے جس میں صرف چار حروف اصلی ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو، جیسے: جَعْفَرٌ۔

٤۔ رباعی مزیدفیہ: وہ ہے جس میں چار حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے: قِرْطَاسٌ۔

٥۔ خماسی مجرد: وہ ہے جس میں صرف پانچ حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: سَفَرْجَلٌ۔

٦: خماسی مزیدفیہ: وہ ہے جس میں پانچ حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے: قَبَعْثَرٰی۔

نوٹ: اسم جامد کے اندر حروف زائدہ میں علامت تانیث، علامت تثنیہ وجمع اور یائے نسبت کو شمار نہیں کیا جاتا۔

حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے مصدر کی چار قسمیں ہیں: ۱۔ ثلاثی مجرد ۲۔ ثلاثی مزید فیہ ۳۔ رباعی مجرد ۴۔ رباعی مزید فیہ

ثلاثی مجرد: اس کے اوزان سماعی ہیں ان کا کوئی خاص قاعدہ وکلیہ نہیں ہے۔

ثلاثی مزید فیہ: ثلاثی مزید فیہ کے مصدروں کے اوزان قیاسی ہیں جو کہ بارہ ہیں:

اِفْعَالٌ، تَفْعِيْلٌ، مُفَاعَلَةٌ، تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ، اِفْتِعَالٌ، اِنْفِعَالٌ، اِفْعِلَالٌ، اِفْعِيْلَالٌ، اِفْعِيْعَالٌ، اِفْعِوَّالٌ، اِسْتِفْعَالٌ۔

رباعی مجرد: اس کا صرف ایک وزن فَعْلَلَةٌ ہے، جیسے: دَحْرَجَةٌ (لڑھکانا)۔

رباعی مزید فیہ: اس کے تین اوزان ہیں: تَفَعْلُلٌ، اِفْعِنْلَالٌ، اِفْعِلَّالٌ۔

حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے اسم مشتق کی چار قسمیں ہیں: ۱۔ ثلاثی مجرد ۲۔ ثلاثی مزید فیہ ۳۔ رباعی مجرد ۴۔ رباعی مزید فیہ

حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے فعل کی چار قسمیں ہیں: ۱۔ ثلاثی مجرد ۲۔ ثلاثی مزید فیہ ۳۔ رباعی مجرد ۴۔ رباعی مزید فیہ

ثلاثی مجرد: وہ فعل ہے جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں صرف تین حرف اصلی ہوں، کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: نَصَرَ۔

ثلاثی مجرد کے چھ باب ہیں:

۱۔ فَعَلَ يَفْعِلُ، جیسے: ضَرَبَ يَضْرِبُ ۲۔ فَعَلَ يَفْعُلُ، جیسے: نَصَرَ يَنْصُرُ ۳۔ فَعِلَ يَفْعَلُ، جیسے: عَلِمَ يَعْلَمُ

۴۔ فَعَلَ يَفْعَلُ، جیسے: مَنَعَ يَمْنَعُ ۵۔ فَعِلَ يَفْعِلُ، جیسے: حَسِبَ يَحْسِبُ ۶۔ فَعُلَ يَفْعُلُ، جیسے: شَرُفَ يَشْرُفُ۔

ثلاثی مزید فیہ: وہ فعل ہے جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں تین حرف اصلی کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو جیسے: اَكْرَمَ میں ہمزہ زائد اور باقی تین حروف اصلی ہیں۔ ثلاثی مزید فیہ کے بارہ ابواب ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

اِفْعَالٌ، تَفْعِيْلٌ، مُفَاعَلَةٌ، تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ، اِفْتِعَالٌ، اِنْفِعَالٌ، اِفْعِلَالٌ، اِفْعِيْلَالٌ، اِفْعِيْعَالٌ، اِفْعِوَّالٌ، اِسْتِفْعَالٌ

رباعی مجرد: وہ فعل ہے جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں چار حروف اصلیہ ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: دَحْرَجَ میں چاروں حروف اصلی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کا صرف ایک باب ہے: فَعْلَلَةٌ۔

رباعی مزید فیہ: وہ فعل ہے جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں چار حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے: تَدَحْرَجَ میں تاء زائد ہے اور باقی حروف اصلی ہیں۔ اس کے تین ابواب ہیں، جو کہ درج ذیل ہیں: تَفَعْلُلٌ، اِفْعِنْلَالٌ، اِفْعِلَّالٌ

نوٹ: فعل میں حروف زائدہ میں تائے تانیث ساکنہ اور علامت تثنیہ وجمع کو شمار نہیں کیا جاتا۔

ہفت اقسام کا بیان

ہفت اقسام سے مراد: صحیح، مہموز، مثال، اجوف، ناقص، لفیف اور مضاعف ہیں۔

حروف اصلیہ کے اعتبار سے اسم اور فعل کی چار قسمیں ہیں: صحیح، مہموز، معتل اور مضاعف، ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

صحیح: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں ہمزہ، حرف علت اور دو ہم جنس حرف نہ ہوں، جیسے: نَصَرَ، رَجُلٌ۔

مہموز: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں ہمزہ ہو، اگر فاء کلمہ کی جگہ ہمزہ ہو تو مہموز الفاء، جیسے: اَمَرَ، اِبِلٌ، اگر عین کلمہ کی جگہ ہمزہ ہو تو مہموز العین، جیسے: سَاَلَ، رَاْسٌ اور اگر لام کلمہ کی جگہ ہمزہ ہو تو مہموز اللام کہتے ہیں، جیسے: قَرَاَ، جُزْءٌ۔

معتل: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں حرف علت ہو۔ اقسام: اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ معتل بیک حرف ۲۔ معتل بدو حرف۔

1۔ **معتل بیک حرف:** اقسام: اس کی تین قسمیں ہیں: ا۔ معتل الفاء ۲۔ معتل العین ۳۔ معتل اللام۔

1۔ **معتل الفاء:** جس کا فاء کلمہ حرف علت ہو، اس کو مثال کہتے ہیں، جیسے: وَعَدَ، یَسَرَ۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ واوی ۲۔ یائی۔

اگر فاء کلمہ میں حرف علت واؤ ہو تو اس کو مثال واوی کہتے ہیں، جیسے: وَعَدَ اور اگر یاء ہو تو اس کو مثال یائی کہتے ہیں جیسے: یَسَرَ۔

2۔ **معتل العین:** جس کا عین کلمہ حرف علت ہو، اس کو اجوف کہتے ہیں، جیسے: قَالَ، بَاعَ۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ واوی ۲۔ یائی۔

اگر عین کلمہ میں حرف علت واؤ ہو تو اجوف واوی، جیسے: قَالَ اور اگر حرف علت یاء ہو تو اجوف یائی کہتے ہیں، جیسے: بَاعَ۔

3۔ **معتل اللام:** جس کا لام کلمہ حرف علت ہو، اس کو ناقص کہتے ہیں، جیسے: دَعَا، رَمٰی۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ واوی ۲۔ یائی۔

اگر لام کلمہ کی جگہ حرف علت واؤ ہو تو ناقص واوی، جیسے: دَعَا اور اگر یاء ہو تو ناقص یائی کہتے ہیں، جیسے: رَمٰی۔

2۔ **معتل بدو حرف:** وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں دو حرف علت ہوں، اس کا نام "لفیف" رکھا جاتا ہے۔

لفیف: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں دو حرف علت ہوں۔ اقسام: اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ لفیف مفروق ۲۔ لفیف مقرون۔

1۔ **لفیف مفروق:** وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف علت الگ الگ ہوں جیسے: وَقٰی، وَحْیٌ۔

2۔ **لفیف مقرون:** وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف علت متصل ہوں جیسے: طَوٰی، یَوْمٌ۔

مضاعف: وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف اصلی ایک جنس کے ہوں۔ اقسام: اس کی دو قسمیں: ا۔ مضاعف ثلاثی ۲۔ مضاعف رباعی۔

ا۔ **مضاعف ثلاثی:** اس وقت کہتے ہیں جب دو حرف اصلی ایک جنس کے ثلاثی میں ہوں، جیسے: مَدَّ، مَدٌّ۔

۲۔ **مضاعف رباعی:** اس وقت کہتے ہیں جب دو حرف اصلی ایک جنس کے رباعی میں جمع ہوں، جیسے: زَلْزَلَ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرف کا بیان

حرف کی تعریف: وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی پر دلالت کرنے کے لیے اسم یا فعل کا محتاج ہو، جیسے: اَنْ ،لَمْ وغیرہ۔

حرف کی صرفی اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۱۔حرف اصلی ۲۔حرف زائد

حرف اصلی: وہ حرف ہے جو وزن کرتے وقت فاء، عین یا لام کلمہ کی جگہ پر آئے جو فاء کی جگہ ہو، اسے فاء کلمہ، جو عین کی جگہ ہو اسے عین کلمہ اور جو لام کی جگہ ہو اسے لام کلمہ کہتے ہیں، جیسے: نَصَرَ بروزن فَعَلَ اس میں ''ن'' فاء کلمہ ''ص'' عین کلمہ اور ''ر'' لام کلمہ ہے۔

حرف زائد: وہ حرف جو وزن کرتے وقت فاء، عین یا لام کلمہ کی جگہ پر نہ ہو، جیسے: اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ اس میں ''ک'' فاء کی جگہ، ''ر'' عین کی جگہ اور ''م'' لام کی جگہ ہے، اس لیے ک، ر، م، اصلی اور ہمزہ زائد حرف ہے۔

نوٹ: حرف کی گردان نہیں ہوتی اس لیے صرفی حضرات حروف معانی کے بارے میں بحث نہیں کرتے، صرف حروف مبانی کے بارے میں بحث کرتے ہیں۔

حرف کی نحوی اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۱۔عاملہ ۲۔غیر عاملہ

حروف عاملہ: وہ حروف جو رفع، نصب، جر یا جزم دیتے ہیں، ان کی درج ذیل نو قسمیں ہیں:

۱۔حروف جارہ: وہ حروف جو اسم کو جر دیتے ہیں، یہ سترہ ہیں: با ؤ تا ؤ کاف ولام وواؤ مُنذُ مُذْ خَلا ○رُبَّ حَاشَا مِنْ عَدَا فِیْ عَنْ عَلٰی حَتّٰی اِلٰی۔

۲۔حروف مشبہ بالفعل: یہ مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں، یہ چھ ہیں: اِنَّ ،اَنَّ ،کَاَنَّ ،لَیْتَ ،لٰکِنَّ ،لَعَلَّ ۔

۳۔ما ولا مشابہ بلیس: یہ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں، یہ دو ہیں: مَا ،لَا۔

۴۔لائے نفی جنس: یہ اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، یہ صرف ایک حرف ہے: لَا۔

۵۔حروف نداء: یہ اسم کو نصب دیتے ہیں جب کہ وہ مضاف یا شبہ مضاف ہوں، یہ پانچ ہیں: یَا ،اَیَا ،ھَیَا ،اَیْ ،ہمزہ مفتوحہ۔

۶۔حروف ناصبہ در فعل مضارع: یہ فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں، یہ چار ہیں: اَنْ ،لَنْ ،کَیْ ،اِذَنْ ۔

۷۔حروف جازمہ در فعل مضارع: یہ فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں، یہ پانچ ہیں: لَمْ ،لَمَّا ،لام امر ،لائے نھی ،اِنْ شرطیہ۔

حروف غیر عاملہ: وہ حروف ہیں جو لفظی عمل نہیں کرتے، ان کی درج ذیل پندرہ قسمیں ہیں:

1۔ حروف استفهام: وہ حروف ہیں جن کے ذریعے سوال کیا جاتا ہے، یہ دو ہیں: أ، هَلْ۔

2۔ حروف مصدریه: وہ حروف ہیں جو جملے کو مصدر کے معنی میں کر دیتے ہیں، جسے مصدر مؤول کہتے ہیں، یہ تین ہیں: مَا ،اَنْ ،اَنَّ ۔

3۔ حروف تفسیر: وہ حروف ہیں جو ماقبل کی وضاحت کے لیے آتے ہیں، یہ دو ہیں: أَیْ اور أَنْ، جیسے: جَاءَنِیْ زَیْدٌ أَیْ أَبُوْ لَکَ ، نَادَیْنَاهُ أَنْ یَّا اِبْرَاهِیْمُ ۔

4۔ حروف جواب: وہ حروف ہیں جو جواب دینے کے لیے آتے ہیں، یہ سات ہیں: نَعَمْ ،اَجَلْ ،جَیْرِ ،اَنَّ ،اِیْ، بَلٰی ، لَا۔

5۔ حرف توقع: قَدْ ہے، جب یہ ماضی سے پہلے آئے تو تحقیق کے معنی دیتا ہے، اسے ماضی قریب کہا جاتا ہے، جیسے: لَقَدْ جَاءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَنْفُسِكُمْ (تحقیق تمہارے اندر ہی سے تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے) اور جب مضارع سے پہلے آئے تو تقلیل کے معنی دیتا ہے، جیسے: قَدْ يَجِيءُ زَيْدٌ (زید کبھی کبھی آتا ہے)، کبھی مضارع سے پہلے بھی تحقیق کے معنی دیتا ہے، جیسے: قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ (بے شک اللہ تعالیٰ جانتا ہے)۔

6۔ **حروف شرط** : وہ حروف ہیں جو شرط کے معنی دیتے ہیں، یہ چار ہیں: اَمَّا ،لَوْ ،لَوْ لَا ،لَوْمَا۔

7۔**حروف تنبیہ** :وہ حروف ہیں جو مخاطب سے غفلت دور کرنے کے لیے جملہ سے پہلے آتے ہیں، یہ تین ہیں: اَلَا ،اَمَا ،هَا ، جیسے: اَلَا زَيْدٌ قَائِمٌ ، اَمَا عَمْرٌو جَالِسٌ ، هَا اَنَا حَاضِرٌ۔

8۔**حروف تحضیض وتندیم** :وہ حروف ہیں جو مخاطب کو رغبت یا ندامت دلانے کے لیے آتے ہیں، یہ چار ہیں: اَلَّا ،هَلَّا ،لَوْ لَا ، لَوْ مَا، جب یہ مضارع پر آئیں تو رغبت دلانا مقصود ہوتا ہے، جیسے: هَلَّا تُصَلِّيْ (تو نماز کیوں نہیں پڑھتا؟) اور جب ماضی پر آئیں تو ندامت دلانا مقصود ہوتا ہے، جیسے: هَلَّا صَلَّيْتَ (تو نے نماز کیوں نہیں پڑھی؟)۔

9۔**حرف ردع**: وہ حرف ہے جو ڈانٹ اور انکار کے لیے آتا ہے، یہ صرف ایک حرف كَلَّا ہے، جیسے: کوئی کہے كَفَرَ حَامِدٌ تو جواب میں کہا جائے كَلَّا (ہرگز نہیں)، کبھی یہ ''بے شک'' کے معنی میں بھی آتا ہے، جیسے: كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (بے شک عنقریب تم جان لو گے)۔

11۔ **حروف تاکید**: وہ حروف ہیں جو تاکید پیدا کرنے کے لیے آتے ہیں، یہ دو ہیں: نون تاکید اور لام ابتدا۔نون تاکید کی دو قسمیں ہیں: ا۔ثقیلہ، جیسے: اِضْرِبَنَّ ۲۔خفیفہ، جیسے: اِضْرِبَنْ ،لام ابتدا مفتوح ہوتا ہے، جیسے: لَزَيْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو (زید ضرور عمرو سے بہتر ہے)۔

15۔**حروف زائدہ** :وہ حروف ہیں جن کو حذف کرنے سے معنی میں کوئی خلل نہ آئے، یہ حروف معنی میں تاکید اور کلام میں خوبصورتی پیدا کر دیتے ہیں، یہ آٹھ ہیں: اِنْ ،اَنْ ،مَا،لَا،مِنْ، کاف،بَاء،لام ، جیسے مَا اِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ ،فَلَمَّا اَنْ جَاءَ الْبَشِيْرُ۔

صیغہ حل کرنے کا طریقہ

علم الصرف پڑھنے کا بنیادی مقصد صیغوں کو حل کرنا ہوتا ہے، صیغہ کو حل کرنے کے لیے درج ذیل امور کو مدنظر رکھا جاتا ہے:

سب سے پہلے یہ دیکھا جاتا ہے کہ وہ کلمہ سہ اقسام کے اعتبار سے اسم ہے، فعل ہے یا حرف ؟

اگر اسم ہو تو دیکھیں کہ وہ

جامد ہے، مصدر ہے یا مشتق ہے، اور کیوں؟

(ا) اگر جامد ہو تو پھر شش اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

ثلاثی مجرد ہے، ثلاثی مزید فیہ ہے، رباعی مجرد ہے، رباعی مزید فیہ، خماسی مجرد ہے یا خماسی مزید فیہ ہے اور کیوں؟

پھر ان میں سے ہر قسم کے اعتبار سے اس کا وزن دیکھا جائے۔

اس کے بعد ہفت اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

صحیح ہے، مہموز ہے، مثال ہے، اجوف ہے، ناقص ہے، لفیف ہے یا مضاعف ہے؟

اور اس کی وجہ کیا ہے؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ اصل میں کیا تھا اور پھر اس میں کیسے تعلیل ہوئی ؟

(ب) اگر وہ مصدر ہو تو دیکھیں کہ وہ مصدر کی کون سی قسم ہے؟

پھر شش اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

ثلاثی مجرد ہے، ثلاثی مزید فیہ ہے، رباعی مجرد ہے یا رباعی مزید فیہ ہے اور وہ کس باب کا مصدر ہے؟

اس کے بعد ہفت اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

صحیح ہے، مہموز ہے، مثال ہے، اجوف ہے، ناقص ہے، لفیف ہے یا مضاعف ہے؟

اور اس کی وجہ کیا ہے؟

وہ اصل میں کیا تھا اور پھر اس میں کیسے تعلیل ہوئی ؟

(ج) اگر وہ مشتق ہو تو دیکھیں کہ وہ مشتق کی کون سی قسم ہے، اور اس کی وجہ کیا ہے اور وہ کون سا صیغہ ہے؟ نیز اس میں بھی شش اور ہفت اقسام پہچانیں۔

اگر وہ کلمہ فعل ہو تو دیکھیں کہ وہ

(ا) فعل ماضی ہے، مضارع ہے یا امر؟

اگر فعل ماضی ہو تو دیکھیں کہ وہ ماضی کی کون سی قسم ہے، اور کیوں؟

اسی طرح دیکھیں کہ وہ فعل معروف ہے یا مجہول ہے؟

فعل لازم ہے یا متعدی؟

فعل مثبت ہے یا منفی ہے؟

(ب) اور وہ کون سا صیغہ ہے؟

واحد ہے، تثنیہ ہے یا جمع، مذکر ہے یا مؤنث، غائب ہے، حاضر ہے یا متکلم اور پھر ان میں سے ہر ایک کی دلیل کیا ہے؟

پھر شش اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

ثلاثی مجرد ہے، ثلاثی مزید فیہ ہے، رباعی مجرد ہے یا رباعی مزید فیہ ہے اور اس کا باب کون سا ہے؟

اس کے بعد ہفت اقسام کے اعتبار سے دیکھیں کہ وہ

صحیح ہے، مہموز ہے، مثال ہے، اجوف ہے، ناقص ہے، لفیف ہے یا مضاعف ہے؟

اور اس کی وجہ کیا ہے؟

وہ اصل میں کیا تھا اور پھر اس میں کیسے تعلیل ہوئی ؟

اگر وہ کلمہ حرف ہو تو صرف میں اس کے بارے میں کوئی بحث نہیں ہوگی، ہاں اتنا ضرور ہے کہ اسم اور فعل میں شش اقسام کی پہچان کے لیے کلمے کے اندر جو حروف ہوتے ہیں ان کے اصلی اور زائد ہونے کا اعتبار کیا جاتا ہے، یعنی یہ دیکھا جاتا ہے کہ یہ حرف اس اسم اور فعل میں اصلی ہے یا زائد ہے؟

نوٹ: عام طور پر صیغہ کے حل میں درج ذیل چیزیں مطلوب ہوتی ہیں: سہ اقسام، صیغہ، باب، شش اقسام ہفت اقسام، مادہ، وزن، اصل اور تعلیل، اس کتاب میں ان تمام چیزوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست

شمار سورت	نام سورت	شمار پارہ	شمار سورت	نام سورت	شمار پارہ
1	سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ	1	29	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ	21.20
2	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	3.2.1	30	سُوْرَةُ الرُّوْمِ	21
3	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ	4.3	31	سُوْرَةُ لُقْمَان	21
4	سُوْرَةُ النِّسَاءِ	6.5.4	32	سُوْرَةُ السَّجْدَةِ	21
5	سُوْرَةُ الْمَائِدَةِ	7.6	33	سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ	22.21
6	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	8.7	34	سُوْرَةُ سَبَإٍ	22
7	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	9.8	35	سُوْرَةُ فَاطِرٍ	22
8	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	10.9	36	سُوْرَةُ يٰسٓ	22
9	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	11.10	37	سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ	23.22
10	سُوْرَةُ يُوْنُسَ	11	38	سُوْرَةُ صٓ	23
11	سُوْرَةُ هُوْدٍ	12.11	39	سُوْرَةُ الزُّمَرِ	24.23
12	سُوْرَةُ يُوْسُفَ	13.12	40	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ	24
13	سُوْرَةُ الرَّعْدِ	13	41	سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ	25.24
14	سُوْرَةُ اِبْرَاهِيْمَ	13	42	سُوْرَةُ الشُّوْرٰى	25
15	سُوْرَةُ الْحِجْرِ	14.13	43	سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ	25
16	سُوْرَةُ النَّحْلِ	14	44	سُوْرَةُ الدُّخَان	25
17	سُوْرَةُ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ	15	45	سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ	25
18	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	16.15	46	سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ	26
19	سُوْرَةُ مَرْيَمَ	16	47	سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ	26
20	سُوْرَةُ طٰهٰ	16	48	سُوْرَةُ الْفَتْحِ	26
21	سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاءِ	17	49	سُوْرَةُ الْحُجُرَاتِ	26
22	سُوْرَةُ الْحَجِّ	17	50	سُوْرَةُ قٓ	26
23	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ	18	51	سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ	27.26
24	سُوْرَةُ النُّوْرِ	18	52	سُوْرَةُ الطُّوْرِ	27
25	سُوْرَةُ الْفُرْقَان	19.18	53	سُوْرَةُ النَّجْمِ	27
26	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	19	54	سُوْرَةُ الْقَمَرِ	27
27	سُوْرَةُ النَّمْلِ	20.19	55	سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ	27
28	سُوْرَةُ الْقَصَصِ	20	56	سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ	27

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شمار سورت	نام سورت	شمار پارہ	شمار سورت	نام سورت	شمار پارہ
57	سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ	27	86	سُوْرَةُ الطَّارِقِ	30
58	سُوْرَةُ الْمُجَادِلَةِ	28	87	سُوْرَةُ الْاَعْلٰى	30
59	سُوْرَةُ الْحَشْرِ	28	88	سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ	30
60	سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ	28	89	سُوْرَةُ الْفَجْرِ	30
61	سُوْرَةُ الصَّفِّ	28	90	سُوْرَةُ الْبَلَدِ	30
62	سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ	28	91	سُوْرَةُ الشَّمْسِ	30
63	سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ	28	92	سُوْرَةُ الَّيْلِ	30
64	سُوْرَةُ التَّغَابُنِ	28	93	سُوْرَةُ الضُّحٰى	30
65	سُوْرَةُ الطَّلَاقِ	28	94	سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ	30
66	سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ	28	95	سُوْرَةُ التِّيْنِ	30
67	سُوْرَةُ الْمُلْكِ	29	96	سُوْرَةُ الْعَلَقِ	30
68	سُوْرَةُ الْقَلَمِ	29	97	سُوْرَةُ الْقَدْرِ	30
69	سُوْرَةُ الْحَاقَّةِ	29	98	سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ	30
70	سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ	29	99	سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ	30
71	سُوْرَةُ نُوْحٍ	29	100	سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ	30
72	سُوْرَةُ الْجِنِّ	29	101	سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ	30
73	سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ	29	102	سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ	30
74	سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ	29	103	سُوْرَةُ الْعَصْرِ	30
75	سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ	29	104	سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ	30
76	سُوْرَةُ الدَّهْرِ	29	105	سُوْرَةُ الْفِيْلِ	30
77	سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ	29	106	سُوْرَةُ قُرَيْشٍ	30
78	سُوْرَةُ النَّبَاِ	30	107	سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ	30
79	سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ	30	108	سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ	30
80	سُوْرَةُ عَبَسَ	30	109	سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ	30
81	سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ	30	110	سُوْرَةُ النَّصْرِ	30
82	سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ	30	111	سُوْرَةُ اللَّهَبِ	30
83	سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ	30	112	سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ	30
84	سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ	30	113	سُوْرَةُ الْفَلَقِ	30
85	سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ	30	114	سُوْرَةُ النَّاسِ	30

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الالف (آ)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
آبَاءِ 64	باپ دادا	اسم جامد	جمع مذکر	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء وناقص واوی	أ ب و	أَفْعَالِ	أَأْبَاوٌ ❶	النور:31
آتِ 4	تو دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ت ی	أْفعِ	أأْتِيُ ❷	بنی اسرائیل:26
لَآتٍ 2	یقیناً وہ آنے والی ہے	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعٍ	أَاتِيٌ ❸	الأنعام:134
آتٰى 32	اس نے دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلَ	أَأْتَيَ ❹	البقرة:177
آتَانِ يَ 1	مجھے دیا	//	//	//	//	//	//	//	أَأْتَيَ ❺	النمل:36
أَتَتْ 3	لایا وہ (باغ)	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	أَفْعَتْ	أَأْتَيَتْ ❻	الكهف:33
آتِنَا 5	تو ہمیں دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أْفعِ	أأْتِيُ ❼	البقرة:200
آتَوُا 4	(جو) ادا کرتے رہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَوْا	أَأْتَيُوْا ❽	البقرة:277
آتَوْا 3	وہ دیتے ہیں	//	//	//	//	//	//	//	أَأْتَيُوْا ❾	المؤمنون:60

❶ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ) ،واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا(قاعدہ:دُعَاءٌ)،م :أَبٌ۔ ❷ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ) ،امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی،تو یہ حرف علت کے حذف ہونے پر مبنی ہے۔ ❸ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی(قاعدہ:رَضُوْا)،ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی،اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے،اس کے شروع میں لام تاکید ہے۔ ❹ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا(قاعدہ:اٰمَنَ)، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ: قَالَ)۔ ❺ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا(قاعدہ:اٰمَنَ)، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ: قَالَ)، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے،اس کے بعد آنے والی یائے متکلم کو اس کے ساتھ متصل لکھنے کی بجائے رسم الخط میں الگ لکھا گیا ہے۔ ❻ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا(قاعدہ : اٰمَنَ) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❼ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا(قاعدہ:اٰمَنَ)،امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی،لفظ ﴿آتِنَا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:① کسی کو کوئی چیز دینا،جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② کسی کے پاس کوئی چیز لانا،جیسا کہ سورۃ الکھف:62 میں ہے ﴿قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَآءَ نَا﴾ ''اس نے اپنے جوان سے کہا ہمارا دن کا کھانا لاؤ''۔ ❽ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا(قاعدہ:اٰمَنَ) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا،اس کے آخر میں واؤ اصل میں ساکن تھی، پھر آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے ضمہ دے دیا ۔ ❾ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
آتُوا 20	تم دو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ت ی	اٰفْعُوا	أٰتِيُوا ❶	البقرة :43
آتِي 1	وہ (مخلوق) آنے والی ہے	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِل	أٰتِيٌ ❷	مریم :93
آتِيَةٌ 4	(قیامت) آنے والی ہے	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	أٰتِيَةٌ ❸	طٰہٰ :15
آتَيْتَ 5	تو نے دی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	اٰفْعَلْتَ	اٰتَيْتَ ❹	یونس :88
آتَيْتُكَ 2	میں نے دیا تجھ کو	//	واحد متکلم	//	//	//	//	اٰفْعَلْتُ	اٰتَيْتُ ❹	الأعراف :144
آتَيْتُمْ 5	تم نے دینا تھا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اٰفْعَلْتُمْ	اٰتَيْتُمْ ❹	البقرة :233
آتَيْتُمُوهُنَّ 4	تم نے دیا ان کو	//	//	//	//	//	//	اٰفْعَلْتُمْ	اٰتَيْتُمْ ❺	البقرة :229
آتِيكَ بِهِ 7	(میں) لے آؤں تمہارے پاس اس کو	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	اَفْعِل	اٰتِيُ ❻	النمل :39
آتِينَ 1	تم ادا کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مؤنث حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	اَفْعِلْنَ	اٰتِيْنَ ❼	الأحزاب :33
آتَيْنَا 70	ہم نے عطا کیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	اَفْعَلْنَا	اٰتَيْنَا ❼	البقرة :53
لَآتِيَنَّهُمْ 1	میں ہر صورت ان کے پاس آؤں گا	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	واحد متکلم	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	لَاَفْعِلَنَّ	لَاٰتِيَنُّ ❽	الأعراف :17
آتِيهِ 2	اس کے پاس آنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	//	//	فَاعِلُ	أٰتِيُ ❾	مریم :95
آثَارِ 11	نشانات	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مہموز الفاء	أ ث ر	اَفْعَالِ	اٰثَارِ ❿	الروم: 50

❶ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ) ،لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، لفظ ﴿آتُوْنِي﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:① تم دو، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② تم لاؤ، جیسا کہ سورۃ الکھف:96 میں ہے ﴿آتُوْنِي زُبَرَ الْحَدِيْدِ﴾ ''تم میرے پاس لوہے کے بڑے بڑے ٹکڑے لاؤ''۔ ❷ یہ اصل میں أٰتِيٌ تھا، اضافت کی وجہ سے تنوین گر گئی تو یہ آتِيُ ہو گیا، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ❸ ،ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مـــدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ❹ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ) ۔ ❺ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ :اٰمَنَ) ،تُمْ ضمیر کے بعد هُنَّ ضمیر لاحق ہونے کی وجہ سے واؤ کا اضافہ ہو گیا اور میم مضموم ہو گیا (قاعدہ :اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❻ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ) لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، اس کے اصل معنیٰ ''آنا'' ہیں مگر جب اس کا صلہ باء ہو تو اس کے معنیٰ ''لانا'' ہوتے ہیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے۔ ❼ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ :اٰمَنَ) ۔ ❽ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ:نون تاکید ثقیلہ)، اس کے شروع میں لام تاکید ہے۔ ❾ یہ اصل میں أٰتِيٌ تھا ،اضافت کی وجہ سے تنوین گر گئی تو یہ آتِيُ ہو گیا، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، شروع میں ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مـــدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ❿ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)،م: أُثُر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
آثَرَ 2	اس نے ترجیح دی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	أ ث ر	أَفْعَلَ	أَأْثَرَ ❶	النازعات :38
آثِمٌ 2	گناہ گار	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	أ ث م	فَاعِلٌ	أَأْثِمٌ ❷	البقرة :283
اٰثِمِيْنَ 1	گنہگاروں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	أَاْثِمِيْنَ ❸	المائدہ :106
آخِذٌ 1	پکڑنے والا	//	واحد مذکر	نصر	//	//	أ خ ذ	فَاعِلٌ	أَاٰخِذٌ ❹	ھود :56
آخِذِيْنَ 1	لینے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	آخِذِيْنَ ❺	الذاریات :16
آخِذِيْهِ 1	(تم) اسے لینے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْهِ	آخِذِيْنَ ❻	البقرة :267
آخَرَ 15	دوسرا	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	أ خ ر	أَفْعَلَ	أَأٰخَرَ ❼	الحجر:96
آخِرُ 30	آخری	//	//	//	//	//	//	فَاعِلٌ	أَاٰخِرُ ❽	یونس :10
آخَرَانِ 2	کوئی اور دو	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	أَفْعَلَانِ	أَأٰخَرَانِ ❾	المائدہ :106
الْآخِرَةُ 115	آخرت	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	أَاٰخِرَةٌ ❿	البقرة :94
آخَرُوْنَ 5	دوسرے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	أَفْعَلُوْنَ	أَأٰخَرُوْنَ ⓫	التوبة :102
آخَرِيْنَ 17	کچھ اور لوگ	//	//	//	//	//	//	أَفْعَلِيْنَ	أَأٰخَرِيْنَ ⓬	النساء :91
الْآخِرِيْنَ 10	پیچھے آنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	أَاٰخِرِيْنَ ⓭	الشعراء :84

❶ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ) ۔ ❷ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، ج: آثِمُوْنَ۔ ❸ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، م: آثِمٌ، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ❺ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: آخِذٌ۔ ❻ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، اضافت کی وجہ سے نون گر گیا ہے۔ ❼ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ : اَمَنَ)، یہ اسم بمعنی غیر ہے، ج: آخَرُوْنَ، بعض کے نزدیک یہ اسم تفضیل اور بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، اس کا مجرد سے کوئی فعل نہیں آتا، ثلاثی مزید فیہ تَأَخَّرَ کے ساتھ مجرد سے استغناء ہو گیا ہے، یہ وزن فعل اور صفت کی وجہ سے غیر منصرف ہے، لفظ ﴿آخَر﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① دوسرا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② ایک اور، جیسا کہ سورۃ المؤمنون:14 میں ہے ﴿خَلْقًا آخَرَ﴾ ''ایک اور صورت میں'' ③ اور کئی، جیسا کہ سورۃ ص:58 میں ہے ﴿آخَرُ﴾ ''اور کئی'' ۔ ❽ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، ج: آخِرُوْنَ، بعض کے نزدیک یہ اسم فاعل ہے، اس کا مجرد سے کوئی فعل نہیں آتا، ثلاثی مزید فیہ تَأَخَّرَ کے ساتھ مجرد سے استغناء ہو گیا ہے، لفظ ﴿آخِر﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① آخری، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② آخرت، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:62 میں ہے ﴿الْيَوْمِ الْآخِرِ﴾ ''یوم آخرت'' ③ اول کی ضد، جیسا کہ سورۃ الحدید3 میں ہے ﴿الْآخِرُ﴾ ''سب سے پیچھے''، یہ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے۔ ❾ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ)، م: آخَرُ، بعض کے نزدیک یہ اسم تفضیل ہے۔ ❿ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے یہ اسم فاعل کے وزن پر الآخِـرِ کی مؤنث ہے، لیکن یہاں بطور اسم جامد کے استعمال ہوا ہے کیونکہ یہ دار البقاء پر دلالت کرتا ہے، بعض کے نزدیک یہ اسم فاعل ہے۔ ⓫ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ) بعض کے نزدیک یہ اسم تفضیل ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓬ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ) بعض کے نزدیک یہ اسم تفضیل ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓭ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے بعض کے نزدیک یہ اسم فاعل ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
آدَمَ 25	آدم علیہ السلام	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	أ د م	أَفْعَلَ	❶ أَأْدَمَ	البقرة :31
آذَانٌ 12	کان	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	//	أ ذ ن	أَفْعَالٌ	❷ أَأْذَانٌ	الأعراف:179
اَنْ۔آذَنَ 3	کہ میں اجازت دوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	سمع	//	//	//	أَفْعَلَ	❸ أَأْذَنَ	الأعراف :123
آذَنّٰكَ 1	ہم نے تجھے صاف بتادیا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلْنَا	❹ أَأْذَنَّا	حم السجدة :47
آذَنْتُكُمْ 3	میں نے تمہیں خبردار کردیا ہے	//	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْتُ	❺ أَأْذَنْتُ	الأنبياء :109
ءٰالذَّكَرَيْنِ	کیا دونوں نر	یہ مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	❻ ءَالذَّكَرَيْنِ	الأنعام:143
آذَوْا 1	جنہوں نے تکلیف پہنچائی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ذ ی	أَفْعَوْا	❼ أَأْذَيُوا	الأحزاب :69
فَآذُوهُمَا 1	ان دونوں کو ایذا دو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعُوا	❽ أَأْذِيُوا	النساء :16
آذَيْتُمُونَا 1	تم ہمیں تکلیف پہنچاؤ گے	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	أَفْعَلْتُمْ	❾ أَأْذَيْتُمْ	ابراهيم :12

❶ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ)، یہ اسم علم ہے، لفظ آدم کے عجمی اور عربی ہونے میں اختلاف ہے:1 یہ عربی ہے کیونکہ بعض کے نزدیک انبیاء علیہم السلام کے تمام نام عجمی ہیں سوائے چار ناموں کے، آدم، صالح، شعیب، محمد علیہم السلام، پھر اس کے مشتق منہ میں اختلاف ہے:① یہ أَدِيْمُ الْأَرْضِ سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں روئے زمین، چونکہ آدم علیہ السلام کو روئے زمین کے مختلف حصوں سے مٹی لے کر پیدا کیا گیا ہے، اس لیے ان کا نام آدم رکھا گیا ہے ② یہ اَلْأُدْمَةُ سے مشتق ہے جس کے معنی میل جول اور محبت واتفاق کے ہیں چونکہ آدم علیہ السلام کے اندر طبعی طور پر دوسروں کی طرف میلان اور محبت کا خاصہ پایا جاتا ہے، اس لیے ان کا نام آدم رکھا گیا ہے ③ یہ اَلْأُدْمَةُ سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں گندم گوں چونکہ آدم علیہ السلام گندم گوں تھے، اس لیے ان کا نام آدم رکھا گیا ہے، اس صورت میں یہ علمیت اور وزن فعل کی بناء پر غیر منصرف ہوگا۔2 بعض کے نزدیک یہ عجمی یعنی سریانی یا عبرانی زبان کا لفظ ہے، یہ اصل میں آدَام بروزن فَاعَال تھا، دوسرے الف کو حذف کردیا، عبرانی زبان میں آدم خاک کو کہتے ہیں اسی مناسبت سے ان کا نام آدم یعنی خاکی ہوا، یا یہ فَاعَلَ کے وزن پر ہے، اس صورت میں یہ عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہوگا، آدم علیہ السلام سب سے پہلے انسان ہیں اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے ہاتھ سے بنایا اور ان میں روح پھونکنے کے بعد فرشتوں سے انہیں سجدہ کروایا اور حوا رضی اللہ عنہا کو ان کی پسلی سے پیدا فرما کر انہیں جنت میں بھیج دیا، شیطان کے بہکانے پر جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں زمین پر بھیج دیا، پھر ان کے توبہ کرنے پر ان کی توبہ قبول فرما کر انہیں معاف کردیا، یہ اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی اور رسول تھے، انہوں نے ایک ہزار سال عمر پائی تھی، ج : اَوَادِمُ ۔ ❷ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ) م: أُذُنٌ، أُذُنٌ ۔ ❸ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❹ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ)، دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدَّ)۔ ❺ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ)۔ ❻ یہ دو کلمے ہیں پہلا ہمزہ استفہام اور دوسرا اَلذَّكَرَيْنِ اسم معرف باللام تثنیہ مذکر ہے اس کے شروع میں ہمزہ وصلی ہے، اب دو ہمزے جمع ہوگئے، ہمزہ وصلی مفتوح پر ہمزہ استفہام داخل ہوا تو دوسرے ہمزہ وصلی کو الف سے تبدیل کرکے دو ساکنوں کے جمع ہونے کو وجوبی طور پر باقی رکھا (قاعدہ:آلْآنَ) ۔ ❼ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ)، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہوئے الف کو گرادیا (قاعدہ: قَالَ) ۔ ❽ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ)، یاء لام کلمہ میں مضموم اور اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے لہذا اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یا اور واؤ جمع ہونے سے یاء کو گرادیا (قاعدہ : رَضُوْا) ۔ ❾ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اَمَنَ)، تُمْ ضمیر کے بعد نَا ضمیر لاحق ہونے کی وجہ سے واؤ کا اضافہ ہوگیا اور میم مضموم ہوگیا (قاعدہ :اِتَّخَذْتُمُوْهُ) ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
آزَرَ 1	آزر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	أ ز ر	أَفْعَلَ	أَأْزَرَ ❶	الأنعام :74
فَآزَرَهُ 1	اسے مضبوط کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	//	//	//	فَاعَلَ	أَأْزَرَ ❷	الفتح :29
الْآزِفَةِ 2	قریب آنے والی گھڑی	اسم فاعل	واحد مؤنث	س، ك	ثلاثی مجرد	//	أ ز ف	فَاعِلَةِ	أَأْزِفَةِ ❸	المؤمن :18
آسٰى 1	میں غم کروں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	سمع	//	مہموز الفاء وناقص یائی	أ س ی	أَفْعَلُ	أَأْسَيُ ❹	الأعراف :93
آسَفُونَا 1	انھوں نے ہمیں غصہ دلایا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	أ س ف	اَفْعَلُوا	أَأْسَفُوا ❺	الزخرف :55
آسِنٍ 1	بگڑنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	أ س ن	فَاعِلٍ	أَأْسِنٍ ❻	محمد :15
الْآصَالِ 3	شام	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	أ ص ل	أَفْعَالِ	أَأْصَالِ ❼	الأعراف :205
الْآفَاقِ 1	دنیا کے کناروں	//	//	//	ثلاثی مجرد	//	أ ف ق	أَفْعَالِ	أَأْفَاقِ ❽	حم السجدة :53
الْآفِلِيْنَ 1	غروب ہونے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	//	//	أ ف ل	فَاعِلِيْنَ	أَأْفِلِيْنَ ❾	الأنعام :76
لَآكِلُوْنَ 2	کھانے والے	//	//	//	//	//	أ ك ل	فَاعِلُوْنَ	أَأْكِلُوْنَ ❿	الصافات:66
لِلْآكِلِيْنَ 1	کھانے والوں کے لیے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	أَأْكِلِيْنَ ⓫	المؤمنون :20
آلِ 26	قوم	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	أ ه ل	فَعْلِ	أَهْلِ ⓬	٢ البقرة :49
آلَاءَ 34	نعمتیں	//	جمع مکسر	//	//	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ل ی	أَفْعَالَ	أَأْلَايَ ⓭	الأعراف :69

❶ بعض کے نزدیک یہ بروزن فَاعَل عجمی یعنی عبرانی زبان کا لفظ ہے، جو علمیت اور عجمہ کی بناء پر غیر منصرف ہے، اور بعض کے نزدیک یہ عربی الوزر یا الأزر سے مشتق ہے، جو علمیت اور وزن فعل کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام ہے، تورات میں ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام تارخ ذکر کیا گیا ہے، ہوسکتا ہے ان کے دو نام ہوں یا ایک نام اور دوسرا لقب ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ اصل نام تارخ ہو پھر معرب بنا کر آزر بنا لیا گیا ہو۔ ❷ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ❸ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، اس سے مراد قیامت ہے۔ ❹ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ)۔ ❺ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)۔ ❻ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ❼ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، م: أَصِيلٌ یا أُصُلٌ بعض کے نزدیک یہ أُصُلٌ کی جمع ہے اور أُصُلٌ أَصِيلٌ کی جمع ہے۔ ❽ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، م: الْأُفُقُ بمعنی النَّاحِيَة ❾ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، م: آفِلٌ۔ ❿ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، م: آكِلٌ، یہ اس کی رفعی حالت ہے، اس کے شروع میں لام تاکید ہے۔ ⓫ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، م: آكِلٌ، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓬ ھا اور ھمزہ کے قریب المخرج ہونے کی وجہ سے ھا کو ہمزہ سے بدل دیا تو یہ أَأْل ہوگیا، پھر دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ) بعض کے نزدیک یہ مہموز الفاء واجوف واوی آلَ يَؤُوْلُ (لوٹنا) سے مشتق ہے یہ اصل میں أَوْلٌ تھا واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، چونکہ انسان اپنے اصل کی طرف لوٹتا ہے، اس لیے اسے آل کہتے ہیں، لفظ ﴿آل﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① قوم، پیروکار، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② گھرانہ، جیسا کہ سورۃ آل عمران:33 میں ہے ﴿اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ﴾ ''ابراہیم کے گھرانے کو''۔ ⓭ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ :اٰمَنَ) یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا (قاعدہ : دُعَاءٌ) م :اِلَيَّ ،اَلَيَّ ،اِلَى ،اَلَى ، یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
آلَافِ 2	ہزار	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ ل ف	أَفْعَالٍ	أَأْلَافٍ ❶	ال عمرٰن:124
ءٰآلذَّكَرَيْنِ	کیا دونوں نر	//	تثنیہ مذکر	//	//	صحیح	ذ ك ر	فَعَلَيْنِ	ءَالذَّكَرَيْنِ ❷	الأنعام:143
آلْئٰنَ 2	کیا اب	//	×	//	//	مہموز الفاء واجوف یائی	ء ی ن	فَعَلَ	ءَآلْئٰنَ ❸	یونس:51
آللّٰهُ	کیا اللہ	//	واحد مذکر	//	//	مہموز الفاء	أ ل ہ	فِعَالُ	ءَاللّٰهُ ❹	یونس:59
آلِهَةً 34	معبود	//	جمع مکسر	//	//	//	//	أَفْعِلَةٌ	أَأٰلِهَةً ❺	الأنعام:19
لَأَمُرَنَّهُمْ 2	(میں) انھیں ضرور حکم دوں گا	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	واحد متکلم	نصر	//	//	أ م ر	لَأَفْعُلَنَّ	أَأْمُرُ ❻	النساء:119
آمُرُهُ 1	میں اسے حکم دیتی ہوں	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	أَفْعُلُ	أَأْمُرُ ❼	یوسف:32
الْآمِرُونَ 1	(وہ) حکم دینے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُونَ	أٰمِرُونَ ❽	التوبة:112
آمَنَ 33	ایمان لائے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	أ م ن	أَفْعَ	أٰمَنَ ❾	البقرة:13
آمِنُ 1	ایمان لے آ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلْ	أٰمِنْ ❼	الأحقاف:17
آمِنًا 6	امن والا	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلًا	أٰمِنًا ❿	البقرة:126
آمَنَّا 33	ہم ایمان لائے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلْنَا	أٰمَنَّا ❶	البقرة:8

❶ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ) م: أَلْفٌ۔ ❷ اَلذَّكَرَيْنِ کے شروع میں ہمزہ استفہام ہے، ہمزہ وصلی مفتوح پر ہمزہ استفہام داخل ہوا تو دوسرے ہمزہ وصلی کو الف سے تبدیل کر کے التقائے ساکنین کو وجوبی طور پر باقی رکھا (قاعدہ:آلآنَ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے،م :ذَكَرٌ۔ ❸ الآنَ کے شروع میں ہمزہ استفہام ہے، ہمزہ وصلی مفتوح پر ہمزہ استفہام داخل ہوا تو دوسرے ہمزہ وصلی کو الف سے تبدیل کر کے دو ساکنوں کو وجوبی طور پر باقی رکھا (قاعدہ:آلآنَ)، یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ اسم ظرف زمان فتحہ پر مبنی ہے، اس کے شروع میں الف لام زائدہ لازمہ ہے۔ ❹ لفظ اللہ کے شروع میں ہمزہ استفہام ہے، ہمزہ وصلی مفتوح پر ہمزہ استفہام داخل ہوا تو دوسرے ہمزہ وصلی کو الف سے تبدیل کر کے التقائے ساکنین کو وجوبی طور پر باقی رکھا (قاعدہ:آلآنَ)، لفظ اَللّٰه اصل میں باب سَمِعَ کا مصدر بمعنی مفعول یعنی معبود ہے، یہاں یہ بطور علم کے استعمال ہو رہا ہے، اس کی تفصیل آگے لفظ اَللّٰه میں دیکھیں۔ ❺ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)،م: اِلٰهٌ ،اس کے بارے میں دو موقف ہیں:① اکثر اہل علم کے نزدیک یہ باب سَمِعَ کا مصدر بمعنی مفعول یعنی معبود ہے،② بعض کے نزدیک یہ اسم جامد اور عجمی ہے (دیکھیے بیضاوی)۔ ❻ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)، اس کے شروع میں لام تاکید ہے۔ ❼ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)۔ ❽ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❾ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، لفظ ﴿آمَنَ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے:① وہ ایمان لایا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء ہو،② بات ماننا، جیسا کہ سورۃ العنکبوت:26 میں ہے ﴿ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ﴾ ''تو لوط علیہ السلام نے اس کی بات مان لی''۔ ❿ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ⓫ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
آمِنَةً 1	امن والی	اسم فاعل	واحد مؤنث	سمع	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ م ن	فَاعِلَةٌ	أَأْمِنَةٌ ❶	النحل :112
آمَنَتْ 5	جو(نفس) ایمان لایا	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلَتْ	أَأْمَنَتْ ❷	الأنعام :158
آمَنْتُ 3	میں ایمان لے آیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْتُ	أَأْمَنْتُ ❷	یونس :90
آمَنْتُمْ 10	تم ایمان لائے ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتُمْ	أَأْمَنْتُمْ ❷	البقرة :137
آمَنُكُمْ 1	میں تمہارا اعتبار کروں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	أَفْعَلُ	أَأْمَنُ ❸	یوسف :64
آمَنَهُمْ 1	امن بخشا انہیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلَ	أَأْمَنَ ❹	قریش :4
آمَنُوْا 258	(جو) ایمان لے آئے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلُوْا	أَأْمَنُوْا ❸	البقرة :9
آمِنُوْا 18	ایمان لاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلُوْا	أَأْمِنُوْا ❸	البقرة :13
آمِنُوْنَ 2	(وہ) امن میں ہوں گے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلُوْنَ	أَأْمِنُوْنَ ❸	النمل :89
آمِنِيْنَ 8	امن والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	أَأْمِنِيْنَ ❼	یوسف :99
آمِّيْنَ 1	قصد کرنے والوں	//	//	نصر	//	مہموز الفاء ومضاعف ثلاثی	أ م م	فَاعِلِيْنَ	أَأْمِمِيْنَ ❽	المائدہ: 2 ع
آنٍ 1	کھولتے ہوئے	//	واحد مذکر	ضرب	//	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ن ی	فَاعٍ	أَأْنِيٍ ❾	الرحمٰن :44
الْآنَ 8	اب	اسم جامد	×	×	//	مہموز الفاء واجوف یائی	أ ی ن	فَعَلَ	أَيَنَ ❿	البقرة :71
آنَاءَ 3	اوقات	//	جمع مکسر	//	//	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ن ی	أَفْعَالٌ	أَأْنَايَ ⓫	ال عمران :113

❶ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ❷ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ :اٰمَنَ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء ہو۔ ❸ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کے بعد فُلَانًا عَلٰی کَذَا کی صورت ہو۔ ❹ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ ❺ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ :اٰمَنَ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء ہو۔ ❻ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❼ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے میم کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ :مَدّ)، ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ ❾، ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور، اس کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہوئے یاء کو گرا دیا (قاعدہ :تَرْمِيْنَ)۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ)، یہ ظرف زمان فتحہ پر مبنی ہے اور اس پر الف لام زائدہ لازمہ ہے۔ ⓫ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ : اٰمَنَ)، یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا (قاعدہ:دُعَاءٌ)، م:أَنَى ،اِنِى ،أَنِّىٰ ،اِنِّىٰ یا اَنُوْ، کبھی اس کے آخر میں آنے والے ہمزے کو یاء کے نیچے ہمزہ کی صورت میں لکھا جاتا ہے، جیسا کہ سورۃ طٰہٰ 130 میں ہے ﴿ مِنْ اٰنَائِ ﴾ بعض کے نزدیک یہ مہموز الفاء وناقص واوی ہے اصل میں أَأْنَاوٌ تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
آنَسَ 1	اس نے دیکھی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	أ ن س	أَفْعَلَ	أَأْنَسَ ❶	القصص:29
آنَسْتُ 3	میں نے دیکھی ہے	//	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْتُ	أَأْنَسْتُ ❶	طٰہٰ:10
آنَسْتُمْ 1	(تم) معلوم کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتُمْ	أَأْنَسْتُمْ ❶	النساء:6
آنِفًا 1	ابھی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	أ ن ف	فَاعِلًا	أَانِفًا ❷	محمد:16
بِآنِيَةٍ 2	برتن	//	جمع مکسر	//	//	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ن ی	أَفْعِلَةٍ	أَأْنِيَةٍ ❸	الدھر:15
آنِيَةٍ 2	کھولتے ہوئے پانی	اسم فاعل	واحد مؤنث	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلَةٍ	أَانِيَةٍ ❹	الغاشیۃ:5
آوٰى 4	اس نے جگہ دی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء ولفیف مقرون	أ و ی	أَفْعَلَ	أَأْوَىٰ ❺	یوسف:69
آوَوْا 2	(جنھوں نے) جگہ دی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَوْا	أَأْوَيُوْا ❻	الأنفال:72
آوِي 2	میں پناہ لوں گا	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	أَفْعِلُ	أَأْوِيُ ❼	ھود:80
آوَيْنَاهُمَا 1	ہم نے دونوں کو جگہ دی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلْنَا	أَأْوَيْنَا ❽	المؤمنون:50
آيَاتٍ 295	آیات	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	ثلاثی مجرد	//	أ ی ی	فَعَلَاتٍ	أَيْيَاتٍ ❾	البقرۃ:99
آيَةٍ 86	آیت	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَةٍ	أَيْيَةٍ ❿	البقرۃ:106
آيَتَيْنِ 1	دو نشانیاں	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَتَيْنِ	أَيْيَتَيْنِ ⓫	بنی اسرائیل 12:

❶ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)۔ ❷ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، یہ اسم ظرف زمان ہے اور بعض کے نزدیک یہ اسم فاعل ہے اس کا فعل غیر مستعمل ہے۔ ❸ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ :اٰمَنَ)،م : اِنَاءٌ ۔ ❹ ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے ❺ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قَالَ)۔ ❻ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ : اٰمَنَ) ، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ :قَالَ) ، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❼ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا (قاعدہ:اٰمَنَ)، یاء لام کلمہ میں مضموم اور اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے تو اس کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❽ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزے کو پہلے ہمزے کی حرکت فتحہ کے مطابق وجوبی طور پر حرف علت الف سے بدل دیا(قاعدہ:اٰمَنَ)۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قَالَ) تو یہ أَيْيَاتٍ ہو گیا، پھر ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی ،اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، لفظ ﴿آيَات﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① آیات، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نشانیاں، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:164 میں ہے ﴿لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ﴾ ''ان لوگوں کے لیے یقیناً بہت سی نشانیاں ہیں جو سمجھتے ہیں''، م:آيَةٌ ۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قَالَ) تو یہ أَيْيَةٍ ہو گیا، پھر ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، لفظ ﴿آيَة﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① آیت، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نشانی اور عبرت، جیسا کہ سورۃ یونس:92 میں ہے ﴿آيَةً﴾ ''نشانی'' ③ معجزہ، جیسا کہ سورۃ المؤمنون:50 میں ہے ﴿آيَةً﴾ ''معجزہ''، ج :آيٰتٌ و آيَاتٌ ۔ ⓫ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قَالَ) تو یہ أَيْيَتَيْنِ ہو گیا، پھر ہمزہ کے بعد الف ساکن آنے کی وجہ سے ہمزہ پر مدّ آ گئی، اسے کھڑی زبر کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے، م : آيَةٌ ، ج: آيَاتٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الهمزه (أ)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَ	کیا	حرف استفہام	×	×	×	×	×	×	×❶	یوسف:90
اِئْتِ 6	تو لے آ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ت ی	اِفْعِ	اِتْیَ ❷	یونس:15
أُوْتُمِنَ 1	اعتبار کیا گیا ہے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	أ م ن	أُفْتُعِلَ	×	البقرة:283
اِئْتِنَا 7	تو آ جا ہمارے پاس	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ت ی	اِفْعِ	اِتْیَ ❸	الأنعام:71
اِئْتُوْا 14	تم آ جاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	//	اِفْعُوْا	اِتْیُوْا ❹	طٰہٰ :64
اِئْتُوْنِی 7	تم میرے پاس لے کر آؤ	//	//	//	//	//	//	//	اِتْیُوْا ❹	یونس:79
اِئْتِیَا 3	تم دونوں آؤ	//	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلَا	×❺	حم السجدة:11
اِئْذَنْ 2	اجازت دے دے	//	واحد مذکر حاضر	سمع	//	مہموز الفاء	أ ذ ن	اِفْعَلْ	×❻	التوبة:49
أَئِمَّةَ 5	پیشواؤں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء ومضاعف ثلاثی	أ م م	أَفْعِلَةَ	أَئْمِمَةَ ❼	التوبة :12
أَبَا 11	باپ	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء وناقص واوی	أ ب و	فَعَا	اَبَوَ ❽	الأحزاب:40
أَبٰی 7	اس نے انکار کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	//	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ب ی	فَعَلَ	أَبَیَ ❾	البقرة : 34
أَبًا 1	باپ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مہموز الفاء وناقص واوی	أ ب و	فَعَا	اَبَوٌ ❿	یوسف:78
أَبًّا 1	چارا	//	اسم جنس	//	//	مہموز الفاء ومضاعف ثلاثی	أ ب ب	فَعْلًا	أَبْبًا ⓫	عبس :31

❶ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسَلُ) پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا، پھر لَمْ جازمہ کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسَلُ)، یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❸ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسَلُ) تو یہ تَرَيُوْنَ ہو گیا، یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا تو یہ تَرَوْنَ ہو گیا، پھر آخر میں نون تاکید ثقیلہ لگا دیا تو نون اعرابی حذف ہو گیا اور چونکہ یہ جمع مذکر حاضر کا صیغہ ہے اس لیے واؤ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❺ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسَلُ)، تو یہ تَرَيِيْنَ ہو گیا، آخر میں نون تاکید ثقیلہ لگانے سے نون اعرابی حذف ہو گیا پھر دو ساکن یاء اور نون تاکید جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ **فائدہ**: إِمَّا اصل میں إِنْ مَا تھا، إِنْ حرف شرط اور مَا زائدہ ہے۔ ❻ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسَلُ)، تو یہ تُرِئُ ہو گیا، اس کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہو گیا، (قاعدہ نون تاکید ثقیلہ) نون تاکید اصل میں مفتوح تھا، اس کے بعد یاء متکلم آنے کی وجہ سے اسے کسرہ دے دیا، تین نون یعنی دو نون تاکید اور ایک نون وقایہ جمع ہونے کی وجہ سے ثقل سے بچنے کے لیے نون وقایہ کو حذف کر دیا۔ **فائدہ**: إِمَّا اصل میں إِنْ مَا تھا، إِنْ حرف شرط اور مَا زائدہ ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، یہ فعل ناقص ہے، اس سے پہلے نفی کا آنا لازمی ہے، یہ استمرار پر دلالت کرتا ہے۔ ❽ باب تفاعل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک کو تخفیفاً حذف کر دیا (قاعدہ: تائے افتعال)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَنْ ہو، ایک طرف ہونا، ہٹنا، بچ کر یا کٹ کر نکلنا۔ ❾ لائے نہی نے آخر میں جزم دی ہے، یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، (قاعدہ: يُقَالُ) پھر دو ساکن یاء اور دال جمع ہونے سے یاء گر گئی، دال اصل میں ساکن تھا اسے آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا۔ ❿ باب افتعال کے فاء کلمہ میں زاء واقع ہوئی تو تائے افتعال کو دال سے بدل دیا (قاعدہ: تائے افتعال)، یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَزْدَرِیْ 1	نیچے دیکھتی ہیں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ز ر ی	تَفْتَعِلُ	تَزْتَرِیُ ❶	ھود:31
لَا۔تَزِرُ 5	نہ اٹھائے گی	فعل مضارع منفی معلوم	//	ضرب	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ز ر	تَعِلُ	تَوْزِرُ ❷	الأنعام:164
تَزْرَعُوْنَ 2	تم کھیتی باڑی کرو گے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	//	صحیح	ز ر ع	تَفْعَلُوْنَ	×	یوسف:47
تَزْعُمُوْنَ 4	گمان کرتے رہے	//	//	نصر	//	//	ز ع م	تَفْعُلُوْنَ	//	الأنعام:22
لَا۔تُزِغْ 1	نہ ٹیڑھا کرنا	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ز ی غ	تُفِلُ	تُزْیِغُ ❸	ال عمران:8
تَزَكّٰى 3	پاک رہا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعّل	//	ناقص واوی	ز ك و	تَفَعَّلَ	تَزَكَّوَ ❹	طٰہٰ:76
أَنْ۔تَزَكّٰى 1	پاک ہوجائے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	//	تَتَزَكَّوُ ❺	النازعات:18
فَلَا۔تُزَكُّوْا 1	تو نہ پاک صاف بتاؤ	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	//	//	//	تُفَعُّوْا	تُزَكِّوُوْنَ ❻	النجم:32
تُزَكِّيْهِمْ 1	پاک کرتے رہے ان (کے باطن) کو	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفَعِّلُ	تُزَكِّوُ ❼	التوبۃ:103
فَتَزِلَّ 1	کہ ڈگمگا جائے	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ز ل ل	تَفْعِلَ	تَزْلِلُ ❽	النحل:94
تَزْهَقَ 2	نکل جائیں	//	//	فتح	//	صحیح	ز ہ ق	تَفْعَلَ	تَزْهَقُ ❾	التوبۃ:55
تَزَوَّدُوْا 1	زادراہ لے لو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ز و د	تَفَعَّلُوْا	×	البقرۃ:197
لِتَزُوْلَ 1	کہ ہل جاتے	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	ز و ل	تَفْعُلَ	تَزْوُلَ ❿	ابراھیم:46
أَنْ۔تَزُوْلَا 1	کہ وہ ٹل نہ جائیں	//	تثنیہ مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعُلَا	تَزْوُلَانِ ⓫	فاطر:41
فَمَا۔تَزِيْدُوْنَنِي	بس نہیں بڑھا رہے ہو تم مجھے	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	//	اجوف یائی	ز ی د	تَفْعِلُوْنَ	تَزْیِدُوْنَ ⓬	ھود:63
تَزَيَّلُوْا 1	الگ ہوجاتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	ز ی ل	تَفَعَّلُوْا	×	الفتح:25

❶ باب افتعال کے فاء کلمہ میں زاء واقع ہوئی تو تائے افتعال کو دال سے بدل دیا (قاعدہ :تائے افتعال)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❷ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہوکر گرگئی (قاعدہ :یَعِدُ)۔ ❸ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا وہ اپنی حالت پر قائم رہی (قاعدہ: یُقَالُ) لائے نہی نے آخر دی تو دو ساکن یاء اور غین جمع ہونے سے یاء گرگئی۔ ❹ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب پانچویں جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ:یرضی) ، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ❺ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چھٹی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ:یرضی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، باب تفاعل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک کو تخفیفا حذف کردیا (قاعدہ :تائے افتعال) ۔ ❻ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول نَفْسَهٗ ہو۔ ❼ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب پانچویں جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ:یرضی)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)، یا پھر واؤ طرف کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہوکر یاء ہوگئی، پھر قاعدہ رضوا سے ساکن ہوگئی۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دے دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، فاء کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❾ بواسطہ حرف عطف واؤ لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ) ، لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ⓫ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا ہے۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، (قاعدہ: یُقَالُ)، اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر مفعول بہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَسَاءَلُوْنَ 1	تم آپس میں سوال کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز العین	س ء ل	تَفَاعَلُوْنَ	تَتَسَاءَلُوْنَ ❶	النساء:1
تُسَاقِطْ 1	وہ گرائے گا	//	واحد مؤنث غائب	مفاعلہ	//	صحیح	س ق ط	تُفَاعِلْ	تُسَاقِطُ ❷	مریم:25
تَسُؤْكُمْ 3	تو وہ تم کو بری لگیں	//	//	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی ومہموز اللام	س و ء	تَفُلْ	تَسُوْءُ ❸	المائدۃ:101
لَا ۔ تُسْأَلُ 1	نہیں پوچھ گچھ ہوگی آپ سے	فعل مضارع منفی مجہول	واحد مذکر حاضر	فتح	//	مہموز العین	س ء ل	تُفْعَلُ	×	البقرۃ:119
فَلَا ۔ تَسْأَلْنِ 1	پس نہ سوال کرنا مجھ سے	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلْ	تَسْأَلْنِيْ ❹	ھود:46
لَتُسْئَلُنَّ 3	کہ ضرور تم سے پوچھ ہوگی	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ مجہول	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	لَتُفْعَلُنَّ	تُسْئَلُوْنَ ❺	النحل:56
فَلَا ۔ تَسْأَلْنِيْ 1	تو نہ سوال کرنا مجھ سے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلْ	تَسْأَلُ ❻	الکھف:70
مَا ۔ تَسْأَلُهُمْ 1	نہیں ہیں آپ مانگتے ان سے	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلُ	×	یوسف:104
تَسْأَلُهُمْ 3	تم ان سے مانگتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	//	المؤمنون:72
أَنْ ۔ تَسْئَلُوْا 1	کہ تم ان سے سوالات کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْا	تَسْئَلُوْنَ ❼	البقرۃ:108
لَا ۔ تَسْئَلُوْا 1	نہ سوال کیا کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تَسْئَلُوْنَ ❽	المائدۃ:101
اِنْ ۔ تَسْئَلُوْا 1	اگر تم سوال کرو گے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَسْئَلُوْنَ ❾	المائدۃ:101
لَا ۔ تُسْئَلُوْنَ 3	تم سے پوچھ نہیں ہوگی	فعل مضارع منفی مجہول	//	//	//	//	//	تُفْعَلُوْنَ	×	البقرۃ:134
تُسْئَلُوْنَ 2	تم سے پوچھ گچھ ہو	فعل مضارع مجہول	//	//	//	//	//	//	//	الأنبیاء:13
لَا ۔ تَسْئَمُوْا 1	نہ تم اکتاؤ	فعل نہی حاضر معلوم	//	سمع	//	//	س ء م	تَفْعَلُوْا	تَسْئَمُوْنَ ❿	البقرۃ:282
تُسَبِّحُ 1	پاکی بیان کرتے ہیں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س ب ح	تُفَعِّلُ	×	بنی اسرائیل:44
تُسَبِّحُوْنَ 1	تم تسبیح کرتے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفَعِّلُوْنَ	//	القلم:28
تُسَبِّحُوْهُ 1	اس کی تسبیح بیان کرو	//	//	//	//	//	//	تُفَعِّلُوْ	تُسَبِّحُوْنَ ⓫	الفتح:9
مَا ۔ تَسْبِقُ 2	نہیں آگے بڑھ سکتی	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	س ب ق	تَفْعِلُ	×	الحجر:5
لَا ۔ تَسُبُّوْا 1	آپ گالی دیں	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	س ب ب	تَفْعُلُوْا	تَسُبُّوْنَ ⓬	الأنعام:108

❶ باب تفعّل میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کر دیا۔ ❷ یہ امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ اور ہمزہ جمع ہونے سے واؤ کو گرا دیا، اِنْ شرطیہ کی جزا واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے، اسی طرح سورۃ ال عمران :120، سورۃ التوبۃ :50 میں ﴿ تَسُؤْهُمْ ﴾ ہے۔ ❹ اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، اور یاء ضمیر متکلم حذف ہوگئی ہے۔ ❺ نون تاکید ثقیلہ لاحق ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، پھر دو ساکن واؤ اور نون جمع ہونے سے واؤ بھی گر گئی (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❻ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ❼ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❾ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❿ بواسطہ حرف عطف واؤ لام کَیْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے باء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے باء کا دوسرے باء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: يَمُدُّ)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَسْبِيحَهُ 2	اپنی تسبیح	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س ب ح	تَفْعِيلَ	×	النور:41
لَا ـ تَسْتَخِرُوْنَ 1	نہیں پیچھے رہو گے تم	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	استفعال	//	مہموز الفاء	ء خ ر	تَسْتَفْعِلُوْنَ	//	سبا:30
حَتّٰى ـ تَسْتَأْنِسُوْا 1	حتی کہ تم اجازت لے لو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	ء ن س	تَسْتَفْعِلُوْا	تَسْتَأْنِسُوْنَ ❶	النور:27
تَسْتَبْدِلُوْنَ 1	تم بدل لینا چاہتے ہو	//	//	//	//	صحیح	ب د ل	تَسْتَفْعِلُوْنَ	×	البقرة:61
لِتَسْتَبِيْنَ 1	تاکہ واضح ہو جائے	واحد مؤنث غائب	//	//	//	اجوف یائی	ب ی ن	تَسْتَفْعِلَ	تَسْتَبِيْنُ ❷	الأنعام:55
تَسْتَتِرُوْنَ 1	تم چھپتے	جمع مذکر حاضر	افتعال	//	//	صحیح	س ت ر	تَفْتَعِلُوْنَ	×	حم السجدة:22
فَتَسْتَجِيْبُوْنَ 1	تو جواب دو گے تم	//	//	استفعال	//	اجوف واوی	ج و ب	تَسْتَفْعِلُوْنَ	تَسْتَجْوِبُوْنَ ❸	بنی اسرائیل:52
تَسْتَخْرِجُوْا 1	تاکہ تم نکالو	//	//	//	//	صحیح	خ ر ج	تَسْتَفْعِلُوْا	تَسْتَخْرِجُوْنَ ❹	النحل:14
تَسْتَخْرِجُوْنَ 1	نکالتے ہو تم	//	//	//	//	//	//	تَسْتَفْعِلُوْنَ	×	فاطر:12
تَسْتَخِفُّوْنَهَا 1	تم ہلکا محسوس کرتے ہو ان کو	//	//	//	//	مضاعف ثلاثی	خ ف ف	//	تَسْتَخِفُّوْنَ ❺	النحل:80
أَنْ ـ تَسْتَرْضِعُوْا 1	کہ دودھ پلواؤ تم	//	//	//	//	صحیح	ر ض ع	تَسْتَفْعِلُوْا	تَسْتَرْضِعُوْنَ ❻	البقرة:233
لَمْ ـ تَسْتَطِعْ 1	نہ طاقت تھی تجھ کو	فعل نفی جحد بلم معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	اجوف واوی	ط و ع	تَسْتَفِلَ	تَسْتَطُوْعْ ❼	الكهف:78
فَلَنْ ـ تَسْتَطِيْعَ 4	پھر بالکل نہ رہے تجھے طاقت	فعل نفی تاکید بلن معلوم	//	//	//	//	//	تَسْتَفْعِلَ	تَسْتَطُوْعْ ❽	الكهف:41
لَنْ ـ تَسْتَطِيْعُوْا 1	بالکل نہیں تم میں استطاعت	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَسْتَفْعِلُوْا	تَسْتَطُوْعُوْنَ ❾	النساء:129
فَمَا ـ تَسْتَطِيْعُوْنَ 1	پس تم نہ طاقت رکھتے ہو	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	تَسْتَفْعِلُوْنَ	تَسْتَطُوْعُوْنَ ❿	الفرقان:19
لَا ـ تَسْتَعْجِلْ 1	نہ جلدی مانگو	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	صحیح	ع ج ل	تَسْتَفْعِلَ	تَسْتَعْجِلُ ⓫	الأحقاف:35
تَسْتَعْجِلُوْنَ 5	تم جلدی طلب کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَسْتَفْعِلُوْنَ	×	الأنعام:57
فَلَا ـ تَسْتَعْجِلُوْنِ 1	تو نہ جلدی کرو تم	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تَسْتَفْعِلُوْ	تَسْتَعْجِلُوْنَ ⓬	الأنبياء:37
فَلَا ـ تَسْتَعْجِلُوْهُ 1	پس نہ جلدی مچاؤ اس کی	//	//	//	//	//	//	//	تَسْتَعْجِلُوْنَ ⓭	النحل:1
لَا ـ تَسْتَغْفِرْ 1	نہ بخشش مانگ	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	غ ف ر	تَسْتَفْعِلَ	تَسْتَغْفِرُ×	التوبة:80

❶ حَتّٰى کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، لام كَيْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❹ بواسطہ حرف عطف واؤ لام كَيْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❺ دو متحرک ہم جنس حرف فاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے فاء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے فاء کا دوسرے فاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: يَمُدُّ)۔ ❻ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❼ لَمْ نے آخر میں جزم دی ہے، واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور عین جمع ہونے سے یاء گر گئی۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ⓫ لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ⓬ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یاء ضمیر متکلم بھی تخفیفاً حذف ہو گئی ہے۔ ⓭ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اِنْ_تَسْتَغْفِرْ 1	اگر تو بخشش مانگے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	استفعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	غ ف ر	تَسْتَفْعِلُ	تَسْتَغْفِرُ ❶	التوبة:80
لَمْ_تَسْتَغْفِرْ 1	نہ مغفرت مانگیں	فعل نفی جحد بلم معلوم	//	//	//	//	//	//	تَسْتَغْفِرُ ❷	المنافقون:6
تَسْتَغْفِرُوْنَ 1	تم بخشش مانگتے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَسْتَفْعِلُوْنَ	//	النمل:46
تَسْتَغِيْثُوْنَ 1	تم فریاد کر رہے تھے	//	//	//	//	اجوف واوی	غ و ث	//	تَسْتَغْوِثُوْنَ ❸	الأنفال:9
لَا_تَسْتَفْتِ	نہ پوچھنا	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	ناقص یائی	ف ت ی	تَسْتَفْعِ	تَسْتَفْتِيْ ❹	الكهف:22
اِنْ_تَسْتَفْتِحُوْا 1	اگر تم فتح مانگتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	صحیح	ف ت ح	تَسْتَفْعِلُوْا	تَسْتَفْتِحُوْنَ ❺	الأنفال:19
تَسْتَفْتِيَانِ 1	تم مجھ سے پوچھ رہے تھے	//	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	ناقص یائی	ف ت ی	تَسْتَفْعِلَانِ	×	يوسف:41
لَا_تَسْتَقْدِمُوْنَ 1	تم نہ آگے بڑھ سکو گے	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	صحیح	ق د م	تَسْتَفْعِلُوْنَ	//	سبا:30
أَنْ_تَسْتَقْسِمُوْا 1	کہ تم قسمت آزمائی کرو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	ق س م	تَسْتَفْعِلُوْا	تَسْتَقْسِمُوْنَ ❻	المائدة:3
تَسْتَكْبِرُوْنَ 1	تکبر کرتے رہے تھے	//	//	//	//	//	ك ب ر	تَسْتَفْعِلُوْنَ	×	الأنعام:93
تَسْتَكْثِرُ 1	زیادہ طلب کرنے کے لیے	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	ك ث ر	تَسْتَفْعِلُ	//	المدثر:6
لَا_تَسْتَمِعُوْنَ 1	تم نہیں سنتے ہو	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	//	//	س م ع	تَفْتَعِلُوْنَ	//	الشعراء:25
تَسْتَهْزِءُوْنَ 1	ہنسی مذاق کر رہے تھے	فعل مضارع معلوم	//	استفعال	//	مہموز اللام	ه ز ء	تَسْتَفْعِلُوْنَ	//	التوبة:65
لِتَسْتَوُوْا 1	تاکہ تم چڑھ بیٹھو	//	//	افتعال	//	لفیف مقرون	س و ی	تَفْتَعُوْا	تَسْتَوُوْنَ ❼	الزخرف:13
تَسْتَوِي 1	برابر ہو سکتے ہیں	//	واحد مؤنث غائب	افتعال	//	//	//	تَفْتَعِلُ	تَسْتَوِيْ ❽	الرعد:16
لَا_تَسْتَوِي 1	نہیں برابر ہو سکتی	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تَسْتَوِيْ ❾	حم السجدة:34
أَلَّا_تَسْجُدَ 1	کہ تو سجدہ کرے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	س ج د	تَفْعُلَ	تَسْجُدَ ❿	الأعراف:12
أَنْ_تَسْجُدَ 1	کہ تو سجدہ کرے	//	//	//	//	//	//	//	تَسْجُدَ ❿	ص:75
لَا_تَسْجُدُوْا 1	نہ تم سجدہ کرنا	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعُلُوْا	تَسْجُدُوْنَ ⓫	حم السجدة:37
لِتَسْحَرَنَا 1	تاکہ تو ہم پر جادو کر دے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	//	//	س ح ر	تَفْعَلَ	تُسْحَرُ ⓬	الأعراف:132
تُسْحَرُوْنَ 1	تم کو جادو ہو جاتا	فعل مضارع مجہول	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعَلُوْنَ	×	المؤمنون:89
اِنْ_تَسْخَرُوْا 1	اگر تم تمسخر کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	سمع	//	//	س خ ر	تَفْعَلُوْا	تَسْخَرُوْنَ ⓭	هود:38
تَسْخَرُوْنَ 1	تم مذاق کرو گے	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	هود:38

❶ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❷ لَمْ نے آخر میں جزم دی ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❹ لائے نہی کی وجہ سے آخر سے حرف علت یاء گر گئی۔ ❺ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❻ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر ❽ اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❾ لام کلمہ میں حرف علت یاء دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، لَامْ كَيْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ⓫ اس کے شروع میں اَلَّا ہے جو اصل میں اَنْ لَا تھا، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے اس کے آخر میں نصب آئی ہے، اور لا زائدہ ہے۔ ⓬ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے اس کے آخر میں نصب آئی ہے۔ ⓭ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓮ لام كَيْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	
تَسُرُّ 1	وہ خوش کرتی ہو	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س ر ر	تَفْعُلُ	تَسْرُرُ ❶	البقرة:69
تَسْرَحُوْنَ 1	صبح چرانے لے جاتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	فتح	//	صحیح	س ر ح	تَفْعَلُوْنَ	×	النحل:6
لَا۔ تُسْرِفُوْا 1	نہ فضول خرچی کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	س ر ف	تُفْعِلُوْا	تُسْرِفُوْنَ ❷	الأنعام:141
تُسِرُّوْنَ 3	تم چھپاتے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	مضاعف ثلاثی	س ر ر	تُفْعِلُوْنَ	تُسْرِرُوْنَ ❶	النحل:19
تَسْرِيْحٌ 1	چھوڑ دینا	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	صحیح	س ر ح	تَفْعِيْلٌ	×	البقرة:229
لَمْ ۔ تَسْطِعْ 1	نہ طاقت تھی تجھ کو	فعل نفی جحد بلم معلوم	واحد مذکر حاضر	استفعال	//	اجوف واوی	ط و ع	تَسْفِلُ	تَسْتَطْوِعْ ❸	الكهف:78
تِسْعَ 4	نو	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ت س ع	فِعْلٌ	×❹	بنی اسرائیل:101
تَسْعٰى 3	اس نے کوشش کی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	فتح	//	ناقص یائی	س ع ی	تَفْعَلُ	تَسْعَىُ ❺	طٰه:15
تِسْعَةُ 1	نو	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	صحیح	ت س ع	فِعْلَةٌ	×❺	النمل:48
تِسْعَةَ عَشَرَ 1	انیس	//	//	//	//	//	//	فِعْلَةَ	×❼	المدثر:30
تِسْعُوْنَ 1	نوے	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فِعْلُوْنَ	×❽	ص:23
لَا۔ تَسْفِكُوْنَ 1	نہ تم بہانا	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	//	//	س ف ك	تَفْعِلُوْنَ	×	البقرة:84
تُسْقٰى 1	ان کو پانی پلایا جائے گا	فعل مضارع مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	ناقص یائی	س ق ی	تُفْعَلُ	تُسْقَىُ ❷	الغاشية:5
مَا ۔ تَسْقُطُ 1	نہیں گرتا	فعل مضارع منفی معلوم	//	نصر	//	صحیح	س ق ط	تَفْعُلُ	×	الأنعام:59
تُسْقِطَ 1	گرادے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفْعِلَ	تُسْقِطُ ❹	بنی اسرائیل:92
لَا۔ تَسْقِي 1	نہ پانی دیتی ہو	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	س ق ی	تَفْعِلُ	تَسْقِيْ ❿	البقرة:71
لَمْ ۔ تُسْكَنْ 1	نہ آباد ہوئے	فعل نفی جحد بلم مجہول	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س ك ن	تُفْعَلُ	تُسْكَنُ	القصص:58
لِتَسْكُنُوْا 4	تاکہ تم آرام کرو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	تَفْعُلُوْا	تَسْكُنُوْنَ ⓫	يونس:67
تَسْكُنُوْنَ 1	تم سکون کرسکو	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلُوْنَ	×	القصص:72
لِتَسْلُكُوْا 1	تاکہ تم چلو پھرو	//	//	//	//	//	س ل ك	تَفْعُلُوْا	تَسْلُكُوْنَ ⓫	نوح:20
تُسَلِّمُوْا 1	سلام کہہ لو	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	س ل م	تُفَعِّلُوْا	تُسَلِّمُوْنَ ⓬	النور:27

❶ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے راء کا دوسرے راء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: يَمُدُّ) ۔ ❷ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ لَمْ نے آخر میں جزم دی، واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور عین جمع ہونے سے یاء گر گئی، اس میں تائے استفعال کو بھی مذکر کر دیا گیا ہے، کیونکہ یہ اس میں ایک لغت ہے، جیسے: اِسْتَطَاعَ اور اِسْطَاعَ ۔ ❹ یہ اسم عدد مذکر اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز اٰیٰتٍ مؤنث ہے، اضافت کی وجہ سے تنوین بھی گر گئی ہے۔ ❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❻ یہ اسم عدد مؤنث اس لیے آیا کہ اس کی تمیز رَهْطٍ مذکر ہے اضافت کی وجہ سے تنوین بھی گر گئی ہے۔ ❼ یہ اسم عدد عَشَرَ کے ساتھ مرکب ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے۔ ❽ یہ اسم عدد مذکر اور مؤنث کے لیے انہی لفظوں کے ساتھ آتا ہے، جمع مذکر سالم کے مشابہ ہونے کی وجہ سے اس کی رفعی حالت واؤ اور نون کے ساتھ آتی ہے۔ ❾ بواسطہ حرف عطف اَوْ، حَتّٰى کے بعد مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے ۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ⓫ لَامِ كَيْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓬ بواسطہ حرف عطف واو، حَتّٰى کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تُسْلِمُوْنَ 1	اطاعت گزار بنے رہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س ل م	تُفْعِلُوْنَ	×	النحل:81
تَسْلِيْمًا 3	تسلیم کرنا	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	//	//	تَفْعِيْلًا	//	النساء:65
تَسْمَعُ 1	سنتے ہو	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	//	س م ع	تَفْعَلُ	//	مریم:98
فَلَا تَسْمَعُ 1	تو نہ تو سنے گا	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	//	طٰہٰ:108
تَسْمَعُ 1	تو تم توجہ سے سنتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَسْمَعُ ❶	المنافقون:4
لَا تَسْمَعُ 1	نہ سنیں گے	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعَلُ	×	الغاشیۃ:11
تُسْمِعُ 4	سنا سکتا ہے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفْعِلُ	//	یونس:42
لَا تُسْمِعُ 4	نہ ہی سنا سکتا ہے	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	//	النمل:80
لَتَسْمَعُنَّ 1	تم ضرور سنو گے	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	لَتُفْعَلُنَّ	تَسْمَعُوْنَ ❷	ال عمرٰن:186
لَا تَسْمَعُوْا 1	نہ سنو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْا	تَسْمَعُوْنَ ❸	حٰمٓ السجدۃ:26
تَسْمَعُوْنَ 1	سن رہے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	الأنفال:20
فَلَا تَسْمَعُوْنَ 1	بھلا نہیں سن رہے ہو تم	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	//	القصص:71
تُسَمّٰى 1	جس کا نام رکھا گیا ہے	فعل مضارع مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	تُفَعَّلُ	تُسَمَّوْ ❹	الدھر:18
تَسْمِيَةَ 1	نام	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	تَفْعِلَةَ	تَسْمِيَوَ ❺	النجم:27
تَسْنِيْم 1	تسنیم	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	س ن م	تَفْعِيْلٌ	×❻	المطففین:27
تُسَوّٰى 1	برابر کردی جائے	فعل مضارع مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	//	لفیف مقرون	س و ی	تُفَعَّلُ	تُسَوَّیُ ❼	النساء:42
تَسْوَدُّ 1	سیاہ پڑ جائیں گے	فعل مضارع معلوم	//	اِفْعِلَال	//	اجوف واوی	س و د	تَفْعَلُّ	×	ال عمرٰن:106
تَسَوَّرُوْا 1	وہ دیوار پھاند کر آ گئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	تفعّل	//	//	س و ر	تَفَعَّلُوْا	//	صٓ:21
تَسِيْرُ 1	چلنے لگیں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	س ی ر	تَفْعِلُ	تَسْيِرُ ❽	الطور:10
تُسِيْمُوْنَ 1	تم چراتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	س و م	تُفْعِلُوْنَ	تُسْوِمُوْنَ ❾	النحل:10
تَشَاءُ 9	چاہتا ہے	//	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ش ی ء	تَفْعَلُ	تَشْيِءُ ❿	ال عمرٰن:26

❶ اِنْ شرطیہ کی جزا واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❷ نون تاکید ثقیلہ لاحق ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، پھر دو ساکن واؤ اور نون تاکید جمع ہونے سے واؤ بھی گر گئی (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❸ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب پانچویں جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❺ یہ اصل میں تَسْمِيَوَ بروزن تَفْعِيَلَ تھا، واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ)، تو یہ تَسْمِيٌّ ہو گیا، پھر تخفیفاً ایک یاء کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء لے آئے اور دوسری یاء کو فتحہ دے دیا، یا یہ بروزن تَفْعِلَةَ مصدر سماعی ہے، یہ اصل میں تَسْمِوَةَ تھا، واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)۔ ❻ تسنیم جنت کی بہترین شراب ہے جو جنت کے بالائی علاقوں سے ایک چشمے کے ذریعے سے آئے گی، بعض کے نزدیک یہ جنت کے ایک چشمے کا نام ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی اسم فاعل ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❽ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ❿ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَا۔تَشَاءُوْنَ 2	تم نہیں چاہتے ہو	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ش ی ء	تَفْعَلُوْنَ	تَشْيِئُوْنَ ❶	الدھر:30
تَشَابَهَ 3	مشتبہ ہوگی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ش ب ہ	تَفَاعَلَ	×	البقرة:70
تَشَابَهَتْ 1	مل گئے ہیں	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفَاعَلَتْ	//	البقرة:116
تُشَاقُّوْنَ 1	جھگڑتے رہے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	مضاعف ثلاثی	//	ش ق ق	تُفَاعِلُوْنَ	تُشَاقِقُوْنَ ❷	النحل:27
تَشَاوُرٍ 1	مشورے	(اسم) مصدر	×	تفاعل	اجوف واوی	//	ش و ر	تَفَاعُلٍ	×	البقرة:233
لَا۔تَشْتَرُوْا 3	نہ خریدو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	ناقص یائی	//	ش ر ی	تَفْتَعُوْا	تَشْتَرِيُوْنَ ❸	البقرة:41
تَشْتَكِيْ 1	شکایت کررہی تھی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	//	ناقص واوی	//	ش ك و	تَفْتَعِلُ	تَشْتَكِوُ ❹	المجادلة:1
تَشْتَهِيْ 2	چاہیں گے	//	//	//	//	//	ش ہ و	//	تَشْتَهِوُ ❹	حم السجدة:31
تَشْخَصُ 1	کھلی کی کھلی رہ جائیں گی	//	//	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ش خ ص	تَفْعَلُ	×	ابراهيم:42
تَشْرَبُوْنَ 2	تم پیتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	سمع	//	//	ش ر ب	تَفْعَلُوْنَ	//	المؤمنون:33
لَا۔تُشْرِكْ 2	نہ شریک بنانا	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ش ر ك	تُفْعِلْ	تُشْرِكْ ❺	الحج:26
أَنْ۔تُشْرِكَ 1	کہ تو شرک کرے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلَ	تُشْرِكْ ❻	لقمان:15
لِتُشْرِكَ 1	تاکہ تو شرک کرے	//	//	//	//	//	//	//	تُشْرِكْ ❼	العنكبوت:8
لَا۔تُشْرِكُوْا 1	نہ شریک بناؤ	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعِلُوْا	تُشْرِكُوْنَ ❽	النساء:36
أَلَّا تُشْرِكُوا 1	یہ کہ نہ تم شریک ٹھہراؤ	//	//	//	//	//	//	//	تُشْرِكُوْنَ ❾	الأنعام:151
أَنْ۔تُشْرِكُوْا 1	کہ تم شرک کرو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تُشْرِكُوْنَ ❿	الأعراف:33
تُشْرِكُوْنَ 7	تم شرک کرتے ہو	//	//	//	//	//	//	تُفْعِلُوْنَ	×	الأنعام:19
لَا۔تُشْطِطْ 1	نہ بے انصافی کیجیے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	مضاعف ثلاثی	ش ط ط	تُفْعِلْ	تُشْطِطْ ❽	ص:22
لَا۔تَشْعُرُوْنَ 3	تم نہیں سمجھتے	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ش ع ر	تَفْعُلُوْنَ	× ⓫	البقرة:154
تَشْعُرُوْنَ 1	تم کو شعور ہوتا	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	//	الشعراء:113
لِتَشْقٰى 1	تاکہ تم مشقت میں پڑو	//	واحد مذکر حاضر	سمع	//	ناقص یائی	ش ق ی	تَفْعَلَ	تَشْقَيَ ⓬	طه:2

❶ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے قاف کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)۔ ❸ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ واؤ طرف کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ)، حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❺ لائے نہی ہے جس کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❻ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❼ لام كَيْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❽ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❾ أَلَّا اصل میں أَنْ لَا تھا، أَنْ حرف تفسیر ہے اس سے پہلے أَتْلُ بمعنی قول ہے، اور لا، لائے نہی ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ یا أَنْ مصدریہ ناصبہ ہے اور لا زائدہ ہے، اس صورت میں یہ ما سے بدل یا مبتدا محذوف کی خبر بنے گا۔ یا لا نافیہ بھی ہو سکتا ہے، اس صورت میں یہ فعل محذوف اوصیکم کا مفعول بہ یا علیکم خبر کا مبتدا بنے گا۔ ❿ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓫ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں، جب اس کا مصدر شُعُوْرًا ہو۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، لام كَيْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصبی حالت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَتَشْقٰى 1	پھر تو مشقت میں پڑ جائے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ش ق ی	تَفْعَلُ	تَشْقَيُ ❶	طٰہٰ:117
تَشَقَّقُ 2	پھٹے گا	//	واحد مؤنث غائب	تفعل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ش ق ق	تَفَعَّلُ	تَتَشَقَّقُ ❷	الفرقان:25
اِنْ ـ تَشْكُرُوْا 1	اگر تم شکر کرو گے	//	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ش ك ر	تَفْعُلُوْا	تَشْكُرُوْنَ ❸	الزمر:7
تَشْكُرُوْنَ 19	شکر کرو	//	//	//	//	//	//	تَشْكُرُوْنَ	×	البقرة:52
فَلَا ـ تُشْمِتْ 1	اس لیے تو نہ خوش کر	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ش م ت	تُفْعِلْ	تُشْمِتُ ❹	الأعراف:150
فَلَا ـ تَشْهَدْ 1	تو نہ گواہ بننا	//	//	سمع	ثلاثی مجرد	//	ش ہ د	تَفْعَلْ	تَشْهَدُ ❹	الأنعام:150
تَشْهَدُ 2	گواہی دیں گی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعَلُ	×	النور:24
أَنْ ـ تَشْهَدَ 1	یہ کہ وہ عورت گواہی دے	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلَ	تَشْهَدُ ❺	النور:8
تَشْهَدُوْنَ 3	گواہ بھی ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	البقرة:84
حَتّٰى ـ تَشْهَدُوْنِ 1	حتی کہ تم میرے پاس حاضر ہو	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْ	تَشْهَدُوْنَ ❻	النمل:32
أَنْ ـ تَشِيْعَ 1	یہ کہ پھیلے	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ش ی ع	تَفْعِلَ	تَشْيِعُ ❼	النور:19
فَلَا ـ تُصَاحِبْنِيْ 1	تو نہ رکھنا مجھے اپنے ساتھ	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ص ح ب	تُفَاعِلْ	تُصَاحِبُ ❽	الكهف:76
فَتُصْبِحَ 1	تو ہو جاتی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	//	//	ص ب ح	تُفْعِلَ	×	الحج:63
فَتُصْبِحَ 1	تو وہ ہو جائے	//	//	//	//	//	//	تُفْعِلَ	تُصْبِحُ ❾	الكهف:40
فَتُصْبِحُوا 1	پھر ہوتے رہو تم	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعِلُوا	تُصْبِحُوْنَ ❿	الحجرات:6
تُصْبِحُوْنَ 1	صبح کرو	//	//	//	//	//	//	تُفْعِلُوْنَ	×	الروم:17
تَصْبِرُ 1	تو صبر کر سکتا ہے	//	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ص ب ر	تَفْعِلُ	//	الكهف:68
اِنْ ـ تَصْبِرُوْا 3	اگر تم صبر رکھو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعِلُوْا	تَصْبِرُوْنَ ⓫	ال عمرٰن:120
أَنْ ـ تَصْبِرُوْا 1	کہ تم صبر کیے رکھو	//	//	//	//	//	//	//	تَصْبِرُوْنَ ⓬	النساء:25
لَا ـ تَصْبِرُوْا 1	نہ صبر کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تَصْبِرُوْنَ ⓭	الطور:16
تَصْبِرُوْنَ 1	تم صبر کرو گے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعِلُوْنَ	×	الفرقان:20
اِنْ ـ تُصِبْكَ 8	اگر تجھے پہنچتی ہے	//	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ص و ب	تُفِلْ	تُصُوْبُ ⓮	التوبة:50

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❷ باب تفعّل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کر دیا، السَّمَاءُ چونکہ مؤنث سماعی ہے اس لیے اس کے ساتھ فعل مؤنث کا صیغہ آیا ہے۔ ❸ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ لائے نہی ہے جس کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❺ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❻ حَتّٰى کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یاء ضمیر متکلم تخفیفاً حذف ہو گئی۔ ❼ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❽ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یائے متکلم مفعول بہ ہے۔ ❾ بواسطہ حرف عطف فاء، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❿ بواسطہ حرف عطف فاء، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓫ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓬ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓭ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓮ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور باء جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا، اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَصَدّٰی 1	متوجہ ہوتے ہو	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ص د ی	تَفَعَّلُ	تَتَصَدَّیُ ❶	عبس:6
تَصَدَّقَ 1	معاف کردے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	صحیح	ص د ق	تَفَعَّلَ	×	المائدۃ:45
تَصَدَّقْ 1	خیرات کیجیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفَعَّلْ	//	یوسف:88
أَنْ۔تَصَدَّقُوْا 1	کہ صدقہ ہی کردو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفَعَّلُوْا	تَتَصَدَّقُوْنَ ❷	البقرۃ:280
تُصَدِّقُوْنَ 1	تم تصدیق کرتے ہو	//	//	تفعیل	//	//	//	تُفَعِّلُوْنَ	×	الواقعۃ:57
تَصُدُّوْنَ 2	تم روکتے ہو	//	//	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ص د د	تَفْعُلُوْنَ	تَصُدُّوْنَ ❸	ال عمرٰن:99
أَنْ۔تَصُدُّوْنَا 1	کہ روک دو ہم کو	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلُوْ	تَصُدُّوْنَ ❹	ابراھیم:10
تَصْدِیَۃً 1	تالیاں	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ص د ی	تَفْعِلَۃٌ	تَصْدِیًا ❺	الأنفال:35
تَصْدِیْقَ 2	تصدیق	//	//	//	//	صحیح	ص د ق	تَفْعِیْلَ	×	یونس:37
اِلَّا۔تَصْرِفْ 1	اگر نہ تو دور کرے گا	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ص ر ف	تَفْعِلْ	تَصْرِفُ ❻	یوسف:33
تُصْرَفُوْنَ 2	تم پھیرے جاتے ہو	فعل مضارع مجہول	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعَلُوْنَ	×	یونس:32
تَصْرِیْفِ 2	پھیرنے	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تَفْعِیْلِ	//	البقرۃ:164
تَصْطَلُوْنَ 2	سینکو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	//	ناقص یائی	ص ل ی	تَفْتَعُوْنَ	تَصْطَلِیُوْنَ ❼	النمل:7
تُصْعِدُوْنَ 1	تم چڑھے جارہے ہو	//	//	افعال	//	صحیح	ص ع د	تُفْعِلُوْنَ	×	ال عمرٰن:153
لَا۔تُصَعِّرْ 1	نہ ٹیڑھا کرنا	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	//	//	ص ع ر	تُفَعِّلْ	تُصَعِّرْ ❽	لقمان:18
لِتَصْغٰی 1	تاکہ مائل ہو	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ص غ و	تَفْعَلَ	تَصْغَوْ ❾	الأنعام:113
تَصِفُ 2	بیان کرتی ہیں	//	//	ضرب	//	مثال واوی	و ص ف	تَعِلُ	تَوْصِفُ ❿	النحل:62
تَصْفَحُوْا 4	درگزر کرو	//	جمع مذکر حاضر	فتح	//	صحیح	ص ف ح	تَفْعَلُوْا	تَصْفَحُوْنَ ⓫	التغابن:14
تَصِفُوْنَ 4	تم بیان کرتے ہو	//	//	ضرب	//	مثال واوی	و ص ف	تَعِلُوْنَ	تَوْصِفُوْنَ ⓬	یوسف:18
لَا۔تَصِلُ 1	نہیں پہنچ رہے	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	و ص ل	تَعِلُ	تَوْصِلُ ⓭	ھود:70

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، باب تفعّل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کردیا۔ ❷ باب تفعّل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کردیا، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ دو متحرک ہم جنس حرف وال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے دال کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:یَمُدُّ)۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے دال کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی حذف ہوگیا ہے، اس کے آخر میں ناضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدّ) تو یہ تَصْدِیًا بروزن تَفْعِیْلًا ہوگیا، یاء پر شد و شوار تھی، تخفیفاً ایک یاء کو حذف کردیا، اور اس کے عوض تاء لے آئے اور دوسری یاء کو فتحہ دے دیا، یا یہ بروزن تَفْعِلَۃٌ مصدر سماعی ہے اس میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی۔ ❻ اِلَّا اصل میں اِنْ لَا ہے، اِنْ شرطیہ ہے، جس کی وجہ سے جزم آئی ہے اور لَا حرف نفی ہے۔ ❼ باب افتعال کے فاء کلمہ میں صاد واقع ہوا تو تائے افتعال کو طاء سے بدل دیا (قاعدہ :تائے افتعال)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا) ❽ لائے نہی ہے جس کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❾ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ:یرضٰی)، یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❿ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ) ⓫ بواسطہ حرف عطف واؤ، اِنْ شرطیہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ناظرہ تعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَا۔ تُصَلِّ 1	نہ نماز پڑھیے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ص ل و	تُفَعِّ	تُصَلِّوُ ❶	التوبة:84
تَصْلٰى 1	داخل ہوں گے	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ص ل ی	تَفْعَلُ	تَصْلَيُ ❷	الغاشية:4
تُصْلِحُوْا 1	اصلاح کرو گے	//	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ص ل ح	تُفْعِلُوْا	تُصْلِحُوْنَ ❸	البقرة:224
اِنْ۔تُصْلِحُوْا 1	اگر تم اصلاح کرو	//	//	//	//	//	//	//	تُصْلِحُوْنَ ❹	النساء:129
تَصْلِيَةٌ 1	دھکیلے جانے	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	ناقص یائی	ص ل ی	تَفْعِلَةٌ	تَصْلِيَيٌ ❺	الواقعة:94
لِتُصْنَعَ 1	تاکہ تیری پرورش کی جائے	فعل مضارع مجہول	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ص ن ع	تُفْعَلَ	تُصْنَعُ ❻	طٰه:39
تَصْنَعُوْنَ 1	تم کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	العنكبوت:45
اَنْ۔تَصُوْمُوْا 1	کہ تم روزہ رکھو	//	//	نصر	//	اجوف واوی	ص و م	تَفْعُلُوْا	تَصُوْمُوْنَ ❼	البقرة:184
فَتُصِيْبَكُمْ 1	پھر پہنچتا تھا تم کو	//	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ص و ب	تُفْعِلَ	تُصْوِبُ ❽	الفتح:25
اَنْ۔تُصِيْبَنَا 1	آنہ لے ہم کو	//	//	//	//	//	//	//	تُصْوِبُ ❾	المائدة:52
لَا۔تُصِيْبَنَّ 1	نہ پہنچے گا	فعل مضارع منفی معلوم بانون تاکید ثقیلہ	//	//	//	//	//	تُفْعِلَنَّ	تُصْوِبُ ❿	الأنفال:25 ع
تُصِيْبُهُمْ 3	آتی رہے گی ان پر	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلُ	تُصْوِبُ ⓫	الرعد:31
اَنْ۔تُصِيْبُوْا 1	کہ نقصان نہ پہنچا بیٹھنا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعِلُوْا	تُصْوِبُوْنَ ⓬	الحجرات:6
تَصِيْرُ 1	واپس ہوں گے	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ص ی ر	تَفْعِلُ	تَصْيِرُ ⓭	الشورى:53
لَا۔تُضَارَّ 1	نہ تنگ کیا جائے	فعل نہی غائب مجہول	//	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ض ر ر	تُفَاعَلُ	تُضَارَرُ ⓮	البقرة:233
لَا۔تُضَارُّوْهُنَّ 1	نہ تکلیف دو ان کو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفَاعِلُوْ	تُضَارِرُوْنَ ⓯	الطلاق:6

❶ لائے نہی کی وجہ سے آخر سے حرف علت واؤ گر گئی۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❸ بواسطہ حرف عطف واؤ، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) یہ اصل میں تَصْلِيٌّ بروزن تَفْعِيْلٌ تھا، یاء پر شد دشوار تھی، تخفیفاً ایک یاء کو حذف کر دیا، اور اس کے عوض تاء لے آئے اور دوسری یاء کو فتحہ دے دیا، یا یہ بروزن تَفْعِلَةٌ مصدر سماعی ہے، اس میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی۔ ❻ لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، فاء کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ) اس کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہو گیا ہے، بعض کے نزدیک یہ فعل نہی معلوم ہے۔ ⓫ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓭ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ⓮ لائے نہی نے آخر میں جزم دی ہے، دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، دوسرے کا سکون عارضی یعنی جزمی ہے تو پہلے کو ساکن اور دوسرے کو فتحہ دے کر ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) **نوٹ**: اس صورت میں دوسرے حرف کو کسرہ دینا اور فک ادغام بھی جائز ہے۔ ⓯ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے راء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَا ـ تَضْحٰى 1	نہ تجھے دھوپ لگے گی	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ض ح و	تَفْعَلُ	تَضْحَوُ ❶	طٰہٰ:119
تَضْحَكُوْنَ 2	ہنسی کرتے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	صحیح	ض ح ك	تَفْعَلُوْنَ	×	المؤمنون:110
فَلَا ـ تَضْرِبُوْا 1	تو نہ بیان کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	ضرب	//	//	ض ر ب	تَفْعِلُوْا	تَضْرِبُوْنَ ❷	النحل:74
تَضَرُّعًا 3	عاجزی	(اسم) مصدر	×	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	ض ر ع	تَفَعُّلًا	×	الأنعام:63
تَضَرَّعُوْا 1	تو وہ گڑگڑاتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	تَفَعَّلُوْا	//	الأنعام:43
لَا ـ تَضُرُّوْنَهُ 1	نہ تم نقصان کرو گے اس کا	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ض ر ر	تَفْعُلُوْنَ	تَضْرُرُوْنَ ❸	ھود:57
لَا ـ تَضُرُّوْهُ 1	نہ تم بگاڑ سکو اس کا	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلُوْ	تَضْرُرُوْنَ ❹	التوبۃ:39
تَضَعُ 1	گرا دے گی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	فتح	//	مثال واوی	و ض ع	تَعَلُ	تَوْضَعُ ❺	الحج:2
لَا ـ تَضَعُ 2	نہ وہ جنتی ہے	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تَوْضَعُ ❺	فاطر:11
حَتّٰى ـ تَضَعَ 1	حتی کہ اتار کر رکھ دے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَعَلَ	تَوْضَعُ ❻	محمد:4
أَنْ ـ تَضَعُوْا 1	کہ اتار دو تم	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَعَلُوْا	تَوْضَعُوْنَ ❼	النساء:102
تَضَعُوْنَ 1	تم اتار رکھتے ہو	//	//	//	//	//	//	تَعَلُوْنَ	تَوْضَعُوْنَ ❽	النور:58
أَنْ ـ تَضِلَّ 1	کہ بھول جائے	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	مضاعف ثلاثی	//	ض ل ل	تَفْعِلَ	تَضْلِلُ ❾	البقرۃ:282
تُضِلُّ 1	تو گمراہ کرتا ہے	//	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفْعِلُ	تُضْلِلُ ❿	الأعراف:155
أَنْ ـ تَضِلُّوْا 2	کہ تم بھی بھٹک جاؤ	//	جمع مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	تَفْعِلُوْا	تَضْلِلُوْنَ ⓫	النساء:44
تَضْلِيْلٍ 1	ناکام	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تَفْعِيْلٍ	×	الفیل:2
لِتُضَيِّقُوْا 1	تاکہ تم تنگی پیدا کرو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	اجوف یائی	ض ی ق	تُفَعِّلُوْا	تُضَيِّقُوْنَ ⓬	الطلاق:6
لَمْ ـ تَطَئُوْهَا 1	نہ پاؤں تک رکھے	فعل نفی بجد بلم معلوم	//	سمع	ثلاثی مجرد	مثال واوی ومہموز اللام	و ط ء	تَعَلُوْ	تَوْطَئُوْنَ ⓭	الأحزاب:27
أَنْ ـ تَطَئُوْهُمْ 1	کہ تم روند ڈالتے ان کو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَوْطَئُوْنَ ⓮	الفتح:25

❶ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❷ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے راء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ❹ بواسطہ حرف عطف واؤ اِنْ شرطیہ کی جزا واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❺ واؤ علامت مضارع مفتوح اور (باب فتح کے) فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)۔ ❻ واؤ علامت مضارع مفتوح اور (باب فتح کے) فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)، حَتّٰى کے بعد اَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❼ واؤ علامت مضارع مفتوح اور (باب فتح کے) فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)، أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ واؤ علامت مضارع مفتوح اور (باب فتح کے) فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)۔ ❾ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❿ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ) ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓬ لام کَیْ کے بعد أَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓭ واؤ علامت مضارع مفتوح اور فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)، لَمْ کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ⓮ واؤ علامت مضارع مفتوح اور فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَعِدُ)، أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَتَطَاوَلَ 1	پھر طویل ہوئی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ط و ل	تَفَاعَلَ	×	القصص:45
لَا۔تَطْرُدِ 1	نہ دور کیجیے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ط ر د	تَفْعُلُ	تَطْرُدُ ❶	الأنعام:52
فَتَطْرُدَهُمْ 1	کہ تو ان کو دور کر دے	فعل مضارع معلوم	〃	〃	〃	〃	〃	تَفْعُلَ	× ❷	الأنعام:52
اِنْ۔تُطِعْ 1	اگر آپ اطاعت کرنے لگ جائیں	〃	〃	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ط و ع	تُفِلَ	تُطْوِعُ ❸	الأنعام:116
لَا۔تُطِعْ 3	نہ بات مانو	فعل نہی حاضر معلوم	〃	〃	〃	〃	〃	〃	تُطُوِعُ ❹	الكهف:28
فَلَا۔تُطِعِ 4	بس نہ بات مانیے	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	تُطُوِعُ ❺	الفرقان:52
تُطْعِمُوْنَ 1	تم کھلاتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	〃	〃	صحیح	ط ع م	تُفْعِلُوْنَ	×	المائدة:89
لَا۔تُطِعْهُ 1	نہ ماننا اس کی بات	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	〃	〃	اجوف واوی	ط و ع	تُفِلُ	تُطُوِعُ ❹	العلق:19
لَا۔تَطْغَوْا 2	نہ حد سے تجاوز کرو	〃	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ط غ ی	تَفْعَوْا	تَطْغَيُوْنَ ❻	هود:112
اَلَّا۔تَطْغَوْا 1	تاکہ تم زیادتی نہ کرو	فعل مضارع منفی معلوم	〃	〃	〃	〃	〃	〃	تَطْغَيُوْنَ ❼	الرحمٰن:8
تَطْلُعُ 1	طلوع ہوتا ہوا	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	〃	صحیح	ط ل ع	تَفْعُلُ	×	الكهف:90
تَطَّلِعُ 1	آپ اطلاع پاتے رہتے ہیں	〃	واحد مذکر حاضر	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	تَفْتَعِلُ	تَطْتَلِعُ ❽	المائدة:13
تَطَّلِعُ 1	جا لپٹے گی	〃	واحد مؤنث غائب	〃	〃	〃	〃	〃	تَطْتَلِعُ ❽	الهمزة:7

❶ اس کے آخر میں دال اصل میں لائے نہی کی وجہ سے ساکن تھا، اسے آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا۔ ❷ فاء کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا(قاعدہ:يُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور عین جمع ہونے سے یاء گر گئی، اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا(قاعدہ:يُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور عین جمع ہونے سے یاء گر گئی، لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا(قاعدہ:يُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور عین جمع ہونے سے یاء گر گئی، لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے، عین اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، اَلَّا اصل میں اَنْ لَا تھا، اَنْ مصدریہ ناصبہ ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اور لا حرف نفی ہے، اور یہ بھی جائز ہے کہ اَنْ مفسرہ اور لا، لائے نہی ہو۔ ❽ باب افتعال کے فاء کلمہ میں طاء واقع ہوئی تو تائے افتعال کو طاء سے بدل دیا(قاعدہ: تائے افتعال)، پھر دو ہم جنس حرف طاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا(قاعدہ:مَدَّ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ و مواد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَطْمَئِنَّ 1	مطمئن ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	اِفْعِلَّال	رباعی مزید فیہ	مہموز اللام	ط م ء ن	تَفَعْلِلُّ	تَطْمَئِنُّ ❶	المائدۃ:113
تَطْمَئِنُّ 2	مطمئن ہو سکتے ہیں	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلِلُّ	×	الرعد:28
لِتَطْمَئِنَّ 2	تاکہ مطمئن ہوں	//	//	//	//	///	//	تَفْعَلِلَّ	تَطْمَئِنُّ ❷	ال عمرٰن:126
فَتَطْمَعُوْنَ 1	بھلا تم طمع رکھتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ط م ع	تَفْعَلُوْنَ	×	البقرۃ:75
تَطَهَّرْنَ 1	وہ پاک ہو جائیں	فعل ماضی معلوم	جمع مؤنث غائب	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	ط ہ ر	تَفَعَّلْنَ	//	البقرۃ:222
تُطَهِّرُهُمْ 1	پاک کرتے رہو ان کو	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	//	//	//	تُفَعِّلُ	//	التوبۃ:103
تَطْهِيْرًا 1	پاک رکھنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	تَفْعِيْلًا	//	الأحزاب:33
تَطَوَّعَ 2	خوشی سے کرے گا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعّل	اجوف واوی	//	ط و ع	تَفَعَّلَ	//	البقرۃ:158
اِنْ ـ تُطِيْعُوْا 5	اگر تم اطاعت کرو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	//	//	//	تُفْعِلُوْا	تُطِوْعُوْنَ ❸	ال عمرٰن:100
لَا ـ تُطِيْعُوْا 1	نہ مانو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلُوْا	تُطُوْعُوْنَ ❹	الشعراء:151
تَطَيَّرْنَا 1	منحوس سمجھتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعّل	اجوف یائی	//	ط ی ر	تَفَعَّلْنَا	×	یٰسٓ:18
تَظَاهَرَا 1	ایک دوسرے کے معاون	//	تثنیہ مذکر غائب	تفاعل	//	صحیح	ظ ہ ر	تَفَاعَلَا	//	القصص:48
اِنْ ـ تَظَاهَرَا 1	اگر تم مدد کرو گی	فعل مضارع معلوم	تثنیہ مؤنث حاضر	//	//	//	//	تَتَفَاعَلَانِ ❺	//	التحریم:4
تَظَاهَرُوْنَ 1	مدد بھی کرتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَتَفَاعَلُوْنَ	تَتَظَاهَرُوْنَ ❻	البقرۃ:85
تُظَاهِرُوْنَ 1	تم ظہار کرتے ہو	//	//	مفاعلہ	//	//	//	تُفَاعِلُوْنَ	×❼	الأحزاب:4
جَنَى 1	میوے	//	واحد مذکر	//	//	ناقص یائی	ج ن ی	فَعَلٌ	جَنَيٌ ❹	الرحمٰن:54
جَنّٰتٍ 69	باغات	//	جمع مکسر	//	//	مضاعف ثلاثی	ج ن ن	فَعْلَاتٍ	جَنَنَاتٍ ❺	البقرة:25
جَنَاحَ 5	بازو	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ن ح	فَعَالَ	× ❻	بنی اسرائیل:24
جُنَاحَ 25	گناہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعَالَ	× ❼	البقرة:158
بِجَنَاحَيْهِ 1	اپنے دو پروں پر	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعَالَيْ	جَنَاحَيْنِ ❽	الانعام:38
جَنْبِ 3	(حق کے) سلسلہ	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ج ن ب	فَعْلٍ	× ❾	الزمر:56
جُنُبٍ 5	دور	صفت مشبہ	//	ن،س،ك	//	//	//	فُعُلٍ	× ❿	القصص:11
جِنَّةٌ 5	جنون	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ج ن ن	فِعْلَةٌ	جِنْنَةٌ ⓫	المؤمنون:25
الْجِنَّةِ 5	جنوں	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	//	فِعْلَةٍ	جِنْنَةٍ ⓬	ھود:119

❶ یہ بمعنی جماعت تفرق کی ضد ہے، اور کبھی یہ باب فتح سے بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے، یعنی یہ فَعِيل بمعنی فَاعِل مُجْتَمِعٌ کے معنی میں ہے، یا یہ فَعِيل بمعنی مفعول یعنی مَجْمُوعٌ کے معنی میں ہے، یہ کبھی مفرد اور کبھی جمع کی طرح استعمال ہوتا ہے، مفرد کی مثال، جیسے: جَمِيعٌ مُنْتَصِرٌ (سورۃ القمر: 44) اور جمع کی مثال، جیسے: جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ (سورۃ یٰسٓ: 53) ۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ ''عَلٰی'' ہو۔ ❸ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، یہ ایک مستقل مخلوق ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے آگ سے پیدا کیا ہے، ان میں سے بعض مسلمان اور بعض کافر ہیں، کھانے پینے اور نسل کا سلسلہ ان کے اندر بھی ہے، یہ عام طور پر نظروں سے اوجھل رہتے ہیں اس لیے ان کو جن کہتے ہیں۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) ، اضافت کی وجہ سے اس کی تنوین حذف ہو چکی ہے، ج: أَجْنٍ و أَجْنَاءٌ، یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) م: جَنَّةٌ، جمع بناتے وقت تائے تانیث حذف ہو جاتی ہے، اس کو جنت اس لیے کہتے ہیں کہ یہ پوشیدہ جگہ ہے یا اس لیے کہ درختوں کی کثرت کی وجہ سے یہ چھپانے والی ہے۔ ❻ ج: أَجْنِحَةٌ، یہ اصل میں مصدر ہے اور یہاں اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❼ اگر لفظ ﴿ جُنَاح ﴾ کا مصدری معنی یعنی اَلْمَيْلُ اِلَى الْاِثْمِ (گناہ کی طرف میل ہونا) کیا جائے تو یہ باب تفعیل سے مصدر یا اسم مصدر ہوگا اور اگر اس سے اَلْاِثْمُ (گناہ) ہی مراد لیا جائے تو پھر یہ جامد ہوگا اور یہی اس کا عام استعمال ہے۔ ❽ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، م: جَنَاحٌ، ج: أَجْنِحَةٌ۔ ❾ جَنْبٌ کے معنی ''پہلو'' بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ یونس: 12 میں ہے ﴿لِجَنْبِهٖ﴾ ''اپنے پہلو پر''، ج: جُنُوبٌ و أَجْنَابٌ۔ ❿ لفظ ﴿جُنُب﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① دور، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ⑫ اجنبی، جیسا کہ سورۃ النساء: 36 میں ہے ﴿الْجَارِ الْجُنُبِ﴾ ''اجنبی پڑوسی''، ج: أَجْنَابٌ، ⑬ جُنبی، جیسا کہ سورۃ النساء: 43 میں ہے ﴿جُنُبًا﴾ اس حال میں کہ (تم) جنبی ہو، یہ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس لیے کہ یہ ایسا اسم ہے جو مصدر اِجْنَاب کی جگہ پر استعمال ہوا ہے، بعض کے نزدیک اس کا تثنیہ جُنُبَانِ اور اس کی جمع مذکر سالم جُنُبُوْنَ اور بعض کے نزدیک جمع مکسر أَجْنَابٌ آتی ہے، جنبی وہ ہوتا ہے جس پر غسل فرض ہو، اس کو جنبی اس لیے کہتے ہیں کہ جب تک وہ غسل نہ کرے وہ نماز اور مسجد سے دور رہتا ہے، درج ذیل صورتوں میں غسل فرض ہو جاتا ہے، احتلام، ہم بستری یہی حکم حیض اور نفاس کا ہے۔ ⑪ یہ جُنَّ فعل مجہول سے مصدر ہے، یا یہ اس سے اسم ہے۔ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب یہ اس طرح استعمال ہو، جُنَّ جَنًّا و جُنُوْنًا و جِنَّةً و مَجَنَّةً۔ ⑫ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، جِنَّةٌ اور جِنٌّ کا معنی ایک ہے جِنَّةٌ کے آخر میں تاء مبالغہ کے لیے ہے اور اگر جِنٌّ سے مراد ایک جن ہو تو جِنَّةٌ اس کی جمع ہوگا، یا یہ جِنِّيٌّ کی جمع مکسر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
جَنَّةٌ 70	ایک باغ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ج ن ن	فَعْلَةٌ	جَنْنَةٌ ❶	البقرة:266
جُنَّةٌ 2	ڈھال	//	//	//	//	//	//	//	جُنْنَةٌ ❷	المجادلة:16
جَنَّتَانِ 3	دو باغ	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَتَانِ	جَنْنَتَانِ ❸	سبا:15
جَنَّتَيْنِ 4	دو باغ	//	//	//	//	//	//	فَعْلَتَيْنِ	جَنْنَتَيْنِ ❹	الكهف:32
بِجَنَّتَيْهِمْ 1	ان کے دو باغوں کے بدلے	//	//	//	//	//	//	فَعْلَتَىٰ	جَنْنَتَيْنِ ❺	سبا:16
جَنَحُوا 1	وہ مائل ہوں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	صحیح	ج ن ح	فَعَلُوا	×	الأنفال:61
جُنْدًا 7	لشکر	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ج ن د	فُعْلًا	× ❻	مریم:75
جَنَفًا 1	طرف داری	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ج ن ف	فَعَلًا	×	البقرة:182
جُنُوبِكُمْ 5	اپنے پہلوؤں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ج ن ب	فُعُولٍ	× ❼	النساء:103
جُنُودٌ 22	فوجیں	//	//	//	//	//	ج ن د	فُعُولٌ	× ❽	الأحزاب:9
جَنِيًّا 1	پکی ہوئی کھجوریں	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	ناقص یائی	ج ن ی	فَعِيلًا	جَنِيِيًا ❾	مریم:25
جِهَادٍ 4	جہاد کرنے	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ہ د	فِعَالٍ	× ❿	التوبة:24
جِهَارًا 1	کھلے طور پر	//	//	//	//	//	ج ہ ر	فِعَالًا	×	نوح:8
بِجَهَازِهِمْ 2	ان کے سامان	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ج ہ ز	فَعَالٍ	× ⓫	یوسف:59
بِجَهَالَةٍ 4	نہ جانتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	ج ہ ل	فَعَالَةٍ	×	النساء:17
جَهْدَ 5	سخت	//	//	فتح	//	//	ج ہ د	فَعْلَ	//	المائدة:53
جُهْدَهُمْ 1	اپنی محنت مزدوری	//	واحد مذکر	×	//	//	//	//	//	التوبة:79
جَهَرَ 1	اونچی کرے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	//	//	ج ہ ر	فَعَلَ	//	الرعد:10
جَهْرًا 7	ظاہر	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	النحل:75
جَهْرَةً 3	صاف صاف	//	//	//	//	//	//	فَعْلَةً	//	البقرة:55
جَهَّزَهُمْ 2	اس نے تیار کیا ان کے لیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ج ہ ز	فَعَّلَ	//	یوسف:59

❶ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، ج: جَنَّاتٌ، سورۃ النجم: 15 میں ﴿جَنَّةُ الْمَأْوَىٰ﴾ ساتویں آسمان پر ایک جگہ کا نام ہے، اسے جنۃ المأویٰ اس لیے کہتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کا یہی مسکن تھا، بعض کے نزدیک روحیں یہاں آ کر جمع ہوتی ہیں۔ ❷ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، ج: جُنَنٌ۔ ❸ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، م: جَنَّةٌ، ج: جَنَّاتٌ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، م: جَنَّةٌ، ج: جَنَّاتٌ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، م: جَنَّةٌ، ج: جَنَّاتٌ، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ م: جُنْدِيٌّ، اس کی جمع أَجْنَادٌ و جُنُودٌ بھی آتی ہے۔ ❼ م: جَنْبٌ۔ ❽ م: جُنْدٌ، یہ جُنْدِيٌّ کی جمع ہے، یہ اصل میں صفت مشبہ ہے۔ ❾ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلی یاء ساکن اور دوسری متحرک ہے تو پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)۔ ❿ اس باب سے قیاسی مصدر مُجَاهَدَةٌ آتا ہے۔ ⓫ ج: أَجْهِزَةٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
جَهَنَّمُ 2	جہنم	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ہ م	فَعَنَّلَ	× ❶	البقرة:206
جَهُوْلًا 77	نادان	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	ج ہ ل	فَعُوْلًا	× ❷	الأحزاب:72
جَوٌّ 1	فضاء	اسم جامد	//	×	//	لفیف مقرون ومضاعف ثلاثی	ج و و	فَعَلٌ	جَوَوٌ ❸	النحل:79
كَالْجَوَابِ 1	تالابوں جیسے	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ج ب ی	فَوَاعِلُ	الْجَوَابِي ❹	سبا:13
جَوَابَ 1	جواب	اسم مصدر	×	افعال		اجوف واوی	ج و ب	فَعَالَ	× ❺	الأعراف:82
الْجَوَارِ 4	جو چلنے والے ہیں	اسم فاعل	جمع مکسر	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ج ر ی	فَوَاعِلُ	جَوَارِي ❻	التكوير:16
الْجَوَارِ 1	کشتیاں	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	//	جَوَارِيُ ❼	الشوری:32
الْجَوَارِحِ 2	شکاری جانوروں	//	//	//	//	صحیح	ج ر ح	فَوَاعِلِ	× ❽	المائدة:4
الْجُودِيِّ 1	جودی پہاڑ	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ج و د	فُعَلِيٌّ	× ❾	هود:44
جُوْعٍ 1	بھوک	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ج و ع	فُعْلٍ	×	الغاشية:7
جَوْفِهِ 4	اس کے پہلو	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ج و ف	فَعْلٍ	× ❿	الأحزاب:4
الْجِيَادُ 1	عمدہ گھوڑے	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ج و د	فِعَالُ	جِوَادُ ⓫	ص:31
جِيْءَ 1	لائے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ج ی ء	فُعِلَ	جُيِءَ ⓬	الزمر:69
جَيْبِكَ 2	اپنے گریبان	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف یائی	ج ی ب	فَعْلٍ	× ⓭	النمل:12
جِيْدِهَا 1	اس کے گلے	//	//	//	//	//	ج ی د	فِعْلٍ	× ⓮	اللهب:5
جُيُوْبِهِنَّ 1	اپنے سینوں	//	جمع مکسر	//	//	//	ج ی ب	فُعُوْلٍ	× ⓯	النور:31

❶ یہ دوزخ یا دوزخ کے ایک طبقے کا نام ہے، بعض کے نزدیک یہ اصل میں فارسی جِهَنَّامْ تھا پھر اسے معرّب کرلیا گیا۔ ❷ ج: جُهُوْلٌ، بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❸ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: جِوَاءٌ وَأَجْوَاءٌ۔ ❹ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرادیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، پھر تخفیفاً یاء کو بھی گرادیا (اس کی تفصیل آگے نمبر سات میں دیکھیں)، جب یاء گرگئی، تو جَوَابٌ ہوگیا م: جَابِيَةٌ۔ ❺ ج: أَجْوِبَةٌ۔ ❻ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرادیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، پھر تخفیفاً یاء کو بھی گرادیا (اس کی تفصیل آگے نمبر سات میں دیکھیں)، اس سے مراد ستارے ہیں، م: جَارِيَةٌ۔ ❼ یہ اصل میں جمع مکسر اسم فاعل ہے، یہاں یہ بطور اسم جامد استعمال ہو رہا ہے جس طرح کہ وصف بھی نام کے لیے استعمال ہو جاتا ہے، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)، پھر تخفیفاً یاء کو بھی گرادیا، جب یاء گرگئی، تو جَوَارٍ ہوگیا، اس کے منصرف اور غیر منصرف ہونے میں اختلاف ہے، اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اس میں بیک وقت دو صورتیں جمع ہو رہی ہیں ایک تو اس کے آخر میں حرف علت یاء آنے کی وجہ سے تعلیل کی صورت بن رہی ہے، اور دوسری طرف اسباب منع صرف میں سے جمع منتہی الجموع کے وزن فَوَاعِل پر آنے کی وجہ سے یہ غیر منصرف ہے، اور منع صرف کا سبب مخفی ہے، اس لیے تعلیل مقدم ہوگی یعنی پہلے اس میں تعلیل کریں گے، تو یہ جَوَارٍ بنے گا، پھر اس کے غیر منصرف کے سبب وزن کا لحاظ کرتے ہوئے تنوین تمکن کو حذف کردیں گے، جب تنوین کو حذف کریں گے تو دو ساکن جمع نہ ہونے کی وجہ سے یاء واپس آگئی، جس سے ثقل پیدا ہوگا تو اس خدشہ کے پیش نظر یاء محذوفہ کے عوض تنوین عوض لے آئے، تو یہ جَوَارٍ غیر منصرف ہی ہوگا، البتہ بعض کے نزدیک اس کے آخر میں تنوین تمکن ہی ہے، اس لیے یہ منصرف ہے، م: جَارِيَةٌ۔ ❽ یہ اصل میں باب فتح سے اسم فاعل ہے، م: جَارِحَةٌ، اس سے مراد شکاری درندے اور پرندے ہیں مثلاً، کتا، باز اور شکرا وغیرہ۔ ❾ یہ ایک پہاڑ کا نام ہے جو آرمینیا میں ہے، طوفان نوح میں حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی اس پر جا کر کھڑی ہوئی تھی۔ ❿ ج: أَجْوَافٌ۔ ⓫ واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رِيَاضٌ)، م: جَوَادٌ۔ ⓬ ماضی مجہول کے عین کلمہ میں یاء واقع ہوئی تو اس کی حرکت ماقبل کو دے دی (قاعدہ: قِيْلَ)، یہ فعل لازم ہے اس سے مجہول نہیں آتا مگر جب اس کا صلہ لایا جائے تو یہ متعدی بن جاتا ہے اور اس سے مجہول آجاتا ہے۔ ⓭ ج: جُيُوْبٌ وَأَجْيَابٌ۔ ⓮ ج: أَجْيَادٌ وَجُيُوْدٌ۔ ⓯ م: جَيْبٌ، اس کے معنی اصل میں گریبان کے ہیں، اس کی جمع أَجْيَابٌ بھی آتی ہے، جَيْبٌ کے معنی: جیب، پاکٹ بھی ہوتے ہیں، اس کی جمع جِيَابٌ وَجُيُوْبٌ آتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الحاء (ح)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَاجَّ 1	جھگڑا کیا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فَاعَلَ	حَاجَجَ ❶	البقرۃ:258
اَلْحَاجِّ 1	حاجیوں	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلٍ	حَاجِجٍ ❷	التوبۃ:19
حَاجَةً 3	ایک خواہش	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	اجوف واوی	ح و ج	فَعَلَةٌ	حَوَجَةٌ ❸	یوسف:68
حَاجَجْتُمْ 1	تم جھگڑ چکے ہو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فَاعَلْتُمْ	×	ال عمرٰن:66
حَاجِزًا 1	آڑ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ح ج ز	فَاعِلًا	× ❹	النمل:61
حَاجِزِيْنَ 1	روکنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❺	الحاقۃ:47
حَاجَّكَ 1	جھگڑے تجھ سے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فَاعَلَ	حَاجَجَ ❶	ال عمرٰن:61
حَاجَّهٗ 1	جھگڑا کیا اس سے	//	//	//	//	//	//	//	//	الأنعام:80
حَاجُّوْكَ 1	جھگڑا کریں آپ سے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلُوْ	حَاجَجُوا ❶	ال عمرٰن:20
حَادَّ 1	مخالفت کرتا تھا	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	ح د د	فَاعَلَ	حَادَدَ ❻	المجادلۃ:22
حَاذِرُوْنَ 1	خطرہ رکھنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ذ ر	فَاعِلُوْنَ	×	الشعراء:56
حَارَبَ 1	جنگ لڑی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ب	فَاعَلَ	//	التوبۃ:107
فَحَاسَبْنَاهَا 1	تو ہم نے حساب لیا اس سے	//	جمع متکلم	//	//	//	ح س ب	فَاعَلْنَا	//	الطلاق:8
حَاسِبِيْنَ 2	حساب لینے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❺	الأنبیاء:47
حَاسِدٍ 1	حسد کرنے والا	//	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ح س د	فَاعِلٍ	× ❼	الفلق:5
حَاشَ 2	پاکیزگی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ح ش ی	فَاعَ	حَاشَیَ ❽	یوسف:31
حَاشِرِيْنَ 3	اکٹھا کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ن،ض	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ش ر	فَاعِلِيْنَ	× ❺	الأعراف:111
حَاصِبًا 4	پتھر برسانے والی آندھی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ص ب	فَاعِلًا	× ❾	بنی اسرائیل:68

❶ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) ۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے جیم کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، ج: حُجَّاجٌ و حَجِيْجٌ ۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، ج: حَاجَاتٌ و حَاجٌ و حَوَائِجُ ۔ ❹ یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل ہے، یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، ج: حَجَزَةٌ ۔ ❺ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے ۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) ۔ ❼ ﴿حَاسِد﴾ وہ انسان ہے جو دوسرے کی خوشی اور نعمت کو دیکھ کر جلنے والا ہو، اور یہ خواہش کرے کہ اس سے یہ چیز ختم ہو جائے، یا اس سے ختم ہو کر مجھے مل جائے ۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ فعل ماضی الف پر فتحہ تقدیری پر مبنی ہے، الف کو تخفیفاً حذف کر دیا گیا ہے اصل میں حَاشَا تھا، اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ مفعول مطلق ہونے کی بناء پر بمعنی تنزیہ اسم منصوب ہو، الشیخ مصطفی الغلایینی جامع الدروس العربیہ میں فرماتے ہیں کہ جب حَاشَا صرف تنزیہ کے لیے ہو تو یہ مفعول مطلق ہونے کی بناء پر منصوب ہوتا ہے، اگر یہ مضاعف یا منون نہ ہو تو یہ مبنی ہوتا ہے ۔

فائدہ: حَاشَا کی تین قسمیں ہیں: ① فعل ماضی متصرف بمعنی اِسْتَثْنٰی ② اسم بمعنی تنزیہ، یہ مفعول مطلق واقع ہوتا ہے ۔ ③ کلمہ استثناء، یہ اکثر بطور حرف جر استثناء کے لیے آتا ہے، اس کے بعد اسم مجرور ہوتا ہے، اور بعض کے نزدیک یہ فعل غیر متصرف استثناء کے لیے آتا ہے، اس کے بعد والا اسم مفعول بہ ہونے کی بناء پر منصوب ہوتا ہے ۔ ❾ یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل ہے، یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَاضِرًا 1	موجود	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ض ر	فَاعِلًا	❶ ×	الکھف:49
حَاضِرَةً 2	نقد ونقد	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةً	❷ ×	البقرة:282
حَاضِرِي 1	قریب	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْ	حَاضِرِيْنَ ❸	البقرة:196
الْحَافِرَةِ 1	پہلی حالت	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ف ر	فَاعِلَةٌ	❹ ×	النازعات:10
حَافِظٌ 2	ایک حفاظت کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	ح ف ظ	فَاعِلٌ	❺ ×	الطارق:4
حَافِظَاتٌ 2	حفاظت کرنے والیاں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتٌ	×	النساء:34
حَافِظُوْا 1	حفاظت کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعِلُوْا	❻ ×	البقرة:238
حَافِظُوْنَ 6	حفاظت کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلُوْنَ	❼ ×	المؤمنون:5
حَافِظِيْنَ 5	جاننے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	❽ ×	یوسف:81
حَافِّيْنَ 1	گھیرا باندھے ہوں گے	//	//	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ح ف ف	//	حَافِفِيْنَ ❾	الزمر:75
حَاقَ 9	گھیر لے گا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ح ی ق	فَعَلَ	حَيْقَ ❿	هود:8
الْحَاقَّةُ 3	ثابت ہونے والی	اسم فاعل	واحد مؤنث	//	//	مضاعف ثلاثی	ح ق ق	فَاعِلَةٌ	حَاقِقَةٌ ⓫	الحاقة:1
الْحَاكِمِيْنَ 5	فیصلہ کرنے والوں	//	جمع مذکر سالم	نصر	//	صحیح	ح ك م	فَاعِلِيْنَ	× ⓬	الأعراف:87
حَالَ 1	حائل ہوگی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	اجوف واوی	ح و ل	فَعَلَ	حَوْلَ ⓭	هود:43
حَامٍ 1	دس بچوں کا باپ اونٹ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ح م ی	فَاعٍ	حَامِي ⓮	المائدة:103
الْحَامِدُوْنَ 1	حمد کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ح م د	فَاعِلُوْنَ	❼ ×	التوبة:112
الْحَامِلَاتِ 1	اٹھانے والیوں کی	//	جمع مؤنث سالم	ضرب	//	//	ح م ل	فَاعِلَاتِ	×	الذاریات:2
بِحَامِلِيْنَ 1	اٹھانے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	⓬ ×	العنکبوت:12

❶ ج: حُضُوْرٌ وَحُضَّارٌ وَحُضَّرٌ۔ ❷ لفظ ﴿حَاضِرَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① نقد، جب یہ تِجَارَةٌ کی صفت ہو، جیسے: ﴿تِجَارَةٌ حَاضِرَةٌ﴾ ''نقد سودا'' ② قریب ونزدیک والی چیز، جیسا کہ سورۃ الأعراف:163 میں ہے ﴿حَاضِرَةَ الْبَحْرِ﴾ ''سمندر کے کنارے پر''، ج: حَوَاضِرُ۔ ❸ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے۔ ❹ عرب میں ''حَافِرَةٌ'' الٹے پاؤں لوٹنے اور پہلی حالت پر پلٹنے کے لیے ضرب المثل بن گیا ہے، بعض کے نزدیک حَافِرَةٌ کے معنی روئے زمین کے ہیں جس میں ان کی قبریں کھودی جاتی ہیں، یہ حَافِرٌ کی مؤنث ہے، اس کے مختلف معانی ہیں: ① حَفْرٌ کے معنی ہیں ''کھودنا''، یہاں حَافِرَة بمعنی مَحْفُوْرَةٌ ہے یعنی کھدی ہوئی زمین ② پہلا راستہ یا پہلی جگہ ③ پہلی حالت (حیات قبل از موت)، یہ اصل میں باب نصر واحد مؤنث اسم فاعل بمعنی مفعول ہے، یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ ❺ اس سے مراد اعمال لکھنے والا فرشتہ ہے، ج: حُفَّاظٌ و حَفَظَةٌ۔ ❻ اس کے معنی حفاظت کرنا اور پابندی کرنا اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ ''عَلٰی'' ہو۔ ❼ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ دو متحرک ہم جنس حرف فاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء ہو۔ ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے قاف کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، اس سے مراد قیامت ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ⓬ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ⓮ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور ہے تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے حرف علت یاء گر گئی (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل ہے، یہاں پر یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، وہ اونٹ جس سے دس حمل قرار پائے ہوں، اس کو عرب لوگ بتوں کے نام پر آزاد کر دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَامِيَةٌ 2	بھڑکتی ہوئی آگ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ح م ی	فَاعِلَةٌ	❶×	الغاشية:4
حُبًّا 9	محبت	(اسم) مصدر	×	س،ك	//	مضاعف ثلاثی	ح ب ب	فُعْلًا	حُبًّا❷	البقرة:165
حَبًّا 7	دانے	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	//	فَعْلًا	حَبًّا❸	الأنعام:99
حِبَالُهُمْ 2	ان کی رسیاں	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ح ب ل	فِعَالُ	❹×	طٰه:66
حَبَّبَ 1	محبوب بنادیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ب ب	فَعَّلَ	❺×	الحجرات:7
حَبَّةٌ 5	دانہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلَةٌ	حَبَّةٌ❻	البقرة:261
حَبِطَ 3	ضائع ہوگیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	صحیح	ح ب ط	فَعِلَ	×	المائدة:5
حَبِطَتْ 7	ضائع ہوگئے	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	//	البقرة:217
الْحُبُكِ 1	راستوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ب ك	فُعُلٌ	❼×	الذاريات:7
حَبْلٌ 5	رسی	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ح ب ل	فَعْلٌ	❽×	اللهب:5
حَتّٰى 142	یہاں تک کہ	حرف جر	×	×	×	×	×	×	❾×	القدر:5
حَتْمًا 1	حتمی	(اسم) مصدر	//	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ت م	فَعْلًا	❿×	مريم:71
حَثِيثًا 1	نہایت تیزی سے	اسم مبالغہ	واحد مذکر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ح ث ث	فَعِيلًا	⓫×	الأعراف:54
حَجَّ 1	حج کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ح ج ج	فَعَلَ	حَجَجَ⓬	البقرة:158
الْحَجِّ 9	حج	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلِ	حَجِجَ⓭	البقرة:189

❶ یہ اصل میں باب سمع سے واحد مؤنث اسم فاعل ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❷ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) ، یا یہ زوائد کے حذف کے بعد باب افعال کا مصدر ہے، اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ باب افعال کا اسم مصدر ہو۔ ❸ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) ،م: حَبَّةٌ ،ج: حُبُوْبٌ۔ ❹م: حَبْلٌ ۔ ❺ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّیٔ اور صلہ اِلٰی ہو۔ ❻ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) ،ج: حُبٌّ۔ ❼ آسمان کے راستوں سے مراد وہ راستے ہیں جن پر ستارے گردش کرتے ہیں،م: حَبِيْكَةٌ وَحِبَاكٌ۔ ❽ لفظ ﴿حَبْل﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① رسّی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② پناہ ،جیسا کہ سورۃ آل عمرٰن :112 میں ہے ﴿بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ﴾ ''اللہ کی پناہ کے ساتھ'' ③ رگ، جیسا کہ سورہ ق :16 میں ہے ﴿حَبْلِ الْوَرِيْدِ﴾ ''شہ رگ'' ،حَبْلُ الْوَرِيد ،گردن کی ایک رگ ہے اسے رگ جان کہتے ہیں ذبح کرتے وقت اسی رگ کو کاٹا جاتا ہے، اس سے قرب ونزدیک کو بیان کیا جاتا ہے ④ قرآن، جیسا کہ سورۃ آل عمرٰن :103 میں ہے ﴿وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ﴾ ج: حِبَالٌ ۔ ❾ ﴿حَتّٰى﴾ اس کی تین قسمیں ہیں: ① حرف جر، یہ انتہائے غایت کے لیے آتا ہے ،جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے اور کبھی یہ کَیْ کے معنی میں فعل ماضی اور فعل مضارع پر آتا ہے، اس صورت میں اس کے بعد اَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہوتا ہے، جو فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، اس صورت میں بھی حَتّٰی درحقیقت اسم یعنی مصدر مؤول پر داخل ہوتا ہے، جیسے: ﴿حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ﴾ (سورۃ البقرۃ: 217) ، حَتّٰى تَوَارَى عَنِّى (متفق علیہ) ، ② حرف ابتداء ،اس کے بعد جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں آجاتے ہیں، جملہ فعلیہ کبھی فعل مضارع اور کبھی فعل ماضی سے بنتا ہے، جیسے: ﴿حَتّٰى عَفَوْا﴾ (الأعراف:95) ۔ ③ حرف عطف، اس معنی میں یہ قرآن مجید میں استعمال نہیں ہوا۔ ❿ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ⓫ بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، ج: حِثَاثٌ۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ،ان کا ما قبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)۔ ⓭ دو ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) ،لفظ ﴿حَجّ﴾ اصل میں باب نصر کا مصدر ہے اور اس کے معنی ہیں ''قصد کرنا'' ،شرعی اصطلاح میں اس سے مراد ہے کہ مقررہ مہینوں میں عبادت کے لیے مسجد حرام میں جانا، یہاں لفظ حج مخصوص عبادت پر دلالت کرنے کی وجہ سے بطور نام یعنی اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، سورۃ التوبۃ :3 میں ہے ﴿يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ﴾ ''حج اکبر کے دن'' یہاں حج اکبر کے دن سے مراد 10 ذوالحجہ کا دن ہے، حج اکبر سے مراد وہ حج ہے جس سے پہلے وقوف عرفہ ہو، اور حج اصغر سے مراد وہ حج ہے جس میں وقوف عرفہ نہ ہوا سے عمرہ بھی کہا جاتا ہے، یعنی حج کو عمرہ سے ممتاز کرنے کے لیے حج اکبر کہا گیا ہے، عوام میں جو مشہور ہے کہ جو حج جمعے کے دن آئے وہ حج اکبر ہے اس کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حِجُّ 1	حج کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فِعْلٌ	حِجْجُ ❶	ال عمرٰن:97
حِجَابٌ 7	پردہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ح ج ب	فِعَالٌ	× ❷	الأعراف:46
حِجَارَةٌ 10	پتھر	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	//	ح ج ر	فِعَالَةٌ	× ❸	ھود:82
حُجَّةٌ 7	کوئی دلیل	//	واحد مؤنث	//	//	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فُعْلَةٌ	حُجْجَةٌ ❹	البقرة:150
حِجَجٍ 1	سال	//	جمع مکسر	×	//	//	//	فِعَلٍ	× ❺	القصص:27
حِجْرٌ 4	ممنوع	(اسم) مصدر	×	نصر	//	صحیح	ح ج ر	فِعْلٌ	× ❻	الأنعام:138
الْحِجْرِ 1	حجر بستی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فِعْلٍ	× ❼	الحجر:80
الْحَجَرَ 2	پتھر	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعَلَ	× ❽	البقرة:60
الْحُجُرَاتِ 1	کمروں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فُعُلَاتٍ	× ❾	الحجرات:4
حُجُوْرِكُمْ 1	تمہاری پرورش	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلٍ	× ❿	النساء:23
حَدَائِقَ 3	باغ	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ح د ق	فَعَائِلَ	× ⓫	النمل:60
حِدَادٍ 1	تیز	صفت مشبہ	//	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح د د	فِعَالٍ	× ⓬	الأحزاب:19
حَدَبٍ 1	بلندی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ح د ب	فَعَلٍ	× ⓭	الأنبياء:96
فَحَدِّثْ 1	تو بیان کیجیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح د ث	فَعِّلْ	×	الضحى:11
حُدُوْدُ 14	حدیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح د د	فُعُوْلُ	× ⓮	البقرة:187
حَدِيْثٍ 23	بات	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ح د ث	فَعِيْلٍ	× ⓯	النساء:140
حَدِيْدٍ 5	لوہے	//	//	//	//	مضاعف ثلاثی	ح د د	//	× ⓰	الحج:21
حَدِيْدٌ 1	بڑی تیز	صفت مشبہ	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِيْلٌ	× ⓱	ق:22
حَذَرَ 2	ڈرتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	سمع	//	صحیح	ح ذ ر	فَعَلَ	×	البقرة:19
حِذْرَكُمْ 3	اپنے بچاؤ کا سامان	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فِعْلَ	× ⓲	النساء:71

❶ دو ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) ۔ ❷ ج: حُجُبٌ ۔ ❸ م: حَجَرٌ ۔ ❹ دو ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، حُجَّة اصل میں باب نصر کا مصدر ہے اس کے معنی ہیں ''دلیل کے ذریعہ کسی پر غالب آنا، پھر یہ دلیل کے معنی میں بطور اسم جامد کے استعمال ہونے لگا، ج: حُجَجٌ وحِجَاجٌ ۔ ❺ م: حِجَّةٌ ۔ ❻ یہ مصدر بمعنی مفعول یعنی مَحْجُوْرٌ (ممنوع) کے معنی میں ہے، بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، لفظ ﴿حِجْر﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ممنوع، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② آڑ، جیسا کہ سورۃ الفرقان: 53 میں ہے ﴿حِجْرًا﴾ ''آڑ'' ۔ ❼ لفظ ﴿حِجْر﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ایک بستی کا نام، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، یہ صالح ؑ کی قوم ثمود کی بستی کا نام ہے، یہ بستی مدینہ اور تبوک کے درمیان تھی آج کل یہ بستی ''مدائن صالح'' کے نام سے معروف ہے ② عقل وخرد، جیسا کہ سورۃ الفجر: 5 میں ہے ﴿لِذِیْ حِجْرٍ﴾ ''صاحب عقل کے لیے''، ج: حُجُوْرٌ وأَحْجَارٌ ۔ ❽ ج: أَحْجَارٌ وحِجَارَةٌ ۔ ❾ م: حُجْرَةٌ ۔ ❿ م: حِجْرٌ، اس کے لغوی معنی حفاظت کے ہیں ۔ ⓫ یہ جمع منتہی الجموع ہے، م: حَدِيْقَةٌ ⓬ م: حَدِيْدٌ ۔ ⓭ یہ اصل میں مصدر ہے مگر یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، اس کے مصدری معنی کی مناسبت سے اونچی اور بلند زمین کو حَدَبٌ کہتے ہیں ۔ ⓮ م: حَدٌّ ، یہ اصل میں باب نصر کا مصدر ہے مگر یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، ﴿حُدُوْدُ اللّٰهِ﴾ سے مراد وہ امور ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے اوامر و نواہی کے ذریعے مقرر کیا ہے ۔ ⓯ یہ اصل میں باب نصر سے صفت مشبہ ہے، پھر یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا، ہر وہ کلام جو انسان کو سننے یا وحی کے ذریعے بیداری یا نیند میں پہنچے اسے حدیث کہتے ہیں، ج: أَحَادِيْثُ، بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل حَدَّثَ سے اسم مصدر ہے ۔ ⓰ ج: حَدَائِدُ ۔ ⓱ ج: حِدَادٌ وأَحِدَّاءُ ۔ ⓲ یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے مگر یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، اس سے مراد اسلحہ اور سامان جنگ ہے ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْحُرُّ 2	آزاد	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب، نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح ر ر	فُعُلٌ	حُرُرٌ ❶	البقرة:178
حَرًّا 3	گرم	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	حَرَرًا ❷	التوبة:81
حَرَامٌ 26	حرام	//	//	سمع، کرم	//	صحیح	ح ر م	فَعَالٌ	× ❸	النحل:116
اَلْحَرْبِ 4	جنگ	اسم مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ب	فَعْلٍ	× ❹	الأنفال:57
حَرْثٌ 13	کھیتی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	ح ر ث	فَعْلٌ	× ❺	البقرة:223
حَرَجٍ 15	تنگی	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ح ر ج	فَعَلٍ	× ❻	المائدة:6
حَرْدٍ 1	بخیلی کرنے	//	//	ضرب	//	//	ح ر د	فَعْلٍ	×	القلم:25
حَرَسًا 1	چوکیدار	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	//	ح ر س	فَعَلًا	× ❼	الجن:8
حَرَصْتَ 1	تم حرص کرو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	//	ح ر ص	فَعَلْتَ	×	یوسف:103
حَرَصْتُمْ 1	تم لالچ کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	النساء:129
حَرِّضِ 2	رغبت دلاتے رہو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ض	فَعِّلْ	حَرِّضْ ❽	النساء:84
حَرَضًا 1	بیمار	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلًا	× ❾	یوسف:85
حَرْفٍ 1	کنارے	اسم جامد	//	×	//	//	ح ر ف	فَعْلٍ	× ❿	الحج:11
حَرِّقُوْهُ 2	اسے جلاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ق	فَعِّلُوْ	×	الأنبياء:68
حَرَّمَ 20	اس نے حرام کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ح ر م	فَعَّلَ	//	البقرة:173
حُرِّمَ 3	حرام کی گئی	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِّلَ	//	ال عمرن:50
حُرُمٌ 5	احرام والے	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	ثلاثی مجرد	//	//	فُعُلٌ	× ⓫	المائدة:1

❶ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: اَحْرَارٌ۔ ❷ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) یہ اصل میں باب ضرب اور نصر کا مصدر ہے، پھر بطور صفت مشبہ استعمال ہونے لگا، ج: حُرُوْرٌ۔ ❸ یہ اصل میں باب کرم اور سمع کا مصدر ہے، اور یہاں یہ بمعنی مُحَرَّمٌ (حرام وممنوع) بطور صفت مشبہ کے استعمال کیا گیا ہے، یا یہ بطور مبالغہ کے استعمال کیا گیا ہے، لفظ ﴿حَرَامٌ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① حرام، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② لازم، جیسا کہ سورۃ الانبیاء: 95 میں ہے ﴿حَرَامٌ عَلٰى قَرْيَةٍ﴾ ''لازم ہے بستی پر'' ③ مقدس ولائق احترام، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 194 میں ہے ﴿الشَّهْرُ الْحَرَامُ﴾ ''حرمت والا مہینہ'' حرمت والے کل چار مہینے ہیں: ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب اسی طرح سورۃ المائدۃ: 2 میں ہے ﴿الْبَيْتَ الْحَرَامَ﴾ ''خانہ کعبہ''، ج: حُرُمٌ۔ ❹ یہ مؤنث سماعی ہے کبھی بمعنی قتال مذکر بھی استعمال ہوتا ہے، اگر اس کا معنی دو فریقوں کے درمیان قتال والا کیا جائے تو یہ باب مفاعلہ کا اسم مصدر ہوگا، اگر اس کا معنی لڑائی کیا جائے تو یہ حاصل مصدر ہوگا، اور اگر اس کا معنی لڑنا ہو تو یہ کبھی باب نصر حَرَبَ يَحْرُبُ کا مصدر ہوتا ہے، ج: حُرُوْبٌ۔ ❺ یہ اصل میں باب نصر سے مصدر بمعنی مفعول ہے، یہی وجہ ہے کہ یہاں خبر مفرد آئی ہے۔ ❻ اس سے پہلے مضاف محذوف ہے اَیْ ذَاحَرَجٍ، یا یہ بمعنی حَرِجٌ صفت مشبہ ہے، لفظ ﴿حَرَجٍ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① تنگی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② انتہائی تنگ وسخت، جیسا کہ سورۃ الأنعام: 125 میں ہے ﴿حَرَجًا﴾ ''انتہائی تنگ وسخت'' ③ گناہ، حرج، جیسا کہ سورۃ النور: 61 میں ہے ﴿لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ﴾ ''نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے''۔ ❼ م: حَارِسٌ، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے اس کا واحد حَرَسِیٌّ آتا ہے، یا یہ اسم جمع ہے۔ ❽ یہ اصل میں ساکن تھا، پھر آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلَى الشَّيْءِ ہو۔ ❾ ﴿حَرَضًا﴾ اس جسمانی عارضے یا ضعف عقل کو کہتے ہیں جو بڑھاپے یا پے در پے صدمات کی وجہ سے انسان کو لاحق ہوتا ہے، ج: اَحْرَاضٌ و حُرْضَانٌ و حِرَضَةٌ، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❿ کنارے پر عبادت کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ خوشی کی حالت میں تو اللہ کی عبادت کرتے ہیں مگر مصیبت میں نہیں کرتے، ج: اَحْرُفٌ و حُرُوْفٌ۔ ⓫ لفظ ﴿حُرُمٌ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① احرام، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② ادب واحترام والے'' جیسا کہ سورۃ توبۃ: 36 میں ہے ﴿مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ﴾ ''ان میں سے چار (مہینے) حرمت والے ہیں'': ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب، م: حَرَامٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَرَمًا 2	حرم (مکہ)	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ر م	فَعَلًا	×❶	القصص:57
حُرُمَاتِ 2	حرمتیں	صفت مشبہ	جمع مؤنث سالم	کرم	//	//	//	فُعُلَاتِ	×❷	الحج:30
حُرِّمَتْ 3	حرام کردی گئی ہیں	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	النساء:23
حَرَّمْنَا 7	ہم نے حرام کردی تھی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	النساء: 160
حَرَّمُوْا 1	انھوں نے حرام قرار دیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلُوْا	×	الأنعام:140
الْحَرُوْرُ 1	دھوپ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی	ح ر ر	فَعُوْلٌ	×❸	فاطر:21
حَرِيْرٌ 3	ریشم	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	//	فَعِيْلٌ	×	الحج:23
حَرِيْصٌ 1	حریص	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ر ص	//	×❹	التوبة:128
الْحَرِيْقِ 5	جلانے والا	//	//	نصر	//	//	ح ر ق	فَعِيْلٌ	×	ال عمرٰن:181
حِزْبَ 6	جماعت	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ح ز ب	فِعْلٌ	×❺	المائدة:56
الْحِزْبَيْنِ 1	دو جماعتوں	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فِعْلَيْنِ	×❻	الكهف:12
الْحُزْنِ 2	غم	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ح ز ن	فُعْلٌ	×❼	یوسف:84
حَزَنًا 3	غم کا باعث	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	×❽	القصص:8
حِسَابٍ 37	حساب	//	//	نصر	//	//	ح س ب	فِعَالٍ	×❾	ال عمرٰن:27
حِسَابِيَهْ 2	اپنے حساب کو	//	//	//	//	//	//	فِعَالِ	×❿	الحاقة:20
حِسَانٌ 2	خوبصورت عورتیں	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	//	//	ح س ن	فِعَالٌ	×⓫	الرحمٰن:70
حَسِبَ 5	خیال کیے بیٹھے ہیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع، حسب	//	//	ح س ب	فَعِلَ	×	العنكبوت:2
حُسْبَانًا 3	حساب کا ذریعہ	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	//	فُعْلَانًا	×⓬	الأنعام:96
حَسِبْتَ 13	آپ کا خیال ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع، حسب	//	//	//	فَعِلْتَ	×	الكهف:9

❶ یہ اصل میں باب کرم کا مصدر ہے، اور یہاں اسم جامد کے طور پر استعمال ہوا ہے، کیونکہ اس سے مراد مکہ مکرمہ کا وہ مقدس ومخصوص علاقہ ہے جس کے اندر بعض چیزیں اللہ تعالیٰ نے حرام کردی ہیں ہے، ج: اَحْرَامٌ ۔ ❷ م: حُرْمَةٌ وحُرُمَةٌ وحُرْمَةٌ، کبھی یہ مصدر بھی ہوتا ہے۔ ❸ ج: حَرَائِرُ ، یہ اصل میں صفت مشبہ ہے اس کے معنی ہیں آفتاب کی گرمی، تپش، بعض کے نزدیک یہ باب ضرب اور نصر کا مصدر بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❹ حَرَصَ عَلَى الرَّجُلِ کے معنی ہوتے ہیں: کسی پر مہربان ہونا اور نفع پہنچانے کی کوشش کرنا، اچھی طرح خیال رکھنا، اس اعتبار سے یہاں ﴿حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ﴾ کے معنی ہیں کہ وہ تم پر مہربان ہے تمہیں نفع پہنچانے کی کوشش کرتا ہے اور تمہارا اچھی طرح خیال رکھتا ہے، ج: حِرَاصٌ۔ ❺ ان لفظوں سے اس کا مفرد نہیں آتا ہے، حِزْبٌ کے معنی ہیں: پارٹی، طاقتور جماعت، حِزْبُ الرَّجُلِ کے معنی ہیں: اعوان وانصار، ج: اَحْزَابٌ۔ ❻ م: حِزْبٌ ، یہ اسم جمع ہے، اس کی جمع اَحْزَابٌ آتی ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ ج: اَحْزَانٌ، یہ مصدری معنی کے بغیر بھی استعمال ہوتا ہے اس کے معنی رنج وغم کے ہوتے ہیں۔ ❽ یہاں مصدر بمعنی اسم فاعل استعمال ہوا ہے۔ ❾ یہ باب مفاعلہ کا مصدر سماعی بھی ہوسکتا ہے، لفظ ﴿حِسَاب﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① حساب، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بہت اور کافی، جیسا کہ سورۃ النبأ:36 میں ہے ﴿عَطَاءً حِسَابًا﴾ ''عطیہ کافی''، یہاں یہ بطور وصف مبالغۃً استعمال ہوا ہے۔ ❿ اس کے آخر میں یائے متکلم اور ہائے سکتہ ہے۔ ⓫ یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے جمع ہے، لفظ ﴿حِسَان﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① خوبصورت عورتیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نفیس، جیسا کہ سورۃ الرحمن:76 میں ہے ﴿عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ﴾ ''نادر نفیس''، م: حَسَنٌ وحَسِيْنٌ وحَسَنَةٌ اور حَسْنَاءُ۔ ⓬ یا یہ اسم جامد حُسْبَانَةٌ کی جمع ہے، لفظ ﴿حُسْبَان﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① حساب کا ذریعہ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② تدبیر دقیق، جیسا کہ سورۃ الرحمن:5 میں ہے ﴿الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ﴾ ''سورج اور چاند ایک حساب سے (چل رہے ہیں)'' ③ کڑک اور اولے، جیسا کہ سورۃ الکھف:40 میں ہے ﴿يُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِنَ السَّمَاءِ﴾ ''وہ بھیجے اس پر کوئی عذاب آسمان سے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَسِبْتُمْ 4	تم نے خیال کرلیا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	س،ح	ثلاثی مجرد	صحیح	ح س ب	فَعِلْتُمْ	×	البقرة:214
حَسِبَتْهُ 1	اس نے خیال کیا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	//	النمل:44
حَسْبُكَ 9	کافی ہے تجھ کو	(اسم) مصدر	×	کرم	//	//	//	فَعْلٌ	×❶	الأنفال:62
حَسِبُوْا 1	ان کا خیال تھا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	س،ح	//	//	//	فَعِلُوْا	×	المائدة:71
حَسْبِيَ 2	مجھے کافی ہے	(اسم) مصدر	×	کرم	//	//	//	فَعْلِ	×❷	التوبة:129
حَسَدَ 1	حسد کرنے لگے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر،ضرب	//	//	ح س د	فَعَلَ	×	الفلق:5
حَسَدًا 1	حسد کرتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلًا	//	البقرة:109
حَسَرَاتٍ 2	حسرتیں	//	جمع مؤنث سالم	سمع	//	//	ح س ر	فَعَلَاتٍ	×❸	البقرة:167
حَسْرَةً 6	حسرت	(اسم) مصدر مرّہ	×	//	//	//	//	فَعْلَةً	×❹	ال عمرٰن:156
يٰحَسْرَتٰى 1	ہائے افسوس	//	//	//	//	//	//	فَعْلَةً	حَسْرَتِيْ ❺	الزمر:56
حَسُنَ 1	اچھے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	کرم	//	//	ح س ن	فَعُلَ	×	النساء:69
حُسْنُ 13	اچھا	(اسم) مصدر	×	نصر،کرم	//	//	//	فُعْلُ	×❻	ال عمرٰن:14
حَسَنٍ 19	اچھا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	//	فَعَلٍ	×	ال عمرٰن:37
الْحُسْنٰى 17	بھلائی	اسم تفضیل	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلٰى	×❼	النساء:95
حَسَنَاتٍ 3	نیکیوں	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	//	//	فَعَلَاتٍ	×❽	الفرقان:70
حَسُنَتْ 2	اچھی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	کرم	//	//	//	فَعُلَتْ	×	الكهف:31
حَسَنَةً 28	اچھائی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فَعَلَةً	×❾	البقرة:201
الْحُسْنَيَيْنِ 1	دو اچھائیوں	اسم تفضیل	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فُعْلَيَيْنِ	حُسْنَايَيْنِ ❿	التوبة:52
حُسُوْمًا 1	مسلسل	اسم فاعل	جمع مکسر	ضرب	//	//	ح س م	فُعُوْلًا	×⓫	الحاقة:7
حَسِيْبًا 4	حساب لینے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	//	ح س ب	فَعِيْلًا	×⓬	النساء:6
حَسِيْرٌ 1	تھکی ہوئی	//	//	کرم	//	//	ح س ر	فَعِيْلٌ	×	الملك:4

❶ یہ مصدر بمعنی اسم فاعل ہے یعنی کفایت کرنے والا، بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، یا یہ اسم فعل بمعنی یَکْفِی ہے۔ ❷ یہ مصدر بمعنی اسم فاعل یائے متکلم کی طرف مضاف ہے، یا یہ اسم فعل بمعنی یَکْفِی ہے۔ ❸ یا یہ باب تفعّل سے اسم مصدر ہے، م: حَسْرَةٌ۔ ❹ یا یہ باب تفعّل سے اسم مصدر ہے، ج: حَسَرَاتٌ۔ ❺ یہ منادی یائے متکلم کی طرف مضاف ہے، یائے متکلم کو الف سے بدل دیا ہے، یا یہ مندوب ہے، اس کے آخر میں الف ندبہ کا ہے۔ ❻ لفظ ﴿حُسْن﴾ جب اس کے معنی اچھا ہونا ہوں تو یہ مصدر ہوتا ہے اور جب اس کے معنی خوبی، بھلائی، خوبصورتی وغیرہ ہوں تو یہ حاصل مصدر ہوتا ہے قرآن مجید میں چھ معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① اچھا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② خوبی، سورۃ الشوریٰ :23 ③ بھلائی، سورۃ العنکبوت :8 ④ نیکی، سورۃ النمل :11 ⑤ نیک سلوک، سورۃ الکھف :86، ⑥ اچھی بات، سورۃ البقرۃ :83، ج: مَحَاسِنُ، یہ خلاف قیاس جمع ہے۔ ❼ ج: الْحُسَنُ یا اس سے مراد جنت ہے، یہ اسم جامد ہے، مشتق نہیں ہے، لفظ ﴿الْحُسْنٰى﴾ قرآن مجید میں چار معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① بھلائی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بہترین، جیسا کہ سورۃ الأعراف:137 میں ہے ﴿كَلِمَةُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى﴾ ''تیرے رب کی بہترین بات'' ③ سب سے اچھے، جیسا کہ سورۃ الأعراف:180 میں ہے ﴿الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى﴾ ''سب سے اچھے نام'' ④ نہایت اچھا بدلہ، جیسا کہ سورۃ یونس:2 میں ہے ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا الْحُسْنٰى﴾ ''جن لوگوں نے بھلائی کی انہی کے لیے نہایت اچھا بدلہ ہے۔ ❽ م: حَسَنَةٌ ❾ لفظ ﴿حَسَنَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① اچھائی، بھلائی، نیک عمل، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نعمت، جیسا کہ سورۃ الأعراف:131 میں ہے ﴿فَإِذَا جَاءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ﴾ ''تو جب ان پر خوش حالی آتی''، ج: حَسَنَاتٌ۔ ❿ الف زائدہ علامت تثنیہ سے پہلے واقع ہو کر یاء سے بدل گیا (قاعدہ: حُبْلَيَانِ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓫ م: حَاسِمٌ، جب اس کے معنی ''جڑ سے کاٹ دینے'' کے ہوں تو یہ باب ضرب کا مصدر ہوگا، بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ ⓬ یہ بمعنی کَافِيًا یا بمعنی مُحَاسِبًا، یا یہ فَعِيْل بمعنی مُفْعِل یعنی مُحْسِبًا ہے، یا یہ بمعنی فاعل ہے جو مبالغہ کے لیے فَعِيْل کے وزن پر بنایا گیا ہے، ج: حُسَبَاءُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَسِيسَهَا 1	اس کی آہٹ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح س س	فَعِيلَ	×❶	الأنبياء:102
فَحَشَرَ 1	تو اس نے اکٹھا کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ش ر	فَعَلَ	×	النازعات:23
حُشِرَ 1	جمع کیے گئے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	النمل:17
حَشْرٌ 2	جمع کرنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٌ	//	ق:44
حُشِرَتْ 2	اکٹھے ہو جائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	التكوير:5
حَشَرْتَنِيْ 1	اٹھایا ہے تو نے مجھے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	×❷	طٰه:125
حَشَرْنَا 1	ہم جمع کر دیتے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	الأنعام:111
حَصَادِهٖ 2	اس کی کٹائی	(اسم) مصدر	×	ن،ض	//	//	ح ص د	فَعَالِ	//	الأنعام:141
حَصَبُ 1	ایندھن	اسم جامد	اسم جنس	×	//	//	ح ص ب	فَعَلٌ	×❸	الأنبياء:98
حَصْحَصَ 1	ظاہر ہو گئی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فعللة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	ح ص ح ص	فَعْلَلَ	×	يوسف:51
حَصَدْتُّمْ 1	تم کاٹو	//	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ص د	فَعَلْتُمْ	حَصَدْتُّمْ❹	يوسف:47
حَصِرَتْ 1	تنگ ہوں	//	واحد مؤنث غائب	سمع	//	//	ح ص ر	فَعِلَتْ	×	النساء:90
حُصِّلَ 1	ظاہر کر دیے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ص ل	فُعِّلَ	//	العاديات:10
حَصُوْرًا 1	اپنے آپ پر بہت ضبط رکھنے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	ح ص ر	فَعُوْلًا	×❺	ال عمران:39
حُصُوْنُهُمْ 1	ان کے قلعے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ح ص ن	فُعُوْلٌ	×❻	الحشر:2
حَصِيْدًا 1	جڑ سے کاٹی ہوئی	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	//	ح ص د	فَعِيْلًا	×❼	يونس:24
حَصِيْرًا 4	قید خانہ	//	//	//	//	//	ح ص ر	//	×❽	بنی اسرائیل:8
حَضَرَ 1	آئی تھی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ح ض ر	فَعَلَ	×	البقرة:133
حَضَرُوْهُ 5	وہ اس کے پاس آئے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْ	//	الأحقاف:29
حُطَامًا 1	چورا چورا	صفت مشبہ	واحد مذکر	س،ض	//	//	ح ط م	فُعَالًا	//	الزمر:21
الْحَطَبِ 3	ایندھن	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	ح ط ب	فَعَلِ	×❾	اللهب:4
حِطَّةٌ 2	بخش دے	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ح ط ط	فِعْلَةٌ	حِطْطَةٌ❿	البقرة:58

❶ یہ اصل میں باب نصر سے مصدر بمعنی اسم مفعول یعنی محسوس کرنا کے معنی میں ہے، یہاں یہ اسم جامد کے طور پر بمعنی حِس (آہٹ) استعمال ہو رہا ہے، یہ قاعدہ ہے کہ جب کسی معنوی شئی میں مصدری معنی نہ ہو تو وہ جامد ہوتا ہے، یہاں اس کے غیر مصدر ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ یہ مفعول بہ بن رہا ہے۔ ❷ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یائے متکلم مفعول بہ ہے۔ ❸ م: حَصَبَةٌ ❹ دو قریب المخرج حرف دال اور تاء میں سے پہلا حرف دال ساکن ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، اس صورت میں لکھنے میں دونوں حرف آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک حرف آتا ہے۔ ❺ اس کے معنی ہیں طاقت کے باوجود خواہشات نفس سے باز رہنے والا، پاکیزہ و بلند کردار۔ ❻ م: حِصْنٌ، اس کی جمع اُحْصَانٌ و حِصَنَةٌ بھی آتی ہے۔ ❼ یہ بمعنی مَحْصُوْد (کھیتی) ہے، جب یہ لفظ کسی بستی کے لیے بولا جائے تو اس کے معنی تہس نہس ہو گئی کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ ھود :100 میں ہے ﴿حَصِيْدٌ﴾ ''نیست و نابود کر دی گئی''، ج: حَصَائِدُ۔ ❽ یہ فَعِيْل بمعنی فاعل یعنی حَاصِرٌ کے معنی میں ہے، ج: حُصُرٌ وَاُحْصِرَةٌ، یا یہ ذات حَصْرٍ کی تاویل میں ہے، جب اس کے معنی چٹائی ہوں تو یہ اسم جامد ہوتا ہے۔ ❾ م: حَطَبَةٌ، اس کی جمع مکسر اُحْطَابٌ بھی آتی ہے۔ ❿ دو ہم جنس حرف طاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، اسے مصدر ھیئۃ کہتے ہیں، میدان تیہ سے نکلنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو حکم دیا کہ وہ سجدہ کرتے ہوئے بیت المقدس میں داخل ہوں اور زبان سے ''حِطَّةٌ'' کہیں، حِطَّةٌ کے معنی ہیں ''تو ہمیں بخش دے''، مگر وہ اس کی بجائے حَبَّةٌ فِي شَعْرَةٍ (گندم بالی میں) کہتے تھے، بعض کے نزدیک اس لفظ کا وہ حکم دیے گئے تھے لیکن اس کے معنی معلوم نہیں اور بعض کے نزدیک اس کے معنی ''توبہ'' کے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الْحُطَمَةُ 2	حُطَمہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ط م	فُعَلَةٌ	× ❶	الهمزة:5
حَظًّا 7	حصہ	//	واحد مذکر	//	//	مضاعف ثلاثی	ح ظ ظ	فَعْلًا	حَظْظًا ❷	ال عمرٰن:176
حَفَدَةٌ 1	پوتے	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ح ف د	فَعَلَةٌ	× ❸	النحل:72
حُفْرَةٍ 1	گڑھے	//	واحد مؤنث	//	//	//	ح ف ر	فُعْلَةٍ	× ❹	ال عمرٰن:103
حَفِظَ 1	محفوظ رکھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	ح ف ظ	فَعِلَ	×	النساء:34
حِفْظًا 3	محفوظ بنایا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلًا	//	الصافات:7
حَفَظَةً 1	محافظ	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فَعَلَةً	× ❺	الأنعام:61
حَفِظْنَاهَا 1	ہم نے اسے محفوظ کر دیا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعِلْنَا	×	الحجر:17
حَفَفْنَاهُمَا 1	ہم نے گھیر رکھا تھا ان کو	//	//	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ح ف ف	فَعَلْنَا	//	الكهف:32
حَفِيٌّ 2	پوری تحقیق کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	ناقص واوی	ح ف و	فَعِيلٌ	حَفِيُوٌ ❻	الأعراف:187
حَفِيظٌ 11	حفاظت کرنے والا	//	//	//	//	صحیح	ح ف ظ	//	× ❼	هود:57
حَقَّ 12	ثابت ہوگئی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ح ق ق	فَعَلَ	حَقَقَ ❽	الأعراف:30
حَقٌّ 247	برحق	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعْلٌ	حَقُقٌ ❾	ال عمرٰن:86
حُقُبًا 1	عرصہ دراز	اسم جامد	//	×	//	صحیح	ح ق ب	فُعُلًا	× ❿	الكهف:60
حَقَّتْ 5	ثابت ہوگیا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ح ق ق	فَعَلَتْ	حَقَقْتُ ❽	يونس:33
حُقَّتْ 2	اس کا حق یہی ہے	فعل ماضی مجہول	//	نصر	//	//	//	فُعِلَتْ	حُقِقْتُ ⓫	الانشقاق:2
حَقِيقٌ 1	ضروری	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	//	//	فَعِيلٌ	× ⓬	الأعراف:105
الْحُكَّامِ 1	حاکموں	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	صحیح	ح ك م	فُعَّالِ	× ⓭	البقرة:188

❶ یہ اصل میں باب ضرب سے اسم مبالغہ ہے، اس کے لغوی معنی ہیں ریزہ ریزہ کر دینے والا، یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، یہ جہنم کی آگ کا نام ہے۔ ❷ یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے مگر یہاں یہ حاصل مصدر کے طور پر اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، ج: حُظُوْظٌ و حِظَاظٌ وأَحْظٌّ۔ ❸ م: حَافِدٌ بعض کے نزدیک یہ اسم فاعل کے وزن پر اسم جامد ہے، یعنی یہ اصل میں باب ضرب کا اسم فاعل ہے، اس کی جمع حِفَدٌ و أَحْفَادٌ بھی آتی ہے۔ ❹ ج: حُفَرٌ۔ ❺ م: حَافِظٌ۔ ❻ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں دو جو ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے، لفظ ﴿حَفِيٌّ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① پوری تحقیق کرنے والا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ⑦ لطیف و شفیق، جیسا کہ سورۃ مریم: 47 میں ہے ﴿إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا﴾ ''بے شک وہ مجھ پر ہمیشہ سے بہت مہربان ہے''، ج: حُفَوَاءُ۔ ❼ یہ بمعنی فاعل ہے جو مبالغہ کے لیے فَعِيل کے وزن پر لایا گیا ہے، یا یہ بمعنی مُفَاعِل ہے، لفظ ﴿حَفِيظٌ﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① نگہبان، یہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت ہے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ⑦ امین، جیسا کہ سورۃ یوسف: 55 میں ہے ﴿إِنِّي حَفِيظٌ عَلِيمٌ﴾ ⑧ محافظ، ذمہ دار، جیسا کہ سورۃ النساء: 80 میں ہے ﴿فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا﴾ ⑨ حدود خداوندی کا پاسبان، جیسا کہ سورۃ ق: 32 میں ہے ﴿هَذَا مَا تُوعَدُونَ لِكُلِّ أَوَّابٍ حَفِيظٍ﴾، ج: حُفَظَاءُ۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) ❾ دو ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ بطور مصدر بھی استعمال ہوتا ہے، سورۃ البقرۃ: 149 میں ﴿لَلْحَقُّ﴾ اصل میں لَ اَلْحَقُّ تھا ہمزہ وصلی وسط کلام میں گر گیا، ج: حُقُوقٌ و حِقَاقٌ۔ ❿ ﴿حُقُبًا﴾ کے معنی ہیں: لمبا عرصہ، تقریباً اسی سال یا اس سے زیادہ مدت، ج: أَحْقَابٌ و حِقَابٌ۔ ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، حُقَّ لَهُ اَنْ يَفْعَلَ كَذَا کے معنی ہیں: اسے ایسا کرنا لازمی اور ضروری ہے۔ ⓬ ﴿حَقِيقٌ عَلَىٰ اَنْ﴾ سے پہلے اَنَا مبتدا محذوف ہے، اس کے معنی ہیں اس کا حریص و خواہش مند ہوں، مذکورہ بالا آیت میں عَلَى کی بجائے عَلَيَّ بھی ایک قراءت ہے اس کے معنی ہیں: میرے لیے یہ بات ضروری ہے۔ ⓭ م: حَاكِمٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَكَمَ 1	فیصلہ کر چکا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ك م	فَعَلَ	×	المؤمن:48
حُكْمُ 30	حکم	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلُ	//	المائدة:43
حَكَمًا 3	ایک فیصلہ کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعَلًا	×❶	النساء:35
حِكْمَةٍ 20	حکمت	(اسم) مصدر	×	كرم	//	//	//	فِعْلَةٍ	×❷	ال عمرٰن:81
حَكَمْتَ 1	فیصلہ کرنا چاہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	//	فَعَلْتَ	×	المائدة:42
حَكَمْتُمْ 1	فیصلہ کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	النساء:58
حَكِيمٌ 97	حکمت والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	كرم	//	//	//	فَعِيلٌ	×❸	البقرة:209
حِلٌّ 5	حلال	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ح ل ل	فِعْلٌ	حِلٌّ❹	المائدة:5
حَلَائِلُ 1	بیویاں	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فَعَائِلُ	×❺	النساء:23
حَلَّافٍ 1	بہت قسمیں اٹھانے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ح ل ف	فَعَّالٍ	×	القلم:10
حَلَالٌ 6	حلال	صفت مشبہ	//	//	//	مضاعف ثلاثی	ح ل ل	فَعَالٌ	×❻	النحل:116
حَلَفْتُمْ 1	تم قسم اٹھاؤ	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	صحیح	ح ل ف	فَعَلْتُمْ	×	المائدة:89
الْحُلْقُوْمَ 1	گلے	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مزید فیہ	//	ح ل ق م	فُعْلُوْلَ	×❼	الواقعة:83
حَلَلْتُمْ 1	تم احرام کھول دو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح ل ل	فَعَلْتُمْ	×❽	المائدة:2
الْحُلُمَ 1	بلوغت	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ح ل م	فُعْلٌ	×❾	النور:58
حُلُّوْا 1	انہیں پہنائے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ح ل ی	فُعِّلُوْا	حُلِّيُوا❿	الدهر:21
حَلِيْمٌ 15	نرمی کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	كرم	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ل م	فَعِيلٌ	×⓫	البقرة:225
حِلْيَةٍ 4	زیور	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	ناقص یائی	ح ل ی	فِعْلَةٍ	×⓬	الرعد:17
حُلِيِّهِمْ 1	اپنے زیورات	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلٍ	حُلُوِيِ⓭	الأعراف:148
حٰمٓ 7	حروف مقطعات	×	×	//	×	×	×	×	×⓮	المؤمن:1
حَمَأٌ 3	سیاہ گارا	اسم جامد	اسم جمع جمعی	//	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ح م ء	فَعَلٌ	×⓯	الحجر:26
الْحِمَارِ 2	گدھا	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ح م ر	فِعَالٍ	×⓰	الجمعة:5
حَمَّالَةَ 1	سر پر اٹھاتی	اسم مبالغہ	واحد مؤنث	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ح م ل	فَعَّالَةَ	×	اللهب:4

❶ ج: حَكَمَةٌ ۔ ❷ ج: حِكَمٌ ۔ ❸ یہ اللہ تعالیٰ کا ایک نام ہے، سورۃ ال عمرٰن:58 میں ﴿ الذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴾ ''پر حکمت نصیحت'' سے مراد قرآن کریم ہے، یہ فَعِيْل بمعنی مُفْعِل ہے، یہ مبالغہ کے لیے ہے یا یہ نسبت کے لیے ہے یعنی ذِیْ حِكْمَةٍ ، ج: حُكَمَاءُ ۔ ❹ دوہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ مصدر بمعنی صفت مشبہ استعمال ہو رہا ہے، لفظ ﴿ حِلٌّ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① حلال، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② مقیم، جیسا کہ سورۃ البلد:2 میں ہے ﴿ اَنْتَ حِلٌّ ﴾ ''تو رہنے والا ہے''۔ ❺ م: حَلِيْلَةٌ ، یہ اصل میں صفت مشبہ ہے، پھر بمعنی الزوجۃ اسم جامد بن گیا، بیوی کو حلیلہ اس لیے کہا گیا ہے کہ اس کا اترنا، قیام کرنا خاوند کے ساتھ ہوتا ہے۔ ❻ بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❼ ج: حَلَاقِمُ و حَلَاقِيْمُ ۔ ❽ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل ''فُلَانٌ'' ہو۔ ❾ یہ بلوغت کا نام ہے، ج: اَحْلَامٌ ، بعض کے نزدیک یہ باب نصر کا مصدر ہے۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا) ۔ ⓫ بسا اوقات یہ لفظ اسم مبالغہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے، ج: حُلَمَاءُ ۔ ⓬ ج: حِلًى ۔ ⓭ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا، اور یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ)، م: حَلْيٌ ۔ ⓮ اس سے مراد وہ حروف ہیں جو علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں، ان کے معانی کے بارے میں کوئی مستند روایت نہیں ہے۔ ⓯ م: حَمَأَةٌ، ج: حُمَرٌ و حَمِيْرٌ و أَحْمِرَةٌ و حُمُوْرٌ و حُمُرَاتٌ ، مفرد مؤنث حِمَارَةٌ اور جمع حَمَائِرُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَمِيئَةٍ 1	کیچڑ	صفت مشبہ	واحد مؤنث	سمع	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ح م ء	فَعِلَة	❶×	الكهف:86
الْحَمْدُ 43	سب تعریفیں	(اسم) مصدر	×	//	//	صحیح	ح م د	فَعْلٌ	❷×	الفاتحة:2
حُمُرٌ 1	گدھے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ح م ر	فُعُلٌ	❸×	المدثر:50
حُمْرٌ 1	سرخ	صفت مشبہ	//	//	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلٌ	❹×	فاطر:27
❶ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) ،تاء اصل میں ساکن تھی، پھر اسے آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے۔ ❸ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: دَاعٍ)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، ج:دُنَاةٌ۔ ❹ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:دَاعٍ) ❺ یہ عجمی علم ہے، جو عجمہ اور علمیت کی بناء غیر منصرف ہے، یہ بنی اسرائیل کے مشہور نبی تھے، یہ انتہائی عبادت گزار اور صوم وصلاۃ کے پابند تھے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب نماز داود علیہ السلام کی نماز اور سب سے زیادہ محبوب روزے داود علیہ السلام کے روزے ہیں، وہ آدھی رات سوتے پھر اٹھ کر رات کا تہائی حصہ قیام کرتے، اور پھر اس کے چھٹے حصہ میں سو جاتے، ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن ناغہ کرتے اور جنگ میں فرار نہ ہوتے'' (صحیح البخاری:3420)، ان کو اللہ تعالیٰ نے خوبصورت آواز دی تھی پرندے اور پہاڑ بھی ان کے ساتھ مل کر تسبیح بیان کرتے اللہ تعالیٰ نے لوہا ان کے لیے نرم کر دیا تھا، جس سے با آسانی وہ مختلف چیزیں تیار کر لیتے تھے، ان پر اللہ تعالیٰ نے زبور کو نازل فرمایا تھا، ان کے بیٹے سلیمان علیہ السلام بھی نبی تھے۔ ❻ ج:اَدْبَارٌ۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ❽ یا یہ جمع مکسر اسم فاعل ہے، م:دَاحِرٌ۔ ❾ ج:اَدْخِنَةٌ و دَوَاخِنُ و دَوَاخِيْنَ۔ ❿ یہ اصل میں باب سمع سے مصدر ہے۔ ⓫ لفظ ﴿ دَخَلْتُمْ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① تم نے دخول کیا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ بِالْعُرُوْسِ ہو ② تم داخل ہوئے، جیسا کہ سورۃ النور: 61 میں ہے ﴿دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا﴾ ''تم گھروں میں داخل ہو''۔ ⓬ تُمْ کے بعد ھا ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ:اِتَّخَذْتُمُوْهُ) ⓭ ۔م: دِرْهَمٌ ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
دَرَجَاتٍ 14	درجات	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	ثلاثی مجرد	صحیح	د ر ج	فَعَلَاتٍ	× ❶	البقرة:253
دَرَجَةٌ 4	درجہ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَةٌ	× ❷	البقرة:228
دَرَسْتَ 1	تو نے پڑھ لیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	د ر س	فَعَلْتَ	×	الأنعام:105
دَرَسُوْا 1	انہوں نے پڑھ لی	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	الأعراف:169
الدَّرْكِ 1	طبقہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	د ر ك	فَعْلِ	× ❸	النساء:145
دَرَكًا 1	پکڑے جانے	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَلًا	× ❹	طٰه:77
دُرِّيٌّ 1	چمکدار	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	د ر ر	فُعِّيلٌ	× ❺	النور:35
دَسَّاهَا 1	اس کو خاک میں ملایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	د س س	فَعَّلَ	دَسَّسَ ❻	الشمس:10
دُسُرٍ 1	میخوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	د س ر	فُعُلٍ	× ❼	القمر:13
دَعْ 1	چھوڑیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	//	مثال واوی	و د ع	عَلْ	اِوْدَعْ ❽	الأحزاب:48
دَعَا 10	دعا کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	د ع و	فَعَلَ	دَعَوَ ❾	آل عمرٰن:38
دَعًّا 1	دھکیلا جانا	(اسم) مصدر	×	//	//	مضاعف ثلاثی	د ع ع	فَعْلًا	دَعْعًا ❿	الطور:13
دُعَاءً 20	پکار	//	//	//	//	ناقص واوی	د ع و	فُعَالًا	دُعَاوًا ⓫	البقرة:171
دَعَانِ 1	وہ مجھ سے دعا کرتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	دَعَوَ ⓬	البقرة:186
دَعَوَا 1	دونوں نے دعا کی	//	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَا	×	الأعراف:189
دَعَوْا 3	دعا کرنے لگتے ہیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَوْا	دَعَوُوْا ⓭	یونس:22
دَعَوْا 3	انہوں نے منسوب کی	//	//	//	//	//	//	فَعَوْا	دَعَوُوْا ⓮	مریم:91
دُعُوْا 3	ان کو بلایا جائے	//	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	فُعُوْا	دُعِوُوْا ⓯	البقرة:282
دَعْوَاهُمْ 1	ان کی پکار	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٰى	×	الأعراف:5

❶ م: دَرَجَةٌ ۔ ❷ ج:دَرَجَاتٌ ۔ ❸ یہ جہنم کے ایک طبقہ کا نام ہے، ج:اَدْرَاكٌ ۔ ❹ جب اس کے معنی انجام بد ہوں تو یہ اسم جامد ہوگا، ج:اَدْرَاكٌ ۔ ❺ اس میں یاءِ نسبت کی ہے، یہ دُرٌّ (موتی) کی طرف منسوب اسم ہے، ج : دَرَارِيُّ ۔ ❻ دو ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے دوسرے سین کو بغیر کسی قاعدہ کے الف سے بدل دیا (ابدال سماعی)۔ ❼ م: دِسَارٌ ۔ ❽ مضارع کی موافقت سے واؤ کو گرا دیا، اس کا ماقبل متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا، تو دَعْ ہو گیا، یا دَعْ اصل میں مضارع معروف تَدَعُ سے بنا ہے، امر بنانے کے لیے علامت مضارع کو گرا دیا، اس کا ماقبل متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، اس کے آخر کو ساکن کر دیا۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول لفظ اللہ ہو، جب اس کا صلہ اِلَى الشيء ہو تو اس کے معنی دعوت دینا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ حٰمٓ : 33 میں ہے ﴿دَعَا اِلَى اللّٰهِ﴾ ''اللہ کی طرف بلائے''، جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو تو اس کے معنی بلانا، پکارنا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الروم : 25 میں ہے ﴿دَعَاكُمْ﴾ ''وہ تمہیں پکارے گا''۔ ❿ دو ہم جنس حرف عین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)۔ ⓫ واؤ اسم کے آخر میں الف زائد کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، اس کے بعد یاءِ ضمیر متکلم حذف ہو چکی ہے۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، آگے ملانے کے لیے واؤ کو ضمہ دے دیا۔ ⓮ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، جب اس کا صلہ لِفُلَان ہو تو اس کے دو معنی ہوتے ہیں: ① کسی کے حق میں خیر کی دعا کرنا۔ ② کسی کی طرف منسوب کرنا، یہاں دوسرا معنی مراد ہے۔ ⓯ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے تو اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، اور دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ:رَضُوْا)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	ششی اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
دَعْوَةَ 4	دعا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	د ع و	فَعْلَة	× ❶	البقرة:186
دَعَوْتُ 6	میں بلاتا رہا ہوں	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	×	نوح:5
دَعَوْتُمُوْهُمْ 1	تم ان کو بلاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	دَعَوْتُمْ ❷	الأعراف:193
فَدَعَوْهُمْ 1	تو وہ ان کو بلائیں گے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَوْ	دَعَوُوْا ❸	الكهف:52
دُعِيَ 1	بلایا جاتا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلَ	دُعِوَ ❹	المؤمن:12
دُعِيتُمْ 1	تم کو (کھانے پر) بلایا جائے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فُعِلْتُمْ	دُعِوْتُمْ ❺	الأحزاب:53
دِفْءٌ 1	گرمی حاصل کرنا	(اسم) مصدر	واحد مذکر	سمع	مہموز اللام	د ف ء	//	فِعْلٌ	× ❻	النحل:5
دَفْعُ 2	ہٹانا ہوتا	//	×	فتح	صحیح	د ف ع	//	فَعْلُ	×	البقرة:251
دَفَعْتُمْ 1	حوالے کرو تم	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	× ❼	النساء:6
دَكًّا 3	ریزہ ریزہ	(اسم) مصدر	×	نصر	مضاعف ثلاثی	د ك ك	//	فَعْلًا	دَكْكًا ❽	الأعراف:143
دَكَّاءَ 1	ریزہ ریزہ	صفت مشبہ	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَاءَ	دَكْكَاءَ ❾	الكهف:98
دَكَّةً 1	توڑ پھوڑ کر	مصدر مرّہ	×	//	//	//	//	فَعْلَة	دَكْكَةً ❿	الحاقة:14
دُكَّتِ 1	پست کر دیا جائے گا	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	دُكِكَتْ ⓫	الفجر:21
فَدُكَّتَا 1	تو دونوں ریزہ ریزہ کر کے	//	تثنیہ مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتَا	دُكِكَتَا ⓬	الحاقة:14
فَدَلَّاهُمَا 1	تو اس نے مائل کر لیا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	د ل و	فَعَّلَ	دَلَّوَ ⓭	الأعراف:22
مَا۔دَلَّهُمْ 1	تو نہ راہنمائی کی ان کو	فعل ماضی منفی معلوم	//	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	د ل ل	فَعَلَ	دَلَلَ ⓮	سبا:14
لِدُلُوْكِ 1	ڈھلنے سے لے کر	(اسم) مصدر	×	//	صحیح	د ل ك	//	فُعُوْلِ	×	بنی اسرائیل:78
دَلْوَهُ 1	اپنا ڈول	اسم جامد	واحد مذکر	×	ناقص واوی	د ل و	//	فَعْلَ	× ⓯	یوسف:19
دَلِيْلًا 1	راہنما	صفت مشبہ	//	نصر	مضاعف ثلاثی	د ل ل	//	فَعِيْلًا	× ⓰	الفرقان:45

❶ یہ مصدر مرّہ فَعْلَة کے وزن پر ہے مگر مصدر مرّہ نہیں ہے، کیونکہ یہ اصول ہے کہ جب کسی اصلی مصدر کے آخر میں پہلے سے ہی تاء موجود ہو تو یہ تاء وحدت کا معنی نہیں دے گی، بلکہ اس سے یہ معنی لینے کے لیے اس کے بعد وحدت پر دلالت کرنے والا لفظ لایا جاتا ہے، جیسے: دَعْوَةٌ وَاحِدَةٌ ، البتہ سورۃ الروم: 25 میں یہ بطور مصدر مرّہ کے استعمال ہوا ہے، جیسے ﴿ إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ﴾ "جب وہ تمہیں زمین سے ایک ہی دفعہ پکارے گا"۔ ❷ تُمْ کے بعد هُمْ ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❹ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ)۔ ❺ واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کی صورت دَعَا الْقَوْمَ دُعَاءً وَدَعْوَةً وَمَدْعَاةً ہو۔ ❻ یہ مصدر بمعنی اسم مفعول ہے، اور یہ اسم جامد کے معنی بھی استعمال ہوتا ہے اس سے مراد ہر وہ چیز ہے جو گرمائی پہنچائے، اس لیے بعض نے اس کا ترجمہ "گرمی حاصل کرنے کا سامان" کیا ہے، ج: أَدْفَاءٌ۔ ❼ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "اِلیٰ" ہو۔ ❽ دو ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❾ دو ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) مفرد مذکر أَدَكُّ، ج: دُكٌّ یا یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❿ دو ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا، دَكَّتِ الْأَرْضَ کے معنی ہیں: زمین کے نشیب و فراز کو دور کر کے ہموار کر دینا۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، دَلّٰى فُلَانًا بِغُرُوْرٍ کے معنی ہیں: دھوکہ میں ڈالنا۔ ⓮ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓯ ج: دِلَاءٌ وَأَدْلٍ۔ ⓰ بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے، ج: أَدِلَّةٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
دَمٍ 7	خون	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	د م و	فَعٍ	دَمَوٌ ❶	النحل:66
دِمَاءَ كُمْ 3	اپنوں کا خون	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فِعَالَ	دِمَاوَ ❷	البقرة:84
مَا ـ دُمْتَ 1	آپ مستقل	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	د و م	فُلْتَ	دَوَمْتَ ❸	آل عمران:75
مَا ـ دُمْتُ 2	جب تک میں تھا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فُلْتُ	دَوَمْتُ ❸	المائدة:117
مَا ـ دُمْتُمْ 1	جب تک رہو تم	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فُلْتُمْ	دَوَمْتُمْ ❸	المائدة:96
فَدَمْدَمَ 1	تو ہلاک کر دیا	//	واحد مذکر غائب	فَعْلَلَة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	د م د م	فَعْلَلَ	×❹	الشمس:14
دَمَّرَ 1	تباہی ڈال دی تھی	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	د م ر	فَعَّلَ	×	محمد:10
دَمَّرْنَا 6	ہم نے تباہ کیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	الأعراف:137
الدَّمْعِ 2	آنسو	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مجرد	//	د م ع	فَعْلٍ	×❺	المائدة:83
دَنَا 1	قریب ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	د ن و	فَعَلَ	دَنَوَ ❻	النجم:8
الدُّنْيَا 115	قریب	اسم تفضیل	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلَى	دُنْوَى ❼	الأنفال:42
الدُّنْيَا 1	دنیا	اسم جامد	//	×	//	//	//	//	دُنْوَى ❽	البقرة:114
دِهَاقًا 1	چھلکتے ہوئے	صفت مشبہ	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	د ه ق	فِعَالًا	×	النبأ:34
الدِّهَانِ 1	تلچھٹ	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	د ه ن	فِعَالِ	×❺	الرحمٰن:37
الدَّهْرُ 2	زمانہ	//	//	//	ثلاثی مجرد	//	د ه ر	فَعْلُ	×❿	الجاثية:24
الدُّهْنِ 1	روغن	//	//	//	//	//	د ه ن	فُعْلٍ	×⓫	المؤمنون:20
الدَّوَائِرَ 1	گردشوں	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	اجوف واوی	د و ر	فَوَاعِلَ	دَوَاوِرَ ⓬	التوبة:98
الدَّوَابُّ 4	جاندار	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	د ب ب	فَوَاعِلِ	دَوَابِبِ ⓭	الأنفال:22
دُولَةً 1	گردش کرنے والا	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	د و ل	فُعْلَةً	×	الحشر:7
دُونَ 144	سوائے	//	واحد مذکر	//	//	//	د و ن	فُعْلٍ	//	البقرة:23
دَيَّارًا 1	کوئی رہنے والا	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	د ی ر	فَيْعَالًا	دَيْوَارًا ⓮	نوح:26

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، اس کے یائی اور واوی ہونے میں اختلاف ہے، تثنیہ: دَمَانِ، دَمَيَانِ، دَمَوَانِ آتا ہے، ج: دِمَاءٌ و دُمِيٌّ۔ ❷ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، م: دَمٌ۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور میم جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس کے عمل کرنے کے لیے شرط ہے کہ اس سے پہلے ما مصدریہ ظرفیہ ہو۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "عَلٰی" ہو۔ ❺ یہ آنکھ سے بہنے والی چیز کا نام ہے، ج: دُمُوعٌ، باب فتح کا مصدر بھی اسی طرح آتا ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❼ واؤ فُعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: دُنْيَا)، یہ کبھی بطور صفت کے استعمال ہوتا ہے اور کبھی بطور اسم جامد کے استعمال ہوتا ہے۔ ❽ واؤ فُعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: دُنْيَا)، یہ اصل میں اسم تفضیل ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ ❾ ج: اَدْهِنَةٌ۔ ❿ ج: اَدْهُرٌ و دُهُورٌ۔ ⓫ اَدْهَانٌ و دِهَانٌ۔ ⓬ واؤ، مدہ زائدہ الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: صَحَائِفُ)، م: دَائِرَةٌ ⓭ ۔ دو متحرک ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے باء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اصل میں باب ضرب سے جمع مکسر اسم فاعل ہے، م: دَابَّةٌ۔ ⓮ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
دِيَارِكُم 16	اپنے گھروں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	دور	فِعَالٌ	دِوَارٌ ❶	البقرة:84
دِيَةٌ 2	دیت	//	واحد مذکر	//	//	لفیف مفروق	و د ی	عِلَةٌ	وِدْيٌ ❷	النساء:92
دَيْنٍ 5	قرض	//	//	//	//	اجوف یائی	د ی ن	فَعْلٌ	×❸	النساء:11
الدِّيْنِ 92	جزا	//	//	//	//	//	//	فِعْلٌ	×❹	الفاتحة:4
دِيْنَارٍ 1	ایک دینار	//	//	//	رباعی مزید فیہ	مضاعف رباعی	د ن ن ر	فِعْلَالٌ	دِنَّارٌ ❺	ال عمرٰن:75

❶ واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:رِيَاضٌ)،م:دَارٌ۔ ❷ یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے،اس کے معنی ہیں خون بہا ادا کرنا، مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر واقع ہوا اس سے واؤ کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں ''ۃ'' بڑھا دی اور عین کلمہ کو فتحہ دے دیا(قاعدہ عِدَةٌ)،مگر یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، کیونکہ جب اس کے معنی خون بہا اور دیت کے ہوں تو یہ اسم جامد ہوتا ہے، دیت سے مراد وہ مقرر مال ہے جو مقتول کے ولی کو قاتل کی طرف سے جان کے بدلے دیا جائے، ج:دِيَاتٌ۔ ❸ یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے،قرض دینے اور لینے دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے، جب دَانَ يَدِيْنُ فُلَانًا دَيْنًا ہو تو اس کے معنی کسی کو قرض دینا اور جب دَانَ يَدِيْنُ فُلَانٌ دَيْنًا ہو تو اس کے معنی قرض لینا کے ہوتے ہیں،مگر یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، کیونکہ جب اس کے معنی قرض یا ادھار کے ہوں تو یہ اسم جامد ہوتا ہے، ج:اَدْيُنٌ و دُيُوْنٌ۔ ❹ یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے مگر یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے،لفظ ﴿دِيْن﴾ قرآن مجید میں چار معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے:① جزا،جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② دین،ملت،جیسا کہ سورۃ البقرۃ 132 میں ہے ﴿الدِّيْنَ﴾ ''دین'' ③ قانون،جیسا کہ سورۃ یوسف:76 میں ہے ﴿فِي دِيْنِ الْمَلِكِ﴾ ''بادشاہ کے قانون میں'' ④ عبادت،جیسا کہ سورۃ الزمر:2 میں ہے ﴿مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ﴾ ''خالص کرتے ہوئے اس کے لیے عبادت کو''۔ اس کا مصدر دِيَانَةٌ بھی آتا ہے، ج: اَدْيُنٌ و دُيُوْنٌ و اَدْيَانٌ۔ ❺ دو ہم جنس حرف نون فِعَّالٌ کے ہم وزن اسم میں جمع ہوئے ان میں سے پہلے نون کو یاء سے بدل دیا(قاعدہ :ابدال قیاسی)، یہ سونے کا ایک قدیم سکہ ہے، ج:دَنَانِيْرُ۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الذال (ذ)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذَا 16	والا	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ذ و ی	فَعَ	ذَوَیٌ ❶	المؤمنون:7
ذَا	وہ	اسم موصول	واحد، تثنیہ، جمع	//	×	×	×	×	× ❷	البقرة:255
ذَائِقَةُ 3	چکھنے والا	اسم فاعل	واحد مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ذ و ق	فَاعِلَةُ	ذَاوِقَةٌ ❸	ال عمرٰن:185
لَذَائِقُوا 1	ضرور چکھنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوا	ذَاوِقُوْنَ ❹	الصافات:38
لَذَائِقُوْنَ 1	ضرور چکھنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	ذَاوِقُوْنَ ❺	الصافات:31
ذَاتِ 20	والی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	لفیف مقرون	ذ و ی	فَعَتِ	ذَوَیَتِ ❻	الحج:2
الذَّارِيَاتِ 1	بکھیر دینے والی ہواؤں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	نصر	//	ناقص واوی	ذ ر و	فَاعِلَاتِ	ذَارِوَاتِ ❼	الذٰریٰت:1
ذَاقَا 1	ان دونوں نے چکھ لیا	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	//	//	اجوف واوی	ذ و ق	فَعَلَا	ذَوَقَا ❽	الأعراف:22
فَذَاقَتْ 1	تو انہوں نے چکھی	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	ذَوَقَتْ ❾	الطلاق:9
ذَاقُوْا 3	انہوں نے چکھ لیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	ذَوَقُوْا ❿	الأنعام:148
الذَّاكِرَاتِ 1	ذکر کرنے والی عورتیں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	//	//	صحیح	ذ ک ر	فَاعِلَاتِ	×	الأحزاب:35
الذَّاكِرِيْنَ 2	ذکر کرنے والے مرد	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ⓫	الأحزاب:35
ذَاالْقَرْنَيْنِ 2	ذوالقرنین	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	× ⓬	الكهف:54
ذَاالْكِفْلِ 2	ذوالکفل	//	//	//	//	//	//	//	× ⓭	الأنبياء:85
ذَالِكَ 82	یہ	//	//	//	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ذ ی ی	فَعَ	ذَیٌ ⓮	البقرة:1

❶ اس کے آخر سے یاء کو تخفیفاً حذف کر دیا، پھر واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، یہ بمعنی صاحب اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے، اس کی رفعی حالت واؤ سے، نصبی حالت الف سے اور جری حالت یاء سے آتی ہے، یہاں اس کی نصبی حالت ہے جو الف کے ساتھ آئی ہے۔ ❷ بنوطیء کے نزدیک جب ذَا مَنْ یا ما استفہامیہ کے بعد آئے تو یہ اسم موصول اور مبنی ہوتا ہے۔ ❸ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)۔ ❹ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ) پھر اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے۔ ❺ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ) پھر اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ اس میں یاء کو تخفیفاً حذف کر دیا اور واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قالیٌ) بمعنی صاحب ذُو کا مؤنث ہے، ﴿ذَاتَ الْيَمِيْنِ﴾ دائیں جانب''، ﴿ذَاتَ الشِّمَالِ﴾ بائیں جانب'' (سورۃ الکہف 17)، اس صورت میں یہ اسم ظرف ہوگا، ذَاتُ الصَّدْرِ کے معنی ہیں انسان کی پوشیدہ حالت، دل کی بات یا حالت، سورۃ ال عمرٰن 119 میں ہے ﴿اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴾ بے شک اللہ تعالیٰ سینوں کی بات کو خوب جاننے والا ہے، ج: ذَوَاتٌ۔ ❼ واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رِيَاضٌ) یہ ناقص یائی بھی ہو سکتا ہے، اس صورت میں اس میں تعلیل نہیں ہوگی۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قالٌ) ❾ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ یہ ایک نیک اور عادل حکمران تھے، جس نے مشرق اور مغرب کے تمام ممالک فتح کیے، اور یاجوج وماجوج کے سامنے ایک مضبوط دیوار بنا دی۔ ⓫ یہ حضرت ایوب علیہ السلام کے بیٹے بشر کا لقب ہے، ان کے بارے میں اختلاف ہے کہ وہ نبی تھے یا نہیں، امام ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قرآن میں نبیوں کے ساتھ ان کا ذکر ان کے نبی ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ ⓬ یہ اسم اشارہ بعید ہے، اس میں ذَا اسم اشارہ ہے، اس کا الف نفس کلمہ کا ہے جو اصل میں یاء سے بدلا ہوا ہے، اصل میں یہ ذَیٌّ تھا، لام کلمہ کو حذف کر دیا تو ذَیٌ ہو گیا، پھر یاء کو الف سے بدل دیا تاکہ یہ کَلَوٌ رَأَیٌ، جیسے کلمات کے مشابہ ہو، اس میں لام حرف بُعد اور کاف حرف خطاب ہے، اسی لیے یہ مخاطب کے اعتبار سے واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث میں بدلتا رہتا ہے، اگر مخاطب جمع مذکر مخاطب ہو تو ﴿ذٰلِكُمْ﴾ (البقرۃ:49)، اگر مخاطب تثنیہ مذکر و مؤنث ہو تو ﴿ذٰلِكُمَا﴾ (یوسف 37)، اگر مخاطب جمع مؤنث ہو تو ﴿فَذٰلِكُنَّ﴾ (یوسف 32)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَذَانِكَ	چنانچہ یہ دونوں	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ذ ی ی	فَعَ	× ❶	القصص:32
ذَاالنُّوْن 1	مچھلی والا	〃	واحد مذکر	〃	×	×	×	×	× ❷	الأنبياء:87
ذَاهِبٌ 1	جانے والا	اسم فاعل	〃	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ذ ہ ب	فَاعِلٌ	×	الصافات:99
الذِّئْبُ 3	بھیڑیا	اسم جامد	〃	×	〃	مہموز العین	ذ ء ب	فِعْلٌ	× ❸	یوسف:13
ذُبَابًا 2	ایک مکھی	〃	اسم جنس جمعی	〃	〃	مضاعف ثلاثی	ذ ب ب	فُعَالًا	× ❹	الحج:73
ذُبِحَ 1	ذبح کیا گیا ہو	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	فتح	〃	صحیح	ذ ب ح	فُعِلَ	×	المائدة:3
بِذِبْحٍ 1	قربانی	اسم جامد	واحد مذکر	×	〃	〃	〃	فِعْلٍ	× ❺	الصافات:107
فَذَبَحُوهَا 1	پس ذبح کیا اس کو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	〃	〃	〃	فَعَلُوْا	×	البقرة:71
ذَرِ 1	چھوڑیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	س، ف	〃	مثال واوی	و ذ ر	عَلِ	اِوْذَرْ ❻	الأنعام:70
ذِرَاعًا 1	ہاتھ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ذ ر ع	فِعَالًا	× ❼	الحاقة:32
ذِرَاعَيْهِ 1	اپنے بازو	〃	تثنیہ مؤنث	〃	〃	〃	〃	فِعَالَيْ	ذِرَاعَيْنِ ❽	الكهف:18
ذَرَأَ 4	اس نے پیدا کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ذ ر ء	فَعَلَ	× ❾	الأنعام:136
ذَرَأْنَا 1	ہم نے پیدا کیے	〃	جمع متکلم	〃	〃	〃	〃	فَعَلْنَا	×	الأعراف:179
ذَرَّةٍ 6	ذرہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	〃	مضاعف ثلاثی	ذ ر ر	فَعْلَةٍ	ذَرَّةٍ ❿	النساء:40
ذَرْعًا 2	دل	〃	واحد مذکر	〃	〃	صحیح	ذ ر ع	فَعْلًا	× ⓫	هود:77
ذَرْعُهَا 1	جس کی پیمائش	〃	〃	〃	〃	〃	〃	فَعْلُ	× ⓬	الحاقة:32
ذَرْنَا 9	چھوڑ دو ہم کو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	س، ف	〃	مثال واوی	و ذ ر	عَلْ	اِوْذَرْ ⓭	التوبة:86
ذَرْنِي 3	چھوڑ دو مجھے	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	اِوْذَرْ ⓮	المزمل:11

❶ یہ اسم اشارہ بعید ہے، ذَانِ اسم اشارہ اور كَ حرف خطاب ہے۔ ❷ یہ حضرت یونس بن متّی کا لقب ہے، جو اپنی قوم سے ناراض ہو کر اور انھیں عذاب الٰہی کی دھمکی دے کر اللہ کے حکم کے بغیر ہی وہاں سے چل دیے تھے جس پر اللہ نے ان کی گرفت فرمائی اور انھیں مچھلی کا لقمہ بنا دیا، اس بنا پر انھیں ذاالنون کہتے ہیں۔ ❸ ج: ذِئَابٌ و أَذْؤُبٌ و ذُؤْبَانٌ۔ ❹ م: ذُبَابَةٌ، ج: ذُبَّانٌ و أَذِبَّةٌ، مذکورہ بالا آیت کریمہ میں یہ واحد مذکر کے لیے آیا ہے۔ ❺ یہ اصل میں باب فتح سے صفت مشبہ بمعنی مذبوح ہے، پھر یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا۔ ❻ مضارع کی موافقت کی وجہ سے واؤ گر گئی، اس کا ماقبل متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ یا یہ اصل میں تَـذَرُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو آخر کو ساکن کر دیا، یہاں اس کو آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا، اس فعل کا صرف مضارع اور امر استعمال ہوتا ہے، ماضی کے لیے وَذَرَ کی بجائے تَرَكَ کہا جائے گا۔ ❼ یہ مؤنث جوازی ہے، کبھی مذکر کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے، ذراع اصل میں کہنی کے سرے سے درمیانی انگلی کے سرے تک کا حصہ ہوتا ہے، عام طور پر اس کے معنی ہاتھ کیے جاتے ہیں، ج: أَذْرُعٌ و ذُرُعَانٌ۔ ❽ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: ذِرَاعٌ، ج: أَذْرُعٌ و ذُرُعَانٌ۔ ❾ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل لفظ اللّٰهُ اور مفعول الْخَلْقَ ہو۔ ❿ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، ج: ذَرَّاتٌ۔ ⓫ یہ اصل میں باب فتح کا مصدر ہے یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔ ⓬ یہ اصل میں باب فتح کا مصدر ہے، یہاں پیمائش یا لمبائی کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، ج: ذُرُعَانٌ۔ ⓭ مضارع کی موافقت کی وجہ سے واؤ گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یا یہ اصل میں تَـذَرُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو آخر کو ساکن کر دیا، اس فعل کا صرف مضارع اور امر استعمال ہوتا ہے، اس کے آخر میں ناضمیر مفعول بہ ہے۔ ⓮ مضارع کی موافقت کی وجہ سے واؤ گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یا یہ اصل میں تَـذَرُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو آخر کو ساکن کر دیا، اس فعل کا صرف مضارع اور امر استعمال ہوتا ہے، اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر مفعول بہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذَرُوْا 9	چھوڑ دو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	س،ف	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ذ ر	عُلُوْا	اِوْذَرُوْا ❶	البقرة:278
ذَرْوًا 1	اُڑا کر	(اسم) مصدر	×	نصر	//	ناقص واوی	//	فَعْلًا	×	الذاريات:1
ذُرِّيَّاتِنَا 4	ہماری اولاد	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ذ ر ر	فُعَلِيَّاتِ	ذُرِرِيَّاتِ ❷	الفرقان:74
ذُرِّيَّةٌ 28	اولاد	//	اسم جمع	//	//	//	//	فُعْلِيَّةٌ	ذُرِرِيَّةٌ ❸	البقرة:266
ذُقْ 10	چکھ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ذ و ق	قُلْ	اُذْوُقْ ❹	الدخان:49
ذَكَرَ 4	ذکر کرتا ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	صحیح	ذ ك ر	فَعَلَ	× ❺	الأحزاب:21
ذُكِرَ 7	ذکر کیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	×	الأنعام:118
ذِكْرٌ 76	پیغام	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلٌ	× ❻	الأعراف:63
ذَكَرٍ 12	مرد	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعَلٍ	× ❼	ال عمران:195
ذَكِّرْ 7	نصیحت کیجیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِّلْ	×	الأنعام:70
ذُكِّرَ 2	سمجھایا گیا ہو	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِّلَ	//	الكهف:57
ذِكْرٰى 23	نصیحت کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلٰى	× ❽	الأنعام:69
ذُكْرَانًا 2	لڑکے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	فُعْلَانًا	× ❾	الشورى:50
ذَكَرْتَ 1	آپ ذکر کرتے ہیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	//	فَعَلْتَ	×	بنی اسرائیل:46
ذُكِّرْتُمْ 1	نصیحت کی گئی ہے تم کو	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلْتُمْ	//	يٰسٓ:19
ذَكَرُوْا 2	یاد کرتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلُوْا	//	ال عمران:135
ذُكِّرُوْا 7	خاص وصیت کی گئی ان کو	فعل ماضی مجہول	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلُوْا	//	المائدة:13
الذَّكَرَيْنِ 2	دونوں نر	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَيْنِ	× ❿	الأنعام:143
الذُّكُوْرَ 2	لڑکے	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلَ	× ❾	الشورى:49

❶ مضارع کی موافقت کی وجہ سے واؤ گر گئی، اس کا ماقبل متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یا یہ اصل میں تَذَرُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس فعل کا صرف مضارع اور امر استعمال ہوتا ہے، ماضی کے لیے وَذَرَ کی بجائے تَرَكَ کہا جائے گا۔ ❷ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، م: ذُرِّيَّةٌ، یہ مہموز اللام بھی ہو سکتا ہے، دیکھیں ذُرِّيَّةٌ۔ ❸ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، ج: ذَرَارِيُّ و ذُرِّيَّاتٌ، یا یہ مہموز اللام ذَرْءٌ سے مشتق ہے، اصل میں ذُرْيِئَةٌ تھا، ہمزہ مفرد متحرک ماقبل یائے مدہ زائدہ ہے تو ہمزہ کو ماقبل کی جنس یاء سے بدل دیا (قاعدة: خَطِيَّةٌ) پھر دو ہم جنس حرف یاء جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے یاء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدة: مَدّ)۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ اور قاف جمع ہونے سے واؤ گر گئی، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا، یا دراصل یہ تَذُوْقُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی اس کا ماقبل متحرک ہے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے ساکن کر دیا تو دو ساکن واؤ، قاف جمع ہونے سے واؤ گر گئی اور ذُقْ بن گیا۔ ❺ لفظ ﴿ذَكَرَ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ذکر کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نصیحت حاصل کرنا، جیسا کہ سورۃ المدثر:55 میں ہے ﴿فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهُ﴾ ''تو جو چاہے اس سے نصیحت حاصل کرے''۔ ❻ سورۃ النحل :44 میں ﴿الذِّكْرُ﴾ سے مراد قرآن مجید ہے۔ ❼ ج: ذُكُوْرٌ و ذُكْرَانٌ۔ ❽ اس وزن پر صرف یہی مصدر آتا ہے، بعض کے نزدیک یہ باب مفاعلہ و تفعّل سے اسم مصدر ہے۔ ❾ م: ذَكَرٌ۔ ❿ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: ذَكَرٌ، ج: ذُكُوْرٌ و ذُكْرَانٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذَكَّيْتُمْ 1	تم خود ذبح کرلو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ذ ك و	فَعَّلْتُمْ	ذَكَّوْتُمْ ❶	المائدة:3
الذُّلِّ 3	عاجزی	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ذ ل ل	فُعْلٍ	ذُلُلٍ ❷	بنی اسرئیل:24
ذِلَّةٌ 7	ذلت	//	//	//	//	//	//	//	//	الأعراف:152
ذُلُلًا 1	نرم وہموار	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُلًا	ذُلُلًا ❸	النحل:69
ذُلِّلَتْ 1	لٹک رہے ہوں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	الدهر:14
ذَلَّلْنَاهَا 1	ہم نے قابو میں کردیا ہے ان کو	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	یٰسٓ:72
ذَلُوْلٌ 1	کام میں لائی گئی ہو	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعُوْلٌ	× ❹	البقرة:71
ذِمَّةً 2	عہد	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	ذ م م	فِعَلَةٌ	ذِمَمَةٌ ❺	التوبة:8
ذَنْبٌ 11	ایک الزام	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	ذ ن ب	فَعْلٌ	× ❻	الشعراء:14
ذُنُوْبًا 2	حصہ	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعُوْلًا	× ❼	الذاريات:59
ذُنُوْبَكُمْ 26	تمہارے گناہ	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	//	//	فُعُوْلَ	× ❽	ال عمران:31
ذَهَابٍ 1	واپس لے جانے	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	ذ ه ب	فَعَالٍ	×	المؤمنون:18
ذَهَبَ 8	لے گیا ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	× ❾	البقرة:17
ذَهَبٍ 8	سونا	اسم جامد	اسم جنس	×	//	//	//	فَعَلٍ	× ❿	الكهف:31
ذَهَبَتْ 1	چلی گئی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	فتح	//	//	//	فَعَلَتْ	×	الممتحنة:11
ذَهَبْنَا 1	ہم شروع ہوئے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	یوسف:17
ذَهَبُوْا 1	وہ لے گئے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	× ❾	یوسف:15
ذُو 35	والا	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	لفیف مقرون	ذ و ی	فُعٌ	ذُوُوْ ⓫	البقرة:105
ذَوَا 2	والا	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعَا	ذَوَانِ ⓬	المائدة:95
ذَوَاتَا 1	والے	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَتَا	ذَوَيَتَانِ ⓭	الرحمٰن:48

❶ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)۔ ❷ دو ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے، تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، اس باب سے ذُلٌّ، مَذَلَّةٌ اور ذَلَالَةٌ بھی مصدر آتے ہیں۔ ❸ م: ذَلُوْلٌ، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ لَهُ الشَّيْءُ ہو۔ ❹ یا یہ اسم مبالغہ ہے، اس میں مذکر اور مؤنث دونوں برابر ہوتے ہیں، لفظ ﴿ذَلُوْل﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① کام میں لگائی ہوئی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نرم، جیسا کہ سورۃ الملک:15 میں ہے، ﴿الْاَرْضَ ذَلُوْلًا﴾ ''زمین کو نرم''، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ لَهُ الشَّيْءُ ہو، ج: ذُلٌّ۔ ❺ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے، تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، ج: ذِمَمٌ۔ ❻ ج: ذُنُوْبٌ۔ ❼ ﴿ذَنُوْبًا﴾ کے اصل معنی ڈول کے ہیں، کنویں سے ڈول میں پانی نکال کر تقسیم کیا جاتا ہے، اس اعتبار سے یہاں ڈول کو حصہ کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے، ج: اَذْنِبَةٌ وَذُنُوْبٌ۔ ❽ م: ذَنْبٌ، یہ اصل میں باب افعال سے اسم مصدر ہے۔ ❾ ذَهَبَ کے معنی ہیں: جانا، جب اس کا صلہ باء ہو تو اس کے معنی کسی کے ساتھ جانا، لے جانا کے ہوتے ہیں، ❿ ج: اَذْهَابٌ وَذُهُوْبٌ وَذُهْبَانٌ۔ ⓫ ایک واؤ کو تخفیفاً حذف کردیا ہے، یہ اسمائے ستہ مکبّرہ میں سے ہے، اس کی رفعی حالت واؤ سے ذُوْ اور نصبی حالت الف سے ذَا اور جری حالت یاء سے ذِیْ آتی ہے، اور یہ ہمیشہ اسم جنس ظاہر غیر صفت کی طرف مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے۔ ⓬ یہ اس کی رفعی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے۔ ⓭ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ اس کی رفعی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، م: ذَاتٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذَوَاتَیْ 1	والے	اسم جامد	تثنیہ مؤنث	×	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ذ و ی	فَعَلَتَیْ	ذَوَیَتَیْنِ ❶	سبا:16
ذُوْقُوْا 23	تم چکھو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ذ و ق	فُعُلُوا	اُذْوُقُوا ❷	ال عمرٰن:181
ذَوَیْ 1	والے	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	//	لفیف مقرون	ذ و ی	فَعَیْ	ذَوَیْنِ ❸	الطلاق:2
ذَوِیْ 1	والوں	//	جمع مذکر	//	//	//	//	فَعِیْ	ذَوِیْنَ ❹	البقرۃ:177
ذِیْ 24	والے	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فِعْ	ذُوْ ❺	البقرۃ:83

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کوالف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے،م:ذَاتُ۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا(قاعدہ:یُقَالُ)، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یا دراصل یہ تَذُوقُونَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، آخر سے نون اعرابی بھی گر گیا۔ ❸ یہ اسمائے ستہ مکبّرہ میں سے ذَا کا تثنیہ ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے۔ ❹ یہ اسمائے ستہ مکبّرہ میں سے ذَا کی جمع ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے۔ ❺ یہ اسمائے ستہ مکبّرہ میں سے ہے، اور یہ ذُو کی جری حالت ہے، سورۃ الکھف :83 میں ہے ﴿ذِی الْقَرْنَیْنِ﴾ ''ذوالقرنین''، ان کا اصلی نام خورس تھا، انہوں نے 539 قبل مسیح میں بابل فتح کیا اور بنی اسرائیل کو آزاد کروایا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الراء (ر)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَابِطُوْا 1	مستعد رہو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ب ط	فَاعِلُوْا	×	آل عمرٰن:200
رَابِعُهُمْ 2	چوتھا ان میں سے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ب ع	فَاعِلٌ	×❶	الکہف:22
رَابِيًا 1	پھولی ہوئی	اسم فاعل	//	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ر ب و	فَاعِلًا	رَابِوًا❷	الرعد:17
رَابِيَةً 1	سخت قسم	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةً	رَابِوَةً❷	الحاقۃ:10
رَاجِعُوْنَ 4	واپس جانے والے	//	جمع مذکر سالم	ضرب	//	صحیح	ر ج ع	فَاعِلُوْنَ	×	البقرۃ:46
الرَّاجِفَةُ 1	کانپنے والی	//	واحد مؤنث	نصر	//	//	ر ج ف	فَاعِلَةٌ	×❸	النازعات:6
الرَّاحِمِيْنَ 6	سب رحم کرنے والوں	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	//	ر ح م	فَاعِلِيْنَ	×❹	الأعراف:151
فَلَا رَادَّ 1	پس نہیں کوئی روکنے والا	//	واحد مذکر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر د د	فَاعِلٌ	رَادِدٌ❺	یونس:107
الرَّادِفَةُ 1	پیچھے آنے والی	//	واحد مؤنث	سمع	//	صحیح	ر د ف	فَاعِلَةٌ	×❻	النازعات:7
لَرَادُّكَ 1	ضرور واپس لائے گا تجھ کو	//	واحد مذکر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر د د	فَاعِلٌ	رَادِدٌ❺	القصص:85
رَادُّوْهُ 1	واپس لائیں گے اس کو	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْ	رَادِدُوْنَ❼	القصص:7
بِرَآدِّي 1	لوٹانے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْ	رَادِدِيْنَ❽	النحل:71
الرَّازِقِيْنَ 6	رزق دینے والے	//	//	//	//	صحیح	ر ز ق	فَاعِلِيْنَ	×❹	المائدۃ:114
الرَّاسِخُوْنَ 2	مضبوط	//	//	//	//	//	ر س خ	فَاعِلُوْنَ	×	آل عمرٰن:7
رَاسِيَاتٍ 1	ایک ہی جگہ گاڑی ہوئی	//	جمع مؤنث سالم	//	//	ناقص واوی	ر س و	فَاعِلَاتٍ	رَاسِوَاتٍ❾	سبا:13
الرَّاشِدُوْنَ 1	ہدایت والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	صحیح	ر ش د	فَاعِلُوْنَ	×	الحجرات:7
رَاضِيَةٍ 4	ایک من پسند	//	واحد مؤنث	سمع	//	ناقص واوی	ر ض و	فَاعِلَةٍ	رَاضِوَةٍ❿	الحاقۃ:21
رَاعِنَا 2	راعنا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ر ع ی	فَاعٍ	رَاعِیْ⓫	البقرۃ:104

❶ یہ اسم عدد صفاتی ہے، تذکیر و تانیث میں قیاس کے مطابق آتا ہے۔ ❷ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہو گئی (قاعدہ:دَاعٍ)۔ ❸ اس سے مراد نفخہ اولی ہے، جس سے ساری کائنات کانپ اور لرز اٹھے گی اور ہر چیز فنا ہو جائے گی۔ ❹ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدّ)۔ ❻ اس سے مراد نفخہ ثانیہ ہے، جس سے سب لوگ زندہ ہو کر قبروں سے نکل آئیں گے۔ ❼ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدّ)، اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدّ)، اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:دَاعٍ)، م: رَاسِيَةٌ۔ ❿ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:دَاعٍ)، یہ بمعنی مَرْضِيَّة یا ذَاتِ رِضًا کی تاویل میں ہے۔ ⓫ امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَاعُوْنَ 2	حفاظت کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ر ع ی	فَاعُوْنَ	رَاعِيُوْنَ ❶	المؤمنون:8
فَرَاغَ 3	تو وہ چپکے سے گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	ر و غ	فَعَلَ	رَوَغَ ❷	الصافات:91
رَاغِبٌ 1	بے رغبتی کرتا	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	//	صحیح	ر غ ب	فَاعِلٌ	× ❸	مریم:46
رَاغِبُوْنَ 2	رغبت کرنے والے	//	جمع مذکر	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	//	التوبة:59
رَافِعَةٌ 1	کسی کو بلند کرے	//	واحد مؤنث	فتح	//	//	ر ف ع	فَاعِلَةٌ	×	الواقعة:3
رَافِعُكَ 1	اٹھانے والا ہوں تجھ کو	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَاعِلُ	//	ال عمرٰن:55
رَاقٍ 1	دم وغیرہ کرنے والا	//	//	ضرب	//	ناقص یائی	ر ق ی	فَاعٍ	رَاقِيٌ ❹	القيامة:27
رَاكِعًا 1	جھک کر	//	//	فتح	//	صحیح	ر ك ع	فَاعِلًا	×	صٓ:24
رَاكِعُوْنَ 2	جھکنے والے	//	جمع مذکر	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❺	المائدة:55
الرّٰكِعِيْنَ 1	رکوع کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❻	البقرة:43
رَانَ 1	زنگ چڑھ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ر ی ن	فَعَلَ	رَيَنَ ❼	المطففين:14
رَاوَدْتُّنَّ 1	تم نے پھلانا چاہا تھا	//	جمع مؤنث حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ر و د	فَاعَلْتُنَّ	رَاوَدْتُّنَّ ❽	يوسف:51
رَاوَدَتْنِي 2	اس نے مجھے پھسلانا چاہا تھا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَاعَلَتْ	× ❾	يوسف:26
رَاوَدْتُّهٗ 2	میں نے اسے پھسلانا چاہا تھا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَاعَلْتُ	رَاوَدْتُ ❽	يوسف:32
رَاوَدُوْهُ 1	طلب کیا انہوں نے اسے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلُوْ	×	القمر:37
رَءَا 13	دیکھا	//	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین و ناقص یائی	ر ء ی	فَعَلَ	رَءَىٰ ❿	الأنعام:76
رَأَى 11	اس نے دیکھا	//	//	//	//	//	//	//	رَءَىٰ	الأنعام:76
رِئَاءَ 3	دکھانے کے لیے	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعَالٌ	رِئَايَ ⓫	البقرة:264
رَاٰكَ 9	دیکھتے ہیں آپ کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَ	رَءَىٰ ⓬	الأنبياء:36
رَاَتْهُ 2	دیکھا اس نے اس کو	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَتْ	رَأَيْتُ ⓭	النمل:44

❶ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشیٔ اور مصدر رَعْیاً، رِعَایَةً ہو۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، جب اس کا صلہ ''اِلٰی'' ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''کسی شے کی طرف خفیہ طور پر مائل ہونا، اور جب اس کا صلہ ''عَلٰی'' ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''مارنے کے لیے کسی پر ٹوٹ پڑنا''، جیسا کہ سورۃ الصّٰفّٰت: 93 میں ہے ﴿فَرَاغَ عَلَيْهِمْ﴾ ''تو وہ ٹوٹ پڑا''۔ ❸ جب اس کا صلہ 'اِلٰی یا لام یا فِی'' ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''رغبت کرنا، مائل ہونا''، اور جب اس کا صلہ ''عَنْ'' ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''اعراض کرنا''۔ ❹ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْ)۔ ❺ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❽ دو ہم مخرج حرفوں دال اور تاء میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، دو ہم مخرج حرفوں کے ادغام کی صورت میں لکھنے میں دونوں آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک آتا ہے (ادغام متجانسین)۔ ❾ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم ہے۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ⓫ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الرَّأْسُ 7	سر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مہموز العین	ر ء س	فَعْلٌ	×❶	مریم:4
رَأْفَةٌ 2	ترس ونرمی	(اسم) مصدر	×	ف، ل، ك	//	//	ر ء ف	فَعْلَةٌ	×	النور:2
رَأَوْا 13	دیکھ لیا انہوں نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	فَعَوْا	رَأَيُوا❷	الأعراف:149
رَأَوْا 6	وہ دیکھیں گے	//	//	//	//	//	//	//	رَأَيُوا❸	یونس:54
رُءُوْسُ 2	اصل	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مہموز العین	ر ء س	فُعُوْلٌ	×❹	البقرة:279
رُءُوْسَكُمْ 9	اپنے سر	//	//	//	//	//	//	فُعُوْلَ	×❺	البقرة:196
رَءُوْفٌ 11	شفقت کرنے والے	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	ر ء ف	فَعُوْلٌ	×❻	البقرة:207
رَأَى 1	دیکھنا	(اسم) مصدر	×	فتح	//	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	فَعَلٌ	×	ال عمران:13
الرَّأْيِ 1	رائے	//	//	//	//	//	//	فَعْلِ	×❼	ھود:27
رِءْيًا 1	نمود ونمائش	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فِعْلًا	×❽	مریم:74
رُؤْيَاكَ 7	اپنا خواب	اسم جامد	×	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعْلٰى	×❾	یوسف:5
رَأَيْتُ 2	میں نے دیکھا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْتُ	×	یوسف:4 ع
رَأَيْتَ 25	تو آپ دیکھتے ہیں	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	النساء:61
أَرَأَيْتُمْ 21	تم بتلاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	×❿	الأنعام:46
رَأَيْتُمُوْهُ 1	تم نے اس کو دیکھ لیا	//	//	//	//	//	//	//	رَأَيْتُمْ⓫	ال عمران:143
رَأَيْنَهُ 1	انہوں نے دیکھا اس کو	//	جمع مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلْنَ	×	یوسف:31
رَبِّ 707	رب	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فَعْلٍ	رَبَبٌ⓬	الفاتحة:2
رِبًا 1	سود	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	ناقص واوی	ر ب و	فِعَلٍ	رِبَوٌ⓭	الروم:39

❶ ج: رُؤُوْسٌ، أَرْؤُسٌ۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، واؤ اصل میں ساکن تھی، پھر آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے ضمہ دے دیا۔ ❹ م: رَأْسٌ، یہاں یہ مجازی معنی میں استعمال ہوا ہے، رَأْسٌ کے معنی کسی چیز کی اصل مقدار ہے، رَأْسُ الْمَالِ کے معنی ہیں، سرمایہ، اصل رقم۔ ❺ م: رَأْسٌ۔ ❻ یا یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❼ یہ اصل میں باب فتح کا مصدر ہے، مگر یہاں حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❽ بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❾ یہ اصل میں مصدر ہے پھر خواب کے نام کے طور پر بھی استعمال ہونے لگا، ج: رُؤًى۔ ❿ شروع میں ہمزہ استفہام ہے اور أَرَأَيْتُمْ بمعنی أَخْبِرُوْنِي ہے۔ ⓫ تُمْ کے بعد ھا ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ⓬ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اصل میں تو مصدر ہے مگر پھر بطور صفت استعمال ہونے لگا ہے، جیسے: رَجُلٌ عَدْلٌ میں عَدْلٌ بمعنی عَادِلٌ ہے۔ سورۃ البقرۃ :126 میں ﴿رَبِّ﴾ اصل میں يَارَبِّ تھا، شروع میں حرف نداء اور آخر سے یائے متکلم کو تخفیفاً حذف کر دیا، لفظ رب جب اکیلا یعنی بغیر اضافت کے ہو تو صرف اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال ہوتا ہے، اور جب یہ مضاف ہو تو اللہ تعالیٰ اور اس کے غیر دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، جیسے سورۃ البقرۃ :30 ﴿قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ﴾ میں رَبّ سے مراد اللہ تعالیٰ اور سورۃ یوسف :42 ﴿اُذْكُرْنِي عِنْدَ رَبِّكَ﴾ میں رَبّ سے مراد مصر کا بادشاہ ہے، ج: اَرْبَابٌ۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف گر گیا، اس کے لغوی معنی زیادتی اور اضافے کے ہوتے ہیں، شریعت اسلامی میں اس سے مراد وہ اضافی مال ہوتا ہے جو کسی عوض کے بغیر معاملہ کا ایک فریق دوسرے سے طے شدہ شرط کے تحت حاصل کر لے، علم الاقتصاد میں ربا اس رقم کو کہتے ہیں جو قرض لینے والا مقررہ شرائط کے مطابق اصل قرض کے علاوہ ادا کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الرِّبٰوا 7	سود	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ر ب و	فِعَلٌ	رِبَوٌ ❶	البقرة:275
رَبَائِبُكُمْ 1	تمہاری بیویوں کی بیٹیاں	صفت مشبہ	جمع مکسر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فَعَائِلُ	×❷	النساء:23
رِبَاطِ 1	باندھے	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	صحیح	ر ب ط	فِعَالٍ	×❸	الأنفال:60
رُبٰعَ 2	چار چار	صفت مشبہ	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ب ع	فُعَالَ	×❹	النساء:3
الرَّبَّانِيُّونَ 2	رب والے	اسم منسوب	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فَعْلَانِيُّونَ	رَبْبَانِيُّونَ ❺	المائدة:44
رَبَّانِيِّينَ 1	//	//	//	//	//	//	//	فَعْلَانِيِّينَ	رَبْبَانِيِّينَ ❻	ال عمرٰن:79
رَبَتْ 2	پھولنے لگتی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	ناقص واوی	ر ب و	فَعَتْ	رَبَوَتْ ❼	الحج:5
فَمَا رَبِحَتْ 1	پس نہ نفع مند ہوئی	فعل ماضی منفی معلوم	//	سمع	//	صحیح	ر ب ح	فَعِلَتْ	×	البقرة:16
رَبَطْنَا 2	گرہ لگائی تھی ہم نے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	//	//	ر ب ط	فَعَلْنَا	//	الكهف:14
الرُّبُعُ 2	چوتھا حصہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ب ع	فُعُلٌ	×❽	النساء:12
رُبَمَا 1	بہت دفعہ	مرکب ہے	×	×	×	×	×	رُبَّ مَا❾	//	الحجر:2
رَبُّنَا 110	ہمارے رب	//	//	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فَعَلَ	رَبَبَ ❿	البقرة:127
رَبْوَةٍ	ایک ٹیلے	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	ناقص واوی	ر ب و	فَعْلَةٍ	×⓫	المؤمنون:50
رَبَّيَانِي 1	انہوں نے میری پرورش کی	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ب ی	فَعَّلَا	رَبَّوَا ⓬	بنی اسرائیل:24
رِبِّيُّونَ 1	رب والوں	اسم منسوب	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فِعْلِيُّونَ	رِبْبِيُّونَ ⓭	ال عمرٰن:146
رَتْقًا 1	ملے ہوئے	(اسم) مصدر	×	س، ن	//	صحیح	ر ت ق	فَعْلًا	×⓮	الأنبياء:30
رَتِّلِ 1	ٹھہر ٹھہر کر پڑھو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ت ل	فَعِّلْ	رَتَّلَ ⓯	المزمل:4

❶ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ لفظ مکمل قرآن مجید میں اسی طرح باء کے بعد واؤ اور اس کے بعد الف کے ساتھ لکھا گیا ہے صرف سورۃ الروم میں باء کے بعد الف کے ساتھ لکھا ہوا ہے، قاضی بیضاوی فرماتے ہیں چونکہ ایک لغت پر اس میں تفخیم ہے، اس لیے لفظ صلوٰۃ کی طرح واؤ سے اس کو لکھا گیا ہے، اور واؤ کے بعد الف اسلیے زیادہ کر دیا گیا ہے کہ یہ واؤ جمع سے مشابہ ہے۔ ❷ م: رَبِيبَةٌ، بیوی کی وہ بیٹی جو پہلے خاوند سے ہو، بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل سے ہے۔ ❸ یہ باب مفاعلہ کا مصدر بھی ہوسکتا ہے، یا یہ رَبِيطٌ کی جمع ہے۔ ❹ یہ اَرْبَعٌ اَرْبَعٌ اسم عدد سے معدول ہے، عدل تحقیقی اور وصف کی بناء پر غیر منصرف ہے، قاضی بیضاوی فرماتے ہیں کہ رباع مبنی برصفت ہے اگرچہ اس کی اصل وصف پر مبنی نہیں ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)، یہ لفظ رب کی طرف منسوب اسم ہے، اس کے آخر میں یاء مشدد نسبت کے لیے اور الف ونون زائدتان مبالغہ پر دلالت کرنے کے لیے آئے ہیں، م: رَبَّانِيٌّ، یہ اس کی رفعی حالت ہے، بعض کے نزدیک یہ رَبَّان کی طرف منسوب اسم ہے۔ ❻ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)، یہ لفظ رب کی طرف منسوب اسم ہے، اس کے آخر میں یاء مشدد نسبت کے لیے اور الف ونون زائدتان مبالغہ پر دلالت کرنے کے لیے آئے ہیں، م: رَبَّانِيِّينَ، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❽ یہ اسم عدد کسری ہے، مذکر اور مؤنث ہونے میں قیاس کے مطابق آتا ہے، ج: اَرْبَاعٌ۔ ❾ یہ اصل میں رُبَّ مَا تھا، رُبَّ حرف جر اور مَا کافہ ہے، اس کے آنے سے رُبَّ حرف جر کا عمل باطل ہو جاتا ہے، رُبَّ سے ایک باء کو تخفیفاً حذف کر دیا، یہ تقلیل اور تکثیر دونوں معانی کے لیے آتا ہے، سیاق کلام سے کوئی ایک معنی متعین ہو جاتا ہے۔ ❿ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)، یہ اصل میں تو مصدر ہے مگر پھر بطور صفت استعمال ہونے لگا ہے، جیسے: رَجُلٌ عَدْلٌ میں عَدْلٌ بمعنی عَادِلٌ ہے۔ ⓫ ج: رُبًى۔ ⓬ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ:یرضی)، اس سے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ⓭ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)، م: رِبِّيٌّ، رَبٌّ کی طرف منسوب اسم ہے، بعض کے نزدیک یہ رِبَّةٌ (بمعنی جماعت) کی طرف منسوب اسم ہے۔ ⓮ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ⓯ لام اصل میں ساکن تھا، آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَتَّلْنَاهُ 1	ہم نے پڑھا ہے اسے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ت ل	فَعَّلْنَا	×	الفرقان:32
رَجًّا 1	لرزنا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر ج ج	فَعْلًا	رَجْجًا ❶	الواقعة:4
رِجَالٌ 27	کچھ آدمی ہوں گے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ر ج ل	فِعَالٌ	× ❷	الأعراف:46
رِجَالًا 1	پیدل	اسم فاعل	//	سمع	//	//	//	فِعَالًا	× ❸	الحج:27
رُجَّتِ 1	لرزنے لگے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر ج ج	فُعِلَتْ	رُجِجَتْ ❹	الواقعة:4
رِجْزًا 9	عذاب	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ر ج ز	فِعْلًا	× ❺	البقرة:59
الرُّجْزَ 1	ناپاکی	//	//	//	//	//	//	فُعْلَ	× ❻	المدثر:5
رِجْسٌ 10	ناپاک چیزیں	//	//	//	//	//	ر ج س	فِعْلٌ	× ❼	المائدة:90
رَجَعَ 3	واپس آیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	ر ج ع	فَعَلَ	× ❽	الأعراف:150
رَجْعٌ 3	دوبارہ لوٹنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٌ	× ❾	قٓ:3
الرُّجْعٰى 1	واپس ہونا	//	//	//	//	//	//	فُعْلٰى	×	العلق:8
رُجِعْتُ 1	میں لوٹایا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد متکلم	//	//	//	//	فُعِلْتُ	//	حٰمٓ السجدة:50
رَجَعْتُمْ 2	تم واپس جاؤ	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	البقرة:196
رَجَعْنَا 2	ہم واپس گئے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	المنافقون:8
رَجَعُوْا 3	وہ واپس جائیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	التوبة:122
الرَّجْفَةُ 4	زلزلے	مصدر مرّہ	×	نصر	//	//	ر ج ف	فَعْلَةُ	//	الأعراف:78
رَجُلٌ 16	آدمی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ج ل	فَعْلٌ	× ❿	النساء:12
رَجُلَانِ 1	دو آدمیوں	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعْلَانِ	× ⓫	المائدة:23
رَجِلِكَ 1	اپنے پیادے	اسم فاعل	جمع مکسر	سمع	//	//	//	فَعِلٍ	× ⓬	بنی اسرائیل:64
بِرِجْلِكَ 1	اپنا پاؤں	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فِعْلٌ	× ⓭	صٓ:42

❶ دو ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) ۔ ❷ م: رَجُلٌ ۔ ❸ م: رَاجِلٌ ۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❺ یہ عذاب کا نام ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے، لفظ ﴿رِجز﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① عذاب، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نجاست اور شیطانی وسوسہ، جیسا کہ سورۃ الأنفال: 11 میں ہے ﴿رِجْزَ الشَّيْطٰنِ﴾ ''شیطان کی نجاست یا شیطانی وسوسہ''، ج: أَرْجَاز ۔ ❻ اس کے معنی ''بتوں کی پرستش'' بھی ہوتے ہیں ۔ ❼ لفظ ﴿رِجْس﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ناپاک چیزیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② ناراضی اور عذاب، جیسا کہ سورۃ الاعراف: 71 میں ہے ﴿رِجْسٌ وَّغَضَبٌ﴾ ''عذاب اور غضب، ج: أَرْجَاس، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے ۔ ❽ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر رُجُوعًا و رِجَاعًا ہو اور اس کا فاعل فُلَانٌ اور صلہ مِنْ سَفَرِهٖ ہو یا اس کا فاعل الشَّيْءُ و الرَّجُلُ ہو، جب اس کے بعد فُلَانًا عَنِ الشَّيْءِ و اِلَيْهِ رَجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجِعَةً و رُجُوعًا و رُجْعَانًا ہو تو اس کے معنی واپس لانا، لوٹانا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ التوبة: 83 میں ہے ﴿فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ﴾ ''پس اگر اللہ تجھے کسی گروہ کی طرف واپس لے آئے'' ۔ ❾ لفظ ﴿رَجْع﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① لوٹنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بارش، جیسا کہ سورۃ الطارق: 11 میں ہے ﴿وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ﴾ ''آسمان بار بار بارش لانے والے کی قسم''، ج: رِجَاعٌ و رُجْعَانٌ ۔ ❿ ج: رِجَالٌ ۔ ⓫ یہ اس کی رفعی حالت ہے، م: رَجُلٌ، ج: رِجَالٌ ۔ ⓬ م: رَاجِلٌ ۔ ⓭ ج: أَرْجُلٌ ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَجُلَيْنِ 4	دومرد	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ج ل	فَعْلَيْنِ	× ❶	البقرة:282
رِجْلَيْنِ 1	دو پاؤں	//	//	//	//	//	//	فِعْلَيْنِ	× ❷	النور:45
رَجْمًا 1	رائے زنی کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ر ج م	فَعْلًا	×	الكهف:22
لَرَجَمْنَاكَ 1	ہم تجھے ضرور رجم کردیں گے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	هود:91
رُجُومًا 1	مارنے کے آلے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	فُعُوْلًا	× ❸	الملك:5
رَجِيْم 6	مردود	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	//	//	فَعِيْلٌ	× ❹	الحجر:17
رِجَالِهِمْ 1	ان کے بوروں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ر ج ل	فِعَالٌ	× ❺	يوسف:62
رَحُبَتْ 2	فراخ ہونے کے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	کرم	//	//	ر ح ب	فَعُلَتْ	×	التوبة:25
رَحْلِ 2	بورے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ح ل	فَعْلٌ	× ❻	يوسف:70
رِحْلَةَ 1	سفر	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	//	فِعْلَةَ	×	قريش:2
رَحِيْمٌ 5	رحم فرمائے گا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	ر ح م	فَعِيْلٌ	//	هود:43
رُحْمًا 1	شفقت	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلًا	//	الكهف:81
رُحَمَاءُ 1	بڑے رحم دل	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَلَاءُ	× ❼	الفتح:29
الرَّحْمٰنِ 57	نہایت رحم کرنے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعْلَانُ	× ❽	الفاتحة:1
رَحْمَةٌ 114	رحمت	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَةٌ	× ❾	البقرة:157
رَحِمْتَهُ 1	تونے اس پر مہربانی فرمائی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتَ	×	المؤمن:9
رَحِمَنَا 1	ہم پر مہربانی کرلے	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	× ❿	الملك:28
رَحِمْنَاهُمْ 1	ہم ان پر رحم کریں	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعِلْنَا	×	المؤمنون:75
رَحِيْقٍ 1	خالص شراب	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ح ق	فَعِيْلٌ	//	المطففين:25
رَحِيْمٌ 115	بڑا رحم کرنے والا	اسم مبالغہ	//	سمع	ثلاثی مجرد	//	ر ح م	فَعِيْلٌ	× ⓫	البقرة:143
رُخَاءً 1	نرم نرم	صفت مشبہ	//	ن،ک	//	ناقص واوی	ر خ و	فُعَالًا	رُخَاوًا ⓬	ص:36

❶ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: رَجُلٌ، ج: رِجَالٌ۔ ❷ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: رِجْلٌ۔ ❸ م: رَجْمٌ، یہ اصل میں مصدر ہے اور یہاں بطور اسم جامد کے جس چیز سے سنگسار کیا جاتا ہے اس کے لیے استعمال ہو رہا ہے، یا یہ مصدر یہاں مفعول کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ❹ یہ فَعِيْلٌ بمعنی مفعول اَلْمَرْجُوم (اللہ کی رحمت سے دھتکارا ہوا) کے معنی میں استعمال ہوا ہے، یا شیطان کو رجیم اس لیے کہا گیا ہے کہ رجم کے معنی ''پتھر مارنا'' کے ہیں تو جب یہ آسمان کی طرف جانے کی کوشش کرتا ہے تو آسمان سے شہاب ثاقب اس کو مارے جاتے ہیں۔ ❺ م: رَحْلٌ ❻ ج: أَرْحُلٌ وَرِحَالٌ۔ ❼ م: رَحِيْمٌ یا یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❽ لفظ رحمٰن اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کے لیے استعمال نہیں ہوتا، یہ اصل میں صفت مشبہ ہے، اور اس میں مبالغہ کا معنی پایا جاتا ہے، یعنی معنی میں کثرت اور دوام کا مفہوم پایا جاتا ہے، لفظ رحمٰن میں رحیم کی بنسبت زیادہ مبالغہ ہے، دنیا میں اللہ تعالیٰ رحمٰن ہے اس کی رحمت بلاتفریق مومن اور کافر سب پر ہو رہی ہے اور آخرت میں رحیم ہوگا، اس کی رحمت صرف مؤمنوں پر ہوگی۔ ❾ لفظ ﴿ رَحْمَةٌ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① رحمت، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نعمت، بھلائی، جیسا کہ سورۃ یونس:21 میں ہے ﴿إِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً﴾ ''جب ہم لوگوں کو کوئی نعمت چکھاتے ہیں''، لفظ ﴿ رَحْمَةٌ ﴾ کو قرآن مجید میں تاء مبسوطہ کے ساتھ بھی لکھا گیا ہے یہ قرآنی رسم الخط ہے، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:218 میں ہے ﴿رَحْمَتَ اللّٰهِ﴾۔ ❿ اس کے آخر میں ناضمیر منصوب متصل مفعول بہ ہے۔ ⓫ یہ اصل میں صفت مشبہ ہے، اور اس میں مبالغہ کا معنی پایا جاتا ہے، یعنی معنی میں کثرت اور دوام کا مفہوم پایا جاتا ہے، ج: رُحَمَاءُ، یہ لفظ اللہ تعالیٰ کے علاوہ دوسروں کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ⓬ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَدَّ 1	واپس کردیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر د د	فَعَلَ	رَدَدَ ❶	لأحزاب:25
رِدْءًا 1	مددگار	صفت مشبہ	واحد مذکر	فتح	//	مہموز اللام	ر د ء	فِعْلًا	× ❷	القصص:34
رُدَّتْ 2	واپس کردیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ردد	فُعِلَتْ	رُدِدَتْ ❶	یوسف:65
رُدِدْتُّ 1	مجھے واپس لوٹایا گیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فُعِلْتُ	رُدِدْتُ ❶	الکھف:36
رَدَدْنَا 3	ہم نے پھیر دی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	بنی اسرائیل:6
رَدِفَ 1	پیچھے آگا	//	واحد مذکر غائب	سمع	//	صحیح	ر د ف	فَعِلَ	//	النمل:72
رَدْمًا 1	ایک مضبوط دیوار	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر د م	فَعْلًا	× ❹	الکھف:95
رَدَّهَا 2	اس کو واپس کرنے	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر د د	فَعَلَ	رَدَدَ ❺	الأنبیاء:40
رُدُّوا 4	ان کو لوٹایا جاتا	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلُوْا	رُدِدُوْا ❶	النساء:91
رَدُّوْهُ 1	وہ لوٹاتے اس کو	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	فَعَلُوْ	رَدَدُوْ ❶	النساء:83
رُدُّوْهَا 2	اس جیسا ہی لوٹا دو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوْ	اُرْدُدُوْ ❶	النساء:86
الرَّزَّاقُ 1	بہت رزق دینے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ر ز ق	فَعَّالُ	×	الذاریات:58
رِزْقٍ 54	رزق	اسم جامد	//	×	//	//	//	فِعْلٍ	× ❷	البقرة:60
رَزَقَكُمْ 14	تم کو دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	//	فَعَلَ	×	المائدة:88
رُزِقْنَا 1	ہم دیے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع متکلم	//	//	//	//	فُعِلْنَا	//	البقرة:25
رَزَقْنَاكُمْ 21	ہم نے تم کو دی	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	البقرة:57
رُزِقُوْا 1	دیے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	البقرة:25
الرَّسِّ 2	کنواں	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی	ر س س	فَعْلٍ	رَسِسٍ ❸	الفرقان:38
رِسَالَاتِ 7	پیغامات	//	جمع مؤنث سالم	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر س ل	فِعَالَاتٍ	× ❿	الأعراف:62
رِسَالَةَ 3	پیغام	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فِعَالَةَ	× ⓫	الأعراف:79

❶ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدّ)۔ ❷ ج: اَرْدَاءٌ، بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی مفعول بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❸ دو ہم مخرج حرفوں دال اور تاء میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدّ)، دو ہم مخرج حرفوں کے ادغام کی صورت میں لکھنے میں دونوں آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک آتا ہے (ادغام متجانسین)۔ ❹ بعض کے نزدیک یہاں یہ مصدر بمعنی اسم مفعول ہے یا یہ اصل میں تو باب نصر کا مصدر ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، ج: رُدُوْمٌ۔ ❺ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدّ)۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل ساکن ہے، تو پہلے کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی اور پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:یَمُدُّ)، راء کے متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ گر گیا، یا یہ فعل مضارع تَرُدُّوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❼ ج: اَرْزَاقٌ، یا یہ مصدر بمعنی مَفْعُول، المرزوق یعنی کھانے کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، لفظ ﴿رِزْق﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① رزق، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② حصہ، جیسا کہ سورۃ الواقعۃ :82 میں ہے ﴿تَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ﴾ ''تم اپنا حصہ کرتے ہو''۔ ❽ دو ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدّ) تفسیر ابن کثیر میں امام ابن جریر طبریؒ نے کہا ہے کہ اصحاب الرس سے مراد اصحاب الاخدود ہیں۔ ❾ م: رِسَالَةٌ ❿۔ ج: رَسَائِلُ و رِسَالَاتٌ، یہ باب افعال اَرْسَلَ سے اسم مصدر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رُسُلٌ 97	بہت سے رسول	صفت مشبہ	جمع مکسر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر س ل	فُعُلٌ	× ❶	ال عمرٰن:183
رَسُوْلٌ 234	رسول	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعُوْلٌ	× ❷	البقرة:87
الرَّسُوْلَا 1	//	//	//	//	//	//	//	فَعُوْلٌ	رَسُوْلٌ ❸	الأحزاب:66
رَسُوْلَا 1	بھیجے ہوئے	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعُوْلَا	رَسُوْلَانِ ❹	طٰہٰ:47
الرُّشَادِ 2	سیدھے راستے	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	ر ش د	فَعَالٍ	×	المؤمن:29
رُشْدًا 6	سمجھداری	//	//	//	//	//	//	فُعْلًا	//	النساء:6
رَشَدًا 5	ہدایت	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	//	الکھف:10
رَشِيْدٌ 3	ہدایت والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن، س	//	//	//	فَعِيْلٌ	× ❺	ھود:78
رَصَدًا 2	گھات میں لگا ہوا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ر ص د	فَعَلًا	× ❻	الجن:9
الرَّضَاعَةَ 2	دودھ پلانے	//	//	س، ض، ن	//	//	ر ض ع	فَعَالَةَ	×	البقرة:233
رَضُوْا 9	وہ راضی ہوگئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	//	ناقص واوی	ر ض و	فَعُوْا	رَضُوْا ❼	المائدة:119
رِضْوَانٌ 13	رضامندی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلَانٌ	×	ال عمرٰن:15
رَضِيَ 6	راضی ہوگیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	رَضِوَ ❽	المائدة:119
رَضِيًّا 1	پسندیدہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِيْلًا	رَضِيُوْا ❾	مریم:6
رَضِيْتُ 1	میں نے پسند کیا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعِلْتُ	رَضِوْتُ ❿	المائدة:3
رَضِيْتُمْ 2	تم خوش ہوگئے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	رَضِوْتُمْ ❿	التوبة:38
رُطَبٍ 1	کوئی تر چیز	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ر ط ب	فُعَلٍ	× ⓫	الأنعام:59
رُطَبًا 1	تازہ بہ تا	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	//	فُعَلًا	× ⓬	مریم:25
الرِّعَاءُ 1	چرواہے	اسم فاعل	جمع مکسر	فتح	//	ناقص یائی	ر ع ی	فِعَالٌ	رِعَایٌ ⓭	القصص:23
رِعَايَتِهَا 1	اس کا خیال رکھنے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعَالَةٍ	×	الحدید:27

❶ یہ بمعنی مُرْسَلُوْنَ ہے، م: رَسُوْلٌ ۔ ❷ بعض لغویوں کے نزدیک اس کا ثلاثی مجرد سے کوئی فعل نہیں آتا بلکہ مزید فیہ یعنی اِرْسَال مستعمل ہے اسی لیے یہ بمعنی مُرْسَلٌ ہے، اور بعض کے نزدیک اس کا اصل رَسُل ہے، لغات الحدیث میں رَسُل کے معنی بھیجنا اور المفردات فی غریب القرآن میں اٹھ کھڑے ہونا کیا گیا ہے، اسی سے رسول ہے اس کے مطابق یہ مجرد ہوگا، یعنی یہ رَسِلَ الْبَعِيْرُ (اونٹ کا سبک رفتار ہونا) سے ہے، نبی بھی پیغام الٰہی پہنچانے میں تیز رفتار ہوتے ہیں، ج: رُسُلٌ، حدیث میں ہے کہ اس دنیا میں ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی آئے ہیں جن میں سے تین سو تیرہ رسول ہیں، نبی اور رسول میں فرق یہ ہے کہ رسول وہ ہوتا ہے جو نئی شریعت لے کر آئے جب کہ نبی کے لیے یہ ضروری نہیں، وہ سابقہ شریعت کی تبلیغ کے لیے آتا ہے ۔ ❸ اس کے آخر میں الف قرآنی رسم الخط کے طور پر آیا ہے ۔ ❹ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، م: رَسُوْلٌ، سورۃ الاحزاب: 66 میں ﴿ الرَّسُوْلَا ﴾، واحد ہے، اس کے آخر میں الف زائدہ ہے، فواصل آیات کی مناسبت سے آیا ہے، رسول کے معنی جبرئیل بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ طٰہٰ :96 میں ہے ﴿ الرَّسُوْلِ ﴾ ''جبریل'' ۔ ❺ اس میں بمعنی رَاشِد اور بمعنی مُرْشِد دونوں کا احتمال ہے ۔ ❻ اس آیت میں یہ مصدر، فاعل کے معنی میں استعمال ہوا ہے، اس میں واحد، تثنیہ، جمع، مذکر و مؤنث سب برابر ہیں، کبھی اس کی جمع اَرْصَادٌ بھی آتی ہے، یا یہ رَاصِدٌ اسم فاعل کی جمع ہے، بعض کے نزدیک یہ اسم جمع ہے، اس کے معانی محافظ بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الجن : 27 میں ہے ﴿ رَصَدًا ﴾ ''محافظ'' ۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو واؤ ساکن جمع ہونے سے پہلی واؤ کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا) ۔ ❽ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ) ۔ ❾ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، یہ فعیل بمعنی مفعول ہے ۔ ❿ واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ) ۔ ⓫ ج: رُطْبٌ و رُطُبٌ ۔ ⓬ م: رُطَبَةٌ، ج: أَرْطَابٌ و رِطَابٌ ۔ ⓭ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، م: الرَّاعِي، یا یہ مصدر ہے ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رُعْبًا 5	رعب	(اسم) مصدر	×	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ع ب	فُعْلًا	×	الكهف:18
رَعْدٌ 2	گرج	اسم جامد	واحد مذکر	نصر	//	//	ر ع د	فَعْلٌ	× ❶	البقرة:19
فَمَا رَعَوْهَا	پھر انہوں نے اس کا خیال نہ رکھا	فعل ماضی منفی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	ناقص یائی	ر ع ی	فَعَوْا	رَعَيُوْا ❷	الحديد:27
رَغَبًا 1	امید	(اسم) مصدر	×	سمع	//	صحیح	ر غ ب	فَعَلًا	× ❸	الأنبياء:90
رَغَدًا 3	خوب	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	ر غ د	//	× ❹	البقرة:35
رُفَاتًا 2	ریزہ ریزہ	//	//	نصر	//	//	ر ف ت	فُعَالًا	× ❺	بنی اسرائیل:49
رَفَثَ 2	شہوت کی باتیں کرنا	(اسم) مصدر	×	ن ، س	//	//	ر ف ث	فَعَلَ	× ❻	البقرة:197
الرِّفْدُ 1	برا انعام	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ف د	فِعْلٌ	× ❼	هود:99
رَفْرَفٍ 1	قالینوں	//	جمع مکسر	//	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	رف رف	فَعْلَلٍ	× ❽	الرحمٰن:76
رَفَعَ 7	بلند کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ف ع	فَعَلَ	×	البقرة:253
رُفِعَتْ 1	بلند کیا گیا ہے اس کو	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	الغاشية:18
رَفَعْنَا 1	ہم نے اٹھایا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	البقرة:63
رَفِيْعُ 1	بلند درجہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	//	فَعِيْلُ	× ❾	المؤمن:15
رَفِيْقًا 1	اچھا ساتھی	//	//	نصر	//	//	ر ف ق	فَعِيْلًا	× ❿	النساء:69
رَقٌّ 1	ورق	اسم جامد	//	×	//	مضاعف ثلاثی	ر ق ق	فَعْلٍ	رَقِّ ⓫	الطور:3
الرُّقَابِ 3	گردنوں	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ر ق ب	فِعَالٍ	× ⓬	البقرة:177
رَقَبَةٍ 6	ایک غلام	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَةٍ	× ⓭	النساء:92
رُقُوْدٌ 1	سوئے ہوئے	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	//	ر ق د	فُعُوْلٌ	× ⓮	الكهف:18

❶ یہ اصل میں باب نصر رَعَدَ يَرْعُدُ اور فتح رَعَدَ يَرْعَدُ کا مصدر ہے اور یہاں بطور اسم جامد الرَّاعِد کے معنی میں ہے، ج: رُعُوْدٌ بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّیْءُ اور مصدر رَغْبًا و رِغَايَةً ہو۔ ❸ جب اس فعل کا صلہ اِلٰی یا باء یافی ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں رغبت کرنا، جیسا کہ سورۃ القلم: 32 میں ہے ﴿اِنَّا اِلٰی رَبِّنَا رَاغِبُوْنَ﴾ "ہم اپنے رب کی طرف راغب ہونے والے ہیں" اور جب اس کا صلہ عَنْ ہو تو پھر اس کے معنی ہوتے ہیں بے رغبتی کرنا، جیسا سورۃ البقرۃ :130 میں ہے ﴿وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهِيْمَ﴾ "ابراہیم کے دین سے کون نفرت کرے گا"۔ ❹ یہ اصل میں مصدر ہے مگر یہاں صفت مشبہ کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، اور یہ رَاغِدٌ اسم فاعل کی جمع بھی ہو سکتا ہے۔ ❺ یہ فُعَال بمعنی مفعول ہے، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے اور بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❻ یہ لائے نفی جنس کا اسم ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے، لفظ ﴿رَفَثَ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① شہوت کی باتیں کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② صحبت کرنا، جیسا کہ سورۃ البقرۃ :187 میں ہے ﴿اَلرَّفَثُ اِلٰی نِسَآئِكُمْ﴾ "اپنی عورتوں سے صحبت کرنا"۔ ❼ ﴿اَلرِّفْدُ﴾ اصل میں انعام کو کہتے ہیں، یہاں لعنت کو رفد کہا گیا ہے، اس لیے اسے برا انعام قرار دیا گیا ہے، ج: اَرْفَادٌ و رُفُوْدٌ، یا یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے، جو یہاں مفعول کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔ ❽ اس کی جمع منتہی الجموع رَفَارِفُ آتی ہے، یا یہ اسم جنس جمعی ہے، م: رَفْرَفَةٌ۔ ❾ یا یہ باب فتح رَفَعَ يَرْفَعُ سے اسم مبالغہ ہے۔ ❿ اس میں واحد اور جمع دونوں برابر ہیں، یا اس سے مراد یہ ہے کہ ان چار انواع میں سے ہر ایک رفیق ہے، یہ واحد، جمع کی جگہ میں آیا ہے، یہ بھی جائز ہے کہ یہ مفرد ہو اور تمیز کے باب میں اس کے ساتھ جنس کو بیان کیا گیا ہو، ج: رُفَقَاءُ۔ ⓫ دو ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ﴿رَقٌّ﴾ اصل میں اس باریک چمڑے کو کہتے ہیں جس پر لکھا جاتا ہے، ج: رُقُوْقٌ۔ ⓬ م: رَقَبَةٌ، یہ اصل میں گردن کا نام ہے، پھر عرف میں یہ غلاموں کا نام پڑ گیا۔ ⓭ رَقَبَة اصل میں گردن کا نام ہے، پھر عرف میں یہ غلاموں کا نام پڑ گیا، ج: رِقَابٌ۔ ⓮ م: رَاقِدٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَقِيبٌ 5	منتظر	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ق ب	فَعِيلٌ	× ❶	ھود:93
لِرُقِيِّكَ 1	تیرے چڑھنے پر	(اسم) مصدر	×	سمع	//	ناقص یائی	ر ق ی	فُعُولٌ	رُقُوِيٌ ❷	بنی اسرائیل:93
الرَّقِيمِ 1	تختی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ق م	فَعِيلٌ	× ❸	الکھف:9
رِكَابٍ 1	اونٹ	//	اسم جمع	//	//	//	//	فِعَالٌ	× ❹	الحشر:6
رُكَامًا 1	تہ بہ تہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ر ك م	فُعَالًا	×	النور:43
الرَّكْبُ 1	قافلہ	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ر ك ب	فَعْلٌ	× ❺	الأنفال:42
رَكِبَا 1	وہ سوار ہوئے	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	سمع	//	//	//	فَعِلَا	//	الکھف:71
رُكْبَانًا 1	سواری	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَّلَانًا	× ❻	البقرة:239
رَكَّبَكَ 1	تجھے جوڑ دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	× ❼	الانفطار:8
رَكِبُوْا 1	وہ سوار ہوئے	//	جمع مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلُوْا	×	العنکبوت:65
رِكْزًا 1	کوئی بھنک	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ك ز	فِعْلًا	× ❽	مریم:98
رُكَّعًا 3	رکوع میں	اسم فاعل	جمع مکسر	فتح	//	//	ر ك ع	فُعَّلًا	× ❾	الفتح:29
رُكْنٍ 2	قلعہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ك ن	فُعْلٍ	× ❿	ھود:80
رَكُوْبُهُمْ 1	ان کی سواری	//	اسم جمع	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ك ب	فَعُوْلٌ	× ❶	یٰسٓ:72
رَمٰى 1	پھینکی تھیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ر م ی	فَعَلَ	رَمَيَ ⓫	الأنفال:17
رِمَاحُكُمْ 1	تمہارے نیزے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ر م ح	فِعَالٌ	× ⓬	المائدة:94
كَرَمَادٍ 1	مثل راکھ کے	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ر م د	فَعَالٍ	× ⓭	ابراھیم:18
رُمَّانٌ 3	انار	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	ر م ن	فُعَّالٌ	× ⓮	الرحمٰن:68
رَمْزًا 1	اشارہ	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ر م ز	فَعْلًا	× ⓯	ال عمران:41
رَمَضَانَ 1	رمضان	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ر م ض	فَعَلَانَ	× ⓰	البقرة:185
رَمَيْتَ 2	جگہ ہے پلٹنے کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ر م ی	فَعَلْتَ	×	الأنفال:17
رَمِيمٌ 2	بوسیدہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	مضاعف ثلاثی	ر م م	فَعِيلٌ	× ⓱	یٰسٓ:78

❶ ج: رُقَبَاءُ ۔ ❷ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا، اور یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ) ۔ ❸ یہ اس شہر کا نام ہے جہاں ''کہف'' واقع تھی، بعد میں اس شہر کا نام پتیر ارکھا گیا، عربی میں اسے بُطرا کہا جانے لگا، بعض نے کہا اس سے مراد وہ تختی ہے جس پر اصحاب کہف کے نام لکھے گئے تھے، اور بعض کے نزدیک یہ اصحاب کہف کے کتے کا نام ہے ۔ ❹ اس کا واحد لفظوں میں موجود نہیں، واحد کے لیے رَاحِلَةٌ استعمال ہوتا ہے، ج: رُكُبٌ ورَكَائِبُ ۔ ❺ ج: أَرْكُبٌ ورُكُوبٌ ۔ ❻ م: رَاكِبٌ ❼ اس کے آخر میں کاف ضمیر مفعول بہ ہے ۔ ❽ ﴿ رِكْزًا ﴾ ہلکی آواز کو کہتے ہیں، ج: رُكُوزٌ وأَرْكَازٌ، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے ۔ ❾ م: رَاكِعٌ ۔ ❿ ج: أَرْكَانٌ ۔ ⓫ یہ فَعُول بمعنی مَفْعُول ہے، ج: رُكُبٌ ۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) ۔ ⓭ م: رُمْحٌ ۔ ⓮ ج: أَرْمِدَةٌ ۔ ⓯ م: رُمَّانَةٌ، یا یہ فُعَّلَانٌ کے وزن پر ہے ۔ ⓰ ج: رُمُوزٌ ۔ ⓱ یہ اسلامی سال کا وہ نواں بابرکت مہینہ ہے، جس میں روزے رکھے جاتے ہیں، یہ اصل میں تو مصدر ہے، مگر یہاں بطور علم استعمال ہو رہا ہے، جو علمیت اور الف ونون زائدتان کی بناء پر غیر منصرف ہے ۔ ⓲ اس کے ساتھ تاء اس لیے نہیں آئی کہ یہ بمعنی مفعول ہے، یا اس لیے کہ اس پر اسمیت غالب آ چکی ہے، اب یہ صفت کے علاوہ بوسیدہ ہڈیوں کا نام ہے ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	۳ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	والہ
فَرِهَانٌ 1	گروی چیز	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ہ ن	فِعَالٌ	× ❶	البقرة:283
الرَّهْبِ 1	خوف	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	ر ہ ب	فَعْلٌ	×	القصص:32
رَهَبًا 1	خوف	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	//	الأنبياء:90
رُهْبَانًا 3	کچھ مشائخ	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعْلَانًا	× ❷	المائدة:82
رَهْبَانِيَّةً 1	لذتوں سے کنارہ کشی	مصدر صناعی	×	//	//	//	//	فَعْلَانِيَّةٌ	× ❸	الحديد:27
رَهْبَةً 1	ہیبت	(اسم) مصدر	//	//	//	//	//	فَعْلَةٌ	×	الحشر:13
رَهْطٍ 3	شخص	اسم جامد	×	اسم جمع	//	//	ر ہ ط	فَعْلٍ	× ❹	النمل:48
رَهَقًا 2	سرکشی	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ر ہ ق	فَعَلًا	×	الجن:6
رَهْوًا 1	ٹھہرا ہوا	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	ناقص واوی	ر ہ و	فَعْلًا	× ❺	الدخان:24
رَهِينٌ 1	گروی رکھا ہوا	//	//	فتح	//	صحیح	ر ہ ن	فَعِيلٌ	× ❻	الطور:21
رَهِينَةٌ 1	//	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيلَةٌ	× ❼	المدثر:38
رَوَاحُهَا 1	اس کی شام کی منزل	(اسم) مصدر	×	نصر	//	اجوف واوی	ر و ح	فَعَالُ	×	ع سبا:12
رَوَاسِيَ 9	پہاڑ	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ر س و	فَوَاعِلَ	رَوَاسِوَ ❽	الرعد:3
رَوَاكِدَ 1	ٹھہرنے والی	اسم فاعل	//	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ک د	فَوَاعِلَ	× ❾	الشورى:33
رَوْحِ 3	رحمت	(اسم) مصدر	×	ف، ن	//	اجوف واوی	ر و ح	فَعْلٍ	× ❿	يوسف:87
رُوْحٌ 21	روح	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعْلٌ	× ⓫	النساء:171
رَوْضَاتِ 1	بیشتوں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	ر و ض	فَعَلَاتٍ	× ⓬	الشورى:22

❶ م: رَهْنٌ، یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اور مَرْهُون گروی رکھی ہوئی چیز کو کہتے ہیں، شرعاً کسی ایسے حق کی ضمانت کے طور پر کوئی چیز اپنے پاس رکھ لینا کہ اگر وہ حق وصول ہونا ممکن نہ رہے تو محبوس چیز کے ذریعے وصول کیا جا سکے، اس کی دیگر جمعیں بھی آتی ہیں، رُهُونٌ ورُهُنٌ ورَهِينٌ، یا یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے۔ ❷ م: رَاهِبٌ، کبھی رُهْبَانٌ واحد کے لیے بھی بولا جاتا ہے، اس وقت اس کی جمع رَهَابِينُ اور رَهَابِنَةٌ آتی ہے، رُهبان سے مراد عبادت گزار اور گوشہ نشین لوگ ہیں، یہاں اس سے مراد نصاریٰ کے علماء ہیں۔ ❸ ﴿ رَهْبَانِيَّةً ﴾ کے معنی ہیں ''ترک دنیا'' یعنی دنیا سے الگ تھلگ ہو کر کسی جنگل میں جا کر اللہ کی عبادت کرنا، یہ رسم نصرانیوں نے نکالی تھی جسے اسلام نے غلط قرار دے دیا، اس کا مصدر رَهْب (ڈرنا) بنتا ہے، اس میں الف ونون کا اضافہ کیا گیا ہے، رَهْبَانٌ کی طرف منسوب اسم ہے۔ ❹ یہ تین سے لے کر دس تک کی جماعت کو کہتے ہیں، ج: اَرْهُطٌ واَرْهَاطٌ، رُهُوطٌ، اس سے جمع منتھی الجموع اَرَاهِطُ آتی ہے۔ ❺ بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❻ یہ فَعِيل بمعنی مَفْعُول ہے، رَهِينٌ بِكَذَا کے معنی ''ذمہ دار'' کے ہیں۔ ❼ بعض کے نزدیک یہ رَهِينٌ کی مؤنث نہیں اس لیے کہ یہ فَعِيل بمعنی مَفْعُول ہے اس میں مذکر ومؤنث دونوں برابر ہیں، اس میں تاء مبالغہ کے لیے ہے، اور بعض کے نزدیک یہ تاء تانیث کی ہے اور یہ لفظ کی تانیث کے مطابق ہے نا کہ انسان کے مطابق، ج: رَهَائِنُ، یا یہ اسم بمعنی رھن ہے، بیضاویؒ فرماتے ہیں کہ یہ مصدر بمعنی اسم مفعول ہے۔ ❽ واؤ طرف کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ)، یہ جمع منتھی الجموع ہے، م: الرَّاسِيَةُ۔ ❾ م: رَاكِدَةٌ۔ ❿ اس کے معنی اصل میں راحت کے ہیں، جیسا کہ سورۃ الواقعۃ:89 میں ہے ﴿فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ﴾ ''تو راحت اور خوشبودار پھول''، پھر یہ لفظ عاریتاً رحمت کے لیے استعمال کیا گیا، ج: اَرْوَاحٌ۔ ⓫ یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، لفظ ﴿رُوْح﴾ قرآن مجید میں پانچ معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① روح، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② جبریل علیہ السلام، جیسا کہ سورۃ النبأ: 38 میں ہے ﴿يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ﴾ ''کھڑے ہوں گے جبریل اور سب فرشتے'' اسی طرح ﴿رُوْحُ الْقُدُسِ﴾ (سورۃ النحل: 102)، اور ﴿الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ﴾ (سورۃ الشعراء: 193) سے مراد بھی حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں۔ ③ قرآن، جیسا کہ سورۃ الشوریٰ: 52 میں ہے ﴿اَوْحَيْنَا اِلَيْكَ رُوْحًا﴾ ''ہم نے وحی کی آپ کی طرف ایک قرآن کی''۔ ④ وحی، جیسا کہ سورۃ النحل: 2 میں ہے ﴿يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ﴾ ''وہ وحی دے کر فرشتوں کو اتارتا ہے''۔ ⑤ نور ایمان، خاص نصرت، جیسا کہ سورۃ المجادلۃ: 22 میں ہے ﴿اَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ﴾ ''تائید کی ان کی اپنی خاص نصرت (یا نور ایمان) سے''۔ ⓬ م: رَوْضَةٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَوْضَةٍ 1	باغ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ر و ض	فَعْلَةٍ	× ❶	الروم:15
الرَّوْعُ 1	گھبراہٹ	(اسم) مصدر	×	نصر	//	صحیح	ر و ع	فَعْلُ	×	هود:74
الرُّوْمُ 1	روم	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	ر و م	فُعْلُ	× ❷	الروم:2
رُوَيْدًا 1	(مہلت) تھوڑی سی	(اسم) مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ر و د	فُعَيْلًا	× ❸	الطارق:17
الرِّيَاحِ 10	ہواؤں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	ر و ح	فِعَالٍ	رِوَاحٍ ❹	البقرة:164
رَيْبَ 18	شک	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ری ب	فَعْلَ	× ❺	البقرة:2
رِيبَةً 1	//	//	//	//	//	//	//	فِعْلَةً	× ❻	التوبة:110
رِيحٍ 19	ایک ہوا	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	روح	فِعْلٍ	رِوْحٍ ❼	ال عمرٰن:117
رَيْحَانٌ 2	خوشبودار پھول	//	اسم جنس جمعی	//	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ری ح	فَعْلَانٌ	× ❽	الواقعة:89
رِيشًا 1	زینت	//	//	//	ثلاثی مجرد	//	ری ش	فِعْلًا	× ❾	الأعراف:26
رِيعٍ 1	اونچے مقام	//	//	//	//	//	ری ع	فِعْلٍ	× ❿	الشعراء:128

❶ ج:رَوْضٌ ورِيَاضٌ۔ ❷ ہ لفظ دوطرح استعمال ہوتا ہے:① قوم روم کے لیے، یہ وہ قوم ہے جنہوں نے اپنے باپ روم بن عیصو بن اسحاق بن ابراہیم ؑ کے نام پر اپنا نام رکھا ہے، یہ بحرمتوسط (بحرابیض) کے شمال میں رہنے والے یونانی لوگ ہیں (جو اکثر عیسائی ہیں)② رُوْمِيٌّ کی جمع کے طور پر۔ ❸ اَرْوَدَ فُلَانًا: مہلت دینا، یہ اِرْوَادٌ کی تصغیر ہے ،اِرْوَادٌ میں ترخیم کی گئی ہے، بعض کے نزدیک یہ رَوْدٌ کی تصغیر ہے، رُوَيْدَ: کبھی بطور اسم فعل بمعنی أَمْهِلْ ''مہلت دو'' کے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❹ واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہوکر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:رِيَاضٌ)،م: رِيحٌ ۔ ❺ لفظ ﴿رَيْب﴾ قرآن مجید میں دومعنوں کے لیے استعمال ہوا ہے:① شک، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے② حوادث، جیسا کہ سورۃ الطور:30 میں ہے ﴿رَيْبَ الْمَنُوْنِ﴾ ''حوادث زمانہ''، اس سے مراد موت ہے۔ ❻ ج: رِيَبٌ۔ ❼ واؤ ساکن غیرمدغم کسرہ کے بعد واقع ہوکر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:مِيزَانٌ)، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے، لفظ ﴿رِيح﴾ قرآن مجید میں دومعنوں کے لیے استعمال ہوا ہے:① ہوا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے② بو، جیسا کہ سورۃ یوسف:94 میں ہے ﴿رِيحَ يُوسُفَ﴾ ''یوسف کی خوشبو''، لفظ ریح جہاں مفرد ہو وہاں عموماً اس سے مراد عذاب اور جہاں جمع ہو اس سے مراد رحمت ہوتی ہے، ج: رِيَاحٌ وأَرْوَاحٌ وأَرْيَاحٌ۔ ❽ ج:رَيَاحِيْنُ، اصل میں تو یہ مصدر ہے، بعض کے نزدیک یہ اجوف واوی ہے اصل میں رَيْوَحَانٌ تھا، قاعدہ سیّد سے واؤ کو یاء سے بدل کر ادغام کیا پھر ایک یاء کو تخفیفاً حذف کردیا۔ ❾ ریش اصل میں پرندوں کے لیے ہوتے ہیں جیسے انسان کے لیے کپڑے ہوتے ہیں پھر یہ عاریۃً کپڑوں کے لیے بھی استعمال ہونے لگا، ج: أَرْيَاشٌ ورِيَاشٌ یا یہ باب ضرب رَاشَ يَرِيْشُ کا مصدر ہے۔ ❿م: رِيعَةٌ، ج:رُيُوْعٌ ورِيَاعٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الزاء (ز)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَالزّٰجِرٰتِ 1	پھڑ ڈانٹنے والوں کی	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ج ر	فَاعِلَاتٍ	× ❶	الصافات:2
الزَّادِ 1	سفرخرچ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف واوی	زود	فَعَلٍ	زَوْدٍ ❷	البقرة:197
زَادَتْهُ 4	بڑھایا ہو جس کو	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ز ی د	فَعَلَتْ	زَيَدَتْ ❸	التوبة:124
زَادَهُ 6	بڑھایا ہے اس کو	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	زَيَدَ ❸	البقرة:247
مَا۔زَادُوْكُمْ 3	تو نہ وہ بڑھاتے تم کو	فعل ماضی منفی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْ	زَيَدُوْ ❸	التوبة:47
الزّٰرِعُوْنَ 1	اگاتے ہیں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	فتح	//	صحیح	ز ر ع	فَاعِلُوْنَ	×	الواقعة:64
مَا۔زَاغَ 1	نہ کجی کی	فعل ماضی منفی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ز ی غ	فَعَلَ	زَيَغَ ❹	النجم:17
زَاغَتِ 1	پتھرا گئیں	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتِ	زَيَغَتْ ❹	الأحزاب:10
زَاغَتْ 1	پھر گئی	//	//	//	//	//	//	فَعَلَتْ	زَيَغَتْ ❹	صٓ:63
زَاغُوْا 1	وہ ٹیڑھے چلے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعُلُوْا	زَيَغُوْا ❹	الصف:5
فَمَا ۔ زَالَتْ 1	پھر ہمیشہ رہی	//	واحد مؤنث غائب	سمع	//	//	ز ی ل	فَعِلَتْ	زَيِلَتْ ❺	الأنبياء:15
زَالَتَا 1	وہ ٹل جائیں	//	تثنیہ مؤنث غائب	نصر	//	اجوف واوی	ز و ل	فَعَلَتَا	زَوَلْتَا ❼	فاطر:41
زَانٍ 1	بدکار مرد	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	//	ناقص یائی	ز ن ی	فَاعٍ	زَانِيٌ ❽	النور:3
الزَّانِي 2	بدکاری کرنے والا مرد	//	//	//	//	//	//	فَاعِلُ	زَانِيُ ❾	النور:2
زَانِيَةٌ 3	بدکار عورت	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	×	النور:3
الزّٰهِدِيْنَ 1	بے رغبت	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	صحیح	ز ہ د	فَاعِلِيْنَ	× ❿	یوسف:20
زَاهِقٌ 1	نیست و نابود ہو جاتا	//	واحد مذکر	فتح	//	//	ز ہ ق	فَاعِلٌ	×	الأنبياء:18
الزَّبَانِيَةَ 1	جہنم پر مقرر فرشتوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	زب ن	فَعَالِيَةَ	× ⓫	العلق:18
زَبَدٌ 3	جھاگ	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	زب د	فَعَلٌ	× ⓬	الرعد:17

❶ اس سے مراد فرشتے ہیں، جو مجرموں پر لعنت، پھٹکارنے والے یا عذاب الٰہی نازل کرنے والے ہیں۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، ج: أَزْوَادٌ، یہ سفر کے کھانے کا نام ہے، یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے یا یہ باب تفعّل سے اسم مصدر ہے۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ فعل لازم اور متعدی بدو مفعول دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، زَادَ الْعِلْمُ، زَادَكَ اللّٰهُ حُسْنًا۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ :قال)۔ ❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، تاء اصل میں ساکن تھی، پھر آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس کے عمل کرنے کے لیے شرط یہ ہے کہ اس سے پہلے نفی ہو، یہ خبر کے استمرار پر دلالت کرتا ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ❽ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے حرف علت یاء گر گئی (قاعدہ:رَضُوْا)۔ ❾ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ:رَضُوْا)۔ ❿ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓫ م: زِبْنِيَةٌ و زَبْنِيٌّ وزَبَانِيٌّ ہے، ان فرشتوں کا نام زَبَانِيَة اس لیے رکھا گیا ہے کہ زَبْن کے معنی ہیں ''دھکیلنا'' تو یہ فرشتے بھی دوزخیوں کو آگ میں دھکیلیں گے، بعض کے نزدیک اس کا واحد ان لفظوں سے نہیں آتا۔ ⓬ ج: أَزْبَادٌ، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
زُبُرِ 7	کتابوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ب ر	فُعُلٍ	× ❶	الشعراء:196
زُبَرَ 1	بڑے بڑے ٹکڑے	//	//	//	//	//	//	فُعَلَ	× ❷	الکھف:96
زَبُوْرًا 3	زبور	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعُوْلًا	× ❸	النساء:163
زُجَاجَةٍ 2	قندیل	//	واحد مؤنث	//	//	مضاعف ثلاثی	ز ج ج	فُعَالَةٍ	× ❹	النور:35
زَجْرًا 1	جھڑک کر	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ج ر	فَعْلًا	×	الصافات:2
زَجْرَةٌ 2	ڈانٹ ہوگی	(اسم) مصدر مرہ	//	//	//	//	//	فَعْلَةٌ	//	الصافات:19
زُحْزِحَ 1	بچالیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	فعللة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	زح زح	فُعْلِلَ	×	ال عمرٰن:185
زَحْفًا 1	ایک لشکر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ح ف	فَعْلًا	× ❺	الأنفال:15
زُخْرُفًا 4	سونا	//	//	//	رباعی مجرد	//	ز خ رف	فُعْلُلًا	× ❻	الزخرف:35
زِدْ 3	بڑھالو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ز ی د	قِلْ	إِزْيِدْ ❼	المزمل:4
زِدْنَاهُمْ 3	ہم ان کو بڑھائیں گے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فِلْنَا	زَيَدْنَا ❽	النحل:88
زَرَابِيُّ 1	نفیس قسم کی مسندیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	رباعی مزید فیہ	ناقص یائی	زرب ی	فَعَالِيْلُ	زَرَابِيُ ❾	الغاشية:16
الزُّرَّاعَ 1	کھیتی والوں	اسم فاعل	//	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ر ع	فُعَّالَ	× ❿	الفتح:29
زُرْتُمُ 1	تم نے جا دیکھا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ز و ر	فُلْتُمْ	زَوَرْتُمْ ⓫	التكاثر:2
زَرْعٌ 8	کھیتیاں	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ز ر ع	فَعْلٌ	× ⓬	الرعد:4
زُرْقًا 1	نیلی آنکھوں والے	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	//	//	ز ر ق	فُعْلًا	× ⓭	طٰه:102
زُرُوْعٍ 2	کھیتوں	اسم جامد	//	×	//	//	ز ر ع	فُعُوْلٍ	× ⓮	الشعراء:148

❶ یہ اصل میں باب نصر سے صفت مشبہ بمعنی مفعول ہے اور یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، لفظ ﴿زُبُر﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① کتابیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② صحیفے، جیسا کہ سورۃ ال عمرٰن: 184 میں ہے ﴿ الزُّبُرِ وَالْكِتَابِ الْمُنِيْرِ ﴾ ''صحیفے اور کتاب روشن''، ③ ٹکڑے ٹکڑے، جیسا کہ سورۃ المؤمنون: 53 میں ہے ﴿ اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ﴾ ''اپنے معاملے کو آپس میں ٹکڑوں کی صورتوں میں''، م: زَبُوْرٌ۔ ❷ م: زُبَرَةٌ وزُبْرَةٌ، اس کی جمع زُبُرٌ بھی آتی ہے۔ ❸ یہ اصل میں باب نصر سے صفت مشبہ بمعنی مفعول ہے اور یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، یہ وہ آسمانی کتاب ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی۔ ❹ ج: زُجَاجٌ، یا یہ اسم جنس ہے۔ ❺ ج: زُحُوْف، یہ اصل میں باب فتح کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں ''ایک دوسرے کے مقابل ہونا''، مگر یہاں بطور اسم جامد کے استعمال ہو رہا ہے، اس کے معنی ہیں ''لشکر جرار، اور میدان جنگ''۔ ❻ لفظ ﴿زُخْرُف﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① سونا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② جب یہ قول کے لیے استعمال ہو تو اس کے معنی جھوٹ سے آراستہ کلام ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ الأنعام: 112 میں ہے ﴿زُخْرُفَ الْقَوْلِ ﴾ ''ملمع کی ہوئی بات''، ③ زینت اور سجاوٹ، جیسا کہ سورۃ یونس: 24 میں ہے ﴿اِذَا اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا﴾ ''جب پکڑی زمین نے اپنی رونق''، ج: زَخَارِفُ۔ ❼ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اب دو ساکن یاء اور دال جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: يُقال)، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا، یا یہ تَزِيْدُ سے بنا ہے۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور دال جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعَنَ)۔ ❾ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، صاحب اصول اکبری کے نزدیک یہ ثلاثی مجرد صحیح ہے، اس کے آخر میں یاء مشدد زائدہ بغیر نسبت کے ہے، بعض کے نزدیک یہ اصل میں زرب علاقے کی طرف منسوب اسم ہے، م: زَرْبِيٌّ وزَرْبِيَّةٌ۔ ❿ زَارِعٌ۔ ⓫ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور راء جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)۔ ⓬ یہ اصل میں تو باب فتح کا مصدر ہے، مگر یہاں بمعنی اسم مفعول مَزْرُوْعٌ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ⓭ م: زَرْقَاءُ ⓮ م: زَرْعٌ، یہ اصل میں مصدر ہے یہاں اس سے مراد مَزْرُوْعٌ (کھیتی) ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع تومیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	والہ
زَعَمَ 1	گمان کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ع م	فَعَلَ	×	التغابن:7
زَعَمْتَ 1	تیرا خیال ہے	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	بنی اسرائیل:92
زَعَمْتُمْ 6	گمان کرتے تھے تم	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	الأنعام:94
بِزَعْمِهِمْ 2	ان کے خیال کے مطابق	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٍ	//	الأنعام:136
زَعِيمٌ 2	ضامن	صفت مشبہ	واحد مذکر	ف، ن	//	//	//	فَعِيلٌ	× ❶	یوسف:72
زَفِيرٌ 3	چیخنا چلانا	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ز ف ر	//	× ❷	ھود:106
زَقُّومٍ 3	تھوہر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ز ق م	فَعُّولٍ	× ❸	الواقعة:52
مَا۔ زَكَى 1	تو نہ پاک ہوسکتا تھا	فعل ماضی منفی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ز ك ی	فَعَلَ	زَكَيَ ❹	النور:21
زَكَاةً 32	پاکیزگی	(اسم) مصدر	×	نصر	//	ناقص واوی	ز ك و	فَعْلَةٌ	زَكْوَةٌ ❺	الكهف:81
الزَّكَاةَ //	زکوٰۃ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فَعْلَةَ	زَكْوَةَ ❺	البقرة:43
زَكَّاهَا 1	اپنے نفس کو پاک رکھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	زَكَّوَ ❼	الشمس:9
زَكَرِيَّا 7	زکریا علیہ السلام	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	× ❽	آل عمرٰن:37
زَكِيًّا 1	پاکیزہ	صفت مشبہ	//	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ز ك و	فَعِيلًا	زَكِيُوًا ❾	مریم:19
زَكِيَّةً 1	پاک	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيلَةً	زَكِيْوَةً ❿	الكهف:74
فَمَا۔ زِلْتُمْ 1	تو ہمیشہ رہے تم	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	//	اجوف یائی	ز ی ل	فِلْتُمْ	زِلْتُمْ ⓫	المؤمن:34
زِلْزَالًا 2	ہلایا جانا	(اسم) مصدر	×	فعللة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	زل زل	فِعْلَالًا	×	الأحزاب:11
زُلْزِلَتِ 1	ہلائی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعْلِلَتِ	زُلْزِلَتْ ⓬	الزلزلة:1
زَلْزَلَةَ 1	زلزلہ	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَلَةَ	×	الحج:1
زُلْزِلُوا 2	وہ ہلا دیے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعْلِلُوا	//	البقرة:214
زُلَفًا 1	گھڑیوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ل ف	فُعَلًا	× ⓭	ھود:114

❶ ج: زُعَمَاءُ ۔ ❷ لفظ ﴿زَفِيْر﴾ قرآن مجید میں دو طرح استعمال ہوا ہے: ① مصدر، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② یہ بطور اسم جامد کے بھی استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ الأنبیاء :100 میں ہے ﴿لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ﴾ ''ان کے لیے اس میں گدھے جیسی آواز ہوگی''۔ ❸ یہ ایک تلخ اور بدبودار درخت ہے جس کا پھل اہل دوزخ کی غذا ہے۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔ ❻ یہ اصل میں تو باب نصر کا مصدر ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال رہا ہے کیونکہ یہ مخصوص مال پر دلالت کر رہا ہے واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل کا مصدر ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ❽ یہ عجمی لفظ ہے، جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ بنی اسرائیل کے انبیاء میں سے مشہور نبی ہیں، یہ شام میں مبعوث ہوئے اور بیت المقدس کے امام و متولی تھے اور اپنی گزر بسر کے لیے بڑھئی کا پیشہ کرتے تھے، حضرت زکریا کی عمر 77 سال کی ہو چکی تھی مگر اولاد کی نعمت سے محروم تھے، ایک مرتبہ یہ حضرت مریم علیہا السلام کے کمرے میں داخل ہوئے تو اس میں بے موسم پھل پڑے تھے، ان کے دل میں بھی یہ امید پیدا ہوئی تو انہوں نے بڑھاپے میں اللہ تعالیٰ سے اولاد کے لیے دعا کی، اللہ نے ان کی دعا کو شرف قبولیت بخشا اور انہیں حضرت یحییٰ علیہ السلام عطا فرما دیے۔ ❾ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں دو جو با ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، ج: أَزْكِيَاءُ ۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور لام جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ:بِعْنَ)، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس کے عمل کرنے کے لیے شرط ہے کہ اس سے پہلے نفی ہو، یہ خبر کے استمرار پر دلالت کرتا ہے۔ ⓫ تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ⓬ م: زُلْفَةٌ ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
زُلْفٰى 4	درجہ	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ل ف	فُعْلٰى	×	سبا:37
زُلْفَةً 1	قریب	اسم مصدر	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعْلَةً	× ❶	الملک:27
زَلَقًا 1	صاف صاف	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن، س	ثلاثی مجرد	//	ز ل ق	فَعَلًا	× ❷	الکہف:40
زَلَلْتُمْ 1	پھسل گئے تم	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ز ل ل	فَعَلْتُمْ	×	البقرۃ:209
زُمَرًا 2	گروہوں کی صورت میں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ز م ر	فُعَلًا	× ❸	الزمر:71
زَمْهَرِيْرًا 1	سردی	//	واحد مذکر	//	ملحق خماسی مزید فیہ	//	ز م ہ ر ر	فَعْلَلِيْلًا	× ❹	الدھر:13
الزِّنٰى 1	زنا	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ز ن ی	فِعَلٌ	زِنَیٌ ❺	بنی اسرائیل:32
زَنْجَبِيْلًا 1	سونٹھ	اسم جامد	واحد مذکر	×	خماسی مزید فیہ	صحیح	ز ن ج ب ل	فَعْلَلِيْلًا	×	الدھر:17
زِنُوْا 1	تم تولو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ز ن	عِلُوا	اُوْزِنُوا ❻	بنی اسرائیل:35
زَنِيْمٍ 1	بدذات	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ز ن م	فَعِيْلٍ	×	القلم:13
زَهْرَةَ 1	آرائش	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	ز ہ ر	فَعْلَةَ	//	طٰہٰ:131
زَهَقَ 1	مٹ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ز ہ ق	فَعَلَ	//	بنی اسرائیل:81
زَهُوْقًا 1	مٹ جانے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	//	فَعُوْلًا	× ❼	بنی اسرائیل:81
زَوَالٍ 1	زوال	(اسم) مصدر	×	نصر	//	اجوف واوی	ز و ل	فَعَالٍ	×	ابراھیم:44
زَوْجٍ 16	ایک بیوی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ز و ج	فَعْلٍ	× ❽	النساء:20
زَوْجًا 1	کسی خاوند	//	//	//	//	//	//	فَعْلًا	//	البقرۃ:230
زَوْجَانِ 1	دو قسمیں	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعْلَانِ	× ❾	الرحمٰن:52
زُوِّجَتْ 1	ملا دی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	التکویر:7
زَوَّجْنَاكَهَا 1	ہم نے تیرا نکاح کر دیا اس سے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	الأحزاب:37
زَوَّجْنَاهُمْ 2	ہم نے ان کا جوڑ بنایا	//	//	//	//	//	//	//	//	الدخان:54
زَوْجَيْنِ 6	نر اور مادہ	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلَيْنِ	× ❿	ھود:40
زُوْرًا 4	جھوٹ	//	واحد مذکر	//	//	//	ز و ر	فُعْلًا	×	الفرقان:4
زِيَادَةٌ 2	زیادتی	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	اجوف یائی	ز ی د	فِعَالَةٌ	//	التوبۃ:37

❶ یا یہ اسم جامد واحد مؤنث ہے، اس کی جمع زُلَفٌ آتی ہے۔ ❷ باب سمع سے مصدر بھی اسی وزن پر آتا ہے۔ ❸ م: زُمَرَةٌ، یہ اسم جمع ہے۔ ❹ یہ ملحق بِسَلْسَبِيْل ہے، بعض کے نزدیک یہ رباعی مجرد زمہر سے بنا ہے اس میں دوسرا راء زائدہ ہے، اس اعتبار سے یہ رباعی مزید فیہ صحیح ہے، ہنوطے کی لغت میں اس کے معنی ''چاند'' کے ہیں۔ ❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) ❻ مضارع کی موافقت سے واؤ کو گرا دیا ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اس کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا تو یہ زِنُوا ہو گیا، بعض کے نزدیک یہ مضارع حاضر معلوم تَزِنُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت شروع سے علامت مضارع تاء گرا دی اس کا مابعد متحرک ہے اس لیے ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت نہیں ہے، اور آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو یہ زِنُوا ہو گیا ❼ یہ اسم مبالغہ بھی ہو سکتا ہے۔ ❽ لفظ ﴿زَوْج﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① جوڑا، جیسا کہ سورۃ الذاریات: 49 میں ہے ﴿مِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ﴾ ''ہر چیز سے ہم نے دو قسمیں بنائیں'' ② ہم جنس دو چیزیں یا ایک دوسرے کی ضد چیزیں، جیسے تر اور خشک، نر اور مادہ، جیسا کہ سورۃ ھود: 40 میں ہے ﴿احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ﴾ ''اس میں ہر قسم میں سے نر اور مادہ کو سوار کر لے''، ③ قسم، نوع، صنف، جیسا کہ سورۃ الحج: 5 میں ہے ﴿أَنْبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍ﴾ ''ہر قسم میں سے اگاتی ہے'' ④ خاوند اور بیوی، جیسا کہ سورۃ النساء: 20 میں بیوی اور سورۃ البقرۃ: 230 میں اس کے معنی خاوند ہیں، ج: أَزْوَاجٌ ۔ ❾ م: زَوْجٌ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❿ م: زَوْجٌ، ج: أَزْوَاجٌ، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، اس کی وضاحت کے لیے دیکھیں لفظ زوج۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
زَيْتُهَا 1	اس کا تیل	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ز ی ت	فَعْلٌ	× ❶	النور:35
زَيْتُوْنًا 5	زیتون	〃	اسم جنس جمعی	〃	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فَعْلُوْنًا	× ❷	عبس:29
زَيْتُوْنَةٍ 1	〃	〃	واحد مؤنث	〃	〃	〃	〃	فَعْلُوْنَةٍ	× ❸	النور:35
زَيْدٌ 1	زید	〃	واحد مذکر	〃	ثلاثی مجرد	〃	ز ی د	فَعْلٌ	× ❹	الأحزاب:37
زَيْغٌ 1	نقص	(اسم) مصدر	×	ضرب	〃	〃	ز ی غ	〃	×	ال عمرٰن:7
فَزَيَّلْنَا 1	پھر ہم تفرقہ ڈال دیں گے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	〃	ز ی ل	فَعَّلْنَا	〃	یونس:28
زَيَّنَ 7	خوب صورت بنا کر پیش کیا تھا	〃	واحد مذکر غائب	〃	〃	〃	ز ی ن	فَعَّلَ	〃	الأنعام:43
زُيِّنَ 10	خوبصورت بنایا گیا ہے	فعل ماضی مجہول	〃	〃	〃	〃	〃	فُعِّلَ	〃	البقرة:212
زَيَّنَّا 7	ہم نے مزین کر دکھایا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	〃	〃	〃	〃	فَعَّلْنَا	زَيْنًا ❺	الأنعام:108
زِيْنَةَ 19	زینت	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	〃	〃	فِعْلَةَ	× ❻	الأعراف:32
فَزَيَّنُوا 1	پس مزین کیا انہوں نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فَعَّلُوا	×	حم السجدة:25

❶ زیتون کا تیل، پھر یہ دیگر اقسام کے تیلوں پر بھی بولا جانے لگا۔ ❷ یہ ایک مشہور درخت کا نام ہے، اس کے پھل کو بھی زیتون کہتے ہیں، یہ پہلے پیلے رنگ میں عناب کی شکل کا ہوتا ہے اسے کھایا بھی جاتا ہے اور اس کا تیل بھی استعمال کیا جاتا ہے، م: زَيْتُوْنَةٌ۔ ❸ اس میں تاء وحدت کی ہے، ج: زَيْتُوْنٌ۔ ❹ یہ ایک مشہور صحابی کا نام ہے، جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے غلام تھے، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے رسول پاک ﷺ سے نکاح کے بعد آپ ﷺ کی ملکیت میں دے دیا، آپ ﷺ نے انہیں آزاد کر کے اپنا بیٹا بنا لیا، یہ اصل میں باب ضرب زَادَيَزِيْدُ کا مصدر ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❻ لفظ ﴿ زِيْنَة ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① زینت، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② زیورات، جیسا کہ سورۃ طٰہٰ 87 میں ہے ﴿ زِيْنَةِ الْقَوْمِ ﴾ ''قوم کے زیورات''، یا یہ باب تفعّل تَزَيَّنَ کا اسم مصدر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب السین (س)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَ	عنقریب	حرف تنفیس	×	×	×	×	×	×	× ❶	البقرۃ:142
سَاءَ 18	بہت ہی برا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی ومہموز اللام	س و ء	فَعَلَ	سَوَءَ ❷	النساء:22
سَاءَتْ 5	وہ بہت بری	〃	واحد مؤنث غائب	〃	〃	〃	〃	فَعَلَتْ	سَوَءَتْ ❷	النساء:97
سَائِبَةٍ 1	سانڈھ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	س ی ب	فَاعِلَةٍ	سَايِبَةٍ ❸	المائدۃ:103
سَائِحَاتٍ 1	روزے رکھنے والیاں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	〃	س ی ح	فَاعِلَاتٍ	سَايِحَاتٍ ❹	التحریم:5
السَّائِحُوْنَ 1	روزے رکھنے والے	〃	جمع مذکر سالم	〃	〃	〃	〃	فَاعِلُوْنَ	سَايِحُوْنَ ❹	التوبۃ:112
سَائِغٌ 2	خوش گوار	〃	واحد مذکر	نصر	〃	اجوف واوی	س و غ	فَاعِلٌ	سَاوِغٌ ❺	فاطر:12
سَائِقٌ 1	ایک چلانے والا فرشتہ	〃	〃	〃	〃	〃	س و ق	〃	سَاوِقٌ ❺	قٓ:21
سَائِلٌ 4	سوال کرنے والا	〃	〃	فتح	〃	مہموز العین	س ء ل	〃	× ❻	المعارج:1
السَّائِلِيْنَ 5	مانگنے والوں	〃	جمع مذکر سالم	〃	〃	〃	〃	فَاعِلِيْنَ	× ❼	البقرۃ:177
السَّابِحَاتِ 1	تیرنے والوں	〃	جمع مؤنث سالم	〃	〃	صحیح	س ب ح	فَاعِلَاتِ	× ❽	النازعات:3
سَابِغَاتٍ 1	کشادہ زرہیں	اسم جامد	〃	×	ثلاثی مزید فیہ	〃	س ب غ	فَاعِلَاتٍ	× ❾	سبا:11
سَابِقٌ 2	آگے نکل جانے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	〃	س ب ق	فَاعِلٌ	×	فاطر:32
فَالسَّابِقَاتِ 1	پس آگے بڑھنے والوں	〃	جمع مؤنث سالم	〃	〃	〃	〃	فَاعِلَاتِ	× ❿	النازعات:4
سَابِقُوْا 1	آگے بڑھو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فَاعِلُوْا	×	الحدید:21
سَابِقُوْنَ 4	سبقت لے جانے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	〃	〃	فَاعِلُوْنَ	× ⓫	المؤمنون:61
سَابِقِيْنَ 1	بچ کر نکلنے والے	〃	〃	〃	〃	〃	〃	فَاعِلِيْنَ	× ❼	العنکبوت:39

❶ یہ حرف استقبال ہے، فعل مضارع پر داخل ہوکر اسے مستقبل قریب کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ فعل ذم ہے، کسی کی مذمت بیان کرنے کے لیے آتا ہے۔ ❸ یاء فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ)، یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مؤنث اسم فاعل بمعنی اسم مفعول ہے یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، ﴿سَائِبَة﴾ سے مراد وہ سانڈ اونٹ ہے جو بتوں کے نام آزاد چھوڑ دیا جاتا تھا یا وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں کسی منّت وغیرہ کی وجہ سے آزاد چھوڑی جاتی تھی یا اس سے مراد وہ جانور ہیں جو زمانہ جاہلیت میں بتوں کے نام پر آزاد چھوڑے جاتے تھے وہ سواری اور بار برداری کے لیے استعمال نہیں ہوتے تھے، ج: سَوَائِبُ و سُيَّبٌ۔ ❹ یاء فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ)۔ ❺ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ)۔ ❻ لفظ ﴿سَائِل﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① سوال کرنے والا، پوچھنے والا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② فقیر، خیرات مانگنے والا، جیسا کہ سورۃ الضحی:10 میں ہے ﴿أَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ﴾ ''جو سوال کرنے والا ہے اسے مت جھڑکیے''۔ ❼ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❽ یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو روح نکالنے کے لیے انسان کے بدن میں تیرتے پھرتے ہیں یا وہ روح نکال کر تیزی سے اوپر اڑتے ہیں، یا وہ فرشتے جو نہایت تیزی سے اللہ کا حکم لے کر آسمان سے زمین پر اترتے ہیں۔ ❾ یہ اصل میں باب نصر کا اسم فاعل ہے، اس کے معنی ''پوری اور لمبی'' کے ہیں، یہاں اس سے پہلے موصوف محذوف ہے یعنی دُرُوْعًا سَابِغَاتٍ، اس لیے یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔ ❿ ۔ یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو اللہ کے حکم کی بجا آوری میں ایک دوسرے سے سبقت کرنے والے ہیں۔ ⓫ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	مثال
سَاجِدًا 1	سجدہ کی صورت میں	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	س ج د	فَاعِلًا	×	الزمر:9
السَّاجِدُوْنَ 1	سجدہ کرنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❶	التوبۃ:112
سَاجِدِيْنَ 10	سجدے کرنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×❷	الأعراف:120
بِسَاحَتِهِمْ 1	ان کے میدان میں	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	اجوف واوی	س و ح	فَعْلَةٍ	سَوْحَةٍ❸	الصافات:177
سَاحِرٍ 12	جادوگر	اسم فاعل	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	س ح ر	فَاعِلٍ	×❹	الأعراف:112
لَسَاحِرَانِ 1	ضرور وہ دونوں جادوگر	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَاعِلَانِ	×❺	طٰہٰ:63
السَّاحِرُوْنَ 1	جادوگر لوگ	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❻	یونس:77
بِالسَّاحِلِ 1	کنارے پر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	س ح ل	فَاعِلٍ	×❼	طٰہٰ:39
السَّاخِرِيْنَ 1	مذاق کرنے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	//	س خ ر	فَاعِلِيْنَ	×❽	الزمر:56
سَادَتَنَا 1	اپنے سرداروں	صفت مشبہ	جمع مکسر	نصر	//	اجوف واوی	س و د	فَعَلَةٌ	سَوَدَةٌ❾	الأحزاب:67
سَادِسُهُمْ 2	چھٹا ان میں سے	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س د س	فَاعِلٌ	×❿	الکھف:22
سَارَ 1	چلے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	س ی ر	فَعَلَ	سَيَرَ⓫	القصص:29
سَارِبٌ 1	کھلم کھلا	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	//	صحیح	س ر ب	فَاعِلٌ	×	الرعد:10
سَارِعُوْا 1	جلدی کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	س ر ع	فَاعِلُوْا	//	ال عمرٰن:133
السَّارِقُ 1	چوری کرنے والے مرد	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	س ر ق	فَاعِلٌ	×	المائدۃ:38
السَّارِقَةُ 1	چوری کرنے والی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	//	المائدۃ:38
لَسَارِقُوْنَ 1	البتہ چور ہو	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×⓬	یوسف:70
سَارِقِيْنَ 1	چوری کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×⓭	یوسف:73
سَاعَةً 48	کچھ گھڑی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	اجوف واوی	س و ع	فَعَلَةً	سَوَعَةً⓮	الأعراف:34
سَافِلَهَا 2	اس کا نیچے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	//	صحیح	س ف ل	فَاعِلَ	×	ھود:82
سَافِلِيْنَ 1	پست	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×⓯	التین:5
سَاقٍ 3	پنڈلی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	اجوف واوی	س و ق	فَعَلٍ	سَوْقٍ⓰	القلم:42

❶ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، ج:سَاحٌ و سُوحٌ۔ ❹ ج:سَاحِرُوْنَ، اس کی جمع مکسر سَحَرَةٌ آتی ہے۔ ❺ م:سَاحِرٌ، ج:سَاحِرُوْنَ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ م: سَاحِرٌ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❼ ج:سَوَاحِلُ۔ ❽ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، م:سَيِّدٌ ❿ یہ اسم عدد صفاتی ہے، تذکیر و تانیث میں قیاس کے مطابق آتا ہے۔ ⓫ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ⓬ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓭ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓮ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، لفظ ﴿سَاعَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① کچھ گھڑی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② قیامت، جیسا کہ سورۃ الأنعام :31 میں ہے ﴿إِذَا جَاءَتْهُمُ السَّاعَةُ﴾ ''جب آئے گی ان کے پاس قیامت'' قیامت کا نام ساعۃ اس لیے رکھا گیا ہے کہ اس دن دنیا کی زندگی کی مدت دن کی ایک ساعت کے برابر معلوم ہوگی، ج:سَاعَاتٌ۔ ⓯ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓰ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، ج:سُوْقٌ و سِيْقَانٌ و أَسْوُقٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَاقِطًا 1	گرتا ہوا	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	س ق ط	فَاعِلًا	×	الطور:44
سَاقَيْهَا 1	اپنی دونوں پنڈلیاں	اسم جامد	تثنیہ مؤنث	×	//	اجوف واوی	س و ق	فَعَلَيْ	سَوْقَيْنِ ❶	النمل:44
سَاكِنًا 1	ساکن	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	//	صحیح	س ك ن	فَاعِلًا	×	الفرقان:45
سَالِمُوْنَ 1	صحیح سالم	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	//	س ل م	فَاعِلُوْنَ	×❷	القلم:43
سَامِدُوْنَ 1	غافل	//	//	نصر	//	//	س م د	//	×❸	النجم:61
سَامِرًا 1	رات کو گپ شپ لگاتے ہوئے	//	واحد مذکر	//	//	//	س م ر	فَاعِلًا	×❹	المؤمنون:67
السَّامِرِيُّ 3	سامری	اسم جامد	×	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعِلِيُّ	×❺	طٰہٰ:85
بِالسَّاهِرَةِ 1	کھلے میدان میں	اسم فاعل	واحد مؤنث	سمع	ثلاثی مجرد	//	س ہ ر	فَاعِلَةِ	×❻	النازعات:14
فَسَاهَمَ 1	پھر وہ قرعہ میں شریک ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	س ہ م	فَاعَلَ	×	الصافات:141
سَاهُوْنَ 2	بھولے ہوئے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	س ہ و	فَاعُوْنَ	سَاهِوُوْنَ ❼	الذاریات:11
سَاوٰى 1	برابر کر دیا اس نے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مقرون	س و ی	فَاعَلَ	سَاوَيَ ❽	الکہف:96
بِسُؤَالِ 1	مانگ کر	(اسم) مصدر	×	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین	س ء ل	فُعَالِ	×	ص:24
سَأَلَ 4	سوال کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	×❾	المعارج:1
سُئِلَ 1	سوال کیے گئے تھے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	×	البقرۃ:108
سُئِلَتْ 1	سوال کیا جائے گا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	التکویر:8
سَأَلْتُكَ 2	سوال کروں گا میں تجھ سے	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	الکہف:76
سَأَلْتُمْ 1	تم نے سوال کیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	البقرۃ:61
سَأَلْتُمُوْهُ 2	تم نے سوال کیا اس سے	//	//	//	//	//	//	سَأَلْتُمْ ❿	//	ابراھیم:34

❶ واؤ متحرک ماقبل مفتوح داؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، م: سَاقٌ، ج: سُوقٌ و سِيْقَانٌ و اَسْوُقٌ۔ ❷ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❸ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَنْ ہو۔ ❹ یہ واحد بمعنی جمع ہے یعنی یہ بمعنی سُمَّارٌ ہے۔ ❺ یہ بنی اسرائیل کے قبیلہ سامرہ کی طرف منسوب اس شخص کا نام ہے جس نے موسیٰ علیہ السلام کے کوہ طور پر چلے جانے کے بعد بنی اسرائیل کو بچھڑا پوجنے پر لگا دیا تھا، یا یہ سامر قبیلہ کی طرف منسوب اسم ہے، یعنی یہ اسرائیلی نہیں تھا بلکہ یہ سامری تھا، سمیری قوم کا یہ فرد موسیٰ علیہ السلام کا معتقد ہو گیا تھا، یہ لوگ گائے کو مقدس سمجھتے تھے، جب اس نے دیکھا کہ لوگ موسیٰ علیہ السلام کی عدم موجودگی میں مضطرب ہو رہے ہیں تو اس نے کہا کہ تم مجھے سونے کے زیور لا دو، اس نے زیورات کو پگھلا کر بچھڑے کی ایک مورتی بنائی یہ بہت بڑا کاریگر تھا، اس نے شکل اس طرح بنائی کہ اس میں ہوا کے داخل ہونے اور نکلنے سے آواز پیدا ہونے لگی۔ ❻ سَاهِرَة سے مراد سفید و ہموار زمین ہے ایسی زمین پر قیامت کے روز لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا، اس کو سَاهِرَة اس لیے کہا گیا ہے کہ چٹیل میدانوں اور صحراؤں میں خوف کی وجہ سے انسان کی نیند اڑ جاتی ہے اور وہاں وہ بیدار رہتا ہے۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، م: سَاهٍ، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "عَنْ یا فِی" ہو، بعض اہل لغت کے نزدیک اگر اس کا صلہ "فِی" ہو تو اس کے معنی لاعلمی کی بناء پر چھوڑنا، یعنی بھول جانا ہوتے ہیں اور اگر اس کا صلہ عَن ہو تو اس کے معنی علم کے ہوتے ہوئے چھوڑنا یعنی نظر انداز کرنا کے ہوتے ہیں۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❾ لفظ ﴿سَأَلَ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① سوال کرنا، پوچھنا، معلوم کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، اسی طرح سورۃ الکہف:76 میں ہے ﴿اِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ﴾ "اگر میں تجھ سے کسی چیز کے متعلق پوچھوں"، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء یا عَنْ ہو ② کوئی چیز مانگنا، جیسا کہ سورۃ طٰہٰ:132 میں ہے ﴿لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا﴾ "ہم تجھ سے کسی رزق کا مطالبہ نہیں کرتے"، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا الشَّيْءَ ہو یا اس کا صلہ مِنْ ہو۔ ❿ تُم کے بعد ھا ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَأَلْتَهُمْ 7	آپ ان سے سوال کرتے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین	س ء ل	فَعَلْتَ	×	التوبۃ:65
سُؤْلَكَ 1	اپنا سوال	(اسم) مصدر	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعْلَ	❶×	طٰہٰ:36
سَأَلُوْا 1	سوال کیا انہوں نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	//	//	فَعَلُوْا	×	النساء:153
سُئِلُوْا 1	ان سے سوال کیا جاتا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	الأحزاب:14
سُبَاتًا 2	آرام	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س ب ت	فُعَالًا	❷×	الفرقان:47
سَبَإٍ 2	سبا (شہر)	//	//	//	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	س ب ء	فَعَلٍ	❸×	النمل:22
سَبَبًا 5	ساز وسامان	//	//	//	مضاعف ثلاثی	//	س ب ب	فَعَلًا	❹×	الکہف:84
السَّبْتُ 6	ہفتے کا دن	//	//	//	//	صحیح	س ب ت	فَعْلُ	❺×	النحل:124
سَبْحًا 2	مصروفیت	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	س ب ح	فَعْلًا	❻×	المزمل:7
سَبَّحَ 3	تسبیح کرتی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	الحدید:1
سَبِّحْ 16	تسبیح کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	//	ال عمرٰن:41
سُبْحَانَ 41	پاک	(اسم) مصدر	×	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلَانَ	❼×	یوسف:108
سَبِّحُوْا 2	تم تسبیح بیان کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِّلُوْا	×	مریم:11
سَبَّحُوْا 1	وہ پاکیزگی بیان کرتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلُوْا	//	السجدۃ:15
سَبْعَ 20	سات	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	س ب ع	فَعْلَ	❽×	البقرۃ:29
السَّبُعُ 1	درندے	//	//	//	//	//	//	فَعْلُ	❾×	المائدۃ:3

❶ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❷ ﴿ سُبَاتًا ﴾ اصل میں باب نصر، ضرب کا مصدر ہے، اس کے اصل معنی ''قطع کرنے'' کے ہیں اور رات بھی انسان کے کاموں کا سلسلہ ختم کر دیتی ہے اور کام ختم ہونے کا معنی آرام ہوتا ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❸ لفظ ﴿ سَبَإ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① شہر کا نام، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، یہ یمن کے ایک قدیم شہر کا نام ہے، یہ صنعاء سے تین دن کے فاصلے پر ہے اور مآرب یمن کے نام سے معروف ہے (فتح القدیر)، یہ شہر بڑا خوشحال اور زراعت و باغبانی میں نمایاں تھا، جہاں مال و دولت کی فراوانی تھی، ② قوم کا نام، یہ اس یمنی شخص کے نام پر ایک قدیم قوم کا نام ہے، جو یمنی قبائل کا جد امجد تھا، یہ قوم یمن میں آباد تھی، بلقیس ملکہ سبا بھی اسی قوم سے تھی جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانے میں مسلمان ہو گئی تھی، جیسا کہ سورۃ سبا:15 میں اللہ تعالیٰ نے اس قوم کا تذکرہ فرمایا ہے ﴿ لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ ﴾ ''البتہ تحقیق تھی سبا قوم کے لیے''۔ ❹ لفظ ﴿ سَبَب ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① ساز و سامان، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② راستہ، جیسا کہ سورۃ الکہف:85 میں ہے ﴿ فَأَتْبَعَ سَبَبًا ﴾ ''پھر وہ پیچھے لگا ایک راہ کے''، ③ رسی، جیسا کہ سورۃ الحج:15 میں ہے ﴿ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ ﴾ ''تو چاہیے کہ وہ دراز کرے ایک رسی آسمان تک''، ج: أَسْبَابٌ۔ ❺ یہ اصل میں باب نصر اور ضرب کا مصدر ہے، جس کے معنی ہیں ''آرام کرنا، ہفتہ کے دن میں داخل ہونا'' پھر ایک دن کا نام ''سبت'' رکھ دیا گیا، یہاں یہ بطور اسم جامد کے استعمال ہوا ہے، موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں ہفتہ کے دن دنیاوی کام کاج کرنا ممنوع اور عبادت میں مشغول رہنا ضروری تھا، اس سے بنی اسرائیل کی اصطلاح میں اس کا نام سبت پڑ گیا، ج: أَسْبُتٌ وسُبُوتٌ۔ ❻ لفظ ﴿ سَبْحًا ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① کام کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، سَبَحَ فُلَانٌ فِي الْأَرْضِ کے معنی ہیں: معاشی امور کی انجام دہی کے لیے گھومنا، روزی کی تلاش میں لگنا ② تیرنا، جیسا کہ سورۃ النّٰزعٰت:3 میں ہے ﴿ السَّابِحٰتِ سَبْحًا ﴾ ''تیرنے والے فرشتوں کی، تیزی سے تیرنا''، سَبَحَ بِالنَّهْرِ وفِيْهِ کے معنی ہیں: نہر وغیرہ میں تیرنا۔ ❼ امام سیوطی فرماتے ہیں کہ اس کا فعل مردہ ہے یعنی کبھی استعمال نہیں کیا گیا، ان کی یہ بات درست نہیں ہے کیونکہ اس کا فعل مشہور ہے، البتہ اس کے باب میں اختلاف ہے، بعض کے نزدیک افعال، بعض کے نزدیک تفعیل اور بعض کے نزدیک باب فتح ہے، جب اس کا باب افعال یا تفعیل ہو تو یہ اسم مصدر ہوگا۔ ❽ یہ اسم عدد ذاتی ہے، یہ مذکر اس لیے آیا ہے، کہ اس کی تمیز سَمٰوٰت مؤنث آئی ہے۔ ❾ ج: سِبَاعٌ وأَسْبُعٌ وسُبُوعٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَبْعَةٌ 4	سات	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	صحیح	س ب ع	فَعْلَةٌ	× ❶	الكهف:22
سَبْعُوْنَ 1	ستر	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعْلُوْنَ	× ❷	الحاقة:32
سَبْعِيْنَ 2	//	//	//	//	//	//	//	فَعْلِيْنَ	× ❸	الأعراف:155
سَبَقَ 5	پہلے طے ہو چکی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	س ب ق	فَعَلَ	×	الأنفال:68
سَبْقًا 1	آگے بڑھنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	النازعات:4
سَبَقَتْ 7	پہلے ہو چکی ہوتی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	//	يونس:19
سَبَقُوْا 3	وہ بھاگ نکلے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	الأنفال:59
سُبُلَ 10	راستہ	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	س ب ل	فُعُلَ	× ❹	المائدة:16
سَبِيْلٍ 165	راستے	//	واحد مذکر و مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلٍ	× ❺	البقرة:154
السَّبِيْلَا 1	سیدھے راستے	//	//	//	//	//	//	فَعِيْلَ	السَّبِيْلَ ❻	الأحزاب:67
سِتَّةٍ 7	چھ	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س ت ت	فِعْلَةٍ	سِتَّةَ ❼	الأعراف:54
سِتْرًا 1	کوئی اوٹ یا پردہ	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	س ت ر	فِعْلًا	× ❽	الكهف:90
سِتِّيْنَ 1	ساٹھ	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	مضاعف ثلاثی	س ت ت	فِعْلِيْنَ	سِتِّيْنَ ❾	المجادلة:4
سَجٰى 1	چھا جائے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	س ج و	فَعَلَ	سَجَوَ ❿	الضحى:2
فَسَجَدَ 2	پس سجدہ کیا	//	//	//	//	صحیح	س ج د	//	× ❿	الحجر:30
سُجَّدًا 11	سجدہ کرتے ہوئے	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَّلًا	× ⓫	البقرة:58
سَجَدُوْا 6	انہوں نے سجدہ کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	×	البقرة:34
سُجِّرَتْ 1	آگ ہو جائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	س ج ر	فُعِّلَتْ	//	التكوير:6
السِّجِلِّ 1	سفید کاغذوں	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	س ج ل ل	فِعْلِلِ	سِجِلِّ ⓬	الأنبياء:104
السِّجْنُ 6	قید خانہ	//	//	//	ثلاثی مجرد	صحیح	س ج ن	فِعْلٌ	× ⓭	يوسف:33
السُّجُوْدِ 4	سجدے کی وجہ سے	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	س ج د	فُعُوْلِ	×	الفتح:29
السُّجُوْدِ 2	سجدہ کرنے والوں	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	//	× ⓮	البقرة:125

❶ یہ اسم عدد ذاتی ہے، یہ مؤنث اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز مذکر آئی ہے۔ ❷ یہ اسم عدد دہائی ہے، اور یہ اس کی رفعی حالت ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے آتا ہے۔ ❸ یہ اسم عدد دہائی ہے، اور یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے آتا ہے۔ ❹ م: سَبِيْلٌ۔ ❺ یہ مؤنث سماعی ہے، اس میں تانیث جوازی ہے اس لیے یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، ج: سُبُلٌ و سُبُلٌ و اَسْبُلٌ و أَسْبِلٌ و أَسْبِلَةٌ و سُبُوْلٌ ﴿سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ سے مراد جہاد اور ﴿ابْنِ السَّبِيْلِ﴾ سے مراد مسافر ہے جس کے پاس وطن واپسی کا ذریعہ نہ ہو، پردیسی۔ ❻ اس کے آخر میں الف زائدہ فواصل آیات کی مناسبت سے آیا ہے، یہ بغیر وقف کے پڑھنے میں السَّبِيْلَ آتا ہے۔ ❼ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلی تاء ساکن ہے تو پہلی تاء کا دوسری میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) ، یہ اسم عدد ذاتی ہے، یہ مؤنث اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز مذکر آئی ہے۔ ❽ ج: سُتُوْرٌ و أَسْتَارٌ، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❾ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، اسم عدد دہائی ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے آتا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، رؤس الآیات کی مناسبت سے الف یاء پر کھڑی زبر کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ ⓫ م: سَاجِدٌ۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: يَمُدُّ)، ج: سِجِلَّاتٌ، اسکے معنی ہیں رجسٹر، وہ کاغذات کا مجموعہ (کتاب یا کاپی) جس میں کوئی بات برائے حفاظت لکھی جائے۔ ⓭ ج: سُجُوْدٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سِجِّيْلٍ 3	کھنگر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س ج ل	فِعِّيْلٍ	×	هود:82
سِجِّيْنٍ 2	سجین	//	//	//	//	//	س ج ن	//	❶×	المطففین:7
سَحَابٌ 9	بادل	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	س ح ب	فَعَالٌ	❷×	النور:40
سَحَّارٍ 1	بڑے جادوگر	اسم مبالغہ	واحد مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	//	س ح ر	فَعَّالٍ	×	الشعراء:37
السُّحْتَ 3	حرام	اسم جامد	//	×	//	//	س ح ت	فُعْلٌ	❸×	المائدة:62
سِحْرٌ 27	جادو	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	س ح ر	فِعْلٌ	❹×	المائدة:110
بِسَحَرٍ 1	جادو کے ساتھ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعَلٍ	❺×	القمر:34
سِحْرَانِ 1	دونوں جادوگر	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فِعْلَانِ	❻×	القصص:48
السَّحَرَةُ 8	جادوگر	اسم فاعل	جمع مکسر	فتح	//	//	//	فَعَلَةٌ	❼×	الأعراف:113
سَحَرُوْا 1	جادو کیا انہوں نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	×	الأعراف:116
فَسُحْقًا 1	تو دوری	(اسم) مصدر	×	س ح ق	//	//	//	فُعْلًا	//	الملك:11
سَحِيْقٍ 1	کسی دور کی جگہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِيْلٍ	//	الحج:31
سَخِرَ 1	مذاق کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	س خ ر	فَعِلَ	//	التوبة:79
سَخَّرَ 18	اس نے کام میں لگایا	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	❽×	الرعد:2
سَخَّرْنَا 4	ہم نے مسخر کر دیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	×	الأنبياء:79
سَخِرُوْا 3	مذاق اڑا رہے تھے	//	جمع مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلُوْا	//	الأنعام:10
سِخْرِيًّا 2	مذاق	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلِيًّا	❾×	المؤمنون:110
سُخْرِيًّا 1	تابع	//	//	فتح	//	//	//	فُعْلِيًّا	//	الزخرف:32
سَخِطَ 1	ناراض ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	س خ ط	فَعِلَ	×	المائدة:80
بِسَخَطٍ 1	ناراضگی کا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلٍ	//	ال عمرٰن:162
سُدًى 1	بے کار	صفت مشبہ	واحد، جمع	//	//	ناقص یائی	س د ی	فُعًا	سُدَيًا ❿	القيامة:36

❶ لفظ ﴿سِجِّيْنٍ﴾ کے بارے میں دو موقف ہیں: ① یہ سِجْل سے بنا ہے، اس میں نون لام کے عوض میں آیا ہے، یہ اصل میں سِجِّيْلٌ تھا، اس سے مراد وہ رجسٹر ہے جس میں کفار کو دیا جانے والا عذاب درج ہے ② یہ سِجْنٌ سے بنا ہے، جس کے معنی ہیں ''جیل'' یہ جہنم کی ایک وادی ہے، بعض کے نزدیک اس سے مراد زمین کے سب سے نچلے حصہ میں وہ جگہ ہے جہاں گناہ گاروں کی روحیں اور ان کے اعمال نامے جمع ہوتے ہیں۔ ❷ یہ واحد اور جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، جب اس کے لفظ کا لحاظ کریں تو اس کی صفت مفرد آتی ہے، جیسے: ﴿وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ﴾ اور جب معنی کا لحاظ کریں تو اس کی صفت جمع بھی آجاتی ہے، جیسے: ﴿السَّحَابَ الثِّقَالَ﴾، اسی طرح مذکر کی مثال ﴿وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ﴾ اور مؤنث کی مثال ﴿سَحَابًا ثِقَالًا﴾، م: سَحَابَةٌ، ج: سُحُبٌ و سَحَائِبُ۔ ❸ ج: اَسْحَاتٌ یا یہ باب فتح سَحَتَ يَسْحَتُ کا مصدر ہے۔ ❹ ج: اَسْحَارٌ و سُحُوْرٌ۔ ❺ ج: اَسْحَارٌ۔ ❻ م: سِحْرٌ۔ ❼ م: سَاحِرٌ۔ ❽ جب اس کا صلہ عَلٰی ہو تو اس کے معنی مسلط کرنا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الحاقۃ: 7 میں ہے ﴿سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ﴾ اس نے مسلط کر دیا اسے ان پر''۔ ❾ اس کے آخر میں یاء نسبت مبالغہ کے لیے ہے، یائے نسبت فعل میں قوت کا فائدہ دیتی ہے، جیسا کہ خصوص سے خصوصیۃ کہا جاتا ہے۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف گر گیا، یہ ناقص واوی باب نصر بھی ہو سکتا ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے اور یہ واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَدًّا 3	ایک دیوار	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س د د	فَعْلًا	سَدْدًا ❶	الکھف:94
سِدْرٍ 2	بیریاں	〃	اسم جنس جمعی	〃	〃	صحیح	س د ر	فِعْلٍ	×❷	سبا:16
سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى 2	سدرۃ المنتہیٰ	〃	واحد مؤنث	〃	〃	〃	〃	فِعْلَةِ	×❸	النجم:14
السُّدُسُ 3	چھٹا	〃	واحد مذکر	〃	〃	مضاعف ثلاثی	س د س	فُعُلُ	×❹	النساء:11
سَدِيْدًا 2	سیدھی	صفت مشبہ	〃	ض، ف	〃	〃	س د د	فَعِيْلًا	×	النساء:9
السَّدَّيْنِ 1	دو دیواروں	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	〃	〃	〃	فَعْلَيْنِ	سَدْدَيْنِ ❺	الکھف:93
سِرًّا 8	پوشیدہ طور پر	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	〃	س ر ر	فِعْلًا	سِرْرًا ❻	البقرۃ:235
السَّرَّاءِ 2	خوشی	(اسم) مصدر	〃	نصر	ثلاثی مجرد	〃	〃	فَعْلَاءِ	سَرْرَاءِ ❼	ال عمران:134
السَّرَائِرُ 1	چھپی ہوئی باتوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فَعَائِلُ	سَرَايِرُ ❽	الطارق:9
سَرَابًا 2	سراب	〃	واحد مذکر	〃	〃	صحیح	س ر ب	فَعَالًا	×❾	النبا:20
سَرَابِيْلَ 3	قمیصیں	〃	جمع مکسر	〃	رباعی مزید فیہ	〃	س ر ب ل	فَعَالِيْلَ	×❿	النحل:81
سِرَاجًا 4	چراغ	〃	واحد مذکر	〃	ثلاثی مزید فیہ	〃	س ر ج	فِعَالًا	×⓫	الفرقان:61
سَرَاحًا 2	رخصت کرنا	اسم مصدر	〃	تفعیل	〃	〃	س ر ح	فَعَالًا	×	الأحزاب:28
سُرَادِقُهَا 1	اس کی قناتوں	اسم جامد	〃	×	رباعی مزید فیہ	〃	س ر د ق	فُعَالِلُ	×⓬	الکھف:29
سِرَاعًا 2	اس حال میں کہ وہ تیز دوڑنے والے ہوں گے	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	ثلاثی مجرد	〃	س ر ع	فِعَالًا	×⓭	ق:44
سَرَبًا 1	سرنگ	اسم جامد	واحد مذکر	×	〃	〃	س ر ب	فَعَلًا	×⓮	الکھف:61
سَرِّحُوْهُنَّ 2	چھوڑ دو ان کو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	〃	س ر ح	فَعِّلُوْ	×	البقرۃ:231
السَّرْدِ 1	کڑیاں	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	〃	س ر د	فَعْلِ	×⓯	سبا:11
سُرُرٍ 6	تختوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	س ر ر	فُعُلٍ	×⓰	الحجر:47
سَرَقَ 2	چوری کی تھی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	س ر ق	فَعَلَ	×	یوسف:77

❶ دو ہم جنس حرف وال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، ج: سُدُوْدٌ و اَسْدَادٌ یہ اصل میں باب نصر کا مصدر ہے، یہاں بطور اسم جامد کے استعمال ہوا ہے۔ ❷ م: سِدْرَةٌ، ج: سِدَرٌ۔ ❸ سِدْرَة کے معنی ہیں: بیری کا ایک درخت اور المنتهیٰ کے معنی ہیں: آخری حد، یہ ساتویں آسمان پر بیری کا درخت ہے، یہ آخری حد ہے، اس سے اوپر کوئی فرشتہ نہیں جا سکتا، المعجم الوسیط کے مطابق یہ جنت کا ایک درخت ہے، امام راغبؒ کے نزدیک یہ ساتویں آسمان پر عرش عظیم کے دائیں جانب ایک مقام ہے فرشتوں وغیرہ کی اس سے آگے رسائی نہیں ہے، ج: سِدَرٌ۔ ❹ اسم عدد کسری ہے، ج: اَسْدَاسٌ۔ ❺ دو ہم جنس حرف وال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: سَدَّ۔ ❻ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)، باب افعال أَسَرَّ کا قیاسی مصدر اِسْرَارٌ آتا ہے، ج: أَسْرَارٌ۔ ❼ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلی راء ساکن ہے تو پہلی راء کا دوسری میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ) ❽ یاء مدہ زائدہ الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: صَحَائِفُ)، م: سَرِيْرَةٌ۔ ❾ سراب اس چمکتی ہوئی ریت کو کہتے ہیں جو دور سے سورج کی شعاعوں کی وجہ سے پانی نظر آتی ہے۔ ❿ م: سِرْبَالٌ۔ ⓫ ج: سُرُجٌ۔ ⓬ ج: سُرَادِقَاتٌ، بعض کے نزدیک یہ فارسی سے معرّب لفظ ہے۔ ⓭ م: سَرِيْعٌ۔ ⓮ ج: اَسْرَابٌ، یہ اصل میں باب سمع سے مصدر یا باب نصر سے صفت مشبہ ہے۔ ⓯ یہ بطور اسم جامد کے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ⓰ م: سَرِيْرٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سِرُّكُمْ 3	تمہارے بھید	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س ر ر	فِعْلٌ	سِرْرٌ ❶	الأنعام:3
سَرْمَدًا 2	ہمیشہ	//	//	//	رباعی مجرد	صحیح	س ر م د	فَعْلَلًا	× ❷	القصص:71
سُرُوْرًا 1	خوش دلی	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س ر ر	فُعُوْلًا	×	الدھر:11
سَرِيًّا 1	چشمہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	س ر ی	فَعِيْلًا	سَرِيْيًا ❸	مریم:24
سَرِيْعُ 10	جلدی	صفت مشبہ	واحد مذکر	س، ك	ثلاثی مجرد	صحیح	س ر ع	فَعِيْلٌ	×	البقرة:202
سُطِحَتْ 1	اسے بچھادیا گیا ہے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	فتح	//	//	س ط ح	فُعِلَتْ	//	الغاشية:20
سَعٰى 5	کوشش کرتے رہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	ناقص یائی	س ع ی	فَعَلَ	سَعَيَ ❹	البقرة:114
سَعَةً 6	وسعت	(اسم) مصدر	×	//	//	مثال واوی	و س ع	عَلَةً	وِسْعًا ❹	البقرة:247
سُعِدُوْا 1	خوش بخت ہوں گے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	صحیح	س ع د	فُعِلُوْا	×	هود:108
سُعُرٍ 2	دیوانگی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	س ع ر	فُعُلٍ	× ❺	القمر:24
سُعِّرَتْ 1	بھڑکادی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	التكوير:12
سَعَوْا 2	انہوں نے کوشش کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	س ع ی	فَعَوْا	سَعَيُوْا ❹	الحج:51
سَعْيًا 10	بھاگتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	×	البقرة:260
سَعِيْدٌ 1	کچھ نیک بخت	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	صحیح	س ع د	فَعِيْلٌ	//	هود:105
سَعِيْرًا 16	دہکتی آگ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	س ع ر	فَعِيْلًا	× ❺	النساء:10
سَفَاهَةٌ 2	کوئی بات حماقت والی	(اسم) مصدر	×	كرم	ثلاثی مجرد	//	س ف ہ	فَعَالَةٌ	×	الأعراف:67
سَفَرٍ 7	سفر	//	//	نصر	//	//	س ف ر	فَعَلٍ	× ❺	البقرة:184
سَفَرَةٍ 1	لکھنے والوں	اسم فاعل	جمع مکسر	ضرب	//	//	//	فَعَلَةٍ	× ❻	عبس:15
السُّفْلٰى 1	نیچے	اسم تفضیل	واحد مؤنث	نصر	//	//	س ف ل	فُعْلٰى	×	التوبة:40
سَفِهَ 1	جس نے بے سمجھ بنالیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	س ف ہ	فَعِلَ	//	البقرة:130
سَفَهًا 1	بیوقوفی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلًا	//	الأنعام:140
السُّفَهَاءُ 5	بے وقوف	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَلَاءُ	× ❻	البقرة:13
سَفِيْنَةِ 4	کشتی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	س ف ن	فَعِيْلَةٍ	× ❼	الكهف:79

❶ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، کبھی یہ باب افعال أَسَرَّ کا اسم مصدر ہوتا ہے، ج: أَسْرَارٌ و سِرَارٌ ۔ ❷ بعض کے نزدیک یہ سَرْدٌ سے مشتق ہے، اس میں میم زائدہ ہے۔ ❸ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، ج: أَسْرِيَةٌ و سِرْيَانٌ ۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❺ مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر واقع ہوا اس سے واؤ کو حذف کرکے اس کے عوض آخر میں "ۃ" بڑھادی اور عین کلمہ کو فتحہ دے دیا (قاعدہ عِدَةٌ)۔ ❻ یا یہ سَعِيْرٌ (آگ کی لپٹ) کی جمع ہے، یہاں یہ دیوانگی یا عذاب کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❽ یہ اصل میں صفت مشبہ فَعِيْل بمعنی مفعول ہے۔ ❾ ج: أَسْفَارٌ۔ ❿ م: سَافِرٌ، یہ سفارت سے بنا ہے، ﴿سَفَرَةٍ﴾ سے مراد وہ فرشتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کے درمیان سفارت کا کام کرتے ہیں یا اس سے مراد نامہ اعمال لکھنے والے فرشتے ہیں۔ ⓫ م: سَفِيْهٌ۔ ⓬ ج: سُفُنٌ و سَفَائِنُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	مثال
سَفِيهَا 2	بے سمجھ	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س ف ہ	فَعِيلًا	× ❶	البقرة:282
سَقَاهُمْ 1	پلائے گا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	ناقص یائی	س ق ی	فَعَلَ	سَقَيَ ❷	الدّٰهر:21
سِقَايَةَ 2	پانی پلانے کو	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعَالَةَ	×	التوبة:19
السِّقَايَةَ 2	پیالہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	//	× ❸	یوسف:70
سَقَرَ 4	سقر	//	//	//	ثلاثی مجرد	صحیح	س ق ر	فَعَلَ	× ❹	المدثر:28
سُقِطَ فِي أَيْدِيهِمْ 1	وہ پشیمان ہوئے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	س ق ط	فُعِلَ	× ❺	الأعراف:149
سَقَطُوا 1	وہ گرے ہوئے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	×	التوبة:49
سَقْفًا 3	ایک چھت	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	س ق ف	فَعْلًا	× ❻	الأنبياء:32
سُقُفًا 1	چھتوں	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُلًا	× ❼	الزخرف:33
سُقْنَاهُ 2	تو ہم اسے ہانک لے جاتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	//	اجوف واوی	س و ق	سُقْنَا	سَوَقَنَا ❽	الأعراف:57
سُقُوا 1	پلایا جائے گا ان کو	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	ضرب	//	ناقص یائی	س ق ی	فُعُوا	سُقِيُوا ❾	محمد:15
سُقْيَاهَا 1	اس کو پانی پلانے کی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلَى	×	الشمس:13
سَقَيْتَ 1	پانی پلایا تو نے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	القصص:25
سَقِيمٌ 2	بیمار	صفت مشبہ	واحد مذکر	كرم	//	صحیح	س ق م	فَعِيلٌ	//	الصافات:89
سُكَارَىٰ 3	نشے کی حالت میں	//	جمع مکسر	سمع	//	//	س ك ر	فُعَالَى	× ❿	النساء:43
سَكَتَ 1	دور ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	س ك ت	فَعَلَ	×	الأعراف:154
سَكَرًا 1	شراب	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	س ك ر	فَعَلًا	× ⓫	النحل:67
سَكْرَةُ 2	بیہوشی	(اسم) مصدر مرہ	×	سمع	//	//	//	فَعْلَةُ	× ⓬	ق:19
سُكِّرَتْ 1	بند کر دی گئی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	الحجر:15

❶ ج:سُفَهَاءُ۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)۔ ❸ یہ ﴿ السِّقَايَةَ ﴾ پانی پینے کا پیالہ،سونے یا چاندی کا تھا، پانی پینے کے علاوہ غلہ ناپنے کا کا م بھی دیتا تھا۔ ❹ جہنم کا ایک نام ہے، جو علمیت اور تانیث کی بناء پر غیر منصرف ہے، بعض کے نزدیک یہ عجمی لفظ ہے جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے۔ ❺ یہ ایک محاورہ ہے جس کے معنیٰ ''نادم و پشیمان ہونا'' کے ہیں۔ ❻ ج: سُقُوفٌ و سُقُفٌ۔ ❼ م: سَقْفٌ۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور راء جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا(قاعدہ:قُلْنَ)۔ ❾ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی ، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوا)۔ ❿ م: سَكْرَانٌ۔ ⓫ یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے، پھر اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا، ج:اَسْكَارٌ۔ ⓬ ج :سَكَرَاتٌ ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَكَنَ 1	رہتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	س ك ن	فَعَلَ	×	الأنعام:13
سَكَنًا 2	سکونت کی جگہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعَلًا	× ❶	النحل:80
سَكَنْتُمْ 2	تم رہتے رہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	//	//	فَعَلْتُمْ	×	ابراهيم:45
سِكِّينًا 1	چھری	اسم جامد	واحد مذکر ومؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعِّيلًا	× ❷	یوسف:31
سَكِينَةً 6	سکون	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِيلَةٌ	× ❸	البقرة:248
سَلْ 1	سوال کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	//	مہموز العین	س ء ل	فَلْ	اِسْئَلْ ❹	البقرة:211
السَّلَاسِلُ 1	زنجیریں	اسم جامد	جمع مکسر	×	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	س ل س ل	فَعَالِلُ	× ❺	المؤمن:71
سَلَاسِلَا 1	//	//	//	//	//	//	//	//	× ❻	الدهر:4
سُلَالَةٍ 2	منتخب	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	س ل ل	فُعَالَةٍ	×	المؤمنون:12
سَلَامٌ 4	سلام	اسم مصدر	×	تفعیل	//	صحیح	س ل م	فَعَالٌ	× ❼	الأنعام:54
السَّلَامُ 1	سلامتی والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَالُ	×	الحشر:23
سَلْسَبِيلًا 1	سلسبیل	اسم جامد	//	×	خماسی مزید فیہ	//	س ل س ب ل	فَعْلَلِيلًا	× ❽	الدهر:18
سِلْسِلَةٍ 1	ایک زنجیر	//	واحد مؤنث	//	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	س ل س ل	فِعْلِلَةٍ	× ❾	الحاقة:32
سُلْطَانٌ 36	دلیل	//	واحد مذکر	//	ملحق برباعی مزید فیہ	صحیح	س ل ط	فُعْلَانٌ	× ❿	الأعراف:71
سُلْطَانِيَهْ 1	میری سلطنت	//	//	//	//	//	//	فُعْلَانٌ	× ⓫	الحاقة:29
سَلَّطَهُمْ 1	مسلط کر دیتا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	النساء:90
سَلَفَ 5	پہلے گزر چکا	//	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	س ل ف	فَعَلَ	//	البقرة:275
سَلَفًا 1	گزرے ہوئے	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فَعَلًا	⓬	الزخرف:56
سَلَقُوكُمْ 1	تو زبان درازی کرنے لگیں تمہارے مقابل	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	//	//	س ل ق	فَعَلُوْ	×	الأحزاب:19

❶ ج: اَسْكَانٌ، کبھی یہ باب نصر کا مصدر ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ التوبۃ :103 میں ہے ﴿ سَكَنٌ لَّهُمْ ﴾ ''باعث تسکین ان کے لیے''۔ ❷ ج: سَكَاكِيْنُ۔ ❸ یا یہ باب تفعّل تَسَكُّنٌ کا اسم مصدر ہے۔ ❹ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسْئَلُ)، پھر ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا۔ ❺ م: سِلْسِلَةٌ۔ ❻ اس کے آخر میں الف زائدہ تناسب آیات کی وجہ سے صرف رسم الخط میں آیا ہے، م: سِلْسِلَةٌ۔ ❼ یا یہ باب سمع کا مصدر ہے۔ ❽ یہ جنت کے ایک چشمہ کا نام ہے، ج: سَلَاسِبُ و سَلَاسِيْبُ بعض کے نزدیک اس میں مبالغہ کے لیے باء زیادہ کی گئی ہے، اس صورت میں اس کا وزن فَعْلَبِيْلٌ ہوگا، بعض کے نزدیک یہ عجمی لفظ ہے۔ ❾ ج: سَلَاسِلُ۔ ❿ یہ ملحق بقُرْطَاس ہے، لفظ ﴿ سُلْطَان ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① دلیل، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② غلبہ کے معنی میں بطور مصدر بھی استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ النحل :99 میں ہے ﴿ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ ﴾ ''نہیں ہے اس کے لیے کوئی غلبہ''، ③ اقتدار کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ الحاقۃ : 29 میں ہے ۔ ⓫ یہ ملحق بقُرْطَاس ہے، لفظ سُلْطَان یائے متکلم کی طرف مضاف ہے، اس کے آخر میں ہائے سکتہ ہے۔ ⓬ م: سَـــالِفٌ، اس کی جمع اَسْلَافٌ و سُلَّافٌ بھی آتی ہے، بعض کے نزدیک یہ اصل میں مصدر بمعنی مفعول ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَلَكَ 3	جاری کیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	س ل ك	فَعَلَ	×	طٰہٰ:53
سَلَكْنَاهُ 1	ہم نے ڈال رکھا ہے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الشعراء:200
سَلَّمَ 1	محفوظ رکھا	//	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	س ل م	فَعَّلَ	//	الأنفال:43
سُلَّمٌ 2	سیڑھی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعَّلٌ	× ❶	الطور:38
السَّلْمِ 2	صلح	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلِ	×	محمد:35
السِّلْمِ 1	اسلام	//	//	//	//	//	//	فِعْلِ	//	البقرة:208
السَّلَمَ 4	صلح کا پیغام	//	//	//	//	//	//	فَعَلَ	× ❷	النساء:90
سَلَمًا 1	مکمل طور پر	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	× ❸	الزمر:29
سَلَّمْتُمْ 1	ادا کر و تم	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُمْ	×	البقرة:233
سَلِّمُوا 2	سلام بھیجو	فعل امر حاضر معلوم	//	//	//	//	//	فَعِّلُوا	//	الأحزاب:56
سَلْهُمْ 1	ان سے پوچھیے	//	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَلْ	إِسْأَلْ ❹	القلم:40
السَّلْوٰى 3	سلویٰ	اسم جامد	اسم جنس	×	//	ناقص واوی	س ل و	فَعْلٰى	× ❺	البقرة:57
سَلِيمٍ 2	بڑے پاک	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	صحیح	س ل م	فَعِيلٍ	×	الشعراء:89
سُلَيْمَانَ 17	سلیمان علیہ السلام	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعَيْلَانَ	× ❻	البقرة:102
سَمِّ 1	ناکے	//	//	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س م م	فَعِلٍ	سَمِمٍ ❼	الأعراف:40
سَمَاءِ 120	آسمان	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	فَعَالٍ	سَمَاوٍ ❽	حم السجدة:12
سَمَّاعُونَ 4	بہت جاسوسی کرنے والے	اسم مبالغہ	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س م ع	فَعَّالُونَ	×	المائدة:41
سَمَّاكُمْ 1	تمہارا نام رکھا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	فَعَّلَ	سَمَوَ ❾	الحج:78
سِمَانٌ 2	موٹی تازی	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س م ن	فِعَالٍ	× ❿	یوسف:43
سَمٰوٰتٍ 190	آسمان	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	فَعَالَاتٍ	× ⓫	البقرة:29

❶ ج: سَلَالِمُ و سَلَالِيمُ۔ ❷ یا یہ باب مفاعلہ کا اسم مصدر ہے۔ ❸ مبالغہ کے معنی لینے کے لیے یہاں مصدر کو بطور صفت استعمال کیا گیا ہے۔ ❹ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسَلُ) ، پھر ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے حذف کر دیا۔ ❺ یہ بٹیر یا چڑیا کی طرح کا ایک پرندہ تھا، جسے بنی اسرائیل صحرائے سینا میں ذبح کر کے کھا لیتے تھے۔ ❻ یہ عجمی علم ہے جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، اور بعض کے نزدیک یہ سَلْمٌ کی تصغیر سُلَيْمٌ ہے، جس کے آخر میں الف ونون زائدتان ہیں، یہ حضرت داؤد علیہ السلام کے بیٹے اور بنی اسرائیل کے ایک عظیم المرتبہ پیغمبر تھے، اللہ تعالیٰ نے جنوں، پرندوں اور ہواؤں کو بھی ان کے تابع کر دیا تھا، یہ جنوں سے مختلف کام کرواتے اور اپنے تخت پر بیٹھ کر ہوا میں سفر کرتے تھے اور دو مہینوں کا سفر ایک دن میں طے کر لیتے تھے، اور وہ تمام جانوروں کی بولیاں جانتے تھے۔ ❼ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: سُمُومٌ و سِمَامٌ۔ ❽ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، لفظ ﴿سَمَاء﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① آسمان، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بارش، جیسا کہ سورۃ الأنعام: 6 میں ہے ﴿أَرْسَلْنَا السَّمَاءَ﴾ ''ہم نے بھیجی بارش''، ج: سَمَاوَاتٌ۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❿ مفرد مذکر: سَمِينٌ اور مفرد مؤنث سَمِينَةٌ۔ ⓫ م: سَمَاءٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَمِعَ 3	سن لیا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س م ع	فَعِلَ	×	ال عمرٰن:181
سَمْعًا 20	سننے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	الکھف:101
سَمُعًا 11	کان	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	//	× ❶	الأحقاف:26
سَمِعَتْ 1	اس نے سنی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	//	//	//	فَعِلَتْ	×	یوسف:31
سَمِعْتُمْ 1	تم سنو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	//	النساء:140
سَمِعْتُمُوْهُ 2	تم نے اس بات کو سنا	//	//	//	//	//	//	//	سَمِعْتُمْ ❷	النور:12
سَمِعْنَا 17	ہم نے سن لیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعِلْنَا	×	البقرة:93
سَمِعُوْا 8	وہ سنتے ہیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوْا	//	المائدة:83
سَمْكُهَا 1	اس کی چھت	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	س م ك	فَعْلَ	× ❸	النازعات:28
سَمُوْمٌ 3	تیز وگرم ہوا	//	اسم جنس	//	//	مضاعف ثلاثی	س م م	فَعُوْلٌ	× ❹	الواقعة:42
سَمُّوْهُمْ 1	تم ان کے نام بتاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	فَعُّوْا	سَمُّوْوْا ❺	الرعد:33
سَمِيًّا 2	کوئی ہم نام	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِيْلًا	سَمِيْوًا ❻	مریم:7
سَمَّيْتُمُوْهَا 2	جن کو تم نے مقرر کیا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُمْ	سَمَّوْتُمْ ❼	الأعراف:71
سَمَّيْتُهَا 1	میں نے نام رکھا اس کا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْتُ	سَمَّوْتُ ❽	ال عمرٰن:36
سَمِيْعٌ 47	بہت سننے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س م ع	فَعِيْلٌ	× ❾	البقرة:181
سَمِيْنٍ 1	موٹا	صفت مشبہ	//	کرم	//	//	س م ن	فَعِيْلٍ	× ❿	الذاریات:26
السِّنَّ 2	دانت	اسم جامد	//	×	//	مضاعف ثلاثی	س ن ن	فِعْلٌ	سِنَنٌ ⓫	المائدة:45
سَنَا 1	چمک	//	//	//	//	ناقص واوی	س ن و	فَعَلٌ	سَنَوٌ ⓬	النور:43

❶ یہ اصل میں مصدر ہے جو یہاں بمعنی اسم فاعل استعمال ہوا ہے اور اس سے مراد کان ہیں، یا یہ مصدر ہی استعمال ہو رہا ہے اس سے پہلے مواضع مضاف محذوف ہے، چونکہ یہ مصدر ہے اس لیے یہ واحد اور جمع دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج: أَسْمَاعٌ ۔ ❷ تُمْ کے بعد ھا ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ) ۔ ❸ یہ اصل میں باب نصر کا مصدر ہے، مگر یہاں بطور اسم جامد کے استعمال ہو رہا ہے، ج: سُمُوْكٌ ۔ ❹ یہ جہنم کے ناموں میں سے ایک نام بھی ہے، یہ اصل میں باب نصر سے صفت مشبہ ہے، ج: سَمَائِمُ ۔ ❺ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا) ❻ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ) ۔ ❼ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: برضی)، تُمْ کے بعد ھا ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ) ۔ ❽ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: برضی) ۔ ❾ یہ دوام اور استمرار کے معنی پر دلالت کرنے کی وجہ سے کبھی صفت مشبہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے ۔ ❿ ج: سِمَانٌ ۔ ⓫ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: أَسْنَانٌ ۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یا یہ ناقص یائی ہے ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	واؔ
سَنَابِلَ 1	سٹے	اسم جامد	جمع مکسر	×	رباعی مجرد	صحیح	س ن ب ل	فَعَالِلَ	× ❶ .	البقرة:261
سُنْبُلَاتٍ 2	//	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فُعْلَلَاتٍ	× ❷	یوسف:43
سُنْبُلِهِ 1	اس کے سٹوں	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	//	فُعْلُلِ	× ❸	یوسف:47
سُنْبُلَةٍ 2	سٹے	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلُلَةٍ	× ❹	البقرة:261
سَنَةٍ 7	سال	//	//	//	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	س ن و	فَعَةٍ	سَنَوٍ ❺	البقرة:96
سِنَةٌ 1	اونگھ	(اسم) مصدر	×	سمع	//	مثال واوی	و س ن	عِلَةٌ	وِسْنٌ ❻	البقرة:255
سُنَّةٌ 14	طریقہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	مضاعف ثلاثی	س ن ن	فُعْلَةٌ	سُنَنَةٌ ❼	الأنفال:38
سُنْدُسٍ 3	باریک ریشم	//	اسم جنس	//	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	س ن د س	فُعْلُلٍ	× ❽	الکھف:31
سَنَسِمُهُ 1	عنقریب ہم اسے داغ لگائیں گے	فعل مضارع معلوم	جمع متکلم	ضرب	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و س م	نَفْعِلُ	نَوْسِمُ ❾	القلم:16
سُنَنَ 2	بہت سے طریقے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مضاعف ثلاثی	س ن ن	فُعَلٌ	× ❿	ال عمرٰن:137
سِنِينَ 12	سالوں	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	ناقص واوی	س ن و	فِعِينَ	× ⓫	یوسف:42
سُهُولِهَا 1	اس کی نرم جگہ	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	س ہ ل	فُعُولٍ	× ⓬	الأعراف:74
سُوًى 1	ہموار	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	لفیف مقرون	س و ی	فُعَلًا	سُوًيًا ⓭	طٰہٰ:58
فَسَوّٰى 9	پھر درست کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	سَوَّیَ ⓮	القیامة:38
سَوَاءٌ 27	برابر	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَالٌ	سَوَایٌ ⓯	البقرة:6

❶ یہ جمع منتہی الجموع ہے ،م: سُنْبُلٌ،علامہ زمخشری کے نزدیک اس میں نون زائدہ ہے۔ ❷ م: سُنْبُلَةٌ ۔ ❸ م:سُنْبُولَةٌ۔ ❹ علامہ زمخشری کے نزدیک اس میں نون زائدہ ہے اور یہ بروزن فُنْعُلَةٌ ملحق برباعی مجرد ہے، ج: سُنْبُلٌ و سَنَابِلُ۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف گر گیا، اس کے عوض اس کے آخر میں ''ۃ'' بڑھادی، ج:سُنُونٌ ،سَنَوَاتٌ۔ ❻ مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر واقع ہوا اس سے واؤ کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں ''ۃ'' بڑھادی اور عین کلمے کو فتحہ دے دیا(قاعدہ:عِدَةٌ)۔ ❼ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا(قاعدہ:مَدٌّ)، لفظ ﴿سُنَّة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:① طریقہ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② دستور ،جیسا کہ سورۃ الأحزاب:38 میں ہے ﴿سُنَّةَ اللّٰهِ﴾ ''اللہ کا دستور''، ج: سُنَنٌ۔ ❽ م: سُنْدُسَةٌ ،بعض کے نزدیک یہ مفرد ہے اور ایک نوع کا نام ہے، بعض کے نزدیک یہ فُعْلُلٍ اقسام سے صحیح ہے۔ ❾ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی(قاعدہ:یَعِدُ) ❿ لفظ ﴿سُنَن﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے :① طریقے ،جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② راستے ،جیسا کہ سورۃ النساء :26 میں ہے ﴿يَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِينَ﴾ ''تمہیں ان لوگوں کے راستے بتائے''، م: سُنَّةٌ۔ ⓫ اسے ملحق بجمع مذکر سالم اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں جمع مذکر سالم کی شرائط نہیں پائی جاتیں، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م:سَنَةٌ ، اس کے لام کلمہ میں آنے والی واؤ کو حذف کر دیا گیا ہے، یہ اصل میں مصدر ہے، اور استعمال کے اعتبار سے کبھی وصف اور کبھی ظرف ہوتا ہے، لفظ ﴿سِنِينَ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:① سالوں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② قحط سالیوں، جیسا کہ سورۃ الأعراف:130 میں ہے ﴿أَخَذْنَا آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِينَ﴾ ''ہم نے پکڑا آل فرعون کو قحط سالیوں کے ساتھ''۔ ⓬ م: سَهْلٌ ، یہ اصل میں صفت مشبہ تھی، پھر اسے اسم جامد کے طور پر استعمال کیا جانے لگا۔ ⓭ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ⓮ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ: قال)۔ ⓯ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی(قاعدہ:دُعَاءٌ)، یہ اسم بمعنی استواء ہے، یا یہ اسم فاعل مُسْتَوٍ کی جگہ پر واقع ہوا ہے، اس کے معنی ''درمیان'' بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الدخان:47 میں ہے ﴿سَوَاءِ الْجَحِيمِ﴾ ''جہنم کے درمیان''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سُوَاعًا 1	سواع	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	س و ع	فُعَالًا	سُوَّعَ ❶	نوح:23
سَوَّاكَ 1	اس نے بنایا تجھے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	〃	لفیف مقرون	س و ی	فَعَّلَ	سَوَّیَ ❷	الکھف:37
سُوْءٍ 9	برا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی ومہموز اللام	س و ء	فُعْلٍ	×	مریم:28
سُوْءٍ 50	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	فُعْلٍ	× ❸	البقرۃ:49
السُّوْأٰی 1	بہت برا	اسم تفضیل	واحد مؤنث	〃	〃	〃	〃	فُعْلٰی	× ❹	الروم:10
سَوْءَاتِكُمْ 5	تمہارا ستر	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	〃	〃	〃	فَعْلَاتٍ	× ❺	الأعراف:26
سَوْءَةُ 2	لاش	〃	واحد مؤنث	〃	〃	〃	〃	فَعْلَةٌ	× ❻	المائدۃ:31
سُوْدٌ 1	کالے	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	〃	اجوف واوی	س و د	فُعْلٌ	× ❼	فاطر:27
سُوَرِ 1	سورتیں	اسم جامد	×	〃	〃	〃	س و ر	فُعَلٍ	× ❽	ھود:13
بِسُوْرٍ 1	ایک دیوار	〃	واحد مذکر	〃	〃	〃	〃	فُعْلٍ	× ❾	الحدید:13
سُوْرَةٌ 9	کوئی سورت	〃	واحد مؤنث	〃	〃	〃	〃	فُعْلَةٌ	× ❿	التوبۃ:64
سَوْطَ 1	کوڑا	〃	واحد مذکر	〃	〃	〃	س و ط	فَعْلَ	× ⓫	الفجر:13
سَوْفَ 42	عنقریب	حرف تنفیس	×	〃	×	×	×	×	× ⓬	النساء:56
بِالسُّوْقِ 1	پنڈلیوں پر	اسم جامد	جمع مکسر	〃	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	س و ق	فُعْلٍ	× ⓭	ص:33
سُوْقِهٖ 1	اپنے تنے	〃	واحد مذکر	〃	〃	〃	〃	〃	× ⓮	الفتح:29
سَوَّلَ 3	مزین کردیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	〃	س و ل	فَعَّلَ	×	محمد:25
سَوَّلَتْ 1	گھڑلی ہے	〃	واحد مؤنث غائب	〃	〃	〃	〃	فَعَّلَتْ	〃	یوسف:18
سَوِيًّا 5	صحت مند ہونے کے باوجود	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	س و ی	فَعِيلًا	سَوِيَ ⓯	مریم:10
سَوَّيْتُهٗ 2	میں نے مکمل بنایا اس کو	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فَعَّلْتُ	×	الحجر:29

❶ یہ قوم نوح کے ایک بت کا نام ہے، جس کی قوم نوح پوجا کرتی تھی، پھر قبیلہ ہذیل کے لوگ اسے اپنا معبود بنا کر اس کی عبادت کرتے رہے، سُواع، ودّ، یغوث، یعوق اور نسر یہ پانچوں قوم نوح کے نیک لوگوں کے نام تھے، ان کے مرنے کے بعد شیطان نے ان کے عقیدت مندوں کو کہا کہ تم ان کی تصویریں بنا کر اپنے گھروں میں رکھ لو تاکہ ان کو دیکھ کر ان کی یاد تازہ رہے اور تم نیکیاں کرتے رہو، جب یہ لوگ مر گئے تو شیطان نے ان کے بعد آنے والے لوگوں کو کہا کہ تمہارے آباء واجداد تو ان کی عبادت کرتے تھے چنانچہ انہوں نے ان کی پوجا شروع کر دی [صحیح البخاری:4920]، قوم نوح کے بعد عرب کے مختلف قبائل میں ان بتوں کی عبادت ہونے لگی۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❸ جب اس کا معنی برائی کیا جائے تو یہ حاصل مصدر ہوگا اور جب اس کا معنی بُرا کیا جائے تو یہ صفت مشبہ ہوگا، لفظ ﴿سُوْء﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① بُرا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② برائی، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:169 میں ہے ﴿يَأْمُرُكُمْ بِالسُّوْءِ﴾ ''وہ تمہیں برائی کا حکم دیتا ہے'' ③ تکلیف، جیسا کہ سورۃ ھود:64 میں ہے ﴿لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْءٍ﴾ ''اسے کوئی تکلیف نہ پہنچاؤ'' ④ عیب، مرض، جیسا کہ سورۃ القصص:32 میں ہے ﴿تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوْءٍ﴾ ''تو وہ بغیر کسی عیب کے سفید نکلے گا''، ج: اَسْوَاءٌ۔ ❹ مفرد مذکر أُسْوَءٌ، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس سے مراد مصدر ہو۔ ❺ م: سَوْءَةٌ۔ ❻ لغت میں اس لفظ کے یہ معنی موجود نہیں یہ اس کا شرعی معنی ہے، ج: سَوْءَاتٌ۔ ❼ مفرد مذکر: اَسْوَدُ اور مفرد مؤنث: سَوْدَاءُ۔ ❽ م: سُوْرَةٌ۔ ❾ ج: اَسْوَارٌ و سِيْرَانٌ۔ ❿ بعض کے نزدیک یہ مہموز العین ہے، اصل میں سُؤْرَةٌ تھا تو ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق حرف علت واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ)، ج: سُوْرٌ۔ ⓫ یہاں اس سے مراد شدت وسختی ہے، ج: اَسْوَاطٌ و سِيَاطٌ۔ ⓬ یہ حرف استقبال غیر عامل ہے جو فعل مضارع کو مستقبل بعید کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔ ⓭ م: سَاق، اس کی جمع سِيْقَانٌ اور اَسْوُقٌ بھی آتی ہے۔ ⓮ م: سَاقٌ، اس کی جمع سِيْقَانٌ اور اَسْوُقٌ بھی آتی ہے، یہاں یہ بطور مفرد مستعمل ہوا ہے۔ ⓯ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: اَسْوِيَاءُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سِیۡٓءَ 2	وہ ناخوش ہوا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی ومہموز اللام	س و ء	فُعِلَ	سُوِءَ ❶	ھود:77
سَیِّئًا 3	برے	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَیِّعِلًا	سَیْوِءًا ❷	التوبۃ:102
سَیِّـَٔاتُ 36	برائیاں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَیِّعِلَاتٌ	سَیْوِءَاتٌ ❸	الزمر:48
سِیۡٓئَتۡ 1	برے ہوجائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	سُوِءَتْ ❶	الملک:27
سَیِّئَۃٌ 22	برائی	صفت مشبہ	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَیِّعِلَۃٌ	سَیْوِءَۃٌ ❹	البقرۃ:81
سَیَّارَۃٌ 3	ایک قافلہ	اسم مبالغہ	اسم جنس جمعی	ضرب	//	اجوف یائی	س ی ر	فَعَّالَۃٌ	× ❺	یوسف:19
فَسِیۡحُوۡا 1	پس سیر کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	س ی ح	فِعْلُوْا	اِسْیِحُوا ❻	التوبۃ:2
سَیِّدًا 2	سردار	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	اجوف واوی	س و د	فَیِّعِلًا	سَیْوِدًا ❼	ال عمران:39
سَیۡرًا 2	چلنا	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	اجوف یائی	س ی ر	فَعْلًا	×	الطور:10
سُیِّرَتۡ 3	چلائے جاسکتے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	//	الرعد:31
سِیۡرَتَہَا 1	اس کی حالت	صفت مشبہ	واحد مؤنث	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلَۃَ	× ❽	طٰہٰ:21
سِیۡرُوۡا 7	تم چلو پھرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فِعْلُوْا	اِسْیِرُوْا ❾	الأنعام:11
سِیۡقَ 2	ہانکا جائے گا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	س و ق	فُعِلَ	سُوِقَ ❿	الزمر:71
سَیۡلَ 2	سیلاب	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف یائی	س ی ل	فَعْلَ	× ⓫	سبا:16
سِیۡمَاھُمۡ 6	ان کی شناخت	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	س و م	فِعْلَا	سِوْمَا ⓬	الفتح:29
سَیۡنَاءَ 1	سینا	//	//	//	//	ناقص یائی	س ن ی	فَیْعَالَ	سَیْنَایَ ⓭	المؤمنون:20
سِیۡنِیۡنَ 1	سینا پہاڑ	//	واحد مذکر	//	رباعی مزید فیہ	اجوف یائی ومضاعف رباعی	س ی ن ن	فِعْلِیْلَ	× ⓮	التین:2

❶ ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واؤ واقع ہوئی تو اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، پھر واؤ ساکن ماقبل مکسور اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: قِیْلَ)۔ ❷ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)، ج: سَیِّئُوْنَ۔ ❸ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)، م: سَیِّئَۃٌ۔ ❹ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ) ج: سَیِّئَاتٌ، یہ بمنزلہ ذَنْب اور اثم اسماء کے حکم میں ہے اس سے صفات کا حکم ختم ہو چکا ہے۔ ❺ اس سے مراد جماعت ہے، م: سَیَّارٌ۔ ❻ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پہلا کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے حذف کر دیا۔ بعض کے نزدیک یہ مضارع معلوم تَسِیْحُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا اس کا مابعد متحرک ہے تو آخر سے صرف نون اعرابی کو گرا دیا۔ ❼ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)، لفظ سَیِّد مجازی طور پر خاوند کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ یوسف :25 میں ہے ﴿اَلْفَیَا سَیِّدَھَا لَدَا الْبَابِ﴾ ''دونوں نے اس کے خاوند کو دروازے کے پاس پایا''، ج: سَادَۃٌ۔ ❽ ج: سِیَرٌ۔ ❾ یاء متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع تَسِیْرُوْنَ سے بنا، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے نون اعرابی گرا دیا۔ ❿ ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واؤ واقع ہوئی تو اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، پھر واؤ ساکن ماقبل مکسور اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: قِیْلَ)۔ ⓫ یہ اصل میں تو باب ضرب کا مصدر ہے، پھر سیلاب کے نام کے طور پر استعمال ہونے لگا، ﴿سَیْلَ الْعَرِمِ﴾ سے مراد وہ زبردست سیلاب ہے جو قوم سبا پر آیا تھا، اس نے ان کی بستیوں اور باغات کو تباہ کر دیا تھا، ج: سُیُوْلٌ۔ ⓬

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِیْزَانٌ)، اس کے آخر میں الف مقصورہ ہے، بعض کے نزدیک یہ مثال واوی ہے، اصل میں وِسْمیٰ بروزن فِعْلیٰ تھا، اس میں قلب ہوا کہ عین کلمہ سین کو فاء کلمہ واؤ سے پہلے لے گئے تو یہ سِوْمیٰ ہو گیا، پھر واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِیْزَانٌ) ، تو یہ سِیْمیٰ ہو گیا، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ⑬ یا اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، یہ علمیت اور تانیث کی بناء پر غیر منصرف ہے، بعض کے نزدیک یہ عجمی لفظ ہے، یہ شام میں وہ مشہور پہاڑ ہے، جس پر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا تھا۔ ⑭ یہ شام میں وہ مشہور پہاڑ ہے، جس پر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا تھا، طور، سَیْنَاء اور سِیْنِیْنَ سے مراد ایک ہی پہاڑ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الشین (ش)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
شَاءَ 56	چاہتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ش ی ء	فَعَلَ	شَيَءَ ❶	البقرة:20
شَاخِصَةٌ 1	کھلی کھلی کی رہ جائیں گی	اسم فاعل	واحد مؤنث	//	//	صحیح	ش خ ص	فَاعِلَةٌ	×	الأنبياء:97
فَشَارِبُوْنَ 2	پھر پیو گے	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	//	ش ر ب	فَاعِلُوْنَ	×❷	الواقعة:54
لِلشَّارِبِيْنَ 3	پینے والوں کے لیے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×❸	النحل:66
شَارِكُهُمْ 1	تو شریک بن جا ان کا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ش ر ك	فَاعِلْ	×	بنی اسرائیل:64
شَاطِئِ 1	کنارے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مہموز اللام	ش ط ء	فَاعِلِ	×❹	القصص:30
شَاعِرٌ 4	شاعر	اسم فاعل	//	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ش ع ر	فَاعِلٌ	×❺	الأنبياء:5
شَافِعِيْنَ 2	سفارشی	//	جمع مذکر سالم	فتح	//	//	ش ف ع	فَاعِلِيْنَ	×❸	الشعراء:100
شَاقُّوْا 3	انہوں نے مخالفت کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ش ق ق	فَاعَلُوْا	شَاقَقُوْا ❻	الأنفال:13
شَاكِرٌ 4	قدردان	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ش ك ر	فَاعِلٌ	×	البقرة:158
شَاكِرُوْنَ 1	شکر کرتے ہو	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❷	الأنبياء:80
شَاكِرِيْنَ 9	شکر کرنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×❼	الأعراف:17
شَاكِلَتِهِ 1	اپنے طریقے	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ش ك ل	فَاعِلَةِ	×❽	بنی اسرائیل:84
شَامِخَاتٍ 1	اونچے اونچے	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	فتح	ثلاثی مجرد	//	ش م خ	فَاعِلَاتٍ	×	المرسلات:27
شَانِئَكَ 1	تیرا دشمن	//	واحد مذکر	//	//	مہموز اللام	ش ن ء	فَاعِلَ	×❾	الكوثر:3
شَاهِدٌ 7	گواہ	//	//	سمع	//	صحیح	ش ہ د	فَاعِلٌ	×	هود:17
شَاهِدُوْنَ 1	موجود	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❷	الصافات:150
شَاهِدِيْنَ 8	گواہی دیتے ہوئے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×❼	التوبة:17
شَاوِرْهُمْ 1	مشورہ کرتے ان سے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ش و ر	فَاعِلْ	×	ال عمرٰن:159
لِشَاْئٍ 1	کسی چیز کے متعلق	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ش ی ء	فَعْلٍ	×❿	الكهف:23
شِئْتَ 3	تو چاہتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	//	//	//	فِلْتَ	شَيِئْتَ ⓫	الأعراف:155
شِئْتُمْ 5	چاہو تم	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فِلْتُمْ	شَيِئْتُمْ ⓫	البقرة:58
شِئْتُمَا 2	تم دونوں چاہو	//	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	//	//	فِلْتُمَا	شَيِئْتُمَا ⓫	البقرة:35

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❷ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❸ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ ج: شَوَاطِئُ و شُطَآنٌ۔ ❺ ج: شُعَرَاءُ۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ زائدہ ہے تو پہلے قاف کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)۔ ❼ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❽ یہ اصل میں اسم فاعل ہے، اس کا مذکر شَاكِلٌ آتا ہے، ج: شَوَاكِلُ۔ ❾ اس کے آخر میں كَ ضمیر مجرور متصل ہے۔ ❿ یہ پڑھنے میں لِشَیْءٍ آتا ہے، اس میں الف صرف رسم الخط میں آیا ہے، ج: اَشْيَاءُ، باب فتح شَاءَ يَشَاءُ کا مصدر بھی اسی طرح آتا ہے۔ ⓫ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور ہمزہ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعْنَ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
شَأْن 4	کسی حال	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مہموز العین	ش ء ن	فَعْل	×❶	یونس:61
شِئْنَا 5	ہم چاہتے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	فتح	//	اجوف یائی ومہموز اللام	ش ی ء	فِلْنَا	شَيِئْنَا❷	الأعراف:176
شُبِّهَ 1	مشتبہ	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ش ب ہ	فُعِّلَ	×	النساء:157
شَتّٰى 3	مختلف	صفت مشبہ	جمع مکسر	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ش ت ت	فَعْلٰى	شَتْتٰى❸	طٰہٰ:53
الشِّتَاءِ 1	سردی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ش ت و	فِعَالٌ	شِتَاوٍ❹	قریش:2
شَجَرَ 1	جھگڑا ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ش ج ر	فَعَلَ	×❺	النساء:65
شَجَرٌ 7	درخت	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	//	فَعَلٌ	×❻	النحل:10
شَجَرَةٌ 19	ایک درخت	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَةٌ	×❼	المؤمنون:20
شُحّ 3	حرص ولالچ	(اسم) مصدر	×	ن،ض،س	//	مضاعف ثلاثی	ش ح ح	فُعَلٌ	شُحَحَ❽	الحشر:9
شُحُومَهُمَا 1	ان دونوں کی چربی	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ش ح م	فُعُولٌ	×❾	الأنعام:146
شِدَادٌ 3	سخت	صفت مشبہ	//	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ش د د	فِعَالٌ	×❿	یوسف:48
شَدَدْنَا 2	ہم نے مضبوط کی تھی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	//	//	//	فَعَلْنَا	×	صٓ:20
فَشُدُّوا 1	تو مضبوط کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوْا	اُشْدُدُوْا⓫	محمد:4
شَدِيْدٌ 52	سخت	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	//	//	فَعِيْلٌ	×⓬	البقرة:165
شَرٌّ 29	بہت بری ہو	اسم تفضیل	//	نصر	//	//	ش ر ر	فَعَلٌ	شَرَرٌ⓭	البقرة:216
شَرِّ //	شر	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلٍ	شَرَرٍ⓮	الفلق:2

❶ باب مفاعلہ فَاصَلَ کا قیاسی مصدر مُفَاصَلَةٌ آتا ہے، اس کے اصل معنی ساتھی سے تعلق ختم کرنے کے ہوتے ہیں تو چونکہ دودھ چھڑانے میں بھی بچہ ماں سے علیحدہ کر دیا جاتا ہے، اس لیے یہاں یہ دودھ چھڑانے کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ❷ سورۃ الصافات: 21 میں ہے ﴿ يَوْمُ الْفَصْلِ ﴾ ''فیصلے کا دن'' اس سے مراد قیامت کا دن ہے، سورۂ صٓ: 20 میں ہے ﴿ فَصْلَ الْخِطَابِ ﴾ ''فیصلہ کن بات جو حق و باطل میں فرق کر دے''، یہاں فصل مصدر بمعنی فاعل ہے، یہ اصل میں صفت ہے جو موصوف کی طرف مضاف ہے۔ ❸ فَصَلَ الْقَوْمُ عَنِ الْبَلَدِ : شہر سے نکلنا۔ ❹ تاء اصل میں ساکن تھی، اسے آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا۔ ❺ ج : فَصَائِلُ ❻ دو ہم جنس حرف ضاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: فِضَضٌ و فِضَاضٌ ۔ ❼ یا یہ باب تفعیل سے اسم مصدر ہے، لفظ ﴿ فَضْلٌ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① فضل، احسان، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② فضیلت، برتری، جیسا کہ سورۃ ہود: 27 میں ہے ﴿ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ ﴾ ''اور ہم تمہارے لیے اپنے آپ پر کوئی برتری نہیں دیکھتے''، ج: فُضُوْلٌ و اَفْضَالٌ ۔ ❽ وہ پیدائشی حالت یا صفت و کیفیت جس پر موجود کا وجود ابتداء سے قائم ہوتا ہے، ج: فِطَرٌ ۔ ❾ دو ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: طِلَالٌ و طِلَلٌ ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فُطُوْرٍ 1	کوئی سوراخ	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ف ط ر	فُعُوْلٍ	× ❶	الملک:3
فَظًّا 1	سخت طبیعت والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	مضاعف ثلاثی	ف ظ ظ	فَعْلًا	فَظِظًا ❷	ال عمرٰن:159
فَعَّالٌ 2	کرتا	اسم مبالغہ	//	فتح	//	صحیح	ف ع ل	فَعَّالٌ	×	ھود:107
فِعْلَ 1	کرنے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلَ	//	الأنبیاء:73
فَعَلَ 8	کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	الأعراف:155
فُعِلَ 1	کیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	سبا:54
فَعَلْتَ 4	آپ کریں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	یونس:106
فَعْلَتَكَ 1	اپنا فعل	مصدر مرہ	×	//	//	//	//	فَعْلَةَ	× ❸	الشعراء:19
فَعَلْتُمْ 2	تم نے کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	×	یوسف:89
فَعَلْتُهٗ 2	میں نے اسے کیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	الکھف:82
فَعَلْنَ 2	وہ کریں	//	جمع مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلْنَ	//	البقرۃ:234
فَعَلْنَا 1	ہم نے سلوک کیا تھا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	ابراھیم:45
فَعَلُوْا 9	انہوں نے کیا ہوتا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	ال عمرٰن:135
فَفَتَقْنَاهُمَا 1	پس ہم نے جدا جدا کر دیا ان کو	//	جمع متکلم	نصر	//	//	ف ت ق	فَعَلْنَا	× ❹	الأنبیاء:30
فَفَرَرْتُ 1	پس میں بھاگ گیا	//	واحد متکلم	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ف ر ر	فَعَلْتُ	//	الشعراء:21
فَفِرُّوْا 1	تو بھاگ چلو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلُوْا	اِفْرِرُوْا ❺	الذاریات:50
فَفَزِعَ 2	تو گھبرا اٹھیں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	صحیح	ف ز ع	فَعِلَ	× ❹	النمل:87
فَفَسَقَ 1	اس نے نافرمانی کی	//	//	نصر	//	//	ف س ق	فَعَلَ	//	الکھف:50
فَفَسَقُوْا 3	پھر وہ حکم نہیں مانتے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	بنی اسرائیل:16
فَفَهَّمْنَاهَا 1	تو ہم نے سمجھا دیا اس کا فیصلہ	//	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ہ م	فَعَّلْنَا	//	الأنبیاء:79
اَلْفَقْرَ 1	فقیری	(اسم) مصدر	×	کرم	ثلاثی مجرد	//	ف ق ر	فَعْلَ	× ❶	البقرۃ:268
فُقَرَاءَ 7	محتاج	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَلَاءَ	× ❼	النور:32
فَقَعُوْا 2	تو تم گر جاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	//	مثال واوی	و ق ع	عَلُوْا	اِوْقَعُوْا ❽	الحجر:29

❶ م: فَطْرٌ، یا یہ مصدر ہے۔ ❷ دو ہم جنس حرف ظاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: اَفْظَاظٌ۔ ❸ اس کا اطلاق ناپسندیدہ فعل وعمل پر ہوتا ہے، غلط حرکت۔ ❹ اس کے شروع میں فاء عاطفہ ہے۔ ❺ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ما قبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دی، اور پہلے راء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، اسے حذف کر دیا، یا یہ فعل مضارع معلوم، صیغہ جمع مذکر حاضر تَفِرُّوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا ما بعد متحرک ہے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❻ یہ اصل میں مصدر ہے اس کے معنی ہیں فقیر محتاج ہونا اور یہاں یہ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے اس کے معنی ہیں غربت محتاجی۔ ❼ م: فَقِیْرٌ۔ ❽ اس کے بارے میں صرفیوں کے دو موقف ہیں: ① یہ اصل سے یعنی اِوْقِعُوْا سے بنا ہے، اس میں مضارع کی موافقت سے واؤ گر گئی، ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا، اور ② بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع میں تعلیل ہونے کے بعد کی حالت سے بنا ہے تو اس اعتبار سے یہ تَقَعُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع کو گرا دیا، اس کا ما بعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے آخر سے نون اعرابی گر گیا، اس کے شروع میں فاء جزا یہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَقِنَا 3	سو ہمیں بچا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	لفیف مفروق	و ق ی	عِ	اِوْقِیْ ❶	ال عمرٰن:191
فَقِيْرٌ 5	فقیر	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	صحیح	ف ق ر	فَعِيْلٌ	× ❷	ال عمرٰن:181
فَكُّ 1	آزاد کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ف ك ك	فَعْلٌ	فَكُكُ ❸	البلد:13
فَكَّرَ 1	اس نے فکر کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف ك ر	فَعَّلَ	×	المدثر:18
فٰكِهِيْنَ 1	خوش گپیاں کرتے ہوئے	صفت مشبہ	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	//	ف ك ه	فٰعِلِيْنَ	× ❹	المطففین:31
فُلَانًا 1	فلاں	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ل ن	فُعَالًا	× ❺	الفرقان:28
الْفَلَقِ 1	صبح	//	//	//	ثلاثی مجرد	//	ف ل ق	فَعَلِ	× ❻	الفلق:1
الْفُلْكِ 23	کشتی	//	//	//	//	//	ف ل ك	فُعْلِ	× ❼	الأعراف:64
فَلَكٍ 2	مدار	//	//	//	//	//	//	فَعَلٍ	× ❽	الأنبیاء:33
فَفَهَّمْنَاهَا 1	تو ہم نے وہ سمجھا دیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ه م	فَعَّلْنَا	×	الأنبیاء:79
الْفَوَاحِشَ 4	بے حیائی کے کاموں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ف ح ش	فَوَاعِلَ	× ❾	الأنعام:151
فَوَاقٍ 1	وقفہ	اسم مصدر	×	افعال	//	اجوف واوی	ف و ق	فَعَالٍ	× ❿	صٓ:15
فَوَاكِهُ 3	میوے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ف ك ه	فَوَاعِلُ	× ⓫	المؤمنون:19
فَوْتَ 1	بچنے نکلنے کی کوئی صورت	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ف و ت	فَعْلَ	×	سبا:51
فَوْجٌ 2	ایک گروہ	اسم جامد	×	//	//	//	ف و ج	فَعْلٌ	× ⓬	صٓ:59
فَوْرِهِمْ 1	جوش وخروش	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ف و ر	فَعْلِ	× ⓭	ال عمرٰن:125
الْفَوْزُ 19	کامیابی	//	//	//	//	//	ف و ز	فَعْلُ	×	النساء:13
فَوْقَ 40	پر	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ف و ق	فَعْلَ	× ⓮	الانفال:12
فَوَلِّ 3	چنانچہ آپ پھیر لیں	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	و ل ی	فَعِّ	وَلِّیْ ⓯	البقرة:144
فُوْمِهَا 1	اپنی گندم	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ف و م	فُعْلِ	× ⓰	البقرة:61
فِي 1184	میں	حرف جر	×	//	×	×	×	×	× ⓱	هود:108
الْفِيْلِ 1	ہاتھی	اسم جامد	اسم جنس	//	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ف ی ل	فِعْلِ	× ⓲	الفیل:1
فِيْمَ 2	کس کام میں	یہ مرکب ہے	×	//	×	×	×	×	فِيْ مَا ⓳	النساء:97

❶ اس کے بارے میں دو موقف ہیں: ① یہ مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر تَقِیُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے حرف علت یاء کو گرا دیا تو یہ قِ بن گیا۔ ② یہ اصل میں اِوْقِیْ تھا، مضارع کی موافقت سے واؤ کو گرا دیا اب ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اس کی ضرورت نہ رہی اسے حذف کر دیا اور آخر سے حرف علت یاء بھی گر گئی تو یہ قِ ہو گیا، اس کے شروع میں فاء عاطفہ ہے اور آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔ ❷ ج: فُقَرَاءُ۔ ❸ دو ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❹ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: فَكِهَةٌ۔ ❺ یہ عاقل کے علم سے اسم کنایہ ہے۔ ❻ یہ اصل میں باب ضرب سے مصدر بمعنی اسم مفعول ہے۔ ❼ یہ واحد اور جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس آیت کریمہ میں یہ مفرد اور سورۃ البقرۃ :164 میں ﴿الْفُلْكِ﴾ جمع استعمال ہوا ہے۔ ❽ اجرام سماوی کے گھومنے کا مدار، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس ہے، ج: أَفْلَاكٌ۔ ❾ م: فَاحِشَةٌ۔ ❿ بعض کے نزدیک یہ اسم جامد ہے، جو وقت پر دلالت کرتا ہے، ج: أَفْوَاقٌ وَأَفْوِقَةٌ۔ ⓫ م: فَاكِهَةٌ۔ ⓬ ج: أَفْوَاجٌ وَفُوُوْجٌ، جمع منتہی الجموع أَفَاوِجُ۔ ⓭ یا یہ اسم مطلق فی الفور وقت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ ⓮ یہ ظرف مکان (ضد تَحْت) اضافت کی صورت میں منصوب ہوتا ہے، جب اس کا مضاف الیہ محذوف ہو تو مبنی علی الضم ہوتا ہے، لفظ ﴿فَوْق﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ①

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بلندی وارتفاع، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ⑦ برائے زیادتی، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:26 میں ہے ﴿فَوْقَهَا﴾ ''اس سے بڑھ کر'' ⑧ برائے افضلیت، جیسا کہ سورۂ یوسف :76 میں ہے ﴿فَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ﴾ ''ہر علم والے سے اوپر ایک سب کچھ جاننے والا ہے'' اور کبھی ظرف زمان بھی ہوتی ہے، جیسے: عَاشَ فَوْقَ خَمْسِيْنَ سَنَةً۔ ⑨ امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی۔ ⑩ م: فُوْمَةٌ، فُوْمٌ کے معنی لہسن بھی ہوتے ہیں۔ ⑪ یہ حرف جر کئی معنوں کے لیے آتا ہے، مثلاً ظرفیت، مصاحبت، تعلیل، استعلاء، مقابلہ اور بمعنی الیٰ وغیرہ، مذکورہ بالا آیت میں فِيْ ظرفیت کے لیے استعمال ہوا ہے، کبھی فِيْ زائدہ بھی ہوتا ہے، جیسے: ﴿قَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا﴾ (ھود:41)۔ ⑫ یہ واحد اور جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج: أَفْيَالٌ وفِيَلَةٌ، مفرد مؤنث الْفِيْلَةُ آتی ہے، ﴿اَصْحٰبِ الْفِيْلِ﴾ ''ہاتھی والے''، اس سے مراد صنعاء کے ایک عیسائی سردار ابرہہ کا وہ لشکر ہے جو بیت اللہ کو گرانے کے لیے آیا تھا اللہ تعالیٰ نے ان پر پرندے بھیج دیے جنہوں نے کنکریاں مار کر انہیں ہلاک کر دیا۔ ⑬ فِيْ حرف جر اور ما اسم استفہام ہے، اس سے پہلے فِيْ حرف جر آنے سے ما استفہامیہ کا الف گر گیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب القاف (ق)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قٓ 1	اس کے معنی اللہ جانتا ہے	حروف مقطعات میں سے	×	×	×	×	×	×	×❶	ق:1
قَائِلٌ 4	ایک کہنے والے نے	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ق و ل	فَاعِلٌ	قَاوِلٌ❷	یوسف:10
قَائِلُوْنَ 1	دوپہر کے وقت آرام کررہے تھے	//	جمع مذکر سالم	ضرب	//	اجوف یائی	ق ی ل	فَاعِلُوْنَ	قَایِلُوْنَ❸	الأعراف:4
قَائِلِيْنَ 1	کہنے والوں کو	//	//	نصر	//	اجوف واوی	ق و ل	فَاعِلِيْنَ	قَاوِلِيْنَ❹	الأحزاب:18
قَائِمٌ 9	کھڑا	//	واحد مذکر	//	//	//	ق و م	فَاعِلٌ	قَاوِمٌ❷	ال عمرٰن:39
قَائِمَةٌ 5	قائم	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	قَاوِمَةٌ❷	ال عمرٰن:113
قَائِمُوْنَ 1	قائم رہتے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	قَاوِمُوْنَ❸	المعارج:33
قَائِمِيْنَ 1	قیام کرنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	قَاوِمِيْنَ❸	الحج:26
قَابَ 1	فاصلہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ق و ب	فَعَلَ	قَوَبَ❺	النجم:9
قَابِلِ 1	قبول کرنے والے	اسم فاعل	//	سمع	//	صحیح	ق ب ل	فَاعِلٍ	×❼	المؤمن:3
قَاتَلَ 5	قتال کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ق ت ل	فَاعَلَ	×❽	ال عمرٰن:146
فَقَاتِلْ 1	پس لڑائی کرو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعِلْ	×	النساء:84
فَقَاتِلَا 1	پس تم دونوں لڑائی کرو	//	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعِلَا	//	المائدۃ:24
قَاتَلُوْا 6	انہوں نے لڑائی کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلُوْا	//	ال عمرٰن:195
قَاتِلُوْا 12	لڑائی کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعِلُوْا	//	البقرۃ:190
قَادِرٌ 7	قادر	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ق د ر	فَاعِلٌ	×❾	الأنعام:37
قَادِرُوْنَ 5	قدرت رکھتے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❿	یونس:24
قَادِرِيْنَ 2	قادر	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×⓫	القلم:25

❶ اس سے مراد وہ حروف ہیں جو علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں، ان کے معانی کے بارے میں کوئی مستند روایت نہیں ہے۔ ❷ واوٗ فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ) ❸ یاء فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ واوٗ فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ واوٗ فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ واوٗ متحرک ماقبل مفتوح، واوٗ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، قاب کمان کے وسط سے کنارہ تک کے فاصلے کو کہتے ہیں۔ ❼ جب یہ بغیر صلہ کے آئے تو عموماً اس کے معنی سامنے سے آنے کے ہوتے ہیں، جب اس کا صلہ باء ہو تو اس کے معنی قبول کرنے کے ہوتے ہیں، اور جب اس کا صلہ ''علی'' ہو تو اس کے معنی شروع کرنے کے ہوتے ہیں۔ ❽ سورۃ التوبۃ :30﴿ قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ ﴾ میں قَاتَلَ فعل ماضی بددعا کے محل میں واقع ہوا ہے اس کے معنی ہیں ''اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک کرے''۔ ❾ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلَيْهِ اور مصدر قَدَارَةٌ ہو۔ ❿ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلَيْهِ اور مصدر قَدَارَةٌ ہو، جب اس کا مفعول الشیء اور مصدر قَدْرٌ ہو تو اس کے معنی اندازہ لگانا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ المرسلات:23 میں ہے﴿ فَنِعْمَ الْقَادِرُوْنَ ﴾''تو ہم اچھے اندازہ کرنے والے ہیں''، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓫ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلَيْهِ اور مصدر قَدَارَةٌ ہو، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْقَارِعَةُ 5	کھڑکھڑانے والی	اسم فاعل	واحد مؤنث	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ق ر ع	فَاعِلَةٌ	❶×	القارعة:1
قَارُوْنَ 4	قارون	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	❷×	القصص:76
قَاسِطُوْنَ 2	ظالم	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ق س ط	فَاعِلُوْنَ	❸×	الجن:14
قَاسَمَهُمَا 1	قسم کھائی ان دونوں کے سامنے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ق س م	فَاعَلَ	×	الأعراف:21
قَاسِيَةً 3	سخت	اسم فاعل	واحد مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ق س و	فَاعِلَةٌ	قَاسِوَةٌ❹	المائدة:13
قَاصِدًا 1	درمیانی	//	واحد مذکر	ضرب	//	صحیح	ق ص د	فَاعِلًا	×	التوبة:42
قَاصِرَاتُ 3	نیچی رکھنے والیاں	//	جمع مؤنث سالم	نصر	//	//	ق ص ر	فَاعِلَاتٌ	❺	الصافات:48
قَاصِفًا 1	سخت جھونکا	اسم جامد	واحد مذکر		//	//	ق ص ف	فَاعِلًا	×❻	بنی اسرائیل:69
قَاضٍ 1	کرنا چاہتا	اسم فاعل	//	ضرب	//	ناقص یائی	ق ض ی	فَاعٍ	قَاضِيٌ❼	طٰہٰ:72
اَلْقَاضِيَةَ 1	فیصلہ کرنے والی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	×❽	الحاقة:27
قَاطِعَةً 1	قطعی فیصلہ کرنے والی	//	//	فتح	//	صحیح	ق ط ع	فَاعِلَةٌ	×❾	النمل:32
قَاعًا 1	ایک میدان	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف واوی	ق و ع	فَعْلًا	قَوْعًا❿	طٰہٰ:106
قَاعِدًا 1	بیٹھ رہنے والا	اسم فاعل	//	نصر	//	صحیح	ق ع د	فَاعِلًا	×	یونس:12
قَاعِدُوْنَ 2	بیٹھ رہنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×⓫	المائدة:24
اَلْقَاعِدِيْنَ 4	بیٹھ رہنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×⓬	النساء:95
قَالَ 530	کہا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	اجوف واوی	ق و ل	فَعَلَ	قَوَلَ⓭	البقرة:30
قَالَا 3	کہا دونوں نے	//	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَا	قَوَلَا⓮	الأعراف:23
قَالَتْ 43	کہا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	قَوَلَتْ⓯	البقرة:113
قَالَتَا 2	کہا ان دونوں نے	//	تثنیہ مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتَا	قَوَلَتَا⓰	القصص:23
قَالُوْا 332	کہا انہوں نے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	قَوَلُوْا⓱	البقرة:111

❶ اس سے مراد قیامت ہے، یہی اس کے مجازی معنی سخت مصیبت بھی کیے جاتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الرعد:30 میں ہے ﴿ قَارِعَةٌ ﴾ ''سخت آفت''۔ ❷ یہ علم ہے، جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ موسیٰ علیہ السلام کے چچا یا چچا کے بیٹے کا نام ہے، یہ بہت زیادہ مالدار، سرکش، مغرور اور بخیل انسان تھا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بددعا سے یہ مال سمیت زمین میں دھنس گیا۔ ❸ جب اس کا مصدر قِسْطٌ ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں، انصاف کرنا، اور جب اس کا مصدر قَسْطٌ ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ناانصافی کرنا۔ ❹ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہو گئی (قاعدہ: دَاعٍ)۔ ❺ قَاصِرَةُ الطَّرْفِ: نیچی نگاہ رکھنے والی شرمیلی عورت، جو اپنے خاوند کے علاوہ کسی مرد کی طرف نگاہ نہ اٹھائے، یہاں اس سے مراد جنت کی حوریں ہیں۔ ❻ یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل ہے اور یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، ج: قَاضُوْنَ، قَاضِيْنَ وقُضَاةٌ۔ ❽ ج: قَوَاضِيُ۔ ❾ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول اَمْرًا ہو۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) ج: أَقْوَاعٌ، أَقْوُعٌ وقِيْعٌ وقِيْعَةٌ وقِيْعَانٌ۔ ⓫ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓬ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	بافت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الْقَالِيْنَ 1	بیزار ہوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ق ل ی	فَاعِيْنَ	قَالِيِيْنَ ❶	الشعراء:168
قَامَ 1	کھڑا ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	ق و م	فَعَلَ	قَوَمَ ❷	الجن:19
قَامُوْا 4	کھڑے ہو جاتے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	قَوَمُوْا ❷	البقرة:20
قَانِتٌ 2	عبادت کرتا	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	صحیح	ق ن ت	فَاعِلٌ	× ❸	الزمر:9
قَانِتَاتٌ 3	اطاعت گزار	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتٌ	×	النساء:34
قَانِتُوْنَ 2	فرمابردار	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❹	البقرة:116
قَانِتِيْنَ 4	عاجزی کرتے ہوئے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❺	البقرة:238
الْقَانِطِيْنَ 1	ناامید ہونے والوں میں	//	//	ن، ض	//	//	ق ن ط	//	× ❻	الحجر:55
الْقَانِعَ 1	سوال نہ کرنے والے	//	واحد مذکر	فتح	//	//	ق ن ع	فَاعِلَ	×	الحج:36
الْقَاهِرُ 2	زبردست	//	//	//	//	//	ق ہ ر	فَاعِلُ	//	الأنعام:18
قَاهِرُوْنَ 1	غالب ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❼	الأعراف127
قَبَائِلَ 1	قبیلے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ق ب ل	فَعَائِلَ	× ❽	الحجرات13
قَبْرِهٖ 1	اس کی قبر	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ق ب ر	فَعْلِ	× ❾	التوبة:84
قَبَسٍ 2	ایک انگارا	//	//	//	//	//	ق ب س	فَعَلٍ	×	النمل:7
قَبْضًا 1	سمیٹنا	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ق ب ض	فَعْلًا	//	الفرقان:46
قَبَضْتُ 2	میں نے بھر لی	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	طه:96
قَبْضَةً 1	ایک مٹھی بھر	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فَعْلَةً	× ❿	طه:96
قَبَضْنَاهُ 1	ہم اسے سمیٹ لیتے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	//	//	//	فَعَلْنَا	×	الفرقان:46
قُبُلٍ 3	سامنے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ق ب ل	فُعُلٍ	× ⓫	یوسف:26
قِبَلَ 4	طرف	//	//	//	//	//	//	فِعَلَ	× ⓬	البقرة:177
قَبْلُ 342	پہلے	//	//	//	//	//	//	فَعْلُ	× ⓭	البقرة:25

❶ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❸ لفظ ﴿قَانِتٌ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① عبادت کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② فرمانبردار، جیسا کہ سورۃ النحل: 120 میں ہے ﴿قَانِتًا لِّلّٰهِ﴾ ''اللہ کا فرمانبردار''۔ ❹ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❺ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ م: قَبِيْلَةٌ، یہ اسم جمع ہے اس کا واحد نہیں آتا۔ ❾ ج: قُبُوْرٌ۔ ❿ کبھی اس سے مراد باب ضرب قَبَضَ يَقْبِضُ کا مصدر مرّہ ہوتا ہے، لفظ ﴿قَبْضَةً﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① مٹھی بھر، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② مٹھی، جیسا کہ سورۃ الزمر: 67 میں ہے ﴿وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ﴾ ''اور زمین ساری کی ساری اس کی مٹھی میں ہوگی''۔ ⓫ یہ اسم ظرف مکان ہے، اس سے مراد ہر چیز کا اگلا حصہ ہے، سورۃ الانعام: 111 میں ﴿قُبُلًا﴾ سے مراد نوع ہے یعنی قسم قسم کے۔ م: قَبِيْلٌ، اور بعض کے نزدیک یہ بمعنی مقابلہ مصدر ہے۔ ⓬ لفظ ﴿قِبَل﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① طرف، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② طاقت، جیسا کہ سورۃ النمل: 37 میں ہے ﴿لَا قِبَلَ لَهُمْ﴾ ''نہیں طاقت ہوگی ان کو''۔ ⓭ یہ اسم ظرف زمان و مکان ہے، معرب اور مبنی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے: ① مبنی جب یہ مضاف ہو اور مضاف الیہ متکلم کی نیت میں ہو تو یہ ضمہ پر مبنی ہوتا ہے، جیسے مذکورہ بالا آیت میں ہے ② معرب، جب یہ مضاف نہ ہو، یا یہ مضاف ہو اور مضاف الیہ لفظوں میں موجود ہو، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 4 میں ﴿مِنْ قَبْلِكَ﴾ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قِبَلَةً 7	قبلہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ق ب ل	فِعْلَةٌ	×❶	یونس:87
اَلْقُبُوْرِ 5	قبروں	〃	جمع مکسر	〃	〃	〃	ق ب ر	فُعُوْلٌ	×❷	الحج:7
بِقَبُوْلٍ 1	قبول کرنا	(اسم) مصدر	×	سمع	〃	〃	ق ب ل	فَعُوْلٌ	×	ال عمران:37
قَبِيْلًا 1	سامنے	اسم جامد	اسم جمع	×	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فَعِيْلًا	×❸	بنی اسرائیل:92
قَبِيْلُهٗ 1	اس کا قبیلہ	〃	اسم جنس جمعی	〃	〃	〃	〃	فَعِيْلٌ	×❹	الأعراف:27
قِتَالٌ 13	لڑنا	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	〃	〃	ق ت ل	فِعَالٌ	×❺	البقرة:217
قَتَرٌ 1	سیاہی	اسم جامد	اسم جنس	×	ثلاثی مجرد	〃	ق ت ر	فَعَلٌ	×	یونس:26
قَتَرَةٌ 1	〃	〃	واحد مؤنث	〃	〃	〃	〃	فَعَلَةٌ	〃	عبس:41
قَتَلَ 9	قتل کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	〃	〃	ق ت ل	فَعَلَ	〃	البقرة:251
قُتِلَ 7	قتل کر دیے جائیں	فعل ماضی مجہول	〃	〃	〃	〃	〃	فُعِلَ	×❻	ال عمران:144
قَتْلَ 10	قتل	(اسم) مصدر	×	〃	〃	〃	〃	فَعْلَ	×	المائدة:30
اَلْقَتْلٰى 1	مقتولوں	اسم مفعول	جمع مکسر	〃	〃	〃	〃	فَعْلٰى	×❼	البقرة:178
قَتَلْتُ 1	میں نے قتل کیا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	〃	〃	〃	〃	فَعَلْتُ	×	القصص:33
قَتَلْتَ 3	تو نے قتل کر دیا	〃	واحد مذکر حاضر	〃	〃	〃	〃	فَعَلْتَ	〃	الكهف:74
قُتِلَتْ 1	اس کو مارا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	〃	〃	〃	〃	فُعِلَتْ	〃	التكوير:9
قَتَلْتُمْ 1	تم نے قتل کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	〃	〃	〃	〃	فَعَلْتُمْ	〃	البقرة:72
قُتِلْتُمْ 2	تم قتل کر دیے گئے	فعل ماضی مجہول	〃	〃	〃	〃	〃	فُعِلْتُمْ	〃	ال عمران:157
قَتَلْتُمُوْهُمْ 1	تم نے قتل کیا ان کو	فعل ماضی معلوم	〃	〃	〃	〃	〃	فَعَلْتُمْ	قَتَلْتُمْ❽	ال عمران:183
قَتَلْنَا 1	ہم نے قتل کیا ہے	〃	جمع متکلم	〃	〃	〃	〃	فَعَلْنَا	×	النساء:157
قُتِلْنَا 1	ہم قتل کیے جاتے	فعل ماضی مجہول	〃	〃	〃	〃	〃	فُعِلْنَا	〃	ال عمران:154
قَتَلُوْا 3	انہوں نے قتل کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	〃	〃	〃	〃	فَعَلُوْا	〃	الأنعام:140
قُتِلُوْا 6	نہ مارے جاتے	فعل ماضی مجہول	〃	〃	〃	〃	〃	فُعِلُوْا	〃	ال عمران:156
قُتِّلُوْا 1	قتل کر دیے گئے	〃	〃	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فُعِّلُوْا	〃	الأحزاب:61
قُتُوْرًا 1	تنگ دل	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن،ض	ثلاثی مجرد	〃	ق ت ر	فَعُوْلًا	×❾	بنی اسرائیل:100
قِثَّائِهَا 1	اپنی ککڑیاں	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	ق ث ء	فِعَّالٌ	×❿	البقرة:61

❶ یہ باب نصر قَبَلَ یَقْبُلُ کے مصدر ھیئۃ کے وزن پر ہے۔ ❷ م: قَبْرٌ۔ ❸ ج: قُبُلٌ ، یا یہ صفت مشبہ ہے، اس کے معنی کفیل وضامن کے ہیں۔ ❹ م: قَبِيْلَةٌ، ج: قَبَائِلُ۔ ❺ یہ باب مفاعلہ کا سماعی مصدر ہے، قیاسی مصدر مُفَاعَلَة کے وزن پر مُقَاتَلَةٌ آتا ہے۔ ❻ سورۃ المدثر: 20 میں ﴿ قُتِلَ ﴾ بددعا کے موقع میں آیا ہے، اس کے معنی ہیں ''وہ ہلاک کیا جائے''۔ ❼ م: قَتِيْلٌ یہ بمعنی مَقْتُوْلٌ ہے۔ ❽ تُمْ کے بعد هُمْ ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❾ یہ اسم مبالغہ بھی ہوسکتا ہے۔ ❿ م: قِثَّاءَةٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَدْ 123	یقیناً	حرف تحقیق	×	×	×	×	×	×	×❶	البقرة:60
قُدَّ 3	پھٹی	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق د د	فُعِلَ	قُدِدَ❷	یوسف:26
قَدَّتْ 1	اس نے پھاڑ دی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	قَدَدَتْ❷	یوسف:25
قَدْحًا 1	سم مار کر	(اسم) مصدر	×	فتح	//	صحیح	ق د ح	فَعْلًا	×	العادیات:2
قِدَدًا 1	مختلف	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مضاعف ثلاثی	ق د د	فِعَلًا	×❸	الجن:11
فَقَدَرَ 1	پھر تنگ کر دیتا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	صحیح	ق د ر	فَعَلَ	×❹	الفجر:16
قُدِرَ 2	مقدر کیا گیا تھا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	×❺	القمر:12
قَدَرٍ 11	اندازہ	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلٍ	×❻	المرسلات:22
الْقَدْرِ 6	قدر	//	//	//	//	//	//	فَعْلِ	×❼	القدر:1
قَدَّرَ 8	اس نے اندازہ لگایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×❽	حم السجدة:10
قَدِّرْ 1	اندازہ رکھ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	//	سبا:11
قَدْرًا 1	ایک اندازہ	(اسم) مصدر	×	ن،ض	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلًا	×❾	الطلاق:3
فَقَدَرْنَا 1	پھر ہم نے اندازہ لگایا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	//	//	//	فَعَلْنَا	×❺	المرسلات:23
قَدَّرْنَا 5	ہم نے فیصلہ کرلیا	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	×❿	الحجر:60
مَا قَدَرُوْا 3	نہیں انہوں نے قدر کی	فعل ماضی منفی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلُوْا	×⓫	الأنعام:91
قَدَّرُوْهَا 1	وہ اندازہ لگائیں گے انکا	فعل ماضی معلوم	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلُوْ	×⓬	الدهر:16
الْقُدُسِ 4	پاک	(اسم) مصدر	×	کرم	ثلاثی مجرد	//	ق د س	فُعُلِ	×⓭	البقرة:87

❶ ﴿ قَدْ ﴾ یہ درج ذیل معانی کے لیے آتا ہے:① تحقیق، جب یہ ماضی سے پہلے آئے اسے ماضی قریب کہتے ہیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے،② تقلیل، جب یہ مضارع سے پہلے آئے، البتہ جب یہ اللہ تعالیٰ کے لیے آئے تو تحقیق کے معنی دیتا ہے، جیسا کہ سورۃ الاحزاب: 18 میں ہے ﴿قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ﴾ ''یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے رکاوٹ ڈالنے والوں کو''③ تکثیر، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 144 میں ہے ﴿قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ﴾ یقیناً ہم تیرے چہرے کا بار بار پھرنا دیکھ رہے ہیں''④ تقریب یعنی ماضی کو حال کے قریب کرنے کے لیے آتا ہے، جیسا کہ سورۃ یونس: 89 میں ہے ﴿قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا﴾ ''بلاشبہ تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی''۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے دال کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)۔ ❸ م: قِدَّةٌ۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الرِّزْقَ اور صلہ عَلَيْهِ ہو۔ ❺ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّیْءَ اور مصدر قَدْرًا ہو اور جب اس کا مفعول الرِّزْقَ اور صلہ عَلَيْهِ ہو تو اس کے معنی کسی کے رزق میں تنگی کرنے کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الطلاق: 7 میں ہے ﴿مَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ﴾ ''جس پر اس کا رزق تنگ کیا گیا ہو''۔ ❻ لفظ ﴿قَدَرٍ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:①اندازہ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے②تقدیر الٰہی، جیسا کہ سورۃ طٰہٰ: 40 میں ہے ﴿ قَدَرٍ ﴾ ''تقدیر الٰہی''، ج: اَقْدَارٌ۔ ❼ یہ اصل میں مصدر ہے، مگر یہاں بطور اسم جامد رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے ایک مقدس رات کا نام ہے جس میں قرآن مجید نازل ہوا تھا۔ ❽ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّیْءَ ہو۔ ❾ ج: اَقْدَارٌ۔ ❿ لفظ ﴿ قَدَّرْنَا ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:① ہم نے فیصلہ کر لیا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے②مقرر کرنا، جیسا کہ سورۃ الواقعۃ: 60 میں ہے ﴿ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ﴾ ''ہم نے تمہارے درمیان موت کا وقت مقرر کیا ہے''، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّیْءَ ہو۔ ⓫ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ ⓬ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّیْءَ ہو۔ ⓭ یہاں یہ بطور صفت بمعنی الْمُقَدَّس استعمال ہوا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَدَمَ 1	مرتبہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ق د م	فَعَلَ	× ❶	یونس:2
قَدَمٌ 2	قدم	〃	واحد مؤنث	〃	〃	〃	〃	فَعَلٌ	× ❷	النحل:94
قَدَّمَ 2	سامنے لایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فَعَّلَ	×	صٓ:61
قَدَّمَتْ 14	آگے بھیجے	〃	واحد مؤنث غائب	〃	〃	〃	〃	فَعَّلَتْ	〃	البقرة:95
قَدَّمْتُ 2	میں پہلے بھیج چکا تھا	〃	واحد متکلم	〃	〃	〃	〃	فَعَّلْتُ	〃	قٓ:28
قَدَّمْتُمْ 1	تم نے پہلے جمع کر رکھا ہوگا	〃	جمع مذکر حاضر	〃	〃	〃	〃	فَعَّلْتُمْ	〃	یوسف:48
قَدَّمْتُمُوْهُ 1	تم آگے لائے ہو اس کو	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	قَدَّمْتُمْ ❸	صٓ:60
قَدِمْنَا 1	ہم متوجہ ہوں گے	〃	جمع متکلم	سمع	ثلاثی مجرد	〃	〃	فَعِلْنَا	× ❹	الفرقان:23
قَدَّمُوْا 1	انہوں نے آگے بھیجے	〃	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فَعَّلُوْا	×	یٰسٓ:12
قَدِّمُوْا 2	آگے بھیجو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	〃	〃	〃	〃	〃	〃	البقرة:223
قُدُوْر 1	دیگیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	〃	ق د ر	فُعُوْلٌ	× ❺	سبا:13
اَلْقُدُّوْسُ 2	پاک ذات	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	〃	〃	ق د س	فُعُّوْلٌ	× ❻	الحشر:23
قَدِيْرٌ 45	قادر	〃	〃	ضرب	〃	〃	ق د ر	فَعِيْلٌ	×	البقرة:20
قَدِيْمٌ 3	پرانا	〃	〃	کرم	〃	〃	ق د م	〃	〃	الأحقاف:11
قَذَفَ 2	ڈال دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	〃	〃	ق ذ ف	فَعَلَ	〃	الأحزاب:26
فَقَذَفْنَاهَا 1	پس ہم نے ان کو ڈال دیا	〃	جمع متکلم	〃	〃	〃	〃	فَعَلْنَا	〃	طٰهٰ:87
قُرًى 19	بستیاں	اسم جامد	جمع مکسر	×	〃	ناقص یائی	ق ر ی	فُعًا	قُرًيا ❼	سبا:18
قَرَارٍ 1	قرار ثبات	(اسم) مصدر	×	ضرب	〃	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	فَعَالٍ	×	ابراهيم:26
قَرَارٍ 8	قرارگاہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	〃	〃	المؤمنون:13
قَرَاطِيْسَ 1	الگ الگ ورق	〃	جمع مکسر	〃	رباعی مزید فیہ	صحیح	ق ر ط س	فَعَالِيْلَ	× ❽	الأنعام:91
قُرْآن 68	قرآن پاک	〃	واحد مذکر	〃	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	ق ر ء	فُعْلَانٌ	× ❾	یونس:61
قُرْآنَهٗ 2	اس کو پڑھنا	(اسم) مصدر	×	فتح	ثلاثی مجرد	〃	〃	فُعْلَانٌ	×	القيامة:17

❶ یہاں مجازی طور پر مسبب کا نام سبب کے ساتھ رکھا گیا ہے، اس سے مراد جنت، بلند مرتبہ اور نیک عمل ہیں، قَدَم اصل میں تو مصدر ہے۔ ❷ ﴿قَدَمٌ﴾ بطور مصدر اور صیغہ صفت کے بھی استعمال ہوتا ہے، ج: اَقْدَامٌ۔ ❸ تُم کے بعد ہٗ ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ اِلَى الْاَمْرِ ہو۔ ❺ م: قِدْرٌ۔ ❻ بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے، اس کے معنی ہیں بہت پاک ذات، یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، اگر اس پر الف لام داخل ہو، جیسے ﴿الْقُرٰى﴾ تو پھر قاعدہ قال کے تحت صرف یاء کو الف سے بدل دیں گے،، م: قَرْيَةٌ، سورة الأنعام: 92 میں ﴿اُمُّ الْقُرٰى﴾ ''بستیوں کے مرکز'' سے مراد مکہ المکرمہ ہے۔ ❽ م: قِرْطَاسٌ۔ ❾ یہ اصل میں تو باب فتح کا مصدر ہے جو بمعنی مفعول استعمال ہو رہا ہے، پھر یہ کتاب اللہ کا علم بن گیا ہے، بعض کے نزدیک یہ صحیح ہے اور یہ قَرَنَ (جمع کرنا، ملانا) سے ماخوذ ہے، اور یہ فُعَال کے وزن پر ہے چونکہ اس میں تمام اصول دین جمع کر دیے گئے ہیں اس لیے اسے قرآن کہتے ہیں، سورۃ بنی اسرائیل: 78 میں ﴿قُرْاٰنَ الْفَجْرِ﴾ سے مراد فجر کی نماز ہے، قرآن، نماز کے معنی میں ہے، اس کو قرآن سے اس لیے تعبیر کیا گیا ہے کہ نماز فجر میں قراءت لمبی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قُرِئَ 2	پڑھا جائے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ق ر ء	فُعِلَ	×	الأعراف:204
قَرَأْتَ 2	تم پڑھنے لگو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	النحل:98
قَرَأْنَاهُ 1	ہم اسے پڑھ چکیں	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	القيامة:18
فَقَرَأَهُ 1	پھر وہ اسے پڑھتا ہے	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	الشعراء:199
ذَا ـ قُرْبَى 16	قرابت دار	(اسم) مصدر	×	س، ك	//	صحیح	ق ر ب	فُعْلَى	//	المائدة:106
قَرَّبَا 1	ان دونوں نے پیش کیا	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَا	//	المائدة:27
قُرُبَاتِ 1	قربتیں	(اسم) مصدر	جمع مؤنث سالم	ن،س،ك	ثلاثی مجرد	//	//	فُعُلَاتٍ	× ❶	التوبة:99
قُرْبَانًا 3	نذرانہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ملحق برباعی مزید فیہ	//	//	فُعْلَانًا	× ❷	المائدة:27
قُرْبَةٌ 1	قربت	(اسم) مصدر	واحد مؤنث	ن،س،ك	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلَةٌ	× ❸	التوبة:99
قَرَّبْنَاهُ 1	ہم نے قریب کیا اس کو	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	//	مريم:52
فَقَرَّبَهُ 1	پھر اس نے اسے قریب رکھ دیا	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلَ	×	الذاريات:27
قُرَّةَ 3	ٹھنڈک	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	فُعَلَةَ	قُرَرَةَ ❹	الفرقان:74
قَرْحٌ 3	زخم	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ق ر ح	فَعْلٌ	× ❺	ال عمرٰن:140
قِرَدَةً 3	بندر	//	جمع مکسر	//	//	//	ق ر د	فِعَلَةً	× ❻	البقرة:65
قَرْضًا 6	قرض	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ق ر ض	فَعْلًا	× ❼	البقرة:245
قِرْطَاسٍ 1	کاغذ	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مزید فیہ	//	ق ر ط س	فِعْلَالٍ	× ❽	الأنعام:7
قَرْنَ 1	تم ٹھہری رہو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مؤنث حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	فَلْنَ	اِقْرَرْنَ ❾	الأحزاب:33
قُرُنٍ 7	امتیں	اسم جامد	اسم جمع	×	//	صحیح	ق ر ن	فُعُلٍ	× ❿	الأنعام:6
قُرَنَاءَ 1	کچھ (بُرے) ہم نشین	صفت مشبہ	جمع مکسر	ضرب	//	//	//	فُعَلَاءَ	× ⓫	حم السجدة:25

❶ م: قُرْبَةٌ ۔ ❷ یہاں یہ ملحق بقُرْطَاس ہے، یہ اصل میں باب کرم کا مصدر ہے، جیسا کہ سورۃ الاحقاف:28 میں ہے ﴿اِتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً﴾ انہوں نے اللہ کے سوا قرب حاصل کرنے کے لیے معبود بنائے رکھا، کبھی یہ مصدر بمعنی مفعول بھی ہوتا ہے، جیسا کہ متن میں مذکور ہے، ج: قَرَابِيْنُ۔ ❸ ج: قُرَبٌ و قُرُبَاتٌ ۔ ❹ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدّ)۔ ❺ ج: قُرُوْحٌ ۔ ❻ م: قِرْدٌ، اس کی جمع اَفْرَادٌ و قُرُوْدٌ بھی آتی ہے، اس کی مؤنث قِرْدَةٌ آتی ہے۔ ❼ کبھی اس سے مراد وہ مال ہوتا ہے، جو بطور قرض کے دیا جاتا ہے، اس آیت کریمہ میں قَرْضًا مصدر بھی ہو سکتا ہے اس صورت میں یہ مفعول مطلق بنے گا اور اس سے مراد مال بھی ہو سکتا ہے اس صورت میں یہ مفعول بہ بنے گا اور یہ مصدر بمعنی مفعول ہوگا۔ ❽ ج: قَرَاطِيْسُ۔ ❾ اس لفظ کی اصل میں اختلاف ہے، اس کے بارے میں صرفیوں کے درج ذیل مؤقف ہیں: ① مضاعف ثلاثی، دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو پہلے کی حرکت ماقبل کو دے دی اور پھر دو ہم جنس حرفوں میں سے ایک راء کو تخفیفاً حذف کر دیا (قاعدہ: حذف سماعی)، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی حذف ہو گیا ② بیضاوی، زمخشری فرماتے ہیں کہ یہ اجوف واوی باب سمع قَارَ يَقَارُ قَوْراً (اکٹھا ہونا) سے بنا ہے اصل میں اِقْوَرْنَ تھا، واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن الف اور راء جمع ہونے سے الف گر گیا، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے گرا دیا، اس کے معنی ہیں جمع رہو، ③ بعض کے نزدیک وَقَرْنَ کے شروع میں آنے والی واؤ اصلی ہے، یہ مثال واوی باب وَقَرَ يَقِرُ سے بنا ہے اور یہ اپنی اصل پر ہے، اس کے معنی ہیں تم وقار سے رہو۔ ❿ اس کے معنی ''ہم عصر لوگوں کا ایک گروہ'' کے ہیں، ج: قُرُوْنٌ۔ ⓫ م: قَرِيْنٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذِی۔الْقَرْنَیْنِ	ذوالقرنین	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ق ر ن	فَعْلَیْنِ	× ❶	الکھف:83
قُرُوْءٍ 1	حیض	//	جمع مکسر	//	//	مہموز اللام	ق ر ء	فُعُوْلٍ	× ❷	البقرة:228
قُرُوْنًا 13	امتیں	//	//	//	//	صحیح	ق ر ن	فُعُوْلًا	× ❸	المؤمنون:42
قَرِّیْ 1	ٹھنڈی کرو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مؤنث حاضر	سمع	//	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	فَعِلِیْ	اِقْرِرِیْ ❹	مریم:26
قَرِیْبٌ 26	قریب	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	صحیح	ق ر ب	فَعِیْلٌ	× ❺	البقرة:186
قَرْیَةٍ 37	ایک بستی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	ناقص یائی	ق ر ی	فَعْلَةٍ	× ❻	البقرة:259
الْقَرْیَتَیْنِ 1	دو بستیوں	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَتَیْنِ	× ❼	الزخرف:31
قُرَیْشٍ 1	قریش	//	واحد مذکر ومؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ق ر ش	فُعَیْلٍ	× ❽	قریش:1
قَرِیْنٌ 7	ایک ہم نشین	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ق ر ن	فَعِیْلٌ	× ❾	الصافات:51
قَسَتْ 3	سخت ہوں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	ناقص واوی	ق س و	فَعَتْ	قَسَوَتْ ❿	البقرة:74
الْقِسْطَ 15	انصاف	(اسم) مصدر	×	ن،ض	//	صحیح	ق س ط	فِعْلٌ	×	الأنبیاء:47
بِالْقِسْطَاسِ 2	ترازو کے ساتھ	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	× ⓫	بنی اسرائیل:35
قَسَمٌ 2	قسم	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ق س م	فَعَلٌ	× ⓬	الفجر:5
قِسْمَةٌ 3	تقسیم	(اسم) مصدر	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلَةٌ	×	النجم:22
قَسَمْنَا 1	تقسیم کردیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الزخرف:32
قَسْوَةً 1	سخت	(اسم) مصدر	×	نصر	//	ناقص واوی	ق س و	فَعْلَةً	//	البقرة:74
قَسْوَرَةٍ 1	شیر	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ملحق رباعی مجرد	صحیح	ق س ر	فَعْوَلَةٍ	× ⓭	المدثر:51
قِسِّیْسِیْنَ 1	علماء	اسم مبالغہ	جمع مذکر سالم	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ق س س	فِعِّیْلِیْنَ	× ⓮	المائدة:82

❶ یہ علم مرکب اضافی ہے، اس کا پہلا جزذِیْ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے، اس کی جری حالت یاء کے ساتھ آئی ہے، اس کے معنی ہیں والا اور دوسرا جزقَرْنَیْنِ تثنیہ مذکر ہے اس کی جری حالت یاء کے ساتھ آئی ہے، اس کے معنی ہیں دو سینگ، یہ اس کی جری حالت ہے، م:قَرْنٌ، ج:قُرُوْنٌ، لفظ قَرْنٌ کے لفظی معنی ہیں دو سینگ اور یہاں یہ ذِیْ کے ساتھ مل کر ایک نیک اور عادل بادشاہ کا نام بن چکا ہے۔ ❷ م:قُرْءٌ، اس کی جمع أَقْرُءٌ اور أَقْرَاءٌ بھی آتی ہے۔ ❸ م:قَرْنٌ۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے راء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:یَمُدُّ)، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، اسے حذف کر دیا۔ ❺ امام فراء فرماتے ہیں کہ اگر قَرِیْبٌ سے قریب جگہ مراد لی جائے تو اس کا اطلاق مذکر ومؤنث دونوں پر ہوتا ہے، اور اگر قَرِیْبٌ سے قرابت مراد لی جائے تو مذکر کے لیے قَرِیْبٌ اور مؤنث کے لیے قَرِیْبَةٌ آتا ہے۔ ❻ ج: قُرًی۔ ❼ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے م: قَرْیَةٌ، ج: قُرًی۔ ❽ یہ ایک قبیلہ کا نام ہونے کی وجہ سے مذکر ومؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، خاندان قریش بنو کنانہ کی ایک شاخ ہے، یہ مکہ مکرمہ میں رہائش پذیر تھا، اور یہ بیت اللہ کے متولی تھے، اسی خاندان سے رسول اللہ ﷺ تعلق رکھتے ہیں، یہ تمام قبائل سے مقام ومرتبہ کے اعتبار سے اعلیٰ سمجھا جاتا تھا، قُرَیْشٌ، قِرْشٌ کی تصغیر ہے اور قِرْش ایک خاص قسم کی بڑی مچھلی ہے جو چھوٹی چھوٹی مچھلیوں کو نگل جاتی ہے، تو اس خاندان کا نام قریش اسی مناسبت سے رکھا گیا ہے کہ یہ عظمت، شرافت اور طاقت کے اعتبار سے تمام قبائل میں ممتاز تھے، ج: قُرُشٌ۔ ❾ یہ کبھی فاعل، کبھی مفعول اور کبھی اسم مبالغہ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، یا یہ بمعنی مُقَاعِل یعنی مُعَاوِن ہے، ج:قُرَنَاءُ۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ⓫ یہ رومی معرّب لفظ ہے۔ ⓬ ج: أَقْسَامٌ۔ ⓭ ج:قَسَاوِرُ و قَسَاوِرَةٌ یا یہ اسم جمع ہے، یہ ملحق بجعفر ہے۔ ⓮ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: قِسِّیْسٌ، اس کی جمع قَسَاوِسَةٌ و قَسَاقِسَةٌ بھی آتی ہے، بعض کے نزدیک یہ سریانی لفظ ہے، اس سے مراد عیسائیوں کا مذہبی پیشوا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	بفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَصَّ 1	بیان کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق ص ص	فَعَلَ	قَصَصَ ❶	القصص:25
اَلْقِصَاصُ 4	بدلہ لینا	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فِعَالٌ	× ❷	البقرۃ:178
قَصَدُ 1	سیدھا	〃	〃	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ق ص د	فَعْلٌ	×	النحل:9
قَصْرٍ 2	محل	اسم جامد	واحد مذکر	×	〃	〃	ق ص ر	فَعْلٍ	× ❸	الحج:45
قَصَصًا 6	پیچھا کرتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	نصر	〃	مضاعف ثلاثی	ق ص ص	فَعَلًا	× ❹	الکھف:64
قَصَصْنَا 3	ہم نے بیان کردی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	〃	〃	〃	〃	فَعَلْنَا	×	النحل:118
قَصَمْنَا 1	ہم نے ہلاک کیں	〃	〃	ضرب	〃	صحیح	ق ص م	〃	〃	الأنبیاء:11
اَلْقُصْوٰی 1	دور والے	اسم تفضیل	واحد مؤنث	نصر	〃	ناقص واوی	ق ص و	فُعْلٰی	× ❺	الأنفال:42
قُصُوْرًا 2	محلات	اسم جامد	جمع مکسر	×	〃	صحیح	ق ص ر	فُعُوْلًا	× ❻	الأعراف74
قَصِیًّا 1	دور والی	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	〃	ناقص واوی	ق ص و	فَعِیْلًا	قَصِیْوًا ❼	مریم:22
قُصِّیْهِ 1	تو اس کے پیچھے جا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مؤنث حاضر	〃	〃	مضاعف ثلاثی	ق ص ص	اُفْعُلِیْ	اُقْصُصِیْ ❽	القصص:11

❶ دو متحرک ہم جنس حرف صاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "عَلٰی" ہو۔ اس باب سے قیاسی طور پر مصدر مُقَاصَّةٌ آتا ہے، سورۃ البقرۃ :194 میں ﴿ قِصَاصٌ ﴾ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہوا ہے اس کے معنی ہیں "بدلہ"، قصاص کے معنی ہیں مجرم سے برابر کا بدلہ، جیسے جان کے بدلے جان، زخم کے بدلے زخم۔ ❸ ج : قُصُوْرٌ۔ ❹ سورۃ ال عمرٰن :62 میں ﴿ اَلْقَصَصُ ﴾ کے معنی ہیں "بیان" یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❺ یہ خلاف قیاس ہے، قیاس کے مطابق فُعْلٰی اسی کے لام کلمے کا واؤ یاء سے بدل جائے گا، تو یہ قُصْیَا ہوگا۔ ❻ م: قَصْرٌ، یہ اصل میں مصدر تھا، پھر اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا۔ ❼ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)، یہ ناقص یائی بھی ہو سکتا ہے، اس صورت میں قاعدہ مَدَّ جاری ہوگا، یعنی یہ اصل میں قَصِیِیًا ہوگا۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف صاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے صاد کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے صاد کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، اسے حذف کر دیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	آیت
قَضٰى 14	وہ فیصلہ کرتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ق ض ی	فَعَلَ	قَضَيَ ❶	البقرة:117
قَضْبًا 1	ترکاری	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	صحیح	ق ض ب	فَعْلًا	× ❷	عبس:28
قَضَوْا 1	وہ پوری کرلیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	//	ناقص یائی	ق ض ی	فَعَوْا	قَضَيُوْا ❸	الأحزاب:37
قُضِيَ 19	تمام کردیا جائے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلَ	×	البقرة:210
قَضَيْتَ 1	آپ نے فیصلہ کیا ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	النساء:65
قَضَيْتُ 1	میں پوری کروں	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	القصص:28
قُضِيَتِ 1	پوری کرلی جائے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتِ	قُضِيَتْ ❹	الجمعة:10
قَضَيْتُمْ 2	تم پورا کرلو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	×	البقرة:200
قَضَيْنَا 4	ہم نے فیصلہ بھیجا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	× ❺	الحجر:66
قِطْرًا 2	پگھلا ہوا تانبا	اسم جامد	اسم جنس	×	//	صحیح	ق ط ر	فِعْلًا	×	الكهف:96
قِطْرَان 1	گندھک	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعْلَان	//	ابراهيم:50
فَقُطِعَ 1	چنانچہ کاٹ دی گئی	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	//	ق ط ع	فُعِلَ	× ❻	الأنعام:45
فَقَطَّعَ 1	تو وہ کاٹ دے گا	فعل ماضی معلوم	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	محمد:15
بِقِطْعٍ 2	ایک حصہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلٍ	× ❼	الحجر:65
قِطَعٌ 2	ٹکڑے	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فِعَلٌ	× ❽	الرعد:4
قُطِّعَتْ 2	پھاڑی جاسکتی ہے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	الرعد:31
قَطَعْتُمْ 1	تم نے کاٹے تھے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْتُمْ	× ❾	الحشر:5
قَطَّعْنَ 2	کاٹ بیٹھیں	//	جمع مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَ	×	يوسف:31
قَطَعْنَا 2	ہم نے کاٹ دی	//	جمع متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْنَا	× ❿	الأعراف:72
قَطَّعْنَاهُمْ 2	ہم نے تقسیم کردیا ان کو	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	×	الأعراف:160
قِطْمِيرٍ 1	گٹھلی کے ایک چھلکے	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مزید فیہ	//	ق ط م ر	فِعْلِيْلٍ	× ⓫	فاطر:13
قِطَّنَا 1	ہمارا حصہ	//	//	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق ط ط	فِعَلَ	قِطَطَ ⓬	ص:16
قُطُوْفُهَا 2	جن کے پھل	//	//	//	//	صحیح	ق ط ف	فُعُوْلُ	× ⓭	الحاقة:23
قَعَدَ 1	بیٹھے رہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	ق ع د	فَعَلَ	×	التوبة:90

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، لفظ ﴿قَضٰى﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① اس نے فیصلہ کیا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② پورا کرنا، جیسا کہ سورۃ القصص:29 میں ہے ﴿قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ﴾ ''موسیٰ علیہ السلام نے وہ مدت پوری کردی'' ③ مقرر کرنا، جیسا کہ سورۃ الانعام: 2 میں ہے ﴿قَضٰى اَجَلًا﴾ ''اس نے ایک مدت مقرر کی'' ④ کام تمام کرنا، جیسا کہ سورۃ القصص:15 میں ہے ﴿فَقَضٰى عَلَيْهِ﴾ ''تو اس نے اس کا کام تمام کردیا''۔ ❷ م: قَضْبَةٌ۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرادیا۔ ❹ تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❺ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ 'اِلٰی' ہو۔ ❻ قَطَعَ دَابِرَ الْقَوْمِ کے معنی ہوتے ہیں خاتمہ کرنا۔ ❼ ج: اَقْطَاعٌ وقُطُوْعٌ۔ ❽ م: قِطْعَةٌ۔ ❾ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشیء اور مصدر قَطْعًا ہو۔ ❿ ﴿قِطْمِيْرٍ﴾ اس باریک سی جھلی کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی پر لفافے کی طرح چڑھی ہوتی ہے۔ ⓫ دو ہم جنس حرف طاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، اس کے آخر میں ناصر مجرور متصل ہے، ج: قُطُوْطٌ وقِطَاطٌ وقِطَطَةٌ۔ ⓬ م: قِطَفٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَعَدُوْا 1	وہ بھی پیچھے بیٹھے رہے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	ال عمرٰن:168
فَقَعُوْا 2	تو تم گر پڑنا	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	//	مثال واوی	و ق ع	عَلُوْا	اِوْقَعُوا ❶	الحجر:29
قُعُوْدٌ 4	بیٹھے ہوئے	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	صحیح	ق ع د	فُعُوْلٌ	× ❷	البروج:6
قَعِيْدٌ 1	بیٹھا ہوا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِيْلٌ	× ❸	قٓ:17
قِفُوْهُمْ 1	تم ان کو ٹھہراؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	//	مثال واوی	و ق ف	عِلُوْا	اِوْقِفُوْا ❹	الصافات:24
قَفَّيْنَا 4	ہم نے پیچھے بھیجے تھے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ق ف و	فَعَّلْنَا	قَفَّوْنَا ❺	البقرة:87
قُلْ 332	کہہ دیجیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ق و ل	فُلْ	اُقْوُلْ ❻	البقرة:80
قَلَّ 1	قلیل ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ق ل ل	فَعَلَ	قَلَلَ ❼	النساء:7
قَلٰى 1	وہ ناراض ہوا	//	//	//	//	ناقص یائی	ق ل ی	//	قَلَيَ ❽	الضحیٰ:3
الْقَلَائِدَ 2	پٹے والے جانوروں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ق ل د	فَعَائِلَ	× ❾	المائدة:2
قَلْبٌ 19	دل	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ق ل ب	فَعْلٌ	× ❿	قٓ:37
قَلَّبُوْا 1	الٹ پلٹ کرتے رہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلُوْا	×	التوبة:48
قَلْبَيْنِ 1	دو دل	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلَيْنِ	× ⓫	الأحزاب:4
قُلْتَ 4	تو نے کہا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ق و ل	قُلْتَ	قَوَلْتَ ⓬	المائدة:116
قُلْتُ 3	میں نے کہا تھا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	قُلْتُ	قَوَلْتُ ⓬	المائدة:117

❶ اس کے بارے میں صرفیوں کے دو موقف ہیں: ① یہ اصل سے یعنی فعل مضارع حاضر معلوم میں تعلیل ہونے سے پہلے کی حالت تَوْقَعُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع کو گرا دیا، اس کا ماقبل ساکن ہے تو شروع میں ہمزہ وصلی لے آئے، آخر سے نون اعرابی گر گیا، پھر اس میں مضارع کی موافقت سے واؤ گر گئی ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا، اور ② بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع میں تعلیل ہونے کے بعد کی حالت سے بنا ہے تو اس اعتبار سے یہ تَقَعُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع کو گرا دیا، اس کا ماقبل متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❷ م: قَاعِدٌ اس باب کا مصدر بھی اسی وزن پر آتا ہے، جیسا کہ سورۃ التوبۃ:83 میں ہے ﴿ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ ﴾ ''تم خوش ہوئے بیٹھ رہنے پر'' قُعُوْدٌ اور جُلُوْسٌ دونوں مصدر ہیں ان کے معنی ہیں ''بیٹھنا'' دونوں میں فرق یہ ہے کہ جُلُوْس عام ہے خواہ وہ تھوڑی دیر کے لیے بیٹھنا ہو یا زیادہ دیر کے لیے، لیکن قُعُوْد خاص ہے، یہ زیادہ دیر کے لیے بیٹھنا ہوتا ہے۔ ❸ یہ مفرد ہے اور اس کا معنی مقاعد ہے اور یہ فاعل سے فعیل کی طرف مبالغہ کے لیے پھیرا گیا ہے، کوفی کہتے ہیں کہ یہ تثنیہ کے قائم مقام ہے، لیکن بہتر یہ ہے کہ پہلے سے حذف کر دیا گیا ہے دوسرے کے اس پر دلالت کرنے کی وجہ سے، فراء فرماتے ہیں کہ لفظ قَعِيْد تثنیہ اور جمع دونوں پر دلالت کرتا ہے۔ ❹ مضارع کی مناسبت سے واؤ گر گئی، عین کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا۔ بعض کے نزدیک یہ تَقِفُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا ماقبل متحرک ہے تو ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت پیش نہ آئی، آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❺ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ کو گرا دیا، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع حاضر معلوم تَقُوْلُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا ماقبل متحرک ہے تو ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت پیش نہ آئی، آخر سے ساکن کیا تو دو ساکن واؤ اور لام جمع ہونے کی وجہ سے حرف علت واؤ گر گئی۔ ❼ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے لام کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ ناقص واوی بھی ہو سکتا ہے، اس کے یہ معنی اسوقت ہوتے ہیں جب اس کے بعد فُلَانًا قِلِيٌّ ہو۔ ❾ ﴿ الْقَلَائِدَ ﴾ کے معنی پٹے ہیں، یہاں اس سے مراد ذَاتُ الْقَلَائِدِ یعنی پٹے والے جانور ہیں، م: قِلَادَةٌ۔ ❿ ج: قُلُوْبٌ۔ ⓫ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: قَلْبٌ، ج: قُلُوْبٌ۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور لام جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	دلیل
قُلْتُمْ 9	تم نے کہا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ق و ل	فُلْتُمْ	قَوَلْتُمْ ❶	البقرة:55
الْقَلَمِ 2	قلم	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ق ل م	فَعَلٍ	× ❷	القلم:1
قُلْنَ 2	کہنے لگیں	فعل ماضی معلوم	جمع مؤنث غائب	نصر	//	اجوف واوی	ق و ل	فُلْنَ	قَوَلْنَ ❸	یوسف:31
قُلْنَ 1	تم کہو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مؤنث حاضر	//	//	//	//	//	أُقُولْنَ ❹	الأحزاب:32
قُلْنَا 37	ہم نے کہا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فُلْنَا	قَوَلْنَا ❺	البقرة:34
قُلُوْبٍ 112	دل	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ق ل ب	فُعُوْلٍ	× ❻	ال عمرٰن:151
قَلِيْلٌ 69	تھوڑے	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ق ل ل	فَعِيْلٌ	× ❼	ال عمرٰن:197
قَلِيْلَةٍ 1	تھوڑی سی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلَةٍ	×	البقرة:249
قَلِيْلُوْنَ 1	//	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعِيْلُوْنَ	//	الشعراء:54
قُمْ 2	اٹھو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ق و م	قُلْ	أُقُوْمُ ❽	المدثر:2
قُمْتُمْ 1	تم اٹھو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	قُلْتُمْ	قَوَمْتُمْ ❾	المائدة:6
قَمَرًا 27	چاند	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ق م ر	فَعَلًا	× ❿	الفرقان:61
قَمْطَرِيْرًا 1	سخت (کر دینے والا)	//	//	//	ملحق خماسی مزید فیہ	//	ق م ط ر	فَعَلِيْلًا	× ⓫	الدهر:10
الْقُمَّلَ 1	جوؤں	//	اسم جنس جمعی	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ق م ل	فُعَّلَ	× ⓬	الأعراف:133
قَمِيْصِهٖ 6	اس کی قمیض	//	واحد مذکر	//	//	//	ق م ص	فَعِيْلٍ	× ⓭	یوسف:18
قِنَا 3	بچا ہم کو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	لفیف مفروق	و ق ی	ع	اِوْقِيْ ⓮	البقرة:201
الْقَنَاطِيْرِ 1	خزانوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	رباعی مزید فیہ	صحیح	ق ن ط ر	فَعَالِيْلِ	× ⓯	ال عمرٰن:14
قِنْطَارًا 2	بہت سامال	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فِعْلَالًا	× ⓰	النساء:20

اَلْكَوْثَرَ 1	کوثر	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	ك ث ر	فَوْعَلَ	×❷	الکوثر:1
كُوِّرَتْ 1	لپیٹ لیا جائے گا	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ك و ر	فُعِّلَتْ	×	التکویر:1
كَوْكَبٌ 3	ستارہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد	مضاعف ثلاثی	ك ك ب	فَوْعَلٌ	×❸	النور:35
كُوْنُوْا 10	ہوجاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ك و ن	اُفْعُلُوْا	اُكْوُنُوْا❹	البقرة:65
كُوْنِيْ 1	تو ہوجا	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلِيْ	اُكْوُنِيْ❺	الأنبياء:69
كَيْ 3	تاکہ	حرف ناصب للفعل	×	×	×	×	×	×	×❻	طه:33
كَيْدًا 26	تدبیر کرنا	(اسم) مصدر	//	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ك ى د	فَعْلًا	×❼	یوسف:5
كِيْدُوْنِ 2	تم چال چل لو میرے خلاف	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلُوْا	اِكِيْدُوْا❽	الأعراف:195
فَكِيْدُوْنِيْ 1	پھر تدبیر کریں میرے بارے میں	//	//	//	//	//	//	//	اِكِيْدُوْا❾	هود:55
كَيْفَ 83	کس طرح	اسم جامد	×	×	//	//	ك ى ف	فَعْلَ	×❿	البقرة:28
كَيْلٌ 10	بوجھ کا ماپ	//	واحد مذکر	//	//	//	ك ى ل	فَعْلٌ	×⓫	یوسف:65
لِكَيْلَا 4	تاکہ نہ	حرف ناصب للفعل	×	//	×	×	×	×	×⓬	ال عمران:153
لِكَيْ لَا 3	//	//	//	//	//	//	//	//	//	النحل:70

❶ یہ ملحق بجعفر ہے، بعض کے نزدیک یہ مضاعف رباعی واجوف واوی ہے، ك و ك ب، كَوَاكِبِ بروزن فَعَالِلِ ہے، م: كَوْكَبٌ۔ ❷ یہ ملحق بجعفر ہے، خیر کثیر، جنت کی ایک نہر اور حوض کا نام ہے، جس کی مٹی خالص مشک، جس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے۔ ❸ یہ ملحق بجعفر ہے، بعض کے نزدیک یہ مضاعف رباعی واجوف واوی ہے، ك و ك ب، كَوْكَبٌ بروزن فَعْلَلٌ ہے، ج: كَوَاكِبُ۔ ❹ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، امر بناتے وقت آخر سے نون اعرابی گر گیا، یا بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع معلوم تَكُوْنُوْنَ سے بنا ہے امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی اس کا ماقبل متحرک ہے اس لیے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❺ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، امر بناتے وقت آخر سے نون اعرابی گر گیا، یا بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع معلوم تَكُوْنِيْنَ سے بنا ہے امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی اس کا ماقبل متحرک ہے اس لیے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❻ یہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے، یہ ماقبل کی علت اور سبب بیان کرتا ہے، کبھی اس سے پہلے لام جارہ بھی آجاتا ہے۔ ❼ ﴿كَيْدًا﴾ خفیہ تدبیر کو کہتے ہیں، جو برے مقصد کے لیے ہو تو تو بری اور اگر مقصد نیک ہو تو یہ بری نہیں ہوتی۔ ❽ یاء متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، امر بناتے وقت آخر سے نون اعرابی گر گیا، یا بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع معلوم تَكِيْدُوْنَ سے بنا ہے امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی اس کا ماقبل متحرک ہے اس لیے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے نون اعرابی گر گیا، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یاء ضمیر متکلم حذف ہو چکی ہے۔ ❾ یاء متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ:یُقَالُ)، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، امر بناتے وقت آخر سے نون اعرابی گر گیا، یا بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع معلوم تَكِيدُوْنَ سے بنا ہے امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی اس کا مابعد متحرک ہے اس لیے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے نون اعرابی گر گیا، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ⑩ اسم ظرف زمان فتحہ پر مبنی اکثر استفہام کے لیے آتا ہے، ترکیب کے اعتبار سے اس کی تین حالتیں ہیں: ① خبر، جیسے: كَيْفَ حَالُكَ ② حال، جیسے: سورۃ البقرۃ : 28 میں ہے ﴿كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ﴾ ③ مفعول مطلق، جیسے: سورۃ الفیل: 1 میں ہے ﴿اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ﴾ قرآن مجید میں كَيْفَ صرف حال اور مفعول مطلق کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ ⑪ یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر بمعنی مفعول ہے، پھر یہ ماپ کے لیے استعمال ہونے والے برتن کے لیے بھی استعمال ہونے لگا۔ ⑫ كَيْ حرف ناصب فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے، یہ ماقبل کی علت اور سبب بیان کرتا ہے، کبھی اس سے پہلے لام جارہ بھی آجاتا ہے، اس کے بعد لا حرف نفی ہے۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب اللام (ل)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نومیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لِ	لیے	حرف جر	×	×	×	×	×	×	×❶	الفاتحة:1
لَا	نہیں	حرف نفی	//	//	//	//	//	//	×❷	البقرة:6
لَا[1]	البتہ	حرف تاکید	//	//	//	//	//	//	×❸	الصّٰفّٰت:68
لَائِمٍ[1]	کسی ملامت کرنے والے کی	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ل و م	فَاعِلٍ	لَاوِمٍ❹	المائدة:54
لَابِثِيْنَ[1]	وہ پڑے رہیں گے	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	صحیح	ل ب ث	فَاعِلِيْنَ	×❺	النباء:23
لَاتَ[1]	نہ تھا وہ	حرف نفی	×	×	×	×	×	×	×❻	صٓ:3
اللّٰاتَ[1]	لات	اسم جامد	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ل ی ت	فَعَلَ	لَيَتَ❼	النجم:19
لَازِبٍ[1]	چپکنے والی	اسم فاعل	//	نصر	//	صحیح	ل ز ب	فَاعِلٍ	×	الصافات:11
لَارْتَابَ[1]	البتہ شک کرتے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ر ی ب	اِفْتَعَلَ	اِرْتَيَبَ❽	العنکبوت:48
لَاعِبِيْنَ[3]	کھیلتے ہوئے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ل ع ب	فَاعِلِيْنَ	×❾	الأنبياء:16
اللّٰاعِنُوْنَ[1]	لعنت کرنے والے	//	//	فتح	//	//	ل ع ن	فَاعِلُوْنَ	×❿	البقرة:159

❶ لام مفرد کی تین قسمیں ہیں: ① حرف جر یہ اسم ظاہر اور ضمیر دونوں پر آتا ہے، ضمیر پر آنے والا لام جارہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے، سوائے یائے متکلم کے اس سے پہلے آنے والا لام جارہ مکسور ہوتا ہے، جیسے: لَهٗ، لِيْ، اسم ظاہر پر آنے والا لام جارہ مکسور ہوتا ہے، جیسے: لِلّٰهِ، سوائے مستغاث کے کہ اس میں مفتوح ہوتا ہے، لام جارہ مختلف معانی کے لیے آتا ہے تفصیل کے لیے دیکھیں کتب نحو۔ ② حرف جزم اسے لام امر کہتے ہیں جو مکسور ہوتا ہے، یہ فعل مضارع سے پہلے آ کر اس کو جزم دیتا ہے اور اس میں طلب کے معنی پیدا کرتا ہے، اگر اس سے پہلے واؤ، فاء یا ثُمَّ آجائے تو یہ ساکن ہو جاتا ہے۔ ③ غیر عامل یہ عموماً تاکید کیلئے آتا ہے اسے لام ابتدا یا لام تاکید کہتے ہیں، یہ مفتوح ہوتا ہے، جیسے: ﴿لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً﴾، ﴿اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ﴾، جب یہ فعل مضارع پر آئے تو اسے زمانہ حال کے ساتھ خاص کر دیتا ہے، جیسے: ﴿اِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ﴾، اسی طرح یہ اسماء اشارہ بعید میں بُعد کا معنی لینے کے لیے لایا جاتا ہے، جیسے: ﴿ذٰلِكَ﴾۔ ❷ اس کی پانچ قسمیں ہیں: ① لا حرف نفی یہ فعل مضارع اور فعل ماضی کو منفی بنانے کے لیے آتا ہے، فعل مضارع کی مثال، جیسے: ﴿لَا يُؤْمِنُوْنَ﴾ (البقرة: 6) اور فعل ماضی کی مثال، جیسے: ﴿فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى﴾ (القيامة : 31)، مضارع میں لا مطلق نفی کے لیے آتا ہے جب کہ ماضی میں اس وقت آتا ہے جب ماضی تکرار سے آئے یا وہ دعا کے لیے ہو۔ ② لائے نہی، یہ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے، جیسے: ﴿لَا تُشْرِكْ﴾ (لقمان: 13)، ③ لا مشابہ بلیس، یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، جیسے: ﴿لَا فَارِضٌ﴾ (البقرة:68)، ④ لائے نفی جنس، یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے، اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، جیسے: ﴿لَا رَيْبَ﴾ (البقرة: 2)، ⑤ کبھی یہ زائدہ بھی ہوتا ہے، جیسے: ﴿وَلَا الضَّآلِّيْنَ﴾ (الفاتحة: 7)۔ ❸ یہ لام تاکید مفتوح ہے اس کے بعد الف صرف قرآنی رسم الخط میں آیا ہے، یہ پڑھنے میں لَ آتا ہے، اسی طرح یہ سورۃ آل عمران: 158، سورۃ الحشر: 13، سورۃ النمل: 21، سورۃ توبہ: 47 میں ہے۔ ❹ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)۔ ❺ یہ اسکی نصبی حالت ہے، اسکی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ اسے لَاتَ مشابہ بلیس کہتے ہیں، یہ مبتدا اور خبر پر داخل ہوتا ہے، مبتدا کو اپنا اسم ہونے کی وجہ سے رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس کا اسم اور خبر دونوں اسم زمان ہوتے ہیں، ان میں سے ایک ہمیشہ حذف ہوتا ہے، جیسے: ﴿لَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ﴾، اَیْ لَاتَ الْحِيْنُ حِيْنَ مَنَاصٍ، یہ اصل میں لاحرف نفی ہے، اس کے آخر میں تاء، تانیث یا مبالغہ کے لیے زائدہ ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ لَاتَ يَلِيْتُ لَيْتًا (موڑنا) سے بنا ہے، اس کے پجاری اس کی پوجا کرتے وقت اپنی گردنیں اس کی طرف موڑتے اور اس کا طواف کرتے تھے اس لیے اس کا یہ نام پڑ گیا، اس پر الف لام زائدہ لازمہ ہے، اس کے آخر میں آنے والی تاء اصلی ہے، اور بعض کے نزدیک یہ لَوٰی سے مأخوذ ہے، یہ اصل میں لَوَيَةٌ تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) اور لام کلمہ یعنی یاء کو تخفیفاً حذف کر دیا تو یہ لَاتَ ہو گیا، اس کے آخر میں تاء زائدہ ہے، بعض کے نزدیک ﴿اللّٰتَ﴾ میں تاء مشددہ ہے، یہ لَتَّ يَلُتُّ سے اسم فاعل (ستو گھولنے والا) ہے، یہ ایک نیک آدمی تھا، حاجیوں کو ستو گھول کر پلاتا تھا، جب یہ مر گیا تو لوگوں نے اس کی قبر کو عبادت گاہ بنا لیا، پھر اس کے مجسمے اور بت بن گئے، بعض کے نزدیک یہ لفظ اللّٰہ سے مأخوذ ہے، یہ ایک مشہور بت کا نام ہے جو طائف میں تھا اور قبیلہ ثقیف کے لوگ اس کی پوجا کرتے تھے، نبی ﷺ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بھیجا انہوں نے جا کر اسے توڑ دیا۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، اس کے شروع میں لام تاکید ہے، ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے۔ ❾ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَاغِيَةً 1	لغو باتیں	اسم فاعل	واحد مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ل غ و	فَاعِلَةٌ	لَاغِوَةٌ ❶	الغاشية:11
لَاقِيهِ 1	پانے والا ہوا سے	//	واحد مذکر	سمع	//	ناقص یائی	ل ق ی	فَاعِل	لَاقِيٌ ❷	القصص:61
لٰكِنْ 6	لیکن	حرف ابتداء	×	×	×	×	×	×	× ❸	البقرة:13
لٰكِنَّ 1	//	حرف مشبہ بالفعل	//	//	//	//	//	//	× ❹	المنافقون:7
لٰكِنَّا 1	//	//	//	//	//	//	//	//	لٰكِنَّ ❺	الكهف:38
لَامَسْتُمُ 2	تم نے مباشرت کی ہو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ل م س	فَاعَلْتُمْ	× ❻	النساء:43
لَاهِيَةً 1	کھیل میں لگے ہوئے	اسم فاعل	واحد مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ل ہ و	فَاعِلَةٌ	لَاهِوَةٌ ❼	الأنبياء:3
لِئَلَّا	تاکہ نہ	مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	لِ اَنْ لَا ❽	البقرة:150
لُؤْلُؤٌ 6	موتی	اسم جامد	اسم جنس جمعی	//	رباعی مجرد	مضاعف رباعی ومہموز	ل ء ل ء	فُعْلُلٌ	× ❾	الطور:24
لِبَاسٌ 10	لباس	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	صحیح	ل ب س	فِعَالٌ	× ❿	البقرة:187
فَمَا لَبِثَ 4	پس نہ ٹھہرا	فعل ماضی منفی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	ل ب ث	فَعِلَ	×	ہود:69
لَبِثْتَ 4	تو ٹھہرا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتَ	//	البقرة:259
لَبِثْتُ 2	میں ٹھہرا ہوں	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعِلْتُ	//	//
اِنْ لَبِثْتُمْ 8	نہیں تم ٹھہرے	فعل ماضی منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	//	بنی اسرائیل:52
لَبِثْنَا 2	ہم ضرور ٹھہرے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعِلْنَا	//	الكهف:19
لَبِثُوْا 5	وہ ٹھہرے تھے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوْا	//	الكهف:12
لُبَدًا 1	بہت زیادہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ل ب د	فُعَلًا	× ⓬	البلد:6
لِبَدًا 1	بھیڑ کر کے پل پڑنے والے	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فِعَلًا	× ⓭	الجن:19
لَبْسٍ 1	شک میں	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ل ب س	فَعْلٍ	×	ق:15
لَلَبَسْنَا 1	البتہ ہم شبہ ڈالتے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	× ⓮	الأنعام:9
لَبَنٍ 2	دودھ	اسم جامد	اسم جنس	×	//	//	ل ب ن	فَعَلٍ	× ⓯	محمد:15

❶ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِیَ)، یہ مصدر بمعنی لغو یا ذات لَغْو کی تاویل میں ہے، ج: اللَّوَاغِیْ۔ ❷ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، اس کے آخر میں ہٖ ضمیر مجرور متصل ہے۔ ❸ لٰكِنْ کی تین قسمیں ہیں: ① حرف ابتداء جب اس کے بعد جملہ ہو یا اس سے پہلے اثبات یا اس کے ساتھ واؤ ہو، جیسے: ﴿وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ﴾ (البقرة:13) ② حرف مشبہ بالفعل مخففہ من الثقیلہ یہ استدراک کے لیے آتا ہے، اس کو عمل نہیں دیا جاتا، اور یہ جملہ اسمیہ اور فعلیہ دونوں پر آجاتا ہے، جیسے: ﴿لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ﴾ (النساء: 162) ③ حرف عطف اس کی قرآن پاک میں کوئی واضح مثال نہیں ہے۔ ❹ یہ استدراک کے لیے آتا ہے، اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ ❺ یہ استدراک کے لیے آتا ہے، اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، یہ پڑھنے میں لٰكِنَّ آتا ہے، اس کے آخر میں الف محض قرآنی رسم الخط کی وجہ سے آیا ہے۔ ❻ میم اصل میں ساکن تھی، آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے ماقبل کی موافقت سے ضمہ دے دیا۔ ❼ یہ لام جارہ، اَنْ مصدریہ ناصبہ اور لا حرف نفی سے مرکب ہے، کبھی لا زائدہ بھی ہوتا ہے۔ ❽ م: لُؤْلُؤَةٌ، ج: لَآلِئُ۔ ❾ ج: اَلْبُسٌ و اَلْبِسَةٌ۔ ❿ یہ اصل میں باب نصر، سمع سے صفت مشبہ ہے، اس کے معنی ہیں ''گتھ جانا، تہ بہ تہ ہونا، پھر یہ کثیر مال کے لیے استعمال ہونے لگا، یا یہ جمع مکسر ہے، م: لُبْدَةٌ، بعض کے نزدیک یہ لَابِدٌ کی جمع ہے۔ ⓫ م: لِبْدَةٌ، یہ اصل میں باب نصر، سمع سے صفت مشبہ ہے، اس کے معنی ہیں ''گتھ جانا، تہ بہ تہ ہونا، چپکانا، پھر یہ آدمیوں کی کثیر جماعت کو کہتے ہیں جو باہم ہجوم کر لے کر ایک دوسرے پر چڑھ رہے ہوں۔ ⓬ اس کے شروع میں لام تاکید ہے۔ ⓭ ج: اَلْبَانٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَبُوسٍ 1	لباس	اسم جامد	اسم جنس	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ل ب س	فَعُوْلٍ	× ❶	الأنبياء:80
لُجَّةٌ 1	گہرا پانی	//	واحد مؤنث	//	//	مضاعف ثلاثی	ل ج ج	فُعْلَةٌ	لُجْجَةٌ ❷	النمل:44
لَيَجْحُوْا 2	وہ ضرور اصرار کریں گے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	//	//	//	فَعِلُوْا	لَجِحُوْا ❸	المؤمنون:75
لُجِّيٍّ 1	گہرے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعْلِيٌّ	لُجْجِيٌّ ❹	النور:40
لَحْمَ 11	گوشت	//	اسم جنس	//	//	صحیح	ل ح م	فَعْلَ	× ❺	البقرة:173
لَحْنِ 1	انداز	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	ل ح ن	فَعْلِ	× ❻	محمد:30
لُحُوْمُهَا 1	ان کا گوشت	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ل ح م	فُعُوْلُ	× ❼	الحج:37
بِلِحْيَتِيْ 1	میری داڑھی	//	واحد مؤنث	//	//	ناقص یائی	ل ح ی	بِفِعْلَتِيْ	× ❽	طه:94
لَدَا 2	پاس	//	واحد مذکر	//	//	//	ل د ی	فَعَلَ	لَدَيَ ❾	يوسف:25
لُدًّا 1	جھگڑالو	صفت مشبہ	جمع مکسر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ل د د	فُعَّلًا	لُدُدًا ❿	مريم:97
لَدُنْ 11	طرف	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ل د ن	فَعُلْ	× ⓫	هود:1
لَدُنَّا 6	اپنی طرف	//	//	//	//	//	//	//	لَدُنْنَا ⓬	النساء:67
لَدُنِّيْ 1	میری طرف	//	//	//	//	//	//	//	لَدُنْنِيْ ⓭	الكهف:76
لَدَيَّ 4	میرے پاس	//	//	//	//	ناقص یائی	ل د ی	فَعَلْ	لَدَيَ يَ ⓮	النمل:10
لِلدِّيْنِ 1	دین کے لیے	//	//	//	//	اجوف یائی	د ی ن	فِعْلِ	لِ الدِّيْنِ ⓯	يونس:105
لَدَيْنَا 16	ہمارے پاس	//	//	//	//	ناقص یائی	ل د ی	فَعَلْ	لَدَيَ ⓰	يوسف:54

❶ م: لِبْسٌ، ج: لُبُس، اس سے جنگی لباس یعنی لوہے کی زرہیں مراد ہیں۔ ❷ دو ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: لُجَجٌ۔ ❸ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے جیم کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ فِی ہو، اس کے شروع میں لام تاکید ہے۔ ❹ دو ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) یہ لُجٌّ یا لُجَّةٌ کی طرف منسوب اسم ہے۔ ❺ ج: لُحُومٌ وَأَلْحُمٌ۔ ❻ ج: أَلْحَانٌ وَلُحُونٌ۔ ❼ م: لَحْمٌ۔ ❽ ج: لِحًى وَلُحًى۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ ظرف مکان مبنی بر سکون، آدمی کے پاس کسی چیز کی موجودگی پر دلالت کرتا ہے۔ ❿ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، م: أَلَدُّ۔ ⓫ ظرف مکان مبنی بر سکون، لازم الاضافت ہے، اس کے مذکر اور مؤنث ہونے کا تعین مضاف الیہ سے ہوتا ہے، آدمی کے پاس کسی چیز کی موجودگی پر دلالت کرتا ہے۔ ⓬ ظرف مکان مبنی بر سکون، لازم الاضافت ہے، اس کے مذکر اور مؤنث ہونے کا تعین مضاف الیہ سے ہوتا ہے، آدمی کے پاس کسی چیز کی موجودگی پر دلالت کرتا ہے، یہ نَا ضمیر کی طرف مضاف ہے، دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓭ ظرف مکان مبنی بر سکون، لازم الاضافت ہے، اس کے مذکر اور مؤنث ہونے کا تعین مضاف الیہ سے ہوتا ہے، آدمی کے پاس کسی چیز کی موجودگی پر دلالت کرتا ہے، یہ یاء ضمیر کی طرف مضاف ہے، تو اس سے پہلے نون وقایہ لے آئے، پھر دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓮ ظرف مکان مبنی بر سکون، لازم الاضافت ہے، اس کے مذکر اور مؤنث ہونے کا تعین مضاف الیہ سے ہوتا ہے، آدمی کے پاس کسی چیز کی موجودگی پر دلالت کرتا ہے، یہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہے، دو ہم جنس حرف یاء ایک جگہ جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓯ اس کے معنی ہیں ملت (شریعت) اور عادت، اس کے شروع میں لام حرف جر ہے، اصل لفظ الدِّيْنِ ہے، لام حرف جر شدید اتصال چاہتا ہے ہمزہ وصلی جار اور مجرور کے درمیان فصل کا متقاضی تھا، اس لیے ہمزہ کو حذف کر دیا، یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے اور یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، ج: أَدْيَانٌ۔ ⓰ ظرف مکان مبنی بر سکون، لازم الاضافت ہے، اس کے مذکر اور مؤنث ہونے کا تعین مضاف الیہ سے ہوتا ہے، آدمی کے پاس کسی چیز کی موجودگی پر دلالت کرتا ہے، یہ نا ضمیر کی طرف مضاف ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	ششم اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَذَّةٍ 2	لذت	صفت مشبہ	واحد مؤنث	سمع	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ل ذ ذ	فَعْلَةٍ	لَذْذَةٍ ❶	الصافات:46
لِزَامًا 2	لازم ہوجاتا	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ل ز م	فِعَالًا	× ❷	طٰہٰ:129
لِسَانٌ 15	زبان	اسم جامد	واحد مذکر ومؤنث	×	//	//	ل س ن	فِعَالٌ	× ❸	النحل:103
لَسْتَ 4	نہیں تو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ل ی س	فَلْتَ	لَيِسْتَ ❹	النساء:94
لَسْتُ 2	میں نہیں ہوں	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَلْتُ	لَيِسْتُ ❹	الأنعام:66
لَسْتُمْ 3	تم خود نہیں ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَلْتُمْ	لَيِسْتُمْ ❹	البقرة:267
لَسْتُنَّ 1	تم نہیں ہو	//	جمع مؤنث حاضر	//	//	//	//	فَلْتُنَّ	لَيِسْتُنَّ ❹	الأحزاب:32
لَطِيفٌ 7	عمدہ تدبیر کرتا ہے	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن، ك	//	صحیح	ل ط ف	فَعِيلٌ	× ❺	یوسف:100
لَظَى 1	بھڑکتی آگ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	ناقص یائی	ل ظ ی	فَعَلَ	لَظَيَ ❻	المعارج:15
لَعِبٌ 8	کھیل	(اسم) مصدر	×	سمع	//	صحیح	ل ع ب	فَعِلٌ	× ❼	الأنعام:32
لَعَلَّ 129	شاید	حرف مشبہ بالفعل	//	×	×	×	×	×	× ❽	الأحزاب:63
لَعَنَ 11	لعنت کر رکھی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ل ع ن	فَعَلَ	×	الأحزاب:64
لُعِنَ 1	لعنت کی گئی ہے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	المائدة:78
لَعْنًا 1	لعنت	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	الأحزاب:68
لَعَنَّا 2	ہم نے لعنت کی تھی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	لَعَنْنَا ❾	النساء:47
لُعِنَتْ 1	وہ لعنت کرے گی	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	×	الأعراف:38
لَعْنَةُ 14	لعنت	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَةُ	× ❿	البقرة:161
لُعِنُوا 2	وہ لعنت کیے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلُوا	×	المائدة:64
لِغَدٍ 1	کل	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	ناقص واوی	غ د و	فَعٍ	غَدَوٍ ⓫	الحشر:18

❶ دو ہم جنس حرف ذال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: لَذَّاتٌ ، یا یہ باب فتح کا مصدر ہے۔ ❷ یہ مصدر بمعنی اسم فاعل یا یہ صفت مشبہ ہے، بعض کے نزدیک یہ فَعَالٌ بمعنی مَفْعَل یعنی مَلْزَم گویا کہ یہ فرط لزوم کی وجہ سے آلہ لزوم ہے۔ ❸ لفظ ﴿ لِسَان ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① بولی (زبان)، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② زبان، منہ میں گوشت کا ایک متحرک ٹکڑا جو بولنے، نگلنے اور ذائقہ چکھنے کا کام دیتا ہے، ج: اَلْسِنَةٌ وَاَلْسُنٌ وَلُسُنٌ ③ تعریف، تبصرہ، تذکرہ، جیسا کہ سورۃ مریم: 50 میں ہے ﴿ لِسَانَ صِدْقٍ ﴾ "اچھی ناموری وذکر خیر"۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) ، پھر دو ساکن الف اور سین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، یہ افعال ناقصہ میں سے فعل غیر متصرف ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس سے صرف فعل ماضی ہی آتا ہے۔ ❺ یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، اس کے معنی شعلہ کے ہیں پھر جہنم کے علم کے طور پر استعمال ہونے لگا، علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے، باب سمع کا مصدر بھی لَظًى آتا ہے۔ ❼ یہاں یہ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❽ یہ ابتدائے کلام میں آتا ہے اور اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، قرآن مجید میں یہ مختلف ضمائر منصوب متصلہ کے ساتھ استعمال ہوا ہے، جیسے: لَعَلَّكَ ،لَعَلَّكُمْ ،لَعَلَّنَا ،لَعَلَّهُ ،لَعَلَّهُمْ ،لَعَلِّي ،لفظ ﴿ لَعَلَّ ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ترجی (امید جس کا حصول ممکن ہو)، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② تعلیل کے لیے، جیسا کہ سورۃ طٰہٰ:44 میں ہے ﴿ لَعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ ﴾ "تاکہ وہ نصیحت پکڑے" ③ استفہام کے لیے، جیسا کہ سورۃ الطلاق: 1 میں ہے۔ ❾ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❿ یہ مصدر بمعنی اللَّعْن ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر مرّہ ہے۔ ⓫ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَغْوٌ 9	فضول باتیں ہوں گی	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ل غ و	فَعْلٌ	×	الطور:23
لُغُوْبٌ 2	کوئی تھکاوٹ	〃	〃	〃	〃	صحیح	ل غ ب	فُعُوْلٌ	〃	فاطر:35
لَفِيْفًا 1	جمع کر کے	صفت مشبہ	اسم جمع	〃	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ل ف ف	فَعِيْلًا	× ❶	بنی اسرائیل:104
لِقَآءَ 24	ملاقات	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ل ق ی	فِعَالٌ	لِقَایَ ❷	الأنعام:130
لَقَّاهُمْ 1	دے گا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	〃	〃	فَعَّلَ	لَقَّیَ ❸	الدھر:11
لُقْمَانَ 2	لقمان	اسم جامد	واحد مذکر	×	〃	صحیح	ل ق م	فُعْلَانٌ	× ❹	لقمان:13
لَقُوْا 2	وہ ملتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ل ق ی	فَعُوْا	لَقِيُوْا ❺	البقرة:14
لَقِيَا 1	وہ دونوں ملے	〃	تثنیہ مذکر غائب	〃	〃	〃	〃	فَعِلَا	×	الکھف:74
لَقِيْتُمْ 3	تم ٹکراؤ	〃	جمع مذکر حاضر	〃	〃	〃	〃	فَعِلْتُمْ	〃	الأنفال:45
لَقِيْنَا 1	ہم نے پائی	〃	جمع متکلم	〃	〃	〃	〃	فَعِلْنَا	〃	الکھف:62
لِكَيْ 2	تاکہ	حرف ناصبہ للفعل	×	×	×	×	×	×	×كَيْ ❻	النحل:70
لِكَيْلَا 4	تاکہ نہ	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	×كَيْ ❼	آل عمران:153
لِلّٰهِ 116	اللہ کے لیے	اسم جامد	واحد مذکر	〃	〃	مہموز الفاء	ء ل ہ	فِعَالٌ	لِ اللّٰهِ ❽	الفاتحة:2
لَلَبَسْنَا 1	ضرور ہم خلط ملط رکھتے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	〃	صحیح	ل ب س	فَعَلْنَا	×	الأنعام:9
لِلَّتِيْ 1	اس کی کہ	اسم موصول	واحد مؤنث	×	×	×	×	×	لِ الَّتِيْ ❾	بنی اسرائیل:9
لَلَجُّوْا 1	ضرور وہ اڑے رہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ل ج ج	فَعِلُوْا	لَجِجُوْا ❿	المؤمنون:75
لَلْحَقُّ 7	حق	(اسم) مصدر	×	ن،ض	〃	〃	ح ق ق	فَعْلٌ	حَقُقُ ⓫	البقرة:149
لَلَّذِيْ 1	البتہ وہ ہے جو	اسم موصول	واحد مذکر	×	×	×	×	×	لَ الَّذِيْ ⓬	ال عمران:96
لِلَّذِيْ 3	اس کے لیے جس نے	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	لِ الَّذِيْ ❾	الأنعام:79
لَلَّذِيْنَ 1	البتہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے	〃	جمع مذکر	〃	〃	〃	〃	〃	لَ الَّذِيْنَ ⓬	ال عمران:68
لِلَّذِيْنَ 79	ان لوگوں کے لیے جو	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	لِ الَّذِيْنَ ❾	البقرة:79
لَمْ 163	نہیں	حرف جازم	×	〃	〃	〃	〃	〃	× ⓭	البقرة:6

❶ ج: اَلْفَافٌ یا یہ باب نصر لَفَّ یَلُفُّ کا مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❷ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، یہ باب مفاعلہ کا سماعی مصدر بھی ہو سکتا ہے، یہاں یہ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❹ یہ علمیت اور الف ونون زائدتان کی وجہ سے غیر منصرف ہے، البتہ بعض کے نزدیک یہ عجمی ہے نام ہے تو پھر یہ علمیت اور عجمہ کی بناء پر غیر منصرف ہوگا، یہ ایک موحد اور انتہائی دانش مند، صاحب علم حبشی شخص کا نام ہے، ابتدائی عمر میں غلام کی حیثیت سے بکریاں چراتے تھے بعد میں علم وحکمت کی وجہ سے قاضی کے عہدہ پر فائز ہوئے، ان کے نبی ہونے میں اختلاف ہے لیکن صحیح بات یہ ہے کہ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کے امتی تھے۔ ❺ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❻ حرف ناصب فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے، یہ ماقبل کی علت اور سبب بیان کرتا ہے، اس سے پہلے لام جارہ ہے۔ ❼ حرف ناصب فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے، یہ ماقبل کی علت اور سبب بیان کرتا ہے، اس سے پہلے لام جارہ اور اس کے بعد لا حرف نفی ہے۔ ❽ لام حرف جر شدید اتصال چاہتا ہے ہمزہ وصلی جار اور مجرور کے درمیان فصل کا متقاضی تھا، اس اس لیے ہمزہ کو حذف کر دیا، لفظ اَللّٰه کی مکمل وضاحت لفظ اَللّٰه میں دیکھیں۔ ❾ لام حرف جر شدید اتصال چاہتا ہے ہمزہ وصلی جار اور مجرور کے درمیان فصل کا متقاضی تھا، اس لیے ہمزہ کو حذف کر دیا۔ ❿ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے جیم کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓫ دو ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) ⓬ شروع میں لام ابتداء آنے کی وجہ سے ہمزہ وصلی گر گیا ہے۔ ⓭ یہ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے اور اسے ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے، جسے نفی جحد بلم کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لِمَ 14	کیوں	یہ مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	لِ مَا ❶	ال عمران:65
لَمَّا 34	ابھی نہیں	حرف جزم	//	//	//	//	//	//	× ❷	عبس:23
لَمًّا 1	سمیٹ کر	(اسم) مصدر	//	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ل م م	فَعْلًا	لَمْمًا ❸	الفجر:19
لُمْتُنَّنِي 1	ملامت کرتی تھیں مجھے	فعل ماضی معلوم	جمع مؤنث حاضر	//	//	اجوف واوی	ل و م	فُلْتُنَّ	لَوَمْتُنَّ ❹	یوسف:32
كَلَمْحٍ 2	جھپکنے کی طرح	(اسم) مصدر	×	فتح	//	صحیح	ل م ح	فَعْلٍ	× ❺	النحل:77
لُمَزَةٍ 1	چغل خور	اسم مبالغہ	واحد مذکر	ضرب	//	//	ل م ز	فُعَلَةٍ	× ❻	الهمزة:1
لَمَسْنَا 1	ہم نے ٹٹولا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	//	//	ل م س	فَعَلْنَا	×	الجن:8
فَلَمَسُوهُ 1	پھر اس کو چھو لیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	الأنعام:7
اللَّمَمَ 1	چھوٹے گناہوں	اسم جامد	اسم جنس	×	//	مضاعف ثلاثی	ل م م	فَعَلَ	× ❼	النجم:32
لَنْ 59	ہرگز نہیں	حرف ناصب للفعل	×	//	×	×	×	×	× ❽	البقرة:55
لِنْتَ 1	تو نرم ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ل ی ن	فِلْتَ	لَيِنْتَ ❾	ال عمران:159
لَهَبٍ 3	شعلہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ل ہ ب	فَعَلٍ	× ❿	اللّهب:3
لَهْوٌ 10	تماشا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ل ہ و	فَعْلٌ	×	الأنعام:32
لَوْ 78	اگر	حرف شرط	//	×	×	×	×	×	× ⓫	الأنبياء:22
لَوَّاحَةٌ 1	جھلسا کر سیاہ کر دے گی	اسم مبالغہ	واحد مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ل و ح	فَعَّالَةٌ	×	المدثر:29
لِوَاذًا 1	چھپ کر	(اسم) مصدر	×	//	//	//	ل و ذ	فِعَالًا	× ⓬	النور:63
لَوَاقِحَ 1	بارآور	اسم فاعل	جمع مکسر	سمع	//	صحیح	ل ق ح	فَوَاعِلَ	× ⓭	الحجر:22

❶ اس کے شروع میں لام حرف جر اور ما استفہامیہ ہے، حرف جر کے آنے سے ما استفہامیہ کا الف گر گیا ہے۔ ❷ اس کی تین قسمیں ہیں: ① حرف جازم، یہ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے اور اسے ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے، جسے نفی جحد بلمّا کہتے ہیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے۔ ② بمعنی حِين، یہ فعل ماضی پر داخل ہوتا ہے، جیسے: ﴿ لَمَّا جَاءَهُمْ ﴾ ''جب ان کے پاس آیا'' (الأنعام:5)۔ ③ کلمہ استثناء، یہ حرف استثناء کے طور پر جملہ اسمیہ پر آتا ہے، جیسے: ﴿ إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴾ ''نہیں کوئی جان مگر اس کے اوپر ایک حفاظت کرنے والا ہے'' (الطارق:4)۔ ❸ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، یہاں یہ اسم مبالغہ کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور میم جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)، اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم ہے۔ ❺ اس کے شروع میں کاف حرف جر ہے۔ ❻ تاء زائدہ مبالغہ کے لیے ہے۔ ❼ یہ اصل میں باب افعال کا اسم مصدر ہے، اس کے معنی ہیں ''چھوٹے گناہ کرنا یا ان کے قریب ہونا، معمولی غلطیاں ہو جانا''، یہاں یہ بطور اسم جامد کے چھوٹے گناہوں کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ ❽ یہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اسے نفی مستقبل کے معنی میں خاص کر دیتا ہے، اسے نفی تاکید مؤکد بلن کہتے ہیں۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور نون جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعْنَ)۔ ❿ یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے، یہاں حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، سورۃ اللہب: 1 میں ﴿ أَبِي لَهَبٍ ﴾ سے مراد ابولہب ہے، یہ رسول اللہ ﷺ کے ایک کافر چچا عبدالعزی بن عبدالمطلب کی کنیت تھی، یہ بہت بڑا مشرک اور بہت حسین وجمیل تھا، آگ کے شعلے کی طرح اس کا چہرہ چمکتا تھا، اس لیے اس کی کنیت ابولہب ہو گئی، اور پھر آخرت میں دوزخی ہونے کی وجہ سے یہی کنیت ہو گئی۔ ⓫ ﴿ لَوْ ﴾ کی پانچ قسمیں ہیں: ① یہ حرف شرط غیر عامل پہلے جملے کی نفی کے سبب دوسرے جملے کی نفی پر دلالت کرتا ہے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② مصدر یہ غیر ناصبہ، ﴿ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ ﴾ (سورۃ القلم:9)۔ ③ تمنی کے لیے، جیسے: ﴿ لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً ﴾ (البقرة: 167)۔ ④ عرض کے لیے۔ ⑤ تقلیل کے لیے۔ ⓬ امام راغب کے نزدیک یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے۔ ⓭ م: لَاقِحٌ، اس کی جمع لُقَّحٌ بھی آتی ہے، صاحب المعجم الوسیط اسے باب افعال سے لے کر آئے ہیں: مُلْحِقَةٌ و لَاقِحٌ، اس صورت میں اس کے معنی مینہ برسانے والی ہوں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اللَّوَّامَةِ 1	بہت ملامت کرنے والے	اسم مبالغہ	واحد مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ل و م	فَعَّالَةٍ	× ❶	القیامة:2
لَوْحٍ 1	تختی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ل و ح	فَعْلٍ	× ❷	البروج:22
لُوطٍ 27	لوط علیہ السلام	//	//	//	//	//	ل و ط	فُعْلٍ	× ❸	ھود:70
لَوْلَا 38	اگر نہ ہوتے	حرف شرط	×	//	×	×	×	×	× ❹	سبا:31
لَوْمَا	کیوں نہیں	//	//	//	//	//	//	//	× ❺	الحجر:7
لَوْمَةَ 1	ملامت	مصدر مرّہ	//	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ل و م	فَعْلَةَ	×	المائدة:54
لُومُوا 1	ملامت کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوا	اَلُومُوا ❻	ابراھیم:22
لَوْنُهَا 2	اس کا رنگ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ل و ن	فَعْلٌ	× ❼	البقرة:69
لَوَّوْا 1	وہ ہلاتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مقرون	ل و ی	فَعَّوْا	لَوَيُوا ❽	المنافقون:5
لَيًّا 1	موڑتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلًا	لَوْيًا ❾	النساء:46
لَيَالٍ 3	راتیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	اجوف یائی ومضاعف ثلاثی	ل ی ل	فَعَالٍ	لَيَالِي ❿	مریم:10
لَيَالِيَ 1	رات	//	//	//	//	//	//	فَعَالِيَ	× ⓫	سبا:18
يَا لَيْتَ 14	اے کاش!	حرف مشبہ بالفعل	×	//	×	×	×	×	× ⓬	القصص:79
لَيْسَ 74	نہیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ل ی س	فَعْلَ	لَيِسَ ⓭	البقرة:177
لَيِسَتِ 3	//	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعْلَتِ	لَيِسَتْ ⓮	البقرة:113

❶ ﴿ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ﴾ سے مراد وہ نفس ہے جو انسان کو گناہوں پر ملامت کرتا ہے۔ ❷ ج: اَلْوَاحٌ۔ ❸ یہ مجمی علم ہے، ثلاثی ساکن الاوسط ہونے کی وجہ سے یہ منصرف ہے، یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے، انہیں سدوم بستی کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا گیا تھا جو اردن اور بیت المقدس کے درمیان واقع تھی، ان کی قوم میں لڑکوں سے بدفعلی کی برائی عام تھی، لوط علیہ السلام اور ان پر ایمان لانے والوں کو ہجرت کا حکم دیا گیا اور ان کی بستی کو آسمان کے قریب لے جا کر الٹ دیا گیا اوپر سے پتھروں کی بارش برسائی گئی۔ ❹ ﴿ لَوْلَا ﴾ اس کی تین قسمیں ہیں: ① یہ حرف شرط غیر عامل جملہ اسمیہ کے ساتھ خاص ہے، پہلے کے پائے جانے کے سبب دوسرے کے نہ پائے جانے پر دلالت کرتا ہے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے۔ ② حرف تحضیض، جیسے: ﴿ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ اللّٰهَ ﴾ (الفرقان: 21)۔ ③ توبیخ، یہ ماضی کے ساتھ خاص ہے، جیسے: ﴿ لَوْلَا جَاءُوا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ ﴾ (سورة النور: 13)۔ ❺ یہ لَوْلَا کی طرح استعمال ہوتا ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ اور میم جمع ہونے سے واؤ کو گرا دیا، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا۔ ❼ ج: اَلْوَانٌ۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❾ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)۔ ❿ م: لَيْلٌ و لَيْلَةٌ۔ ⓫ م: لَيْلٌ و لَيْلَةٌ۔ ⓬ یہ تمنی کے لیے آتا ہے، اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، اس سے پہلے یا حرف تنبیہ کے طور پر آیا ہے۔ ⓭ یہ افعال ناقصہ میں سے فعل غیر متصرف ہے اس کی صرف ماضی استعمال ہوتی ہے، یہ مضمون جملہ کی نفی کے لیے آتا ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، کثرت استعمال کی وجہ سے یاء ساکن ہو گئی۔ ⓮ یہ افعال ناقصہ میں سے فعل غیر متصرف ہے، اس کی صرف ماضی استعمال ہوتی ہے، یہ مضمون جملہ کی نفی کے لیے آتا ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، کثرت استعمال کی وجہ سے یاء ساکن ہو گئی، تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَيَسُوْا 2	نہیں ہیں وہ	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ل ی س	فَعُلُوْا	لَيِسُوْا ❶	ال عمران:113
لَيْلًا 80	رات کے وقت	اسم جامد	اسم جنس	×	//	//	ل ی ل	فَعْلًا	× ❷	یونس:24
لَيْلَةً 8	رات	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَةً	× ❸	البقرة:51
لَيِّنًا 1	نرمی	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	//	ل ی ن	فَيْعِلًا	لَيِيناً ❹	طٰہٰ:44
لِيْنَةٍ 1	کھجور کا درخت	اسم جامد	اسم جنس	×	//	//	//	فِعْلَةٍ	× ❺	الحشر:5

❶ یہ افعال ناقصہ میں سے فعل غیر متصرف ہے اس کی صرف ماضی استعمال ہوتی ہے، یہ مضمون جملہ کی نفی کے لیے آتا ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، کثرت استعمال کی وجہ سے یاء ساکن ہوگئی۔ ❷ لَيْلٌ مذکر اور لَيْلَةٌ مؤنث ہے، بعض کے نزدیک لَيْلٌ اسم جمع اور لَيْلَةٌ واحد ہے، بعض کے نزدیک لَيْلٌ اور لَيْلَةٌ دونوں کے معنی ایک جیسے ہیں اور ان کی جمع :اللَّيَالِي آتی ہے۔ ❸ ج: لَيَالٍ، ﴿ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴾ اور ﴿ لَيْلَةٌ مُّبَارَكَةٌ ﴾ سے مراد شب قدر ہے جو رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے کسی ایک رات میں آتی ہے، اس ایک رات کی عبادت ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے ❹ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❺ بعض کے نزدیک یہ اجوف واوی ہے، اصل میں یہ لِوْنَةٍ تھا، واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الميم (م)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَا	کیا	اسم استفہام	×	×	×	×	×	×	×❶	القدر:2
مَاءٌ 63	پانی	اسم جامد	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	م و ہ	فَعَلًا	مَوَهٌ❷	البقرة:22
مِائَةَ 8	سو	//	واحد مذکر ومؤنث	//	//	مہموز العین وناقص یائی	م ء ی	فِعَةٌ	مِئَيٌ❸	البقرة:259
مِائَتَيْنِ 2	دوسو	//	تثنیہ مذکر ومؤنث	//	//	//	//	فِعَتَيْنِ	مِئَيْنِ❹	الأنفال:65
مَائِدَةً 2	دسترخوان	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	م ی د	فَاعِلَةٌ	مَايِدَةٌ❺	المائدة:112
مَاتَ 2	وہ فوت ہوجائیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	م و ت	فَعَلَ	مَوَتَ❻	ال عمران:144
مَاتُوْا 7	فوت ہوگئے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	مَوَتُوْا❼	البقرة:161
مَاذَا 22	کیا	اسم استفہام	×	×	×	×	×	×	×	البقرة:219
مَارِجٍ 1	شعلے	اسم جامد	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م ر ج	فَاعِلٍ	//	الرحمٰن:15
مَارِدٍ 1	سرکش	اسم فاعل	//	کرم	ثلاثی مجرد	//	م ر د	//	×❽	الصافات:7
مَارُوْتَ 1	ماروت فرشتہ	اسم جامد	×	×	×	×	×	×	×❾	البقرة:102
الْمَاعُوْنَ 1	برتنے والی معمولی چیزیں	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م ع ن	فَاعُوْلَ	×	الماعون:7
مَاكِثُوْنَ 1	رہوگے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	//	م ك ث	فَاعِلُوْنَ	×❿	الزخرف:77
مَاكِثِيْنَ 1	رہنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×⓫	الكهف:3
الْمَاكِرِيْنَ 2	تدبیر کرنے والوں	//	//	//	//	//	م ك ر	//	×⓬	ال عمران:54
مَالِ 1	کیا ہے کے لیے	یہ مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	×	الكهف:49

❶ مَا کی درج ذیل دس قسمیں ہیں: ① اسم استفہام، جیسے: ﴿مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ﴾ (سورة القدر:2) ② اسم شرط، جیسے: ﴿مَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ﴾ (سورة البقرة: 197) ③ اسم موصول، جیسے: ﴿مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ﴾ (سورة النحل:96) ④ ما تعجبیہ، جیسے: ﴿مَا أَكْفَرَهُ﴾ (سورة عبس:17) ⑤ ما مشابہ بلیس، جیسے: ﴿مَا هٰذَا بَشَرًا﴾ (سورة یوسف:31) ⑥ حرف نفی، جیسے: ﴿مَا اخْتَلَفَ﴾ (سورة ال عمران: 19) ⑦ ما مصدریہ، جیسے: ﴿بِمَا نَسُوا﴾ (سورة صٓ:26) ⑧ مصدریہ ظرفیہ، جیسے: ﴿مَا دُمْتُ حَيًّا﴾ (سورة مریم: 31) ⑨ کافہ، جیسے: ﴿إِنَّمَا﴾ (سورة الكهف: 110) ⑩ زائدہ، جیسے: ﴿فَبِمَا رَحْمَةٍ﴾ (سورة ال عمران:159)۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر ھاء کو ہمزہ سے بدل دیا، ج: أَمْوَاهٌ ومِيَاهٌ۔ ❸ یاء کو حذف کرکے اس کے عوض تاء لے آئے، یہ اسم عدد ہے، مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے ایک ہی طرح استعمال ہوتا ہے، اس کی تمیز مفرد مجرور ہوتی ہے، یہ الف کے ساتھ مِائَةٌ اور بغیر الف کے مِئَةٌ دونوں طرح لکھا جاتا ہے، جب کہ پڑھنے کی صورت میں صرف مِئَةٌ پڑھا جاتا ہے، ج: مِئَاتٌ ومِئُوْنَ ومِأَيْنَ بعض کے نزدیک مِئِيْنَ بھی لکھا جاتا ہے۔ ❹ یاء کو حذف کرکے اس کے عوض تاء لے آئے، یہ لکھنے کی صورت میں الف کے ساتھ مِائَتَيْنِ، جبکہ پڑھنے کی صورت میں بغیر الف کے مِئَتَيْنِ پڑھا جاتا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: مِائَةٌ۔ ❺ یاء فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، ج: مَوَائِدُ، مَائِدَةٌ سے مراد کھانا لگا ہوا دسترخوان ہے، یہ اصل میں باب ضرب سے اسم فاعل واحد مؤنث کا صیغہ ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❼ ج: مَرَدَةٌ ومُرَّادٌ۔ ❽ یہ عجمی یعنی سریانی زبان میں علم ہے، یہ عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، ماروت اور ہاروت دو فرشتے تھے جو انسانی شکل میں بنی اسرائیل کی آزمائش کے لیے بابل میں بھیجے گئے تھے، ان پر جادو نازل کیا گیا تھا، یہ اتمام حجت کے لیے پہلے بتادیتے تھے کہ یہ کفر ہے اور ہم آزمائش کے لیے بھیجے گئے ہیں لہٰذا اس کام سے باز رہو اس کے باوجود وہ اسے سیکھتے تھے۔ ❾ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❿ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓫ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓬ اس میں مَا اسم استفہام اور لام حرف جر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَالٌ 24	کوئی مال	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	م و ل	فَعَلٌ	مَوَلٌ ❶	الشعراء:88
فَمَالِئُوْنَ 2	بس بھریں گے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	فتح	//	مہموز اللام	م ل ء	فَاعِلُوْنَ	×❷	الصافات:66
مَالِكِ 3	مالک	//	واحد مذکر	ضرب	//	صحیح	م ل ك	فَاعِلِ	×❸	الفاتحة:4
مَالِكُوْنَ 1	//	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❷	یٰسٓ:71
مَالِيَهْ 1	میرا مال	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف واوی	م و ل	فَعَلَ	مَوَلِ❹	الحاقة:28
مَانِعَتُهُمْ 1	بچالیں گے ان کو	اسم فاعل	واحد مؤنث	فتح	//	صحیح	م ن ع	فَاعِلَةٌ	×	الحشر:2
الْمَاهِدُوْنَ 1	بچھانے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	م ه د	فَاعِلُوْنَ	×❺	الذاریات:48
مَاهِيَهْ 1	کیا ہے وہ	مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	مَاهِيَ❻	القارعة:10
مَئَابٍ 8	ٹھکانا	اسم ظرف	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء واجوف واوی	ء و ب	مَفْعَلٍ	مَئْوَبٍ❼	الرعد:29
مَئَابِ 1	میرا لوٹنا	مصدر میمی	×	//	//	//	//	مَفْعَلٍ	مَئْوَبٍ❽	الرعد:36
مَئَارِبُ 1	مقاصد	//	جمع مکسر	سمع	//	مہموز الفاء	ء ر ب	مَفَاعِلُ	×❾	طٰه:18
مِئَةَ 8	سو	اسم جامد	واحد مذکر ومؤنث	×	//	مہموز العین وناقص یائی	م ء ی	فِعَةَ	مِئِيَ❿	البقرة:259
الْمُؤْتَفِكَاتِ 2	الٹی ہوئی بستیوں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	ء ف ك	مُفْتَعِلَاتِ	×	التوبة:70
الْمُؤْتَفِكَةَ 1	الٹی ہوئی بستی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفْتَعِلَةَ	//	النجم:53
الْمُؤْتُوْنَ 1	اداکرتے	//	جمع مذکر سالم	افعال	//	مہموز الفاء وناقص یائی	ء ت ی	مُفْعُوْنَ	مُؤْتِيُوْنَ⓫	النساء:162
مَأْتِيًّا 1	لایا ہوا	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعُوْلًا	مَأْتُوْيًا⓬	مریم:61
مُؤَجَّلًا 1	وقت مقرر	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	ء ج ل	مُفَعَّلًا	×	ال عمرٰن:145
مَأْجُوْجَ 2	ماجوج	اسم جامد	واحد مؤنث	×	×	×	×	×	×⓭	الکهف:94
مُؤَذِّنٌ 2	ایک اعلان کرنیوالا	اسم فاعل	واحد مذکر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	ء ذ ن	مُفَعِّلٌ	×	الأعراف:44
مُؤْصَدَةٌ 2	بند کی گئی	اسم مفعول	واحد مؤنث	افعال	//	//	ء ص د	مُفْعَلَةٌ	//	البلد:20

❶ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، ج: أَمْوَالٌ۔ ❷ ہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❸ یہ اسم فاعل بمعنی صفت مشبہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی بادشاہت میں دوام پایا جاتا ہے، ج: مَالِكُوْنَ و مَلَّاكٌ، سورۃ الزخرف: 77 میں ﴿يَامَالِكُ﴾ ''اے مالک'' جہنم کے ایک داروغہ کا نام ہے۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، ج: أَمْوَالٌ، یہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہے، اس کے آخر میں ھائے سکتہ ہے۔ ❺ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے، اللہ تعالیٰ کے ناموں میں جمع کا معنی ممتنع ہے، جمع صرف تعظیم کے لیے ہے، جہاں قرآن میں جمع کے لفظ کے ساتھ نام آیا ہے اسی پر اکتفاء کیا جائے گا، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ مَا اسم استفہام اور هِيَ ضمیر مرفوع منفصل ہے، اس کے آخر میں ھائے سکتہ ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، اس کے آخر سے یاء ضمیر متکلم تخفیفاً حذف ہو چکی ہے۔ ❾ م: مَأْرَبٌ او مَأْرَبَةٌ۔ ❿ یاء کو حذف کر کے اس کے عوض تاء لے آئے، یہ اسم عدد ہے، مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے ایک ہی طرح استعمال ہوتا ہے، اس کی تمیز مفرد مجرور ہوتی ہے، یہ الف کے ساتھ مِائَةٌ اور بغیر الف کے مِئَةٌ دونوں طرح لکھا جاتا ہے۔ ⓫ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ⓬ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ)، پھر یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا۔ ⓭ یہ عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، بعض کے نزدیک یہ عربی، مہموز الفاء ومضاعف ثلاثی أَجِيْجٌ سے مشتق ہے، اس صورت میں یہ مَفْعُوْل کے وزن پر ہوگا اس صورت میں یہ علمیت اور تانیث کی بناء پر غیر منصرف ہے کیونکہ یہ ایک قبیلہ کا نام ہے (تفصیل کے لیے دیکھیں لفظ يَأْجُوْجَ)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

م ء

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	سیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَأْكُوْلٍ 1	کھائے ہوئے	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	ء ك ل	مَفْعُوْلٍ	×	الفیل:5
الْمُؤَلَّفَةِ 1	الفت مقصود ہو	//	واحد مؤنث	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ء ل ف	مُفَعَّلَةِ	//	التوبة:60
مُؤْمِنٌ 221	مومن مرد	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	//	//	ء م ن	مُفْعِلٌ	//	البقرة:221
مُؤْمِنَاتٌ 22	ایمان والی عورتیں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُفْعِلَاتٌ	//	الفتح:25
مُؤْمِنَةٌ 6	مومنہ عورت	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفْعِلَةٌ	//	البقرة:221
مَأْمَنَهٗ 1	اس کی امن کی جگہ	اسم ظرف	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعَلَ	×❶	التوبة:6
مُؤْمِنُوْنَ 35	مومن	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	مُفْعِلُوْنَ	×❷	البقرة:285
مُؤْمِنَيْنِ 1	دونوں مومن	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	مُفْعِلَيْنِ	×❸	الکهف:80
مُؤْمِنِيْنَ 144	مومن	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	//	البقرة:91
مَأْمُوْنٍ 1	بے خوف ہونے کی چیز	اسم مفعول	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعُوْلٍ	×	المعارج:28
الْمَأْوٰى 4	رہنے	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	مہموز الفاء ولفیف مقرون	ء و ی	مَفْعَلُ	مَأْوَىٰ❹	السجدة:19
مَأْوَاهُ 18	اس کا ٹھکانا	اسم ظرف مکان	واحد	//	//	//	//	//	×❺	ال عمرٰن:162

❶ یہ مصدر میمی بھی ہوسکتا ہے۔ ❷ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❸ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، قرآن مجید میں مَأْوٰى جہاں اضافت کے ساتھ استعمال ہوا ہے وہاں وہ اسم ظرف ہے اور جہاں وہ بغیر اضافت کے استعمال ہوا ہے وہاں وہ مصدر ہے، ج: مَآوٍ۔ ❺ بعض کے نزدیک یہ مصدر میمی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُبَارَكٌ 8	بابرکت	اسم مفعول	واحد مذکر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ب ر ک	مُفَاعَلٌ	×	الأنعام:92
مُبَارَكَةٍ 4	برکت والا	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفَاعَلَةٍ	//	النور:35
مُبْتَلِيكُمْ 1	آزمانے والا ہے تم کو	اسم فاعل	واحد مذکر	افتعال	//	ناقص واوی	ب ل و	مُفْتَعِلٌ	مُبْتَلِوٌ ❶	البقرة:249
لَمُبْتَلِينَ 1	ضرور آزمانے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْتَعِينَ	مُبْتَلِوِينَ ❷	المؤمنون:30
الْمَبْثُوثِ 1	بکھرے ہوئے	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ب ث ث	مَفْعُولٍ	×	القارعة:4
مَبْثُوثَةٌ 1	بچھی ہوئی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مَفْعُولَةٌ	//	الغاشية:16
مُبَدِّلَ 3	کوئی بدل سکتا	اسم فاعل	واحد مذکر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ب د ل	مُفَعِّلٌ	//	الأنعام:34
مُبْدِيهِ 1	ظاہر کرنے والا تھا اس کو	//	//	افعال	//	ناقص واوی	ب د و	مُفْعِلٌ	مُبْدِوٌ ❶	الأحزاب:37
الْمُبَذِّرِينَ 1	فضول خرچ	//	جمع مذکر سالم	تفعیل	//	صحیح	ب ذ ر	مُفَعِّلِينَ	×❸	بنی اسرائیل:27
مُبَرَّءُونَ 1	بری	اسم مفعول	//	//	//	مہموز اللام	ب ر ء	مُفَعَّلُونَ	×❹	النور:26
مُبْرِمُونَ 1	مضبوط بات ٹھہرانے والے	اسم فاعل	//	افعال	//	صحیح	ب ر م	مُفْعِلُونَ	//	الزخرف:79
مَبْسُوطَتَانِ 1	دونوں کھلے	اسم مفعول	تثنیہ مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	//	ب س ط	مَفْعُولَتَانِ	//	المائدة:64
مُبَشِّرًا 5	خوشخبری دینے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ش ر	مُفَعِّلًا	×	بنی اسرائیل:105
مُبَشِّرَاتِ 1	خوشخبری دیتی ہیں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُفَعِّلَاتٍ	//	الروم:46
مُبَشِّرِينَ 4	خوشخبری دینے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفَعِّلِينَ	×❸	البقرة:213
مُبْصِرًا 3	روشن	//	واحد مذکر	افعال	//	//	ب ص ر	مُفْعِلًا	×	يونس:67
مُبْصِرَةً 3	//	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفْعِلَةً	//	بنی اسرائیل:12
مُبْصِرُونَ 1	دیکھنے لگتے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلُونَ	×❹	الأعراف:201
مُبْطِلُونَ 5	جھوٹے ہیں	//	//	//	//	//	ب ط ل	//	//	الروم:58
مُبْعَدُونَ 1	دور رکھے جائیں گے	اسم مفعول	//	//	//	//	ب ع د	مُفْعَلُونَ	//	الأنبياء:101
مَبْعُوثُونَ 7	اٹھائے جاؤ گے	//	//	فتح	ثلاثی مجرد	//	ب ع ث	مَفْعُولُونَ	//	هود:7
بِمَبْعُوثِينَ 2	دوبارہ اٹھائے جائیں گے	//	//	//	//	//	//	مَفْعُولِينَ	×❹	الأنعام:29
مُبْلِسُونَ 3	وہ ناامید ہونے لگے	اسم فاعل	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ل س	مُفْعِلُونَ	×❺	الأنعام:44
لَمُبْلِسِينَ 1	وہ ضرور ناامید ہو رہے تھے	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِينَ	×❹	الروم:49

❶ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوا)۔ ❷ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن واؤ اور یاء جمع ہونے سے واؤ کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِينَ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❺ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَبْلَغُهُمْ 1	ان کی انتہا	مصدر میمی	×	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ب ل غ	مَفْعَلٌ	× ❶	النجم:30
مَبْنِيَّةٌ 1	بنے ہوئے	اسم مفعول	واحد مؤنث	ضرب	//	ناقص یائی	ب ن ی	مَفْعُوْلَةٌ	مَبْنُوْيَةٌ ❷	الزمر:20
مُبَوَّءَ 1	جگہ	اسم ظرف	واحد	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی ومہموز اللام	ب و ء	مُفَعَّلٌ	× ❸	یونس:93
مُبِيْنٌ 119	ظاہری	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	//	اجوف یائی	ب ی ن	مُفْعِلٌ	مُبْيِنٌ ❹	البقرة:168
مُبَيِّنَاتٍ 3	روشن	//	جمع مؤنث سالم	تفعیل	//	//	//	مُفَعِّلَاتٍ	×	النور:34
مُبَيِّنَةٍ 3	روشن	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفَعِّلَةٍ	//	النساء:19
مِتَّ 1	تو مرجائے گا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	م ی ت	فِلْتَ	مَيَتَ ❺	الأنبياء:34
مِتُّ 2	میں مرچکی ہوتی	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فِلْتُ	مَيَتُ ❺	مریم:23
مَتٰى 9	کب	اسم جامد	×	×	×	×	×	×	× ❻	البقرة:214
مَتَابًا 2	رجوع کرنا	مصدر میمی	//	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ت و ب	مَفْعَلًا	مَتَوَبًا ❼	الفرقان:71
مَتَاعٌ 34	فائدہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م ت ع	فَعَالٌ	× ❽	البقرة:36
مُتَبَّرٌ 1	برباد کیا جانے والا	اسم مفعول	//	تفعیل	//	//	ت ب ر	مُفَعَّلٌ	×	الأعراف139
مُتَبَرِّجَاتٍ 1	وہ ظاہر کرنے والی ہوں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	تفعّل	//	//	ب ر ج	مُتَفَعِّلَاتٍ	//	النور:60
مُتَّبَعُوْنَ 2	ان کا پیچھا کیا جائے گا	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	افتعال	//	//	ت ب ع	مُفْتَعَلُوْنَ	مُتْتَبَعُوْنَ ❾	الشعراء:52
مُتَتَابِعَيْنِ 2	لگاتار	اسم فاعل	تثنیہ مذکر	تفاعل	//	//	//	مُتَفَاعِلَيْنِ	× ❿	النساء:92
مُتَجَانِفٍ 1	مائل ہو	//	واحد مذکر	//	//	//	ج ن ف	مُتَفَاعِلٍ	×	المائدة:3
مُتَجَاوِرَاتٌ 1	ایک دوسرے سے ملے ہوئے	//	جمع مؤنث سالم	//	//	اجوف واوی	ج و ر	مُتَفَاعِلَاتٌ	× ⓫	الرعد:4

❶ یہ اسم ظرف بھی ہوسکتا ہے۔ ❷ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کردیا، پھر یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ)۔ ❸ یہ مصدر میمی بھی ہوسکتا ہے۔ ❹ یاء متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، یہ صفت مشبہ بھی ہوسکتی ہے۔ ❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف کو گرادیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعْنَ)، یہ اجوف واوی اور یائی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، جب باب ضرب ہو تو ناقص یائی اور جب باب نصر ہو تو ناقص واوی ہوتا ہے، بعض کے نزدیک یہ باب، تداخل کے قبیل میں سے ہے، یعنی ماضی باب سمع کی اور مضارع باب نصر سے ہے۔ ❻ ظرف زمان مبنی برسکون استفہام کے لیے آیا ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، سورۃ الرعد:30 میں ﴿مَتَابِ﴾ اصل میں مَتَابِیْ تھا، اس کے آخر سے یاء ضمیر متکلم تخفیفاً حذف ہوچکی ہے۔ ❽ بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل تَمْتِيْعٌ، تفعّل تَمَتُّعٌ یا اِسْتِفْعَال اِسْتِمْتَاعٌ سے اسم مصدر ہے، لفظ ﴿مَتَاع﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① فائدہ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② سامان، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:236 میں ہے ﴿مَتَاعًا﴾ ''سامان''، ج: اَمْتِعَةٌ۔ ❾ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❿ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓫ ﴿مُتَجٰوِرٰتٌ﴾ ایک دوسرے کے قریب اور متصل، یعنی زمین کا ایک حصہ سرسبز وشاداب ہے تو اس کے ساتھ ہی بنجر اور شوریلی زمین ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُتَحَرِّفًا [1]	وہ گھات لگاتا ہو	اسم فاعل	واحد مذکر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ح ر ف	مُتَفَعِّلًا	×	الأنفال:16
مُتَحَيِّزًا [1]	جا ملنے والا ہو	//	//	تَفَيْعُل	ملحق رباعی مزید فیہ	اجوف واوی	ح و ز	مُتَفَيْعِلًا	مُتَحَيْوِزًا ❶	//
مُتَّخِذَ [1]	بنانے والا ہوں	//	//	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	ء خ ذ	مُفْتَعِلَ	مُؤْتَخِذَ ❷	الكهف:51
مُتَّخِذَاتِ [1]	پکڑنے والیاں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُفْتَعِلَاتِ	مُؤْتَخِذَاتِ ❷	النساء:25
مُتَّخِذِي [1]	بنانے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْتَعِلِي	مُؤْتَخِذِيْنَ ❸	المائدة:5
مُتَرَاكِبًا [1]	تہ بہ تہ	//	واحد مذکر	تفاعل	//	صحیح	ر ك ب	مُتَفَاعِلًا	×	الأنعام:99
مَتْرَبَةٍ [1]	خاک نشین	مصدر میمی	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	ت ر ب	مَفْعَلَةٍ	×❹	البلد:16
مُتَرَبِّصٌ [1]	انتظار کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ب ص	مُتَفَعِّلٌ	×	طٰه:135
مُتَرَبِّصُوْنَ [1]	وہ انتظار کرتے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُتَفَعِّلُوْنَ	×❺	التوبة:52
الْمُتَرَبِّصِيْنَ [1]	انتظار کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	مُتَفَعِّلِيْنَ	×❺	الطور:31
الْمُتَرَدِّيَةُ [1]	گر کر مرنے والا	//	واحد مؤنث	//	//	ناقص یائی	ر د ی	مُتَفَعِّلَةُ	×	المائدة:3
مُتْرَفُوْهَا [2]	اس کے خوشحال لوگوں	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	افعال	//	صحیح	ت ر ف	مُفْعَلُوْ	مُتْرَفُوْنَ ❻	سبا:34
مُتْرَفِيْنَ [1]	عیش و نعم میں پڑے ہوئے	//	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	×❻	الواقعة:45
مُتْرَفِيْهَا [2]	اس کے خوش حال لوگوں	//	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْ	مُتْرَفِيْنَ ❻	بنی اسرائیل:16
مُتَشَابِهٍ [5]	آپس میں ملتے جلتے	اسم فاعل	واحد مذکر	تفاعل	//	//	ش ب ه	مُتَفَاعِلٍ	×❿	الأنعام:99
مُتَشَابِهَاتٌ [1]	کئی معنوں میں ملتی جلتی	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُتَفَاعِلَاتٌ	×⓫	ال عمرٰن:7
مُتَشَاكِسُوْنَ [1]	بدخو	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	ش ك س	مُتَفَاعِلُوْنَ	×❼	الزمر:29
مُتَصَدِّعًا [1]	پھٹا جا رہا ہوتا	//	واحد مذکر	تفعّل	//	//	ص د ع	مُتَفَعِّلًا	×	الحشر:21
الْمُتَصَدِّقَاتِ [1]	خیرات کرنے والی عورتیں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	ص د ق	مُتَفَعِّلَاتِ	//	الأحزاب:35

❶ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلی ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ) ملحق بنانے کے لیے اس میں یاء زائدہ لائی گئی ہے، اگر یہ ثلاثی مزید فیہ مُتَحَيِّزًا بروزن مُتَفَعِّلًا ہوتا تو یہ مُتَحَوِّزًا ہونا چاہیے تھا۔ ❷ ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: بُوسٌ)، واؤ باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: اِتَّقَدَ)۔

فائدہ: اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ کے اصل کے بارے تین قول ہیں: ① علامہ جوہری کے نزدیک یہ مہموز الفاء ہے، اس کی اصل اَخَذَ ہے۔ ② ابوعلی فارسی کے نزدیک یہ صحیح ہے، اس کی اصل تَخِذَ ہے۔ ③ متاخرین کے نزدیک یہ مثال ہے، اس کی اصل وَخَذَ ہے۔

فائدہ: اِتَّخَذَ کے مشتقات میں واؤ اور یاء کے ہمزہ سے تبدیل ہونے کے باوجود بھی ادغام کیا گیا ہے، یہ شاذ ہے۔

❸ ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: بُوسٌ)، واؤ باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: اِتَّقَدَ)، اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ تاء زائدہ مبالغہ کے لیے ہے۔ ❺ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ سورۃ الزمر: 23 میں ہے ﴿كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا﴾ ''ایسی کتاب جو آپس میں ملتی جلتی ہے'' اس سے مراد وہ نص قرآنی ہے جس میں مختلف معانی کا احتمال ہو۔ ⓫ اس سے مراد وہ آیات ہیں جو ایسے معانی پر دلالت کریں جن کی حقیقت سمجھنے سے انسانی عقل قاصر ہو، مثلاً حروف مقطعات، تقدیر کے مسائل وغیرہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الْمُتَصَدِّقِيْنَ 2	صدقہ کرنے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ص د ق	مُتَفَعِّلِيْنَ	× ❶	یوسف:88
الْمُتَطَهِّرِيْنَ 1	پاک رہنے والوں	//	//	//	//	//	ط ہ ر	//	//	البقرۃ:222
الْمُتَعَالِ 1	بلند	//	واحد مذکر	تفاعل	//	ناقص واوی	ع ل و	مُتَفَاعِ	مُتَعَالِيُ ❷	الرعد:9
مَتَّعْتُ 1	میں نے فائدہ دیا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	تفعیل	//	صحیح	م ت ع	فَعَّلْتُ	×	الزخرف:29
مَتَّعْتَهُمْ 1	تو نے فائدہ دیا ان کو	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَّلْتَ	//	الفرقان:18
مُتَعَمِّدًا 2	جان بوجھ کر	اسم فاعل	واحد مذکر	تفعّل	//	//	ع م د	مُتَفَعِّلًا	//	النساء:93
مَتَّعْنَا 7	ہم نے ان کو فائدہ دیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	//	//	م ت ع	فَعَّلْنَا	//	الحجر:88
مَتَّعُوْهُنَّ 2	فائدہ پہنچاؤ ان کو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلُوْ	//	البقرۃ:236
مُتَفَرِّقُوْنَ 1	مختلف	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	تفعّل	//	//	ف ر ق	مُتَفَعِّلُوْنَ	× ❶	یوسف:39
مُتَفَرِّقَةٍ 1	جدا جدا	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُتَفَعِّلَةٍ	×	یوسف:67
مُتَقَابِلِيْنَ 4	آمنے سامنے بیٹھے ہوئے	//	جمع مذکر سالم	تفاعل	//	//	ق ب ل	مُتَفَاعِلِيْنَ	× ❶	الحجر:47
مُتَقَلَّبَكُمْ 1	تمہارے چلنے پھرنے	مصدر میمی	×	تفعّل	//	//	ق ل ب	مُتَفَعَّلَ	× ❹	محمد:19
الْمُتَّقُوْنَ 6	متقی	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افتعال	//	لفیف مفروق	و ق ی	مُفْتَعُوْنَ	مُوْتَقِيُوْنَ ❺	البقرۃ:177
الْمُتَّقِيْنَ 43	پرہیزگاروں	//	//	//	//	//	//	مُفْتَعِيْنَ	مُوْتَقِيِيْنَ ❻	البقرۃ:180
مُتَّكَأً 1	مسندیں	اسم ظرف	واحد مذکر	//	//	مثال واوی و مہموز اللام	و ك ء	مُفْتَعَلًا	مُوْتَكَأً ❼	یوسف:31
مُتَكَبِّرٍ 3	تکبر کرنے والا	اسم فاعل	//	تفعّل	//	صحیح	ك ب ر	مُتَفَعِّلٍ	×	المؤمن:27
مُتَّكِئُوْنَ 1	تکیے لگا کر بیٹھے ہوں گے	//	جمع مذکر سالم	افتعال	//	مثال واوی و مہموز اللام	و ك ء	مُفْتَعِلُوْنَ	مُوْتَكِئُوْنَ ❽	یٰسٓ:56
مُتَّكِئِيْنَ 7	تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے	//	//	//	//	//	//	مُفْتَعِلِيْنَ	مُوْتَكِيِيْنَ ❿	الکہف:31
الْمُتَكَبِّرِيْنَ 4	تکبر کرنے والوں	//	//	تفعّل	//	صحیح	ك ب ر	مُتَفَعِّلِيْنَ	× ⓫	النحل:29
الْمُتَكَلِّفِيْنَ 1	تکلف کرنے والوں	//	//	//	//	//	ك ل ف	//	//	صٓ:86

❶ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❷ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہوگئی (قاعدہ: دَاعٍ)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، (قاعدہ: رَضُوْا)، پھر باقی آیات کے رؤوس کی مناسبت سے یاء گر گئی۔ ❸ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ یہ اسم ظرف بھی ہو سکتا ہے۔ ❺ واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: اِتَّقَدَ)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: اِتَّقَدَ)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: اِتَّقَدَ)۔ ❽ واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: اِتَّقَدَ)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❾ واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: اِتَّقَدَ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْمُتَلَقِّيَانِ 1	دو لینے والے	اسم فاعل	تثنیہ مذکر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ل ق ی	مُتَفَعِّلَانِ	× ❶	ق:17
مُتِمُّ 1	پورا کرکے رہے گا	//	واحد مذکر	افعال	مضاعف ثلاثی	مضاعف ثلاثی	ت م م	مُفْعِلُ	مُتْمِمُ ❷	الصف:8
مُتُّمْ 2	تم فوت ہو جاؤ	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	م و ت	فُلْتُمْ	مَوَتْتُمْ ❸	ال عمرٰن:157
مِتُّمْ 1	مرجاؤ گے	//	//	ضرب	//	اجوف یائی	م ی ت	فِلْتُمْ	مَيَتْتُمْ ❹	المؤمنون:35
مِتْنَا 5	ہم مرجائیں گے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فِلْنَا	مَيَتْنَا ❺	المؤمنون:82
اَلْمُتَنَافِسُوْنَ 1	رغبت رکھنے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ن ف س	مُتَفَاعِلُوْنَ	× ❻	المطففین:26
لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ 1	گہری نظر سے دیکھنے والوں کیلیے	//	//	تفعّل	//	مثال واوی	و س م	مُتَفَعِّلِيْنَ	× ❼	الحجر:75
مُتَوَفِّيْكَ 1	فوت کرنے والا ہوں تجھ کو	//	واحد مذکر	//	//	لفیف مفروق	و ف ی	مُتَفَعِّلٌ	مُتَوَفِّيْ ❽	ال عمرٰن:55
اَلْمُتَوَكِّلُوْنَ 3	توکل کرنے والوں	//	جمع مذکر سالم	//	//	مثال واوی	و ک ل	مُتَفَعِّلُوْنَ	× ❾	یوسف:67
اَلْمُتَوَكِّلِيْنَ 1	//	//	//	//	//	//	//	مُتَفَعِّلِيْنَ	× ❿	ال عمرٰن:159
مَتِيْنٌ 3	مضبوط	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	ثلاثی مجرد	صحیح	م ت ن	فَعِيْلٌ	×	الأعراف:183
مَثَابَةً 1	بار بار آنے کی جگہ	اسم ظرف	واحد	نصر	//	اجوف واوی	ث و ب	مَفْعَلَةٌ	مَثْوَبَةٌ ⓫	البقرة:125
مَثَانِيَ 1	دہرائی جاتی ہیں	صفت مشبہ	جمع مکسر	ضرب	//	ناقص یائی	ث ن ی	مَفَاعِلُ	× ⓬	الزمر:23
اَلْمَثَانِيْ 1	بار بار پڑھی جانے والی	//	//	//	//	//	//	مَفَاعِلُ	مَثَانِيْ ⓭	الحجر:87
مَثْبُوْرًا 1	ہلاکت میں سونپا ہوا	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	//	صحیح	ث ب ر	مَفْعُوْلًا	×	بنی اسرائیل:102
مِثْقَالَ 8	ذرہ برابر	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ث ق ل	مِفْعَالٌ	× ⓮	النساء:40
مُثْقَلَةٌ 1	کوئی بوجھ میں دبا	اسم مفعول	واحد مؤنث	افعال	//	//	//	مُفْعَلَةٌ	×	فاطر:18
مُثْقَلُوْنَ 2	بوجھل ہوتے جارہے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعَلُوْنَ	× ⓯	الطور:40

❶ یہ اس کی رفعی حالت ہے، بعض نے اس کے معنی ''دو لکھنے والے'' بھی کیے ہیں، ان سے مراد وہ دو فرشتے ہیں جو ہر وقت ہر انسان کے دائیں بائیں جانب ہر نیکی اور گناہ لکھنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:يَمُدُّ)۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا اور یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ:قُلْنَ)، دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)، یہ ماضی مجہول بھی ہو سکتی ہے اس صورت میں یہ اصل میں مُوِتْتُمْ ہوگا، قاعدہ قبل کے تحت واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو یاء سے بدل دیا، پھر دو ساکن یاء اور تاء جمع ہونے سے یاء گر گئی، قاعدہ قُلْنَ کے تحت فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ:بِعْنَ)، دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)۔ ❺ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❽ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ:يُقَالُ)، اس کے آخر میں تاء مبالغہ کے لیے زائدہ ہے۔ ❿ یہ جمع منتہی الجموع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: اَلْمَثَانِيْ۔ ⓫ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ:تَرْمِيْنَ)، م: اَلْمَثْنٰى۔ ⓬ یہ اصل میں باب نصر سے اسم آلہ ہے اس کے معنی ہیں وزن کا پیمانہ، پھر یہ ایک مقدار یعنی ساڑھے چار ماشے پر بھی بولا جائے گا، اس اعتبار سے یہ اسم جامد ہے، ج: مَثَاقِيْلُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مِثْلَ 73	مثل	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	م ث ل	فِعْلَ	×❶	البقرة:113
مَثَلُ 47	مثال	اسم جامد	//	×	//	//	//	فَعَلُ	×❷	البقرة:171
مَثَلًا 22	//	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	×❸	البقرة:26
اَلْمُثْلٰى 1	سب سے اچھا	اسم تفضیل	واحد مؤنث	کرم	//	//	//	فُعْلٰى	×❹	طٰه:63
اَلْمَثُلٰتُ 1	عبرت ناک سزائیں	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	//	//	فَعُلَاتُ	×❺	الرعد:6
مِثْلَيْهِمْ 2	اپنے سے دوگنا	صفت مشبہ	تثنیہ مذکر	نصر	//	//	//	فِعْلَيْ	مِثْلَيْنِ❻	ال عمرٰن:13
مَثْنٰى 3	دودو	//	واحد مذکر	ضرب	//	ناقص یائی	ث ن ی	مَفْعَلَ	مَثْنَىٰ❼	النساء:3
مَثْوًى 9	ٹھکانا	اسم ظرف مکان	واحد	//	//	لفیف مقرون	ث و ی	مَفْعَلٌ	مَثْوَىٰ❽	العنکبوت:68
مَثْوَاهُ 4	اس کی رہائش	//	//	//	//	//	//	مَفْعَلُ	مَثْوَىٰ❾	یوسف:21
مَثُوْبَةً 2	جزا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	اجوف واوی	ث و ب	مَفْعُلَةً	مَثُوْبَةٌ❿	المائدة:60
اَلْمَجَالِسِ 1	مجلسیں	اسم ظرف مکان	جمع مکسر	ضرب	//	صحیح	ج ل س	مَفَاعِلِ	×⓫	المجادلة:11
اَلْمُجَاهِدُوْنَ 1	جہاد کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ج ہ د	مُفَاعِلُوْنَ	×⓬	النساء:95
اَلْمُجَاهِدِيْنَ 3	جہاد کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	مُفَاعِلِيْنَ	×⓭	//
مُجْتَمِعُوْنَ 1	جمع ہو سکتے ہو	//	//	افتعال	//	//	ج م ع	مُفْتَعِلُوْنَ	×	الشعراء:39
مَجْذُوْذٍ 1	ختم ہونے والی	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ج ذ ذ	مَفْعُوْلٍ	//	هود:108
مُجْرِمًا 2	گنہگار	اسم فاعل	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ر م	مُفْعِلًا	//	طٰه:74
مُجْرِمُوْنَ 15	نافرمان	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلُوْنَ	×⓮	الدخان:22
مُجْرِمِيْنَ 34	مجرم	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	×⓯	الأعراف:133
مُجْرِمِيْهَا 1	اس میں جرم کرنیوالے	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْ	مُجْرِمِيْنَ⓰	الأنعام:123
مَجْرٖهَا 1	اس کا چلنا	مصدر میمی	×	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ج ر ی	مَفْعِلُ	مَجْرٖيْ⓱	هود:41
مَجْمَعَ 2	جمع ہونے کی جگہ	اسم ظرف مکان	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	ج م ع	مَفْعَلَ	×	الكهف:60

❶ یہ مذکر، مؤنث، واحد، تثنیہ اور جمع سب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ❷ اس کے اصل معنی نظیر اور شبیہ کے ہیں پھر یہ مماثلۃ سے مشتق اسم بمعنی صفت اور حال استعمال ہونے لگا، ج: اَمْثَالٌ۔ ❸ ج: اَمْثَالٌ۔ ❹ مفرد مذکر اَمْثَلُ آتا ہے، ج: مُثُلٌ۔ ❺ م: مَثُلَةٌ۔ ❻ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: مِثْلٌ۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) یہ اِثْنَتَانِ اِثْنَتَانِ سے معدول ہے، عدل تحقیقی اور وصف کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ لفظ کے اعتبار سے واحد اور معنی کے اعتبار سے تثنیہ ہے۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، ج: مَثَاوٍ، یہ مصدر میمی بھی ہو سکتا ہے۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، بعض کے نزدیک یہ اسم مفعول کے وزن پر ہے، اصل میں مَثْوُوْبَةٌ تھا، واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی۔ ⓫ م: مَجْلِسٌ۔ ⓬ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓭ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓮ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓯ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، یاء کو کھڑی زیر کی صورت میں لکھا گیا ہے، یہ قرآنی رسم الخط ہے لیکن پڑھنے میں یہ امالے کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے یعنی اردو کی ''ے'' کی طرح۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَجْمُوْعٌ 1	جمع کیے جائیں گے	اسم مفعول	واحد مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ج م ع	مَفْعُوْلٌ	×	هود:103
لَمَجْمُوْعُوْنَ 1	ضرور جمع کیے جائیں گے	〃	جمع مذکر سالم	〃	〃	〃	〃	مَفْعُوْلُوْنَ	×❶	الواقعة:50
مَجْنُوْنٌ 11	دیوانہ	〃	واحد مذکر	ضرب	〃	مضاعف ثلاثی	ج ن ن	مَفْعُوْلٌ	×❷	الصافات:36
اَلْمَجُوْسَ 1	مجوسی	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م ج س	فَعُوْلَ	×❸	الحج:17
مُجِيْبٌ 1	دعا قبول کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	〃	اجوف واوی	ج و ب	مُفْعِلٌ	مُجْوِبٌ❹	هود:61
اَلْمُجِيْبُوْنَ 1	دعا قبول کرنے والے	〃	جمع مذکر سالم	〃	〃	〃	〃	مُفْعِلُوْنَ	مُجْوِبُوْنَ❺	الصافات:75
مَجِيْدٌ 4	بڑا بزرگی والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	ثلاثی مجرد	صحیح	م ج د	فَعِيْلٌ	×	هود:73
مَحَارِيْبَ 1	قلعے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	〃	ح ر ب	مَفَاعِيْلَ	×❻	سبا:13
اَلْمِحَالِ 1	قوت والا	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	〃	〃	م ح ل	فِعَالٍ	×❼	الرعد:13
مَحَبَّةً 1	محبت	مصدر میمی	〃	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح ب ب	مَفْعَلَةٌ	مَحْبَبَةٌ❽	طه:39
مُحْتَضَرٌ 1	حاضر ہوا جائے گا	اسم مفعول	واحد مذکر	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ح ض ر	مُفْتَعَلٌ	×	القمر:28
اَلْمُحْتَظِرِ 1	باڑ لگانے والے	اسم فاعل	〃	〃	〃	〃	ح ظ ر	مُفْتَعِلٍ	〃	القمر:31
لَمَحْجُوْبُوْنَ 1	ضرور پردے میں ہوں گے	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	〃	ح ج ب	مَفْعُوْلُوْنَ	×❶	المطففين:15
مَحْجُوْرًا 2	محروم کیے گئے	〃	واحد مذکر	〃	〃	〃	ح ج ر	مَفْعُوْلًا	×	الفرقان:22
مُحْدَثٍ 2	نئی	〃	〃	افعال	ثلاثی مزید فیہ	〃	ح د ث	مُفْعَلٍ	〃	الأنبياء:2
مَحْذُوْرًا 1	ڈرا جاتا	〃	〃	سمع	ثلاثی مجرد	〃	ح ذ ر	مَفْعُوْلًا	〃	بنی اسرائیل:57
اَلْمِحْرَابَ 4	عبادت خانے	اسم جامد	〃	×	ثلاثی مزید فیہ	〃	ح ر ب	مِفْعَالَ	×❿	ال عمرٰن:37
مُحَرَّرًا 1	آزاد	اسم مفعول	〃	تفعیل	〃	مضاعف ثلاثی	ح ر ر	مُفَعَّلًا	×	ال عمرٰن:35
مُحَرَّمٌ 4	حرام	〃	〃	〃	〃	صحیح	ح ر م	مُفَعَّلٌ	〃	البقرة:85
مُحَرَّمَةٌ 1	حرام کر دیا گیا	〃	واحد مؤنث	〃	〃	〃	〃	مُفَعَّلَةٌ	〃	المائدة:26
اَلْمَحْرُوْمِ 2	محروم	〃	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	〃	〃	مَفْعُوْلٍ	×⓫	الذاريات:19

❶ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ ج: مَجَانِيْنُ۔ ❸ م: مَجُوسِيٌّ ، یہ مجوس کی طرف منسوب اسم ہے، مجوس اصل میں چھوٹے کانوں والا ایک آدمی تھا، جس نے دین مجوسیت کی بنیاد رکھی تھی، یہ دو خداؤں کو مانتے ہیں، یزدان اور اہرمن، یزدان کو خیر کا خالق اور اہرمن کو شر کا خالق سمجھتے ہیں۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ) ۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ) ، یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے، اللہ تعالیٰ کے ناموں میں جمع کا معنی ممتنع ہے، جمع صرف تعظیم کے لیے ہے، جہاں قرآن میں جمع کے لفظ کے ساتھ نام آیا ہے اسی پر اکتفاء کیا جائے گا، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ م: مِحْرَابٌ، بعض کے نزدیک یہ اسم ظرف ہے جو باب مفاعلہ سے غیر قیاسی طور پر اس وزن پر آیا ہے۔ ❼ بعض کے نزدیک یہ اجوف واوی حَوْل سے مشتق ہے، یہ باب نصر کا مصدر ہے، اصل میں مِحْوَلٍ بروزن مِفْعَلٍ ہے، واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ) ۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے باء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے باء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: يَمُدُّ) ۔ ❾ ج: مَحَارِيْبُ ، بعض کے نزدیک یہ اسم ظرف ہے جو باب مفاعلہ سے غیر قیاسی طور پر اس وزن پر آیا ہے، یہ حَرْبٌ سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں "لڑائی" گویا کہ عبادت گاہ شیطان سے لڑائی کی جگہ ہے۔ ❿ یہاں محروم سے مراد سوال نہ کرنے والا محتاج ہے، لوگ اسے غنی سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَحْرُوْمُوْنَ 2	محروم	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ر م	مَفْعُوْلُوْنَ	×❶	الواقعة:67
مُحْسِنٌ 4	نیکی کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ح س ن	مُفْعِلٌ	×	البقرة:112
لِلْمُحْسِنَاتِ 1	نیکی کرنے والیوں کے لیے	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُفْعِلَاتِ	//	الأحزاب:29
مُحْسِنُوْنَ 1	نیکوکار	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلُوْنَ	×❶	النحل:128
مُحْسِنِيْنَ 33	نیکی کرنے والے	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	×❷	الذاريات:16
مَحْسُوْرًا 1	پچھتاتا ہوا	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ح س ر	مَفْعُوْلًا	×	بنی اسرائیل:29
مَحْشُوْرَةً 1	اکٹھے کیے ہوتے	//	واحد مؤنث	//	//	//	ح ش ر	مَفْعُوْلَةً	//	صٓ:19
مُحْصَنَاتٍ 8	پاکدامن عورتیں	//	جمع مؤنث سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ص ن	مُفْعَلَاتٍ	×❸	النساء:25
مُحَصَّنَةٍ 1	قلعہ بند	//	واحد مؤنث	تفعیل	//	//	//	مُفَعَّلَةٍ	×	الحشر:14
مُحْصِنِيْنَ 2	نکاح کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	×❷	النساء:24
مُحْضَرًا 1	حاضر	اسم مفعول	واحد مذکر	//	//	//	ح ض ر	مُفْعَلًا	×	ال عمرٰن:30
مُحْضَرُوْنَ 7	حاضر رکھے جائیں گے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعَلُوْنَ	×❶	الروم:16
الْمُحْضَرِيْنَ 2	حاضر کیے جانے والوں	//	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	×❶	القصص:61
مَحْظُوْرًا 1	روکے ہوئے	//	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ح ظ ر	مَفْعُوْلًا	×	بنی اسرائیل:20
مَحْفُوْظٍ 1	محفوظ	//	//	سمع	//	//	ح ف ظ	مَفْعُوْلٍ	//	البروج:22
مُحْكَمَاتٌ 1	واضح حکم والی	//	جمع مؤنث سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ك م	مُفْعَلَاتٌ	×❻	ال عمرٰن:7
مُحْكَمَةٌ 1	محکم	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفْعَلَةٌ	×	محمد:20
مُحَلِّقِيْنَ 1	منڈوانے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	تفعیل	//	//	ح ل ق	مُفَعِّلِيْنَ	×❷	الفتح:27
مَحِلَّهٗ 3	اپنے حلال ہونے کی جگہ	اسم ظرف	واحد	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح ل ل	مَفْعِلَ	مَحْلِلَ❶	البقرة:196
مُحِلِّيْ 1	حلال جاننے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	مُفْعِلِيْ	مُحْلِلِيْنَ❷	المائدة:1
مُحَمَّدٌ 4	محمد ﷺ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ح م د	مُفَعَّلٌ	×❸	ال عمرٰن:144

❶ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ لفظ ﴿مُحْصَنَات﴾ قرآن مجید میں تین مختلف معانی کے لیے استعمال ہوا ہے جو سیاق کلام سے سمجھے جاتے ہیں: ① پاکدامن عورتیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② خاوند والی عورتیں، جیسا کہ سورۃ النساء:24 میں ہے ﴿وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ﴾ "خاوند والی عورتیں"، ③ آزاد عورتیں، جیسا کہ سورۃ النساء: 25 میں ہے ﴿الْمُحْصَنٰتِ﴾ "آزاد عورتیں"۔ ❹ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ اس سے مراد وہ آیات ہیں جن کا مفہوم بذات خود واضح ہو، یا دیگر دلائل سے ان کے معنی پوری طرح سمجھ میں آجاتے ہیں، ان میں کسی تاویل کی ضرورت نہیں ہوتی، مثلاً وہ آیات جن میں اوامر و نواہی، احکام و مسائل اور قصص وغیرہ بیان کیے گئے ہیں۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: يَمُدُّ) ، اس سے مراد منیٰ میں یوم النحر (قربانی کا دن) ہے۔ ❼ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: يَمُدُّ ، اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، بعض نے اسے مصدر میمی قرار دیا ہے۔ ❽ یہ علم منقول ہے، جو اصل میں باب تفعیل سے اسم مفعول ہے اور یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، یہ رسول اکرم، امام الانبیاء، خاتم الرسل، سید الاولین والآخرین، ﷺ کا اسم گرامی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَحْمُوْدًا 1	محمود	اسم مفعول	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ح م د	مَفْعُوْلًا	×❶	بنی اسرائیل:79
فَمَحَوْنَا 1	پھر ہم نے مٹادی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	//	ناقص واوی	م ح و	فَعَلْنَا	×	بنی اسرائیل:12
مَحْيَايَ 2	میری زندگی	مصدر میمی	×	سمع	//	لفیف مقرون	ح ی و	مَفْعَل	مَحْيَوَ❷	الأنعام:162
مَحِيْصٍ 5	چھٹکارے کی جگہ	اسم ظرف	واحد	ضرب	//	اجوف یائی	ح ی ص	مَفْعِل	مَحْيِصٍ❸	ابراهيم:21
الْمَحِيْضِ 3	حیض	مصدر میمی	×	//	//	//	ح ی ض	مَفْعِل	مَحْيِضِ❹	البقرة:222
مُحِيْطٌ 9	گھیرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ح و ط	مُفْعِلٌ	مُحْوِطٌ❺	البقرة:19
لَمُحِيْطَةٌ 2	ضرور گھیرنے والی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفْعِلَةٌ	مُحْوِطَةٌ❻	التوبة:49
لَمُحْيِ 2	ضرور زندہ کرنے والا	//	واحد مذکر	//	//	لفیف مقرون	ح ی و	مُفْعِ	مُحْيِوٌ❼	الروم:50
الْمَخَاضُ 1	دردزہ	اسم جامد	//	×	//	صحیح	م خ ض	فَعَالُ	×❽	مريم:23
الْمُخْبِتِيْنَ 1	عاجزی کرنے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	//	//	خ ب ت	مُفْعِلِيْنَ	×❾	الحج:34
مُخْتَالٍ 3	متکبر	//	واحد مذکر	افتعال	//	اجوف یائی	خ ی ل	مُفْتَعِلٍ	مُخْتَيِلٍ❿	لقمان:18
مُخْتَلِفٌ 8	مختلف ہوتے	//	//	//	//	صحیح	خ ل ف	مُفْتَعِلٌ	×	النحل:69
مُخْتَلِفُوْنَ 1	اختلاف کررہے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْتَعِلُوْنَ	×⓫	النبا:3
مُخْتَلِفِيْنَ 1	اختلاف کرتے	//	//	//	//	//	//	مُفْتَعِلِيْنَ	×⓬	هود:118
مَخْتُوْمٍ 1	مہر لگی ہوئی	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	خ ت م	مَفْعُوْلٍ	×⓭	المطففين:25
مَخْذُوْلًا 1	بے بس	//	//	نصر	//	//	خ ذ ل	مَفْعُوْلًا	×	بنی اسرائیل:22
مُخْرِجٌ 3	ظاہر کرنے والا	اسم فاعل	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ر ج	مُفْعِلٌ	×⓮	البقرة:72
مُخْرَجَ 1	نکالنا	مصدر میمی	×	//	//	//	//	مُفْعَلَ	×	بنی اسرائیل:80
مَخْرَجًا 1	نکلنے کا راستہ	اسم ظرف	واحد	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعَلًا	×⓯	الطلاق:2
مُخْرَجُوْنَ 2	نکالے جاؤ گے	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	مُفْعَلُوْنَ	×⓰	المؤمنون:35
الْمُخْرَجِيْنَ 2	نکالے گئے لوگوں	//	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	×⓱	الشعراء:167

❶ مقام محمود سے مراد وہ مقام ہے جو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ کو عطا فرمائے گا، اسی مقام پر آپ ﷺ شفاعت کبریٰ فرمائیں گے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہے۔ ❸ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❹ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، یہ مصدر میمی ہے جو بمعنی حَيْضٌ استعمال ہوا ہے یعنی یہ حیض کا نام ہے، اجوف یائی سے مصدر میمی خلاف قیاس مَفْعِلٌ کے وزن پر آیا ہے یا اسے مصدر اور اسم مصدر دونوں طرح کہا جاسکتا ہے۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❻ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)، پھر واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ) یا پہلے قاعدہ رَضِيَ سے واؤ کو یاء سے بدل لیں اور پھر قاعدہ رَضُوْا جاری کریں، اضافت کے وقت کبھی یاء تخفیفاً حذف ہو جاتی ہے۔ ❼ بعض کے نزدیک یہ باب سمع کا مصدر ہے، یہاں یہ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❽ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آئے گی۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❿ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓫ خَتَمَ عَلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ وَغَيْرِهَا کے معنی ہیں برتن کے منہ کو مٹی یا موم وغیرہ سے بند کرنا۔ ⓬ لفظ ﴿مُخْرِجُ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ظاہر کرنے والا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے۔ ② نکالنے والا، جیسا کہ سورۃ الأنعام: 95 میں ہے ﴿مُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ﴾ ''مردہ کو زندہ سے نکالنے والا''۔ ⓭ کبھی یہ مصدر میمی بھی ہوتا ہے۔ ⓮ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُخْزِي 1	رسوا کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	خ زی	مُفْعِل	مُخْزِیُ ❶	التوبة:2
الْمُخْسِرِيْنَ 1	کم دینے والوں	//	جمع مذکر سالم	//	//	صحیح	خ س ر	مُفْعِلِيْنَ	× ❷	الشعراء:181
مُخْضَرَّةٌ 1	سرسبز	//	واحد مؤنث	افعلال	//	//	خ ض ر	مُفْعَلَّةٌ	مُخْضَرِرَةٌ ❸	الحج:63
مَخْضُوْدٍ 1	کانٹے دور کیے ہوئے	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	خ ض د	مَفْعُوْلٍ	×	الواقعة:28
مُخَلَّدُوْنَ 2	ہمیشہ	//	جمع مذکر سالم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ل د	مُفَعَّلُوْنَ	× ❹	الواقعة:17
مُخْلِصًا 3	خالص کرتے ہوئے	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	//	//	خ ل ص	مُفْعِلًا	×	الزمر:2
مُخْلَصًا 1	چنے ہوئے	اسم مفعول	//	//	//	//	//	مُفْعَلًا	//	مریم:51
مُخْلِصُوْنَ 1	خالص عبادت کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلُوْنَ	× ❹	البقرة:139
مُخْلِصِيْنَ 7	خالص کرتے ہوئے	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	× ❺	الأعراف:29
الْمُخْلَصِيْنَ 8	مخلص	اسم مفعول	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	× ❷	یوسف:24
مُخْلِفَ 1	خلاف کرنے والے	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	//	خ ل ف	مُفْعِلَ	×	ابراهيم:47
الْمُخَلَّفُوْنَ 3	پیچھے رہنے والے	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	تفعیل	//	//	//	مُفَعَّلُوْنَ	× ❹	التوبة:81
لِلْمُخَلَّفِيْنَ 1	پیچھے چھوڑے جانے والوں سے	//	//	//	//	//	//	مُفَعَّلِيْنَ	× ❷	الفتح:16
مُخَلَّقَةٍ 2	جس کی پوری شکل بنائی ہوئی ہو	//	واحد مؤنث	//	//	//	خ ل ق	مُفَعَّلَةٍ	×	الحج:5
مَخْمَصَةٌ 2	بھوک	مصدر میمی	×	ف،س، ك	ثلاثی مجرد	//	خ م ص	مَفْعَلَةٌ	//	التوبة:120
مَدَّ 2	پھیلایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	م د د	فَعَلَ	مَدَدَ ❻	الرعد:3
مَدًّا 2	بڑھانا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	مَدْدًا ❼	مریم:79
الْمَدَائِنِ 3	شہروں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م د ن	فَعَائِلِ	× ❽	الأعراف:111
مِدَادًا 1	سیاہی	//	واحد مذکر	//	//	مضاعف ثلاثی	م د د	فِعَالًا	×	الكهف:109
مُدْبِرًا 2	پیٹھ پھیر کر	اسم فاعل	//	افعال	//	صحیح	د ب ر	مُفْعِلًا	//	النمل:10
الْمُدَبِّرَاتِ 1	پھر انتظام کرنے والوں	//	جمع مؤنث سالم	تفعیل	//	//	//	مُفَعِّلَاتِ	//	النازعات:5
مُدْبِرِيْنَ 6	پیٹھ پھیر کر	//	جمع مذکر سالم	افعال	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	× ❾	التوبة:25

❶ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گرگئی (قاعدہ:رَضُوْا)۔ ❷ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے راء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدَّ)۔ ❹ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❺ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے دال کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدَّ)۔ ❼ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدَّ)، لفظ ﴿مَدًّا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① بڑھانا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② ڈھیل دینا، جیسا کہ سورۃ مریم :75 میں ہے ﴿فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا﴾ ''لازم ہے کہ رحمان اسے ایک مدت تک مہلت دے''۔ ❽ م:مَدِيْنَةٌ۔ ❾ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُدَّتْ 1	پھیلا دی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	م د د	فُعِلَتْ	مُدِدَتْ ❶	الانشقاق:3
مُدَّتِهِمْ 1	ان کی مدت	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فُعْلَةِ	مُدْدَةِ ❷	التوبة:4
الْمُدَّثِّرُ 1	کپڑا لپیٹنے والے	اسم فاعل	واحد مذکر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	د ث ر	مُتَفَعِّلُ	مُتَدَثِّرُ ❸	المدثر:1
الْمُدْحَضِيْنَ 1	ہارنے والوں	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	افعال	//	//	د ح ض	مُفْعَلِيْنَ	×❹	الصافات:141
مَدْحُوْرًا 3	دھتکارا ہو	//	واحد مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	//	د ح ر	مَفْعُوْلًا	×	الأعراف:18
مُدْخَلَ 1	داخل کرنا	مصدر میمی	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	د خ ل	مُفْعَلَ	//	بنی اسرئیل:80
مُدْخَلًا 2	جگہ	اسم ظرف	واحد	//	//	//	//	مُفْعَلًا	//	النساء:31
مُدَّخَلًا 1	گھسنے کی کوئی جگہ	//	//	افتعال	//	//	//	مُفْتَعَلًا	مُدْتَخَلًا ❺	التوبة:57
مَدَدًا 1	مدد کے لیے	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	م د د	فَعَلًا	×	الکہف:109
مَدَدْنَاهَا 2	ہم نے بچھایا اس کو	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الحجر:19
مِدْرَارًا 3	موسلا دھار	اسم مبالغہ	واحد مذکر و مؤنث	//	//	//	د ر ر	مِفْعَالًا	×❻	الأنعام:6
لَمُدْرَكُوْنَ 1	ضرور پکڑے جانے والے	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	د ر ك	مُفْعَلُوْنَ	×❼	الشعراء:61
مُدَّكِرٍ 6	کوئی عبرت لینے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افتعال	//	//	ذ ك ر	مُفْتَعِلٍ	مُذْتَكِرٍ ❽	القمر:15
مُدْهَامَّتَانِ 1	دونوں خوب گہرے سبز	//	تثنیہ مؤنث	افعیلال	//	//	د ه م	مُفْعَالَّتَانِ	×❾	الرحمٰن:64
مُدْهِنُوْنَ 1	بے پروائی کرنے والے	//	جمع مذکر سالم	افعال	//	//	د ه ن	مُفْعِلُوْنَ	//	الواقعة:81
مَدْيَنَ 10	مدین	اسم جامد	واحد مذکر و مؤنث	×	×	×	×	×	×❿	الأعراف:85
الْمَدِيْنَةِ 14	شہر	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م د ن	فَعِيْلَةِ	×⓫	الأعراف:123
لَمَدِيْنُوْنَ 1	ضرور جزا دیے جانے والے	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	د ی ن	مَفْعُوْلُوْنَ	مَدْيُوْنُوْنَ ⓫	الصافات:53
مَدِيْنِيْنَ 1	محکوم	//	//	//	//	//	//	مَفْعُوْلِيْنَ	مَدْيُوْنِيْنَ ⓬	الواقعة:86
مَذْءُوْمًا 1	ذلیل ہو کر	//	واحد مذکر	فتح	مہموز العین	//	ذ ء م	مَفْعُوْلًا	×	الأعراف:18

❶ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے دال کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ) ۔ ❷ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، یہ ظرف زمان اور مکان دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، یہاں یہ زمانہ کے لیے ہے۔ ❸ تائے تفعّل کے بعد دال واقع ہوا تو تائے تفعّل کو دال سے بدل کر دال میں ادغام کر دیا (قاعدہ: تائے تفعّل)۔ ❹ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ باب افتعال کے فاء کلمہ میں واو واقع ہوا تو تائے افتعال کو دال سے بدل کر واو کا دال میں ادغام کر دیا (قاعدہ: تائے افتعال)۔ ❻ اس میں نسبت کے معنی پائے جاتے ہیں یعنی ذَاتُ دَرّ، ہر وہ اسم اور صفت جس میں نسبت کے معنی پائے جاتے ہیں اس میں کثرت اور لزوم کے معنی پائے جاتے ہیں۔ ❼ بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ باب افتعال کے فاء کلمہ میں ذال واقع ہوا تو تائے افتعال کو دال سے بدل دیا، پھر ذال کو دال سے بدل کر دال میں ادغام کر دیا (قاعدہ: تائے افتعال) ❾ یہ عجمی علم ہے، جگہ اور قبیلے کا نام ہونے کی وجہ سے مذکر و مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، مدین اس بستی کا نام ہے جس کی طرف حضرت شعیب علیہ السلام کو مبعوث کیا گیا، یہ بستی حجاز کے راستے میں ''معان'' کے قریب واقع ہے، اور اس قبیلے کا نام بھی مدین تھا، مدین اصل میں ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے یا پوتے کا نام تھا، علمیت اور عجمہ کی بناء پر غیر منصرف ہے، اگر یہ عربی ہو تو ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد یعنی ملحق بجعفر ہوگا اور اس کا ماوہ م د ن اور وزن فَعِيْل ہوگا اور یہ عجمہ اور تانیث کی بناء پر غیر منصرف ہوگا۔ ❿ ج: مُدُنٌ و مَدَائِنُ۔ ⓫ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے ضمہ نقل کیا گیا اسے واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی، پھر اجوف یائی میں ضمہ منقولہ کو کسرہ سے بدل کر واؤ مفعول کو یاء سے بدل دیا (قاعدہ: مَبِيْعٌ)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے ضمہ نقل کیا گیا اسے واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، اجوف یائی میں ضمہ منقولہ کو کسرہ سے بدل کر واؤ مفعول کو یاء سے بدل دیا (قاعدہ: مَبِيْعٌ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُذَبْذَبِيْنَ 1	متردد	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	فعللہ	رباعی مجرد	مضاعف رباعی مجرد	ذ ب ذ ب	مُفَعْلَلِيْنَ	× ❶	النساء:143
مُذْعِنِيْنَ 1	مطیع ہوکر	اسم فاعل		افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ذ ع ن	مُفْعِلِيْنَ	× ❶	النور:49
مُذَكِّرٌ 1	نصیحت کرنے والے ہو	//	واحد مذکر	تفعیل	//	//	ذ ك ر	مُفَعِّلٌ	×	الغاشیة:21
مَذْكُوْرًا 1	قابل ذکر	اسم مفعول	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعُوْلًا	//	الدھر:1
مَذْمُوْمٌ 3	مذمت کیا ہوا	//	//	//	//	مضاعف ثلاثی	ذ م م	مَفْعُوْلٌ	//	بنی اسرائیل:18
مَرَّ 1	چلنے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	م ر ر	فَعْلَ	مَرْرَ ❷	النمل:88
مَرَّ 3	گزرا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	مَرَرَ ❶	البقرة:259
اَلْمَرْءِ 4	مرد	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مہموز اللام	م ر ء	فَعْلِ	× ❹	البقرة:102
مِرَاءً 1	بحث	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	م ر ی	فِعَالًا	مِرَايًا ❺	الکھف:22
مَرَّاتٍ 1	بار	مصدر مرہ	جمع مؤنث سالم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	م ر ر	فَعْلَاتٍ	مَرْرَاتٍ ❻	النور:58
اَلْمَرَاضِعَ 1	دائیوں	اسم فاعل	جمع مکسر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ض ع	مَفَاعِلَ	× ❼	القصص:12
مُرَاغَمًا 1	پناہ کی جگہ	اسم ظرف	واحد	مفاعلہ	//	//	ر غ م	مُفَاعَلًا	×	النساء:100
اَلْمَرَافِقِ 1	کہنیوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ر ف ق	مَفَاعِلِ	× ❽	المائدة:6
فَمَرَّتْ 1	اور وہ چلتی پھرتی رہی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	م ر ر	فَعَلَتْ	مَرَرَتْ ❾	الأعراف:189
مَرَّةٍ 13	دفعہ	مصدر مرہ	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَةٍ	مَرْرَةٍ ❿	الأنعام:94
مِرَّةٍ 1	طاقت	اسم جامد	//	×	//	//	//	فِعْلَةٍ	مِرْرَةٍ ⓫	النجم:6
مُرْتَابٌ 1	شک کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ر ی ب	مُفْتَعِلٌ	مُرْتَيِبٌ ⓬	المؤمن:34
مَرَّتَانِ 1	دو مرتبہ	مصدر مرہ	تثنیہ مؤنث	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	م ر ر	فَعْلَتَانِ	مَرْرَتَانِ ⓭	البقرة:229
مُرْتَفَقًا 2	آرام گاہ	اسم ظرف مکان	واحد	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ف ق	مُفْتَعَلًا	×	الکھف:29
مُرْتَقِبُوْنَ 1	انتظار کر رہے ہیں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	//	ر ق ب	مُفْتَعِلُوْنَ	× ⓮	الدخان:59
مَرَّتَيْنِ 5	دوبار	مصدر مرہ	تثنیہ مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	م ر ر	فَعْلَتَيْنِ	مَرْرَتَيْنِ ⓯	التوبة:101

❶ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❷ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❸ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے راء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❹ جب اس کے شروع میں الف لام ہو تو اس کے شروع سے ہمزہ گر جاتا ہے، ج: رِجَالٌ، اس کا واحد رَجُلٌ بھی آتا ہے۔ ❺ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ❻ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہاں اس سے مراد تین اوقات ہیں، م: مَرَّةٌ۔ ❼ م: مُرْضِعٌ، اس سے مراد وہ عورت ہے جو دودھ پلاتی ہے یا یہ اسم ظرف مَرْضَعٌ کی جمع ہے اس سے مراد رضاعت کی جگہ یعنی پستان ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ رَضْعٌ مصدر کی جمع ہے۔ ❽ م: مِرْفَقٌ۔ ❾ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے راء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، جب مَرَّ کا صلہ بہ ہو تو اس کے معنی ہیں "لے کر چلنا"۔ ❿ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ ہمیشہ ظرف ہو کر استعمال ہوتا ہے، م: مَرَّاتٌ، مِرَارٌ۔ ⓫ ج: مِرَرٌ و اَمْرَارٌ۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ⓭ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اس کی رفعی حالت ہے، م: مَرَّةٌ۔ ⓮ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓯ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: مَرَّةٌ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَرَجَ [2]	ملایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	م ر ج	فَعَلَ	×	الفرقان:53
اَلْمَرْجَانُ [1]	موتگے	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعْلَانُ	× ❶	الرحمٰن:22
مَرْجِعُكُمْ [6]	واپس آنا ہے تم کو	مصدر میمی	×	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ر ج ع	مَفْعِلُ	× ❷	ال عمران:55
اَلْمُرْجِفُوْنَ [1]	افواہیں اڑانے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ج ف	مُفْعِلُوْنَ	× ❸	الأحزاب:60
مَرْجُوًّا [1]	قابل امید	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ر ج و	مَفْعُوْلًا	مَرْجُوْوًا ❹	هود:62
اَلْمَرْجُوْمِيْنَ [1]	سنگسار ہونے والوں	//	جمع مذکر سالم	//	//	صحیح	ر ج م	مَفْعُوْلِيْنَ	× ❺	الشعراء:116
مُرْجَوْنَ [1]	موقوف رکھا گیا	//	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ر ج و	مُفْعَوْنَ	مُرْجَوْوْنَ ❻	التوبة:106
مَرَحًا [2]	اکڑ کر	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	م ر ح	فَعَلًا	× ❼	بنی اسرائیل:37
مَرْحَبًا [2]	خوشی اور فراخی ہو	اسم ظرف	واحد	نصر	//	//	ر ح ب	مَفْعَلًا	× ❽	صٓ:59
بِالْمَرْحَمَةِ [1]	رحم کرنے کی	مصدر میمی	×	سمع	//	//	ر ح م	مَفْعَلَةِ	× ❾	البلد:17
مَرَدَّ [5]	واپس ہونے	//	//	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر د د	مَفْعَلٍ	مَرَدٍ ❿	الشوریٰ:44
مُرْدِفِيْنَ [1]	ایک دوسرے کے پیچھے آتے جائیں گے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر د ف	مُفْعِلِيْنَ	× ⓫	الأنفال:9
مَرَدْنَا [1]	ہم کو لوٹنا ہے	مصدر میمی	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر د د	مَفْعَلَ	مَرَدَ ⓬	المؤمن:43
مَرَدُوْا [1]	وہ اڑے ہوئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	صحیح	م ر د	فَعَلُوْا	×	التوبة:101
مَرْدُوْدٍ [1]	واپس کیا جا سکتا	اسم مفعول	واحد مذکر	//	//	مضاعف ثلاثی	ر د د	مَفْعُوْلٍ	//	هود:76
لَمُرْدُوْدُوْنَ [13]	ضرور لوٹائے جائیں گے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مَفْعُوْلُوْنَ	× ⓭	النازعات:10
مُرْسَاهَا [3]	اس کا قائم ہونا	مصدر میمی	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ر س و	مُفْعَلُ	مُرْسَوُ ⓬	الأعراف:187
فَلَا مُرْسِلَ [1]	تو نہیں ہے کوئی کھولنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	صحیح	ر س ل	مُفْعِلَ	×	فاطر:2
مُرْسَلٌ [2]	بھیجا گیا	اسم مفعول	//	//	//	//	//	مُفْعَلٌ	//	الأعراف:75
اَلْمُرْسَلَاتِ [1]	چلنے والی ہواؤں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُفْعَلَاتِ	× ⓮	المرسلات:1
مُرْسِلَةٌ [1]	بھیجنے لگی ہوں	اسم فاعل	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفْعِلَةٌ	×	النمل:35

❶ م: مَرْجَانَةٌ ۔ ❷ اس باب سے اسم ظرف بھی اسی وزن پر آتا ہے۔ ❸ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❺ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❼ یہاں یہ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❽ یا یہ مصدر میمی ہے، لَا مَرْحَبًا بِهِمْ یہ بددعا کے لیے آتا ہے، اس کے معنی ہیں خدا کرے کہ ان کے لیے جگہ تنگ ہو۔ ❾ اس کے آخر میں تاء زائدہ مبالغہ کے لیے ہے، ج: مَرَاحِمُ۔ ❿ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے دال کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ⓫ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) یہ اسم ظرف زمان و مکان بھی استعمال ہوتا ہے، یہ باب نصر بھی ہو سکتا ہے۔ ⓭ بعض نے اس کے معنی گھوڑے اور بعض نے فرشتے بھی کیے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُرْسِلُوْا 1	بھیج رہے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر س ل	مُفْعِلُوْا	مُرْسِلُوْنَ ❶	القمر:27
مُرْسَلُوْنَ 9	رسول بنا کر بھیجے گئے	اسم مفعول	//	//	//	//	//	مُفْعَلُوْنَ	× ❷	یٰسٓ:14
الْمُرْسَلِيْنَ 24	رسولوں	//	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	× ❸	البقرة:252
مُرْسِلِيْنَ 2	رسول بنا کر بھیجنے والے	اسم فاعل	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	× ❹	القصص:45
مُرْشِدًا 1	ہدایت دینے والا	//	واحد مذکر	//	//	//	ر ش د	مُفْعِلًا	×	الکھف:17
مِرْصَادًا 2	گھات کی جگہ	اسم مبالغہ	واحد	نصر	ثلاثی مجرد	//	ر ص د	مِفْعَالًا	× ❺	النبا:21
مَرْصَدٍ 1	گھات	//	//	//	//	//	//	مَفْعَلٍ	× ❻	التوبة:5
مَرْصُوْصٌ 1	سیسہ پلائی ہوئی	اسم مفعول	واحد مذکر	//	//	مضاعف ثلاثی	ر ص ص	مَفْعُوْلٌ	×	الصف:4
مَرَضٌ 13	بیماری	اسم جامد	//	×	//	صحیح	م ر ض	فَعَلٌ	× ❼	المائدة:52
مَرْضٰى 5	بیمار	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	//	//	//	فَعْلٰى	× ❽	النساء:43
مَرْضَاتِ 4	رضا	مصدر میمی	×	//	//	ناقص واوی	ر ض و	مَفْعَلَةٍ	مَرْضَوَةٍ ❾	البقرة:207
مَرِضْتُ 1	میں بیمار ہوتا ہوں	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	صحیح	م ر ض	فَعِلْتُ	×	الشعراء:80
مُرْضِعَةٍ 1	دودھ پلانے والی	اسم فاعل	واحد مؤنث	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ض ع	مُفْعِلَةٍ	× ❿	الحج:2
مَرْضِيًّا 1	بڑا پسندیدہ	اسم مفعول	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ر ض و	مَفْعُوْلًا	مَرْضُوًّا ⓫	مریم:55
مَرْضِيَّةً 1	راضی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مَفْعُوْلَةً	مَرْضُوَّةً ⓬	الفجر:28
الْمَرْعٰى 2	چارہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ر ع ی	مَفْعَلَ	مَرْعَىٰ ⓭	الأعلیٰ:4
مِرْفَقًا 1	آسانی	//	//	//	//	صحیح	ر ف ق	مِفْعَلًا	×	الکھف:16
الْمَرْفُوْدُ 1	جو عطیہ دیا گیا	اسم مفعول	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ر ف د	مَفْعُوْلٌ	× ⓮	ھود:99
الْمَرْفُوْعِ 1	اونچی کی	//	//	فتح	//	//	ر ف ع	مَفْعُوْلِ	×	الطور:5

❶ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❸ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ یہ اس کی نصبی حالت ہے،، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ اس میں نسبت کے معنی پائے جاتے ہیں یعنی ذَاتُ رَصْدٍ ، ہر وہ اسم اور صفت جس میں نسبت کے معنی پائے جاتے ہیں اس میں کثرت اور لزوم کے معنی پائے جاتے ہیں، اور بعض کے نزدیک یہ اسم ظرف بروزن اسم آلہ ہے، ج: مَرَاصِيْدُ۔ ❻ ج: مَرَاصِدُ۔ ❼ یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، ج: اَمْرَاضٌ۔ ❽ م: مَرِيْضٌ۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❿ مُرْضِعَةٌ اس عورت کو کہا جاتا ہے، جو فی الوقت دودھ پلا رہی ہو اور مُرْضِعٌ اس عورت کو کہا جاتا ہے جو دودھ پلانے کی صلاحیت رکھتی ہو اگرچہ وہ فی الوقت دودھ نہ پلا رہی ہو، ج: مَرَاضِعُ ۔ ⓫ ماضی اور مضارع کی موافقت سے آخری واؤ کو یاء سے بدل دیا تو یہ مَرْضُوْيًا ہو گیا، پھر واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا، اور یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ)۔ ⓬ ماضی اور مضارع کی موافقت سے آخری واؤ کو یاء سے بدل دیا تو یہ مَرْضُوْيَةٌ ہو گیا، پھر واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا، اور یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ)۔ ⓭ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ اصل میں مصدر بمعنی اسم مفعول ہے، یہ مصدر میمی، اسم ظرف اور اسم مفعول بھی ہو سکتا ہے، ج: مَرَاعٍ۔ ⓮ س سے مراد وہ انعام ہے جو کسی کو دیا جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اعلل	حوالہ
مَرْفُوْعَةٌ 3	اونچے	اسم مفعول	واحد مؤنث	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ف ع	مَفْعُوْلَةٌ	×	الغاشیة:13
مَرْقَدِنَا 1	ہمارے سونے کی جگہ	اسم ظرف	واحد	نصر	//	//	ر ق د	مَفْعَلٍ	× ❶	یٰسٓ:52
مَرْقُوْمٌ 2	لکھی ہوئی	اسم مفعول	واحد مذکر	//	//	//	ر ق م	مَفْعُوْلٌ	×	المطففین:9
مَرْكُوْمٌ 1	گہرا	//	//	//	//	//	ر ك م	//	//	الطور:44
مَرُّوْا 3	وہ گزرتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	مضاعف ثلاثی	م ر ر	فَعَلُوْا	مَرَرُوْا ❷	الفرقان:72
الْمَرْوَةَ 1	مروہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	ناقص واوی	م ر و	فَعْلَةَ	× ❸	البقرة:158
مَرِيْئًا 1	خوش گوار	صفت مشبہ	واحد مذکر	ف،ك، ر	//	مہموز اللام	م ر ء	فَعِيْلًا	× ❹	النساء:4
مُرِيْبٍ 7	بے چین رکھنے والا	اسم فاعل	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ر ی ب	مُفْعِلٍ	مُرِيْبٍ ❺	هود:62
مِرْيَةٍ 5	شک	اسم مصدر	×	مفاعلہ	//	ناقص یائی	م ر ی	فِعْلَةٍ	×	هود:17
مَرِيْجٍ 1	الجھی ہوئی	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	م ر ج	فَعِيْلٍ	× ❻	قٓ:5
مَرِيْدٍ 2	سرکش	//	//	//	//	//	م ر د	//	× ❼	الحج:3
مَرِيْضًا 5	مریض	//	//	سمع	//	//	م ر ض	فَعِيْلًا	× ❽	البقرة:184
مَرْيَمَ 34	مریم ﷺ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ر ی م	مَفْعَلَ	× ❾	البقرة:87
مِزَاجُهٗ 3	اس میں آمیزش ہوگی	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	م ز ج	فِعَالٌ	× ❿	المطففین:27
مُزْجَاةٍ 1	تھوڑی	اسم مفعول	واحد مؤنث	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ز ج و	مُفْعَلَةٍ	مُزْجَوَةٍ ⓫	یوسف:88
بِمُزَحْزِحِهٖ 1	اس کو بچانے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	فَعْلَلَة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	ز ح ز ح	مُفَعْلِلٍ	×	البقرة:96
مُزْدَجَرٌ 1	نصیحت	مصدر میمی	×	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ز ج ر	مُفْتَعَلٌ	مُزْتَجَرٌ ⓬	القمر:4
مُزِّقْتُمْ 1	تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر حاضر	تفعیل	//	//	م ز ق	فُعِّلْتُمْ	×	سبا:7
مَزَّقْنَاهُمْ 1	ہم نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ان کو	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	سبا:19
الْمُزَّمِّلُ 1	کپڑا لپیٹنے والے	اسم فاعل	واحد مذکر	تفعّل	//	//	ز م ل	مُتَفَعِّلُ	مُتَزَمِّلُ ⓭	المزمل:1

❶ ج:مَرَاقِدُ۔ ❷ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا(قاعدہ:مَدُّ)۔ ❸ یہ مکہ معظمہ کی مشہور پہاڑی کا نام ہے جہاں حج اور عمرہ کرنے والے لوگ سات چکر لگاتے ہیں۔ ❹ بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❺ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا(قاعدہ:یُقَالُ)۔ ❻ ج:اَمْرِجَةٌ۔ ❼ بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے، ج:مُرَدَاءُ۔ ❽ ج:مَرْضٰی ۔ ❾ یہ عیسیٰ ﷺ کی والدہ محترمہ کا نام ہے، اس کے معنی ہیں وہ عورت جو مردوں کے ساتھ مل جل کر رہنے کو ناپسند کرتی ہو بعض کے نزدیک یہ عجمی یعنی سریانی زبان میں صفت بمعنی خادم ہے، حضرت مریم ﷺ کی والدہ کا نام حنہ اور والد کا نام عمران تھا، یہ انتہائی پاکدامن، صاحب کرامت اللہ کی ولیہ تھی۔ ❿ اگر اس سے مراد ملانے کی چیز ہو تو یہ اسم جامد ہوگا، ج:اَمْزِجَةٌ۔ ⓫ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)۔ ⓬ باب افتعال کے فاء کلمہ میں زاء واقع ہوئی تو تائے افتعال کو دال سے بدل دیا(قاعدہ:تائے افتعال)، بعض کے نزدیک یہ ظرف مکان ہے۔ ⓭ تائے تفعّل کے بعد زاء واقع ہوئی تو تائے تفعّل کو زاء سے بدل کر زاء میں ادغام کر دیا(قاعدہ: تائے تفعّل)، یہ نبی اکرم ﷺ کا صفاتی نام ہے اس کی وجہ یہ تھی کہ پہلی وحی کے بعد جب نبی ﷺ گھبرائے ہوئے گھر تشریف لائے تو حضرت خدیجہ ﷺ سے کہا: ((زَمِّلُوْنِی ،زَمِّلُوْنِی)) ''مجھے کپڑا اوڑھا دو، مجھے کپڑا اوڑھا دو'' اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ﴿یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ﴾ کہہ کر مخاطب فرمایا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْمُزْنِ 1	بادل	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مجرد	صحیح	م ز ن	فُعْلٍ	× ❶	الواقعة:69
مَزِيْدٌ 2	مزید	مصدر میمی	×	ضرب	//	اجوف یائی	ز ی د	مَفْعِلٌ	مَزْيِدٌ ❷	قٓ:35
مَسَّ 23	پہنچا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	مضاعف ثلاثی	م س س	فَعِلَ	مَسِسَ ❸	اٰل عمرٰن:140
مَسَّ 2	چھونا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَ	مَسْسَ ❹	القمر:48
مَسَاجِدَ 6	مسجدوں	اسم ظرف	جمع مکسر	نصر	//	صحیح	س ج د	مَفَاعِلَ	× ❺	البقرة:114
لَا مِسَاسَ 1	نہ ہاتھ لگانا	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	م س س	فِعَالَ	× ❻	طٰہٰ:97
مُسَافِحَاتٍ 1	بدکاری کرنے والی عورتیں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	//	//	صحیح	س ف ح	مُفَاعِلَاتٍ	×	النساء:25
مُسَافِحِيْنَ 2	گناہ کرنے والے مرد	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفَاعِلِيْنَ	× ❼	النساء:24
اَلْمَسَاقُ 1	جانا	مصدر میمی	×	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	س و ق	مَفْعَلُ	مَسْوَقُ ❽	القیامة:30
مَسَاكِنُ 11	گھر	اسم ظرف	جمع مکسر	//	//	صحیح	س ک ن	مَفَاعِلُ	× ❾	التوبة:24
مَسَاكِيْنَ 12	مسکینوں	صفت مشبہ	//	کرم	//	//	//	مَفَاعِيْلَ	× ❿	المائدة:89
مَسْؤُوْلًا 4	سوال کیا جانے والا	اسم مفعول	واحد مذکر	فتح	//	مہموز العین	س ء ل	مَفْعُوْلًا	×	بنی اسرائیل:34
مَسْؤُوْلُوْنَ 1	سوال کیے جانے لگے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مَفْعُوْلُوْنَ	× ⓫	الصافات:24
اَلْمُسَبِّحُوْنَ 1	تسبیح بولتے	اسم فاعل	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س ب ح	مُفَعِّلُوْنَ	//	الصافات:166
اَلْمُسَبِّحِيْنَ 1	تسبیح بیان کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	مُفَعِّلِيْنَ	× ⓬	الصافات:143
بِمَسْبُوْقِيْنَ 2	ناکام ہونے والے	اسم مفعول	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	س ب ق	مَفْعُوْلِيْنَ	//	الواقعة:60
اَلْمُسْتَأْخِرِيْنَ 1	پیچھے آنے والوں	اسم فاعل	//	استفعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	ء خ ر	مُسْتَفْعِلِيْنَ	× ⓭	الحجر:24
مُسْتَأْنِسِيْنَ 1	دل لگانے والے	//	//	//	//	//	ء ن س	//	//	الأحزاب:53
مُسْتَبْشِرَةٌ 1	خوش ہونے والے	//	واحد مؤنث	//	//	صحیح	ب ش ر	مُسْتَفْعِلَةٌ	×	عبس:39
مُسْتَبْصِرِيْنَ 1	سمجھ بوجھ والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	ب ص ر	مُسْتَفْعِلِيْنَ	× ⓮	العنکبوت:38
اَلْمُسْتَبِيْنَ 1	واضح مطلب والی	//	واحد مذکر	//	//	اجوف یائی	ب ی ن	مُسْتَفْعِلَ	مُسْتَبْيِنَ ⓯	الصافات:117
مُسْتَخْفٍ 1	چھپا ہوا	//	//	//	//	ناقص یائی	خ ف ی	مُسْتَفْعٍ	مُسْتَخْفِيٌ ⓰	الرعد:10

❶ م: مُزْنَةٌ۔ ❷ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، یہ اسم مفعول بھی ہوسکتا ہے۔ ❸ دو متحرک ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے سین کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❹ دو ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ) سورۃ البقرۃ :275 میں یہ بمعنی جَنُوْنٌ باب نصر سے صفت مشبہ ہے۔ ❺ یہ جمع منتہی الجموع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: مَسْجِدٌ، یہ خلاف قیاس مَفْعِلٌ کے وزن پر آیا ہے، مضارع مضموم العین ہونے کی وجہ سے قیاس کے مطابق یہ مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ ❻ یہ لائے نفی جنس کا اسم ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے۔ ❼ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❾ م: مَسْكَنٌ۔ ❿ یہ جمع منتہی الجموع ہونے کی غیر منصرف ہے، م: مِسْكِيْنٌ۔ ⓫ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓬ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓭ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا یاء کو اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓮ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُسْتَخْلَفِيْنَ 1	جانشین	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	استفعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ل ف	مُسْتَفْعَلِيْنَ	× ❶	الحدید:7
مُسْتَسْلِمُوْنَ 1	فرماں بردار بن گے	اسم فاعل	//	//	//	//	س ل م	مُسْتَفْعِلُوْنَ	× ❷	الصافات:26
مُسْتَضْعَفُوْنَ 1	کمزور تھے	اسم مفعول	//	//	//	//	ض ع ف	مُسْتَفْعَلُوْنَ	//	الأنفال:26
مُسْتَضْعَفِيْنَ 4	کمزوروں	//	//	//	//	//	//	مُسْتَفْعَلِيْنَ	× ❶	النساء:97
مُسْتَطَرٌ 1	لکھا جا چکا	//	واحد مذکر	افتعال	//	//	س ط ر	مُفْتَعَلٌ	×	القمر:53
مُسْتَطِيْرًا 1	پھیل رہی	اسم فاعل	//	استفعال	//	اجوف یائی	ط ی ر	مُسْتَفْعِلًا	مُسْتَطِيْرًا ❸	الدھر:7
الْمُسْتَعَانُ 2	جس سے مدد مانگی جاتی	اسم مفعول	//	//	//	اجوف واوی	ع و ن	مُسْتَفْعَلُ	مُسْتَعَوْنُ ❹	یوسف:18
الْمُسْتَغْفِرِيْنَ 1	بخشش مانگنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	صحیح	غ ف ر	مُسْتَفْعِلِيْنَ	× ❶	ال عمرٰن:17
مُسْتَقْبِلَ 1	سامنے آرہا	//	واحد مذکر	//	//	//	ق ب ل	مُسْتَفْعِلَ	×	الأحقاف:24
الْمُسْتَقْدِمِيْنَ 1	پہلے گزرنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	ق د م	مُسْتَفْعِلِيْنَ	× ❶	الحجر:24
مُسْتَقَرٌّ 10	ٹھکانا	اسم ظرف	واحد	//	//	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	مُسْتَفْعَلٌ	مُسْتَقَرٌّ ❷	البقرة:36
مُسْتَقِرٌّ 3	ٹھہرا ہوا	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	//	//	مُسْتَفْعِلٌ	مُسْتَقِرٌّ ❺	القمر:3
مُسْتَقِيْمٍ 37	سیدھا	//	//	//	//	اجوف واوی	ق و م	مُسْتَفْعِلٍ	مُسْتَقْوِمٍ ❼	البقرة:142
مُسْتَكْبِرًا 2	تکبر	//	//	//	//	صحیح	ك ب ر	مُسْتَفْعِلًا	×	لقمان:7
مُسْتَكْبِرُوْنَ 2	سرکشوں کو	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُسْتَفْعِلُوْنَ	× ❷	النحل:22
مُسْتَكْبِرِيْنَ 2	تکبر کرتے ہوئے	//	//	//	//	//	//	مُسْتَفْعِلِيْنَ	× ❶	المؤمنون:67
مُسْتَمِرٌّ 2	چلا آیا	//	واحد مذکر	//	//	مضاعف ثلاثی	م ر ر	مُسْتَفْعِلٌ	مُسْتَمِرٌّ ❺	القمر:2
مُسْتَمْسِكُوْنَ 1	تھامے ہوئے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	صحیح	م س ك	مُسْتَفْعِلُوْنَ	× ❷	الزخرف:21
مُسْتَمِعُهُمْ 1	ان میں سے سننے والے	//	واحد مذکر	افتعال	//	//	س م ع	مُفْتَعِلٌ	×	الطور:38

